
FREE

# سماجی علم

## جماعت نہم

# Social Studies

## CLASS IX



ناشر

حکومت تلنگانہ، حیدرآباد



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

Social Studies


CLASS IX

Social Studies CLASS IX











ریاستی کونسل برائے تعلیمی تحقیق و تربیت، تلنگانہ، حیدرآباد



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

SCERT TELANGANA

Now your bank notes in a new design

# RBI issues ₹2000 & ₹500 notes in a new series



### Distinctive features of the new ₹500 and ₹2000 notes:

**₹2000:**

**Size:** 66mm x 166 mm | **Colour:** Magenta

**Theme:** Motif of Mangalyan depicting country's first venture into interplanetary space

**For visually impaired :**

i) Horizontal rectangle with ₹2000 in raised print on the right

ii) 7 angular bleed lines on left and right side in raised print

**₹500:**

**Size:** 66mm x 150mm | **Colour:** Stone grey

**Theme:** Indian heritage site – Red Fort

**For visually impaired :**

i) Circle with ₹500 in raised print on the right

ii) 5 angular bleed lines on left and right side in raised print

### Common features of the new ₹500 and ₹2000 notes:

**Obverse:**

1. See through register in denominational numeral
2. Latent image of the denominational numeral
3. Denominational numeral in Devnagari
4. Orientation and relative position of Mahatma Gandhi portrait changed
5. Windowed security thread changes colour from green to blue when note is tilted
6. Guarantee clause, Governor's signature with Promise Clause and RBI emblem shifted towards right
7. Portrait and electrotype watermark
8. Number panel with numerals growing from small to big on the top left side and bottom right side
9. Denomination in numerals with Rupee symbol in colour changing ink (green to blue) on bottom right
10. Ashok pillar emblem on the right

**For visually impaired**

Intaglio or raised printing of Mahatma Gandhi portrait, Ashoka pillar emblem, bleed lines and identification mark continue

**Reverse :**

11. Year of printing of the note on left
12. Swacch Bharat logo with slogan
13. Language panel towards centre
14. Denominational numeral in Devnagari on right

New design notes in other denominations will follow

For more details visit: www.paisaboltahai.rbi.org.in
email: publicquery@rbi.org.in | Call: 022-22602201/22602944

Issued in public interest by भारतीय रिज़र्व बैंक RESERVE BANK OF INDIA www.rbi.org.in



# Our National Flag

The Indian National Flag is the symbol of the land and people of India. Our National Flag is a tricolour panel made up of three rectangular panels or sub-panels of equal widths. The colour of the top panel is India saffron (*Kesaria*) and that of the bottom is India green. The middle panel is white, bearing at its centre the design of the Ashoka Chakra in navy blue colour with 24 equally spaced spokes. The Ashoka Chakra is visible on both sides of the Flag in the centre of the white panel. The Flag is rectangular in shape with the ratio of the length to the height (width) being 3:2.

Dr. S. Radhakrishnan explained about the National Flag in the Constituent Assembly which adopted it, "Bhagwa or the saffron colour denotes renunciation or with non attachment. The white in the centre is light, the path of truth to guide our conduct. The green shows our relation to the soil, our relation to the plant life here on which all other life depends. The Ashoka Wheel is the wheel of the law of dharma. Truth or *satya*, dharma or virtue ought to be the controlling principles of those who work under this flag. Again, the wheel denotes motion. There is life in movement. India must move and go forward."

If done properly, there is no restriction on the display of the National Flag by common people, private organizations or educational institutions. Consistent with the dignity and honour of the Flag as detailed in the Flag Code of India, anyone may hoist/ display the National Flag on all days and occasions, ceremonial or otherwise.

Where the practice is to fly the Flag on any public building, it must be flown on the building on all days including Sundays and holidays and, except as provided in the Code, it shall be flown from sunrise to sunset irrespective of weather conditions. The Flag may be flown on such a building at night also but this should be only on very special occasions.

The Flag must not be used as a drapery in any form except in State/ Military/ Central Paramilitary Forces funerals. In such cases also the Flag must not be lowered into the grave or burnt in the pyre. The Flag must not be draped over the hood, top, sides or back of a vehicle, train or boat. It must not be used or stored in such a manner as may damage or soil it. When the Flag is in a damaged or soiled condition, it must not be cast aside or disrespectfully disposed of but be destroyed as a whole in private, preferably by burning. The Flag must not be used as a covering for a building. Although the Flag can be used as a costume or uniform, it should not be used as undergarments or below the waist. It must not be embroidered or printed upon cushions, napkins, etc. Lettering of any kind must not be put upon the Flag. It must not be used in any form of advertisement. Showing disrespect or insult to the National Flag is a punishable offence.

The National Flag must not be flown from a single masthead simultaneously with any other flag. There must be separate mastheads for different flags. The flag mast should be in white colour. When a foreign dignitary travels in a car provided by Government, the National Flag is flown on the right side of the car and the Flag of the foreign countries on the left side of the car.

In the event of the death of the President, the Vice-President or the Prime Minister, the National Flag is half-masted throughout the country.

Over the last five decades, several people including members of the armed forces have laid down their lives to keep the tricolour flying in its full glory. We must salute and cherish our National Flag.

SCERT TELANGANA

# سماجی علم

## جماعت نہم

**SOCIAL STUDIES - CLASS-IX**

### ایڈیٹرس

سری سی۔این۔سبرامنیم' ایکلویا' بھوپال' مہاراشٹرا

پروفیسر جی۔اوم کارناتھ' شعبہ معاشیات' یونیورسٹی آف حیدرآباد' حیدرآباد

شریمتی پروفیسر آئی۔لکشمی' شعبہ تاریخ' عثمانیہ یونیورسٹی' حیدرآباد

پروفیسر ایم۔کودنڈارام' شعبہ سیاسیات' پی جی کالج' سکندرآباد' حیدرآباد

پروفیسر کے۔وجیہ بابو' شعبہ تاریخ' کاکتیہ یونیورسٹی' ورنگل

ڈاکٹر کے۔نارائنا ریڈی' اسسٹنٹ پروفیسر' شعبہ جغرافیہ' عثمانیہ یونیورسٹی' حیدرآباد

ڈاکٹر ایم۔وی۔سرینواسن' اسسٹنٹ پروفیسر' ڈی ای ایس ایس' این سی ای آر ٹی' حیدرآباد

ڈاکٹر سکنیا بوس' مشیر' این آئی پی ایف پی' نئی دہلی

پروفیسر ایس۔پدماجا' شعبہ جغرافیہ' عثمانیہ یونیورسٹی' حیدرآباد

شریمتی ڈاکٹر آئی۔تھرولی' سینئر فیلو' آئی سی ایس ایس آر' نئی دہلی

شری اروند سردنا' ڈائرکٹر' ایکلویا' بھوپال' مہاراشٹرا

پروفیسر اے۔ستیہ نارائنا (موظف)' شعبہ تاریخ' عثمانیہ یونیورسٹی' حیدرآباد

ڈاکٹر کے۔کے۔کیلاش' شعبہ سیاسیات ایچ سی یو' حیدرآباد

ڈاکٹر سی۔ایس۔بالاچندرن' کلچرل جیوگرافر' بنگلور

شری اے۔ستیانارائنا ریڈی' ڈائریکٹر' ایس۔سی۔ای۔آر ٹی' تلنگانہ' حیدرآباد

شری کے۔سریش' منچی پُستکم' حیدرآباد

شری الیکس۔ایم۔جارج' ایکلویا' بھوپال' مہاراشٹرا

ڈاکٹر این۔چندرائیڈو' اسسٹنٹ پروفیسر ڈپارٹمنٹ آف جیوگرافی' یس وی یونیورسٹی' تروپتی

### ایڈیٹر اردو

**ڈاکٹر مسعود جعفری**

موظف اسوسی ایٹ پروفیسر' حیدرآباد

### کمیٹی برائے فروغ و اشاعت درسی کتب

**محترمہ چارو سنہا، آئی پی ایس**

(مشیر برائے جینڈر سنسٹو یٹی) ڈائرکٹر اے سی بی، تلنگانہ، حیدرآباد

**شری اے۔ستیانارائنا ریڈی' ڈائریکٹر**

ایس۔سی۔ای۔آر ٹی' تلنگانہ' حیدرآباد

**شری بی۔سدھاکر' ڈائریکٹر**

گورنمنٹ ٹکسٹ بک پرنٹنگ پریس' تلنگانہ' حیدرآباد

**ڈاکٹر این۔اوپیندر ریڈی**

پروفیسر شعبہ نصاب و درسی کتب'

SCERT' تلنگانہ' حیدرآباد

**ناشر حکومت تلنگانہ ' حیدرآباد**

| | |
|---|---|
| Advisor Gender Sensivity and : | Ms. Charu Sinha, I.P.S. |
| Child Sexual Abuse | Director, ACB, Telangana, Hyderabad. |

قانون کا احترام کریں

اپنے حقوق حاصل کریں

تعلیم سے آگے بڑھیں

عاجزی و انکساری کا اظہار کریں



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

**© Government of Telangana, Hyderabad.**

*First Published 2014*

*New Impressions 2015, 2016, 2017,2018,2019,2020*

*All rights reserved.*

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted, in any form or by any means without the prior permission in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover other than that in which it is published and without a similar condition including this condition being imposed on the subsequent purchaser.

The copy right holder of this book is the Director of School Education, Hyderabad, Telangana..

We have used some photographs which are under creative common licence. They are acknowledged at the end of the book.

This Book has been printed on 70 G.S.M. Map litho, Title Page 200 G.S.M. White Art Card

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

Printed in India
at the Telangana Govt. Text Book Press,
Mint Compound, Hyderabad,
Telangana.

## مصنفین

**ڈاکٹر این۔ چندرا یوڈو**' اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ جغرافیہ' ایس وی یونیورسٹی' تروپتی

**شریمتی کے۔ سیتا مہالکشمی**' لکچرر' گورنمنٹ ڈگری کالج' راجمندری

**شری مدیتھا تھی نرسمہا ریڈی**' جی ایچ ایم' ڈی پی ایچ ایس' پدّ اجنگم پلی' وائی ایس آر کڈپہ

**شری کے۔ سبرامنیم**' لکچرر، گورنمنٹ ڈائیٹ، کرنول

**شری ٹی۔ رویندر**' لکچرر گورنمنٹ ڈائیٹ' ورنگل

**شری کے۔ لکشمی نارائنا**' لکچرر گورنمنٹ ڈائیٹ' انگالور' کرشنا

**شری ٹی۔ وینکٹیا**' ایس ے' زیڈ پی ایچ ایس' ایگواویدھی' چتور

**شری این۔ سبرامنیم**' ایس اے' زیڈ پی ایچ ایس' تھروناویا' نیلور

**شری ٹی وشنومورتی**، ایس اے، یوپی ایس منے گوڈم' ورنگل

**شریمتی بنڈی مریہ رانی**' ایس اے' ایم پی یو پی ایس' چلوکا نگر' کھمم

**شری پی۔ وی۔ کرشنا راؤ**' ایل ایف ایل ایچ ایم' پی ایس محلّہ' نمبر 16' یلنّدو' کھمم

**شری ونگوری گنگی ریڈی**' ایس اے' زیڈ پی ایچ ایس' کنڈرگ' ایم بی این آر

**شری ٹی۔ پربھاکر ریڈی**' ایس اے' زیڈ پی ایچ ایس (بی)' شاہ آباد' آر آر

**شری این۔ راج پال ریڈی**' ایس اے' زیڈ پی ایچ ایس (بی) اسٹیشن گھنپور' جنگاؤں

**شری اُندتی آنند کمار**' ایس۔ اے' زیڈ پی ایچ ایس' سجاتا نگر' کھمم

**شری پی۔ سرینواسلو**' ایس۔ اے' زیڈ پی ایچ ایس حویلی' گھن پور' میدک

**شری پی۔ جگن موہن ریڈی**' ایس اے' زیڈ پی ایچ ایس' پچے ڈو' گجویل' میدک

**شری اے۔ رویندر**' ایس اے' جی ایچ ایس' اورس' ورنگل

**شری اے۔ ایم۔ سرینواس راؤ**' ایس اے' زیڈ پی ایچ ایس' کولا لا پوڈی' پرکاشم

**شری ایم۔ پاپیا**' لکچرر ایس سی ای آر ٹی' تلنگانہ' حیدرآباد

**ڈاکٹر راچرلا گنپتی**' ایس اے' زیڈ پی ایچ ایس' لاڈیلّا' ورنگل

**ڈاکٹر بی۔ وی۔ این سوامی** ایس اے' جی ایچ ایس حضور آباد' کریم نگر

**شری کوریوی سرینواس راؤ**' ایس اے' ایم پی یو پی ایس' پی آر پلی' تکالی' سریکا کولم

**شری کسم کماراسوامی**' ایس اے' زیڈ پی ایچ ایس' دوڑے پلی' عادل آباد

**شری گڈا میٹری رنگا پانی ریڈی**' اسے' زیڈ پی ایچ ایس' کولکم پلی' موسیٰ پیٹ' محبوب نگر

**شریمتی ہیما کتھری**' آئی جی این ایس' حیدرآباد (پروف ریڈنگ)

**شری ایا چھیتھو لکشمن راؤ**' ایس اے' جی ایچ ایس' دھنگر واڑی' کریم نگر

**شری این۔ سی۔ جگناتھ**' جی ایچ ایس' کلثوم پورہ' حیدرآباد

## کوآرڈینیٹر

**محمد افتخار الدین**

کوآرڈینیٹر' شعبہ نصاب ودرسی کتب' ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت' تلنگانہ' حیدرآباد

## مترجمین

**ڈاکٹر مسعود جعفری**' موظف اسوسی ایٹ پروفیسر' حیدرآباد

**محمد تاج الدین**' ایس اے' گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول' حسینی علم (نیو)' حیدرآباد

**محمد آصف الدین**' ایس اے' گورنمنٹ ہائی اسکول اعظم پور نمبر (1)' حیدرآباد

**محمد عبدالمجید**' گورنمنٹ ہائی اسکول' گاندھی بھون نامپلی' حیدرآباد

**سید رؤف**' گورنمنٹ اسکول، کمہارواڑی، گولکنڈہ، حیدرآباد

**عبدالحفیظ**' گورنمنٹ ہائی اسکول دھول پیٹ' حیدرآباد

**ایم۔ اے۔ قدوس**' گورنمنٹ ہائی اسکول بوائز سکنڈ لانسر' حیدرآباد

## مصورین

**شری کوریلا سرینواس**' جی ایچ ایم' زیڈ پی ایچ ایس' کرمیڈو' نلگنڈہ

**شری بی۔ کشور کمار**' یو پی ایس' وٹکور' نلگنڈہ

**شری پی۔ انجانائیلو**' کوئمپیر' سی ای ایس ایس' ڈی سی ایس' حیدرآباد

## لے آوٹ ڈیزائن

**ٹی محمد مصطفیٰ**' حبیب کمپیوٹرس' بھولکپور' مشیرآباد' حیدرآباد۔

**محمد ذکی الدین لیاقت**' ممتاز کمپیوٹرس' شاہ گنج' حیدرآباد

**شیخ حاجی حسین**' امپرنٹ کمپیوٹیک، بالانگر، حیدرآباد

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

# طلبا کے نام خط

**پیارے نوجوان دوستو!**

سکنڈری تعلیم کے آغاز پر مبارکباد! آپ تمام کو جماعت نہم میں تعلیم پانے کا موقع حاصل ہو رہا ہے۔ ہمارے ملک کے بے شمار بچے اس قدر خوش بخت نہیں ہیں۔ اول جماعت میں داخلہ لینے والے طلباء میں سے تقریباً 50% بچے جماعت ہشتم کے بعد ترک تعلیم کر دیتے ہیں تاکہ اپنے گھروں' کھیتوں کی دیکھ بھال کر سکیں اور دوسروں کے لیے کام کرتے ہوئے اپنا روزگار حاصل کر سکیں۔ یہ ان کے لیے بڑا بھاری نقصان ہے اور ہمارے لیے بھی کیونکہ جب ہم سماجی مسائل پر بحث کرتے ہیں تو ان کے تجربات اور خیالات سے مستفید ہونے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ لہٰذا آپ پر یہ زائد ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ان کی نیابت میں سوچیں اور سماجی امور پر ان کے نکات نظر کو تلاش کرنے کی کوشش کریں۔

جدید زندگی کے بے شمار پہلوؤں کی طرح اسکولی تعلیم بھی ہم سب کے لیے مواقع کی نئی دنیا فراہم کرتی ہے۔ جب کہ بہت کم لوگ ان سے استفادہ کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔ اسی لیے ہم کو غریبی اور فاقہ کشی بھی دولتمندی اور امارت کے ساتھ ساتھ نظر آتی ہے۔ بہ حیثیت نوجوان کے آپ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع حاصل ہو رہے ہیں' تو آپ کو چاہیے کہ آپ ان امور کے بارے میں سوال کریں اور غور کریں کہ یہ امور کیسے بدلے جا سکتے ہیں تاکہ جدید زندگی کی سہولیات سب کے لیے مساوی طور پر مہیا ہو سکیں۔

یہ کتاب ان سوالات میں سے بعض کے جواب تلاش کرنے کی کوشش کرتی ہے کہ کس طرح جدید دور میں انسانی سماج نے تیز رفتار ترقی اور حقوق کے عظیم امکانات کو حاصل کر لیا ہے لیکن وہ عدم مساوات اور استحصال کا خاتمہ نہیں کر پائے۔

زیر نظر کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ جغرافیہ اور معاشیات سے متعلق ہے جب کہ دوسرا حصہ تاریخ اور سماجی و سیاسی زندگی سے متعلق ہے۔ آپ انٹرمیڈیٹ اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے دوران ان مضامین کا باضابطہ مطالعہ کریں گے۔ یہاں ان مضامین کے بعض اہم موضوعات اور ان مضامین کے مطالعے کے طریقوں کا تعارف کروایا جائے گا۔

اس کتاب کے ابواب بعض اہم سماجی امور کا تجزیہ کرتے ہیں۔ اور ان امور کے بارے میں بعض معلومات اور نتائج فراہم کرتے ہیں لیکن براہ کرم اس بات کو یاد رکھئے کہ کوئی بھی باب کسی موضوع سے متعلق تمام پہلوؤں کا احاطہ نہیں کرتا۔ وہ صرف تلاش و جستجو کے سفر کے آغاز میں آپ کی مدد کرتا ہے۔ آپ کو چاہیے کہ آپ خود غور و فکر کریں' لائبریری کی کتابوں اور انٹرنیٹ سے استفادہ کرتے ہوئے زائد مطالعہ کریں۔ ان پر بحث کریں اور اپنی رائے و نظریے کو تشکیل دیں۔ اس کتاب میں درج معلومات و نتائج کو ازبر کرتے ہوئے آپ کچھ بھی حاصل نہیں کر پائیں گے تاوقتیکہ آپ ان موضوعات کے بارے میں غور و فکر کریں اور اس سے متعلق مزید جانکاری حاصل نہ کریں۔

جب آپ کسی موضوع سے متعلق معلومات حاصل کریں گے تو آپ کو ہمہ قسم کی معلومات سے سابقہ پڑے گا۔ ہم یہ کیسے طے کر پائیں گے کہ یہ کارآمد ہیں یا نہیں اور کس طرح ہم درست اور غیر درست معلومات میں فرق کر پائیں گے؟ یہ کسی بھی طالب علم کے آگے کا بڑا چیلنج ہوتا ہے، جو اعلیٰ تعلیم کا حصول کرنا چاہتا ہے۔ سب سے پہلے آپ کو چاہیے کہ آپ معلومات کے ذریعے کے بارے میں پتہ کریں کہ وہ مستند ہے یا نہیں؟ وہ کس طرح کے نظریات کو پیش کرتا ہے اور وہ کس قسم کے میلان کا اظہار کرتا ہے وغیرہ۔ تب کہیں جا کر آپ اس قابل ہوں گے کہ کسی موضوع کی افادیت کے بارے میں خود سے کوئی نتیجہ اخذ کر سکیں۔

کتابیں صرف یہ بتلاتی ہیں کہ دوسروں نے کیا کہا اور کیا کیا۔ آخرکار آپ جن سماجی امور کا مطالعہ کر رہے ہیں ان سے متعلق آپ ہی کو کسی نتیجے پر پہنچنا ہوگا۔ اس سماج کو سمجھنے اور اس کو بہتر بنانے کی ذمہ داری بھی آپ پر ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اس میں یہ کتاب آپ کا تعاون کرے گی۔

**مدیران**

SCERT TELANGANA

# اس کتاب کے بارے میں

یہ کتاب آپ کے سماجی علم کے نصاب کا ایک حصہ ہے۔ یہ کئی چیزوں پر مشتمل ہے جن کا آپ مطالعہ کریں گے۔ یہ یاد رکھئے کہ یہ اُس نصاب کا چھوٹا سا حصہ ہے۔ سماجی علم کا نصاب چاہتا ہے کہ جو آپ جانتے ہیں اُسے اپنے ہم جماعتوں میں تقسیم کریں۔ یہ آپ سے تقاضہ کرتا ہے کہ آپ سوالات کریں۔ سونچیں کہ چیزیں ایسی کیوں ہیں۔ آپ اور آپ کے رفقا جماعت، جماعت سے باہر بازار، پنچایت، بلدیہ کے دفتر، گاؤں کے کھیتوں، مندروں، مسجدوں، عجائب گھروں میں جائیں اور بہت سی اشیاء کا مشاہدہ کریں۔ آپ دہقانوں، دکانداروں، ملازمین، مذہبی شخصیات سے ملاقات وغیرہ اور تبادلہ خیال کریں۔

اس کتاب میں آپ کو بہت سے مسائل سے وقفیت ہوگی۔ اُن کا مطالعہ کرسکیں گے اور اُنھیں سمجھتے ہوئے کسی نتیجہ پر پہنچ سکیں گے۔ اس کتاب کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں جوابات نہیں ہیں۔ اصل میں یہ کتاب مکمل نہیں ہے، یہ اُس وقت مکمل ہوگی جب آپ اور آپ کے دوست، اساتذہ اپنے سوالات، تجربے لائیں گے اور جماعت میں اُن کے بارے میں بحث کریں گے۔ آپ اس کتاب کی بہت سی چیزوں سے متفق نہیں ہوں گے۔ اس کا اظہار کرنے سے مت ڈریئے۔ صرف اپنی وجوہات بیان کیجیے۔ آپ کے دوست آپ سے نامتفق رہیں گے۔ اُن کا نقطہ نظر الگ ہوگا۔ اُس کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ آپ اپنے جوابات پر نگاہ رکھیں۔ آپ اپنے جوابات کے تعلق سے پُر امید نہیں رہ سکتے۔ آپ اپنے ذہن کو تیار کرنے سے پہلے کچھ اور معلوم کرنے کی کوشش کریں۔ اُس صورت میں آپ احتیاط سے اپنے سوالات کی فہرست بنایئے اور اپنے دوستوں، اساتذہ اور بزرگوں سے گزارش کریں کہ وہ جوابات کے حل میں مدد کریں۔

یہ کتاب زمین اور اس کے قدرتی حصوں، زرعی و صنعتی ترقی خدمات کے مطالعے، لوگ کیسے مالیاتی نظام اور قرض کے نظام پر عمل کرتے ہیں، حکومتیں بجٹ کیسے بناتی ہیں اور محاصل کیسے عائد کئے جاتے ہیں وغیرہ کے بارے میں جاننے میں آپ کی مدد کرے گی تاکہ انسانی زندگی پر اس کے اثرات کو سمجھا جاسکے۔

اس کتاب میں آپ پڑھیں گے کہ صدیوں پہلے کیا واقعات پیش آئے تھے۔ یوروپ میں کون سی ثقافتی تبدیلیاں رونما ہوئی تھیں۔ مختلف برآعظموں پر نوآبادیاتی حکمرانی کے کیا اثرات مرتب ہوئے۔ اس کتاب میں آپ جمہوریت اور اس کی توسیع، انسانی حقوق خصوصاً بچوں کے حقوق اور خواتین کے تحفظ کے قوانین کے بارے میں پڑھیں گے اور اس بات کو سمجھنے کی کوشش کریں گے کہ یہ سب ہماری موجودہ زندگی کو کیسے متاثر کر رہے ہیں۔

جب آپ اس کتاب کو پڑھیں گے تو آپ کے سامنے بہت سے سوالات آئیں گے۔ توقف کیجیے اور اُن سوالات کے جواب دیجیے۔ آگے بڑھنے سے پہلے تجویز کردہ سرگرمیاں انجام دیجیے۔ سبق کو عجلت میں ختم کرنا کارآمد نہیں ہوتا۔ سوالات کے بارے میں بحث کرنا اور سرگرمیاں پائے تکمیل تک پہنچانا ہے۔

بہت سے اسباق میں منصوبے ہوتے ہیں۔ انہیں پورا کرنے میں کچھ دن لگ جاتے ہیں۔ ان منصوبوں سے آپ میں تلاش وجستجو، تجزیہ پیش کشی جیسی سماجی علم کی قدریں فروغ پائیں گی۔ یہ بات اسباق میں لکھی ہوئی چیزوں کو رٹ لینے سے زیادہ اہم ہے۔

براہِ کرم آپ اس بات کو یاد رکھیں کہ سبق میں جو کچھ لکھا ہوا ہے اُسے ازبر نہ کریں۔ بلکہ اُن کے بارے میں غور و فکر کیجیے اور اپنے ذاتی خیالات کی تعمیر و تشکیل کیجیے۔

**ڈائریکٹر**

**ایس۔سی۔ای۔آر۔ٹی**

**حیدرآباد**

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 21-2020

# معلم اور طلبا کے لیے کتاب اور یادداشت کا استعمال

❖ اس کتاب میں ہم نے سماجی علم کے تصورات کے متعلق مربوط طرز فکر کو اپنانے کی کوشش کی ہے ۔ یہ قومی اور ریاستی نصابی ساخت کا تسلسل ہے ۔اس میں تدریسی ضرورتوں کی شروعات وسطانوی مدرسہ کی سطح پر ہوتی ہے ۔اس میں مکتبی انداز کی تجویز رکھی گئی ہے ۔ آپ نے تاریخ' معاشیات' شہریت' جغرافیہ کی مختلف شاخوں کو روایتی انداز میں پڑھایا ہے ۔ان کے تحت بحث کیے جانے والے تصورات آپس میں خلط ملط ہو جاتے تھے ۔اس کتاب میں 6 موضوعات ہیں ۔آپ نے انہیں متن کی فہرست کے ورق میں دیکھا ہوگا ۔اُس کے تحت مختلف تصورات سے گفتگو کی گئی ہے ۔

☆ اس نصابی کتاب کو اس خیال کے زیر اثر مرتب کیا گیا ہے کہ سماجی علم کے اساتذہ اور طلبا اُسے جماعت میں روشناس کریں گے اور تدریسی کے لیے جماعت میں اُن کا استعمال کریں گے ۔نصابی کتاب کا جماعت میں پڑھا جانا ضروری ہے اور اُس کی رفاقت میں بحث کا اہتمام کیا جائے ۔

❖ **متن کی زبان:** اس کتاب کے متن کو لکھنے میں اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ طلبا کے لیے سہل اور آسان ہو ۔تاہم اس میں بعض اصطلاحیں اور سمجھ میں نہ آنے والی زبان ہے ۔اُس کی تشریح کی جانی چاہیے ۔کتاب میں عموماً تصورات سے مطابقت پیدا کرنے والی مثالیں دی جاتی ہیں جو زیر بحث ہوتی ہیں ۔ ہر سبق میں مرکزی خیال ہوتا ہے ۔اُسے ذیلی سرخیوں کی حیثیت سے پیش کیا جاتا ہے ۔ آپ جماعت میں ایک گھنٹے میں کم وبیش 2 سے 3 ذیلی سرخیوں کا احاطہ کرسکتے ہیں ۔

❖ اس نصابی کتاب میں مختلف اسلوب نگارش کو برتا گیا ہے ۔بعض دفع افسانوی بیانیہ جیسے واسو' ارون اور شیو کامنی میں استعمال کیا گیا ہے ۔ یہ اکثر وبیشتر افسانوی نوعیت کے ہوتے ہیں ۔لیکن وہ حقائق پر مبنی ہوتے ہیں ۔اس میں ایک منظر کو پیش کیا جاتا ہے ۔ کچھ اقتباسات بھی ہیں ۔وہ موضوعاتی مطالعہ کی ہیئت میں ہیں ۔ان میں بعض کیس اسٹڈی کی شکل میں ہیں جیسے کہ 7 ویں باب میں پٹن چیرو میں صنعتی سرگرمیوں کے اثرات کے سلسلے میں دیا گیا ہے ۔معلومات جدول اور گراف کی شکل میں بھی ہوتے ہیں ۔ جہاں تقابلی امور کو ایک دوسرے سے مربوط کیا جاتا ہے ۔ جیسے کہ 9 ویں باب کے تحت مالیاتی نظام اور قرض کے تحت کیا گیا ۔زبان کے مختلف اسالیب میں تصورات کی وضاحت کی گئی ہے ۔

❖ درمیان میں سوالات غیر متنی ہوتے ہیں اور سبق کا اختتام متن کے سوالات پر ہوتا ہے ۔آپ اس بات کو محسوس کریں گے کہ متن کے درمیان میں سوالات پوچھے گئے ہیں ۔ان سوالات کو ترک مت کیجیے ۔ یہ درس وتدریس اور اکتساب علم کے عمل کا ایک مربوط حصہ ہیں ۔ یہ سوالات مختلف نوعیت کے ہوتے ہیں ۔بعض سوالات خلاصہ اور آپ کے پڑھے ہوئے اقتباسات کا جائزہ ہوتے ہیں ۔ وہ اور زیادہ معلومات اکٹھا کرنے کے لیے ہوتے ہیں ۔ وہ پچھلی ذیلی سرخی کے تحت پیش کردہ تصورات کے اردگرد ہوتے ہیں ۔ جس پر بحث کی جاچکی ۔اُن سوالات کے جوابات مت لکھوائیے ۔ بچوں کو اجازت دیں کہ وہ خود سے جوابات تلاش کریں ۔ اُنھیں موقع دیا جائے کہ وہ ایک دوسرے سے بحث کریں ۔ان سوالات کا مفہوم معلوم کرنے کی کوشش کریں اور ممکنہ جوابات کے بارے میں گفتگو کریں ۔

❖ اس کتاب میں مختلف قسم کے سوالات دیئے گئے ہیں ۔

1. بچوں کے تجربات بیان کرنے کے لیے پوچھے گئے ہیں ۔
2. متن میں دی گئی مثالوں سے اپنے تجربات کا تقابل کرنے کے لیے ہیں ۔
3. کتاب میں دیئے گئے دو تین واقعات سے اپنے تجربات کا تقابل کرنے کے لیے ہیں ۔
4. طلبا کو واقعات یا موضوعاتی مطالعہ کے تعلق سے اپنی رائے دینے کے لیے ہیں ۔
(جب سوالات کیے جائیں تو تمام طلبا کے جواب یکساں ہونا ضروری نہیں ہے ۔انھیں اپنی رائے دینے کی اجازت دی جائے )
5. ایک مخصوص حالت کا جائزہ لینے کے لیے سوالات سبق میں درج کیے گئے ہیں ۔

SCERT TELANGANA

- اُستاد جماعت میں اُن سوالات کے پوچھنے کے لیے مختلف حکمت عملی اپنا سکتا ہے۔ بعض سوالات نوٹ بک میں لکھے جاسکتے ہیں۔ دیگر سوالات پر چھوٹوں گروپوں میں بحث کی جاسکتی ہے۔ چند سوالات کو انفرادی آزمائش کے طور پر لکھا جاسکتا ہے۔ تمام حالتوں میں بچے کو اپنے الفاظ میں لکھنے کی ترغیب دی جائے۔ تمام بچوں کو جوابات ایک ہی اسلوب اور انداز میں لکھنے کی ہدایت نہ دی جائے۔
- ہر سبق میں مخصوص باکس ہیں۔ یہ اکثر سبق میں بحث کی گئی تصورات پر زائد معلومات ہوتے ہیں۔ اُن پر جماعت میں بحث کی جائے اور اُن کے اطراف سرگرمیاں انجام دی جائیں لیکن اُنھیں آپ کے خلاصہ کے اکتساب میں شامل نہ کیا جائے۔
- **نصابی کتاب میں تصویریں استعمال کی گئیں:** روایتی نصابی کتاب میں تصویریں بصری تسکین کے کام آتی تھیں۔ ہمارا مقصد تصویروں کا استعمال ایک فن کی طرح اہم ہے۔ سرکاری بجٹ اور ٹیکس عائد کرنا کی طرح چند خاکے ہیں۔ یا ہم بہت سی سماجی اور سیاسی تحریکوں میں رہنماؤں کی تصاویر استعمال کرتے ہیں۔ تمام مواقع پر تصویریں نصابی کتب ہی کی طرح اہم ہوتی ہیں۔ وہ تصورات کی صراحت کے لیے کارآمد ہوتی ہیں یا نصابی کتابوں میں بیان کردہ خیالات کی تصویر کشی میں کام آتی ہیں۔ ہم نے مختلف قسم کی تصویروں کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ تصویریں' خاکے' کارٹون' اشتہار وغیرہ تاریخی نقطہ نظر سے لیئے گئے ہیں۔ جس طرح نصابی کتاب میں مختلف طرز اسلوب کو برتا گیا ہے اُسی طرح اشکال میں بھی تکثیریت پائی جاتی ہے۔
- **نقشے' جدول اور اشکال:** اس کتاب میں نقشے جغرافیائی' معاشی' سیاسی اور تاریخی پہلو کے بارے میں وضاحت کرتے ہیں۔ وہ معلومات کو دلچسپ پیرایے میں پیش کرتے ہیں۔ آپ جدول اور اشکال کا بھی استعمال دیکھ سکتے ہیں۔ جدول کو پڑھنے اور شکلوں کا مشاہدہ سماجی علم میں اہم ہوتا ہے۔ تصورات کی وضاحت مزید سہل ہوتی ہے۔
- **منصوبے:** کتاب میں مختلف منصوبوں کی تجاویز رکھی گئی ہیں۔ تمام منصوبوں پر عمل کرنا ممکن نہیں ہے۔ ہم صرف کتاب خوانی کرتے ہوئے تصورات کے تمام زاویوں کی تدریس نہیں کرسکتے۔ منصوبے بچوں کو سماج کے اراکین سے رابطہ میں آنے کے قابل بناتے ہیں۔ وہ معلومات اکٹھا کرتے ہیں اور اپنے انداز سے انھیں ترتیب دے کر پیش کرتے ہیں۔ انٹرویو کے لیے سوالات مرتب کرتے ہیں۔ بینک جانے کا منصوبہ بناتے ہیں۔ منصوبہ کی پیش کشی میں جمع کردہ معلومات کی اساس پر اشکال' جدول' اعداد و شمار سماجی علم کی دنیا میں اہم ہوتے ہیں۔ منصوبے بچوں کو گروپ میں مل کر کام کرنے' خیالات میں شریک ہونے کی ترغیب دیتے ہیں۔
- ہم مشق اور جانچ کے لیے نصابی کتاب کے علاوہ موضوع سے متعلق نقشے' جدول اور گراف کا استعمال کرسکتے ہیں۔
- بحث و مباحثے' انٹرویو کا انعقاد اور پراجکٹوں کو سبق کے دوران اور اپنے اکتساب کو بڑھائیے کے بعد دیا گیا ہے یہ بچوں کے سماجی شعور' حساسیت اور مثبت رجحانات کے فروغ کے لیے دیئے گئے ہیں۔ لہٰذا انہیں روبہ عمل لایا جائے۔

## اظہار تشکر

ہم ڈاکٹر کے این آنندن ماہر لسانیات کیرالا، سری جتیندر' سرورق ڈیزائنر، ایکالاویا، ڈاکٹر پی دکشنا مورتی' موظف نائب ڈائرکٹر تلگو اکیڈیمی، سری اے آر کے مورتی موظف نائب ڈائرکٹر تلگو اکیڈیمی' دیپا سرینواس، کرتیکا وِمتواناتھ، رام مورتی شرما کے مشکور ہیں۔ کتاب ڈیزائننگ اور صورت گیری میں معاونین کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اس کتاب میں اشکال، Flickr اور انٹرنیٹ کے توسط سے (Creative Common License) کے ذریعہ حاصل کی گئی ہیں۔ حاصل کردہ تمام تصاویر 28 رفروری 2012ء سے قبل کی ہیں۔
ہم بے حد تسلیم کرتے ہیں کہ بہت سارے اسکول ٹیچرس، ماہرین تعلیمات اور دیگر افراد کی جانب سے حاصل ہونے والے Feedback سے کتابوں کی نظر ثانی اور تجدید میں بہت مدد ملی۔ انڈین ہسٹری اویرنیس اینڈ ریسرچ (IHAR)، ہوسٹن، ٹکساس، یو ایس اے کا درسی کتب کا جائزہ لینے پر ہم خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔ کیونکہ درسی کتاب کو سدھارنے میں کافی مدد ملی۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

# تعلیمی معیارات

طلبا کو وقت دینا چاہیے کہ وہ سبق میں دیئے گئے متن کو سمجھ کر اخذ کر سکیں۔متن کے سیاق وسباق میں سوالات مفید ہوتے ہیں۔یہ سوالات مختلف نوعیت کے ہوتے ہیں جیسے تعقل پسندی، سبب اور نتیجہ، ذہن کو پڑھنا، صحیح ٹھہرانا، تصور کو اخذ کرنا، مشاہدہ، تجربہ، غور وفکر، تخیل، عکاسی، ترجمانی وغیرہ کا احاطہ کرتے ہیں۔ ہر سبق میں مثالوں اور کلیدی الفاظ کے ساتھ بنیادی تصورات کو ذیلی تصورات سے بحث کی گئی ہے۔

### 1. تصورات کی تفہیم (AS1)

تلاش وجستجو، بحث ومباحثہ، موضوعاتی مطالعہ، ترجمانی، مشاہدہ وغیرہ کے ذریعہ سے بنیادی تصورات کو سمجھنے کی صلاحیتیں فروغ دی جاتی ہیں۔

### 2. دیئے گئے متن کا مطالعہ، فہم حاصل کر کے اظہار کرنا (AS2)

اکثر وبیشتر دہقانوں، کارخانہ کے مزدوروں کے متعلق موضوعاتی مطالعہ کیا جاتا ہے یا سبق میں دی گئی وہ تصویریں جن سے تصور کی براہ راست وضاحت نہیں ہوتی۔اس لیے بچے مرکزی خیالات کو اخذ کر کے تصویروں وغیرہ کی ترجمانی کر سکیں۔

### 3. ترسیلی مہارتیں (AS3)

نصابی کتابیں ہی سماجی علم کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ نہیں کرسکتیں۔مثال کے طور پر شہری علاقوں میں رہنے والے بچے اپنے منتخبہ نمائندوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے طلبا اُن کے علاقے میں موجود آبپاشی کے طریقے، پانی کے ٹینکوں کی سہولت کے بارے میں معلومات اکٹھا کر سکتے ہیں۔ یہ معلومات نصابی کتابوں سے میل نہیں کھاتیں۔اُس کی وضاحت کرنی پڑتی ہے۔منصوبوں کے ذریعہ معلومات فراہم کرنا بھی ایک اہم صلاحیت ہے۔مثال کے طور پر اگر وہ ایک تالاب کے بارے میں معلومات جمع کرتے ہیں تو لکھنے کے مواد کے ساتھ تصویریں یا نقشہ بھی بنانا چاہیے۔وہ جمع کی گئی معلومات کو تصویروں، اشتہاروں کے ذریعے بھی پیش کر سکتے ہیں۔معلومات کی صلاحیتوں میں معلومات حصول، جدول، دستاویزات، ریکارڈ مرتب کرنا اور اس کا تجزیہ شامل ہے۔

### 4. ہم عصر موضوعات پر ردعمل / سوالات کرنا (AS4)

طلبا کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے کہ وہ اپنے موجودہ حالات کا تقابل مختلف علاقوں یا مختلف ادوار کے باشندوں سے کریں۔اس تقابلی جائزہ میں اُٹھے ہوئے سوالات کا کوئی ایک جواب نہیں ہوسکتا۔بعض وقوع پذیر ہونے والے واقعات کا جواز معلوماتی اور وضاحتی انداز میں کیا جائے۔

### 5. نقشہ جاتی مہارتیں (AS5)

نصابی کتاب میں مختلف قسم کے نقشے اور تصویریں پیش کی گئی ہیں۔نقشوں سے متعلق صلاحیت کو فروغ دینا، مقامات کی صحیح پیش کشی اہم بات ہے۔اس صلاحیت کے فروغ کے کئی مراحل ہیں۔اپنی جماعت کا نقشہ اتارنا اُس نقشے میں پیش کی گئی بلندی اور فاصلہ کو سمجھنا۔کتاب میں تصویریں، اشتہارات پیش کیے گئے ہیں۔ان تصویروں کو تعلق متن سے ہوتا ہے اور وہ صرف بصری اثر کی خاطر نہیں ہوتیں۔بعض دفع عنوان تحریر کیجیے یا اُن تصویروں کو دیکھیے جن میں سرگرمیاں بھی ہوتی ہیں۔اُن کا تعلق فن تعمیر وغیرہ سے ہوتا ہے۔

### 6. تحسین، توصیف اور حساسیت (AS6)

ہمارا ملک زبان، ثقافت، ذات پات، مذہب، جنس وغیرہ کے اعتبار سے تکثیریت کا حامل ہے۔سماجی علم میں انہیں کے متعلق مختلف پہلوؤں پر غور نہیں کیا جاتا۔طلبا کو اختلافات کے تعلق سے حساس رہنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

SCERT TELANGANA

# فہرست


| سلسلہ نشان | عنوان | صفحہ نمبر | مہینہ |
|---|---|---|---|
| | **حصہ اول: زمین کے قدرتی حصے اور معشیت** | | |
| 1. | ہماری زمین | 1-13 | جون |
| 2. | زمین کے قدرتی حصے | 14-26 | جولائی |
| 3. | آبی کرہ | 27-35 | جولائی |
| 4. | فضائی کرہ | 36-50 | اگست |
| 5. | حیاتیاتی کرہ | 51-58 | ستمبر |
| 6. | ہندوستان میں زراعت | 59-74 | ستمبر |
| 7. | ہندوستان میں صنعتیں | 75-95 | نومبر |
| 8. | ہندوستان میں خدمات کی سرگرمیاں | 96-104 | دسمبر |
| 9. | مالیاتی نظام اور قرض | 105-117 | دسمبر |
| 10. | قیمتیں اور مصارف زندگی | 118-129 | فروری |
| 11. | سرکاری بجٹ اور ٹیکس عائد کرنا | 130-145 | فروری |
| | **حصہ دوم: دنیا عہد وسطیٰ سے دور جدید تک** | | |
| 12. | جمہوری اور قومی انقلابات: سترھویں، اٹھارویں اور انیسویں صدی | 146-166 | جولائی |
| 13. | صنعتیانے کا عمل اور سماجی تبدیلی | 167-180 | اگست |
| 14. | سماجی اور احتجاجی تحریکیں | 181-188 | اگست |
| 15. | افریقہ-ایشیاء اور لاطینی امریکہ میں نوآبادیت | 189-203 | ستمبر |
| 16. | نوآبادیاتی نظام کا اثر ہندوستان میں | 204-217 | اکٹوبر |
| 17. | جمہوریت کی توسیع | 218-228 | نومبر |
| 18. | جمہوریت ایک ارتقاء پزیر تصور | 229-239 | نومبر |
| 19. | انسانی حقوق اور بنیادی حقوق | 240-252 | ڈسمبر |
| 20. | خواتین کے حفاظتی قوانین | 253-261 | جنوری |
| 21. | تباہیوں سے نمٹنا | 262-270 | جنوری |
| 22. | ٹریفک کی تعلیم | 271-277 | فروری |
| | **اعادہ ۔ سالانہ امتحانات** | | مارچ |


SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

# قومی ترانہ

- رابندرناتھ ٹیگور

جن گن من ادھی نایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، ڈراوڑ، اتکل، ونگا
وندھیا، ہماچل، یمنا، گنگا، اُچ چھل جل دھی ترنگا
تواشبھ نامے جاگے، تواشبھ آشش ماگے
گاہے تو جیا گاتھا
جن گن منگل دایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیا ہے، جیا ہے، جیا ہے
جیا جیا جیا جیا ہے

## عہد


پئی ڈیمرّی وینکٹاسبّاراؤ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور میں اس کے عظیم اور گوناگوں ورثے پر فخر کرتا ہوں/کرتی ہوں۔ میں ہمیشہ اس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کرتا رہوں گا/کرتی رہوں گی۔ اپنے والدین، اساتذہ اور بزرگوں کی عزت کروں گا/کروں گی اور ہر ایک کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا/کروں گی۔ میں جانوروں کے تئیں رحم دلی کا برتاؤ رکھوں گا/رکھوں گی۔ میں اپنے وطن اور ہم وطنوں کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عہد کرتا ہوں/کرتی ہوں۔

SCERT TELANGANA

باب 1

# ہماری زمین



شکل:1.1: کارل سیگان Carl Sagan سائنسداں نے بتلایا کہ ساری انسانی تاریخ اس چھوٹے سے نقطے پر ہوئی ہے جو یہاں پیلے دائرے میں ظاہر کیا گیا ہے جو یہ ہمارا گھر زمین ہے۔ یہ فوٹو خلاء سے لی گئی ہے۔ جو کہ ***Pale Blue Dot*** سے جانی جاتی ہے۔

انسان اس زمین پر دیگر کئی ملین جانوروں، نباتات اور خوردبینی اجسام کے ساتھ رہتا ہے۔ انسانوں کے وجود کا آغاز اس زمین پر تقریبا ایک لاکھ سال پہلے ہوا۔ دیگر جانداروں کی بہ نسبت انسان ہمیشہ اس کوشش میں لگا رہا کہ زمین کو زندگی گذارنے کے لئے ایک بہترین مقام بنائے۔ انسان مسلسل اپنے آپ میں اور اپنے اطراف و اکناف میں تبدیلی لانے کوشاں رہا۔ اس عمل کے دوران انسانوں اور زمین کے دیگر باشندوں کے ساتھ ساتھ خود انسانوں میں تصادم ہونے لگا۔ مگر ان سب سے زیادہ ہم نے اپنی زمین اور اپنے دائرے عمل کو سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ تا کہ ہم ایک بہتر زندگی گذار سکیں۔ لمبے عرصے تک ہم زمین کو قدرتی وسائل کے گودام کے طور پر دیکھتے رہے۔ جس کو ہم اپنی مرضی کے مطابق نکال اور استعمال کر سکتے ہیں۔ آہستہ آہستہ ہم اس نظریے کے مبالغہ کو سمجھنے لگے

زمین کے غیر محتاط اور ناجائز استعمال کا مطلب جنگلات، دریاؤں، پہاڑوں، جانوروں اور یہاں تک کہ خود انسانوں کی تباہی ہے۔ اس کے نتیجہ میں ماحولیاتی بحران، جیسے عالمی حدت میں اضافہ اور مٹی، پانی اور ہوا میں زہریلی آلودگی کے مسائل پیدا ہونگے۔ آج کا ایک اہم تقاضہ ہے کہ آج ہم ایک نئی فکر ہماری زمین کے تعلق سے پیدا کریں کہ یہ کس طرح کام کرتی ہے۔ اور ہم اس پر کیا کر سکتے ہیں۔ اور ہم ایک دوسرے کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔

آپ نے جماعت ششم تا ہشتم میں پڑھا کہ کس طرح سے مختلف لوگ مختلف خطوں میں مختلف وقتوں میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اور انہوں نے کس طرح جنگلات، مٹی، پانی اور زمینی معدنیات کا استعمال کیا ہے۔ اگلے چار اسباق میں ہم یہ پڑھیں گے کہ زمین کس طرح ایک وسیع باہمی مربوط نظام ہے اور ہم دیکھیں گے کہ چٹانیں، مٹی، معدنیات، ہوا، پانی، دھوپ، جنگلات، جانور اور انسان کس طرح سے ایک دوسرے کے ربط میں آتے ہیں۔ اور کس طرح سے مسلسل ایک دوسرے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

SCERT T


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

# ہماری کائنات، سورج اور زمین

ہزاروں سال سے انسان آسمان کی طرف دیکھتا آرہا ہے اور اس میں چمکنے والے اجسام کے بارے میں سمجھنے کی کوشش کرتا آرہا ہے۔ یعنی تارے جو غیر تغیر پزیر حالت میں رہتے ہیں۔ سورج، سیارے اور چاند جو تغیر پزیر حالت میں رہتے ہیں۔ یہ سب کیا ہیں اور یہ کس طرح سے ہم سے جڑے ہوئے ہیں؟ یہ کس طرح سے ہم پر اثر انداز ہوتے ہیں؟ بہت سے لوگ ان اجسام کا باریک بینی سے مطالعہ کرتے ہیں۔ ان کی حرکات وسکنات کو قلمبند کرتے ہیں۔ ان کے حرکات اور کام کرنے سے متعلق خاکے تیار کرتے ہیں۔ ابتداء میں لوگ یہ سمجھتے تھے کہ زمین مضبوطی سے جمی ہوئی اور ساکن حالت میں ہے جبکہ دیگر اجسام اس کے اطراف گھومتے ہیں۔ وہ یہ بھی سوچتے تھے کہ زمین تارے اور سورج ہمیشہ سے ایسے ہی ہیں اور ہمیشہ ایسے ہی رہینگے۔ (بناء کسی تبدیلی کے) پٹولیمی (Ptolemy) نے اسے زمین مرکزی نظریہ کے طور پر پیش کیا۔ قدیم ہندوستانیوں کی تحریر کردہ کتابیں جیسے ویدانگا، جیوتشا، سوریا سدھانتا اور بھگوت پرانا، جو لگ بھگ 3500 سال قبل تحریر کی گئی تھیں، اس کائنات سے متعلق کثیر معلومات ہمیں دیتی ہیں۔ گرہنوں، عمل تغیر اور اسرار کی باتوں اور کائنات کے تسلسل سے متعلق ان کتابوں میں معلومات درج ہیں۔ یہ معلومات بعد کے دور میں ان کے لئے رہبری کا ذریعہ بنی تھیں۔ تقریباً 500 سال پہلے سائنسدانوں نے ایک نئے خیال کو پیش کیا کہ زمین کا مرکز نہیں ہے اور حقیقت یہ ہے کہ زمین سورج کے اطراف گردش کرتی ہے اور سورج بھی گردش کرتا ہے۔ آسمان میں موجود بے شمار تارے درحقیقت کئی سورج ہیں۔ کوپرنیکس (Copernicus) نے اسے سورج مرکزی نظریہ (Hecio Centric Theory) کے طور پر پیش کیا تھا۔ پچھلے سو سالوں کے دوران سائنسدانوں نے یہ بھی ثابت کیا کہ تارے پیدا ہوتے ہیں، بڑھتے ہیں اور ختم بھی ہوجاتے ہیں۔

سائنسدانوں نے یہ ثابت کیا کہ تارے درحقیقت ایک بہت بڑے گروہوں کے حصے ہیں جسے کہکشاں کہا جاتا ہے۔ کائنات میں اس طرح کی کئی بلین کہکشاں موجود ہیں۔ ایک نظریئے کہ مطابق کائنات کی از خود ابتداء تقریباً 13.7 بلین سال پہلے بگ بینگ "Big Bang" سے ہوئی۔ اور کئی بلین سال بعد اس کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔

اس طرح سے کہکشاں وجود میں آئے۔ اور کہکشاں میں تارے اور تاروں کے اطراف گردش کرتے سیارے وجود میں آئے۔ ہماری زندگی میں چیزیں تیزی سے حرکت کرتی ہیں اور ہر لمحہ چیزیں تبدیل ہوتی ہیں تاہم اس طرح کی فلکیاتی تبدیلیاں کئی ہزار سالوں میں بعض اوقات کئی بلین سالوں میں واقع ہوتی ہیں۔

آج کا انسان دور بعید کے حالات جاننے کی کوشش اور تحقیق میں لگا ہوا ہے۔ یہ سب جاننے کے لیے کئی خلائی جہاز آسمان میں بھیجے گئے۔ یہاں تک کہ انسان نے چاند پر قدم رکھا۔ زمین سے قریب ترین سیارہ مریخ پر خلائی جہاز اُتارے۔ اور زمین سے چند جہازوں کو ہمارے نظام شمسی کے باہر بھی بھیجا گیا۔

مختصر یہ ہے کہ سورج اور زمین انتہائی وسیع کائنات کا ایک حصہ ہے جس میں مسلسل حرکت اور تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ زمین اور اس پر زندگی ان تبدیلیوں کی پیداوار ہیں اور ان سے متاثر ہوتے ہیں۔


☆ آپ یہ کیوں سوچتے ہیں کہ آج کا انسان دور بعید کے تاروں، کہکشاؤں اور کائنات کی شروعات کے رازوں کو جاننے کے لیے کیوں اتنا متجسس ہے۔

☆ ابتداء میں لوگ یہ سمجھتے تھے کہ کائنات کا مرکز زمین ہے اور انسان ایک اہم تخلیق ہے۔ کیا فرق محسوس ہوتا ہے جب ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ اس وسیع کائنات میں ہم ایک چھوٹا سا نقطہ ہیں۔

☆ مزید معلومات کے لیے آپ جماعت ہشتم کی طبعیات کے کتاب کے باب 10 ''تارے اور نظام شمسی'' میں نظام شمسی اور سیاروں کے بارے میں جو کہ سورج کے اطراف گھومتے ہیں، پڑھیں۔

SCERT TELANGANA

## زمین بحیثیت سیاری رکن




شکل 1.2: زمین کا مدار

نظامِ شمسی کے تمام سیارے کی طرح زمین اپنے محور پر گردش کرتے ہوئے سورج کے اطراف مداری گردش کرتی ہے۔ مدار زمین کے لیے سورج کے اطراف گھومنے کا راستہ ہے۔ یہ مدار یکساں اور مسطح ہے جو کہ مدار کا مسطح کہلاتا ہے۔ سورج، زمین اور مدار کی ان تصویروں کو دیکھئے۔ ان میں سے آپ کس تصویر کو صحیح سمجھیں گے۔

A۔ دائرہ نما راستہ

B۔ طویل بیضوی شکل کا راستہ

C۔ بیضوی شکل کا پیائش کردہ راستہ جس میں (سورج درمیان میں ہے اور زمین کا مدار ایک طرف 1.4cm اور دوسری طرف 1.5cm فاصلہ پر ہے)

اصل میں زمین کا مدار نیم دائروی ہے (جیسا کہ تصویر C) اور سورج سے زمین کے سب سے زیادہ دوری کا فاصلہ (152 ملین کلومیٹر) اور قریب ترین فاصلہ (147 ملین کلومیٹر) کے درمیان بہت ہی کم فرق ہے۔ زمین سورج کے اطراف 1,07,200 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کرتی ہے اس رفتار سے زمین اپنی محوری گردش مکمل کرنے کے لیئے 1/4 365 دن لگاتی ہے۔ ہم اس کو ایک مکمل سال کہتے ہیں۔ جماعت ہشتم میں آپ نے پڑھا کہ کس طرح سے زمین کے مختلف حصے سورج سے توانائی حاصل کرتے ہیں۔ اور زمین کی سورج کے اطراف گردش کے نتیجہ میں موسم گرما اور سرما جیسے موسم واقع ہوتے ہیں۔

### لفظ زمین

انگریزی لفظ 'ارتھ' قدیم انگریزی لفظ ''eorthe'' سے اخذ کیا گیا ہے 'Earth' کے معنی میدان، مٹی، خشکی کے ہیں۔ (ڈکشنری آن لائن ڈاٹ کام) ہندوستانی زبانوں میں زمین کے لیے مختلف الفاظ ہیں۔ سنسکرت میں کئی الفاظ جیسے بھومی، پرتھوی، دھرانی آونی وغیرہ، کئی ہندوستانی زبانوں میں سنسکرت کے ان الفاظ کو استعمال کیا ہے۔

- زمین پر موسموں کے وقوع پذیر ہونے کے وجوہات کی نشاندہی کرو
  - زمین کی محوری گردش اس کے اپنے محور پر
  - چاند کی زمین کے اطراف ماہانہ حرکت
  - سورج کی اپنے محور کے اطراف گردش
  - زمین کی سورج کے اطراف مداری گردش
  - زمین کے محور کا اپنے مدار کی ایک جانب جھکاؤ
  - زمین کی کروی شکل
  - سالانہ گردش کے دوران زمین کا سورج سے فاصلہ

SCERT TELANGANA

## زمین کا ارتقاء

آج تک بھی سائنسدانوں کے لیے یہ موضوع زیر بحث چلا آ رہا ہے کہ زمین کس طرح وجود میں آئی۔ بہت سے سائنسدانوں کا خیال ہے کہ تقریباً $4\frac{1}{2}$ بلین سال پہلے زمین بننا شروع ہوئی۔ زمین موجودہ شکل حاصل کرنے مختلف مراحل (ادوار) سے گزری۔ زمین ابتداء میں گرد وغبار/ابر آلود گیند کی شکل میں اور پھر پگھلنے کے مرحلے سے گذری۔ اُس وقت زمین بہت زیادہ گرم تھی اور خلاء سے پتھروں، دیگر خلائی اجسام کی مسلسل بارش جیسی گولہ باری زمین پر ہوا کرتی تھی۔ اس طرح زمین کی جسامت میں اضافہ ہوتا گیا۔ زمین اتنی زیادہ گرم تھی کہ وہ مائع کی حالت میں پگھل گئی۔ جب آپ کسی گاڑھے Soup (یخنی) کو جوش دیتے ہیں تو آپ مشاہدہ کرسکتے ہیں کہ Soup میں موجود وزنی اجزاء اس کے تہہ میں جم جاتے ہیں جب کہ ہلکے اجزاء اس کے سطح پر تیرنے لگتے ہیں۔ یہ ہلکے اجزاء جب ٹھنڈے ہوتے ہیں تو ایک قسم کی پرت بناتے ہیں۔ (جیسے بالائی) اس طرح وزنی اجزاء پگھلا ہوا مرکزہ ہلکے اجزاء اوپری سطح پر آ کر ٹھنڈے ہو جاتے ہیں اور آہستہ سے اوپری پرت میں موجود ہلکے اور ٹھنڈا اجزاء پگھلے ہوئے حصے کو اپنے گھیرے میں لے لیتے ہیں۔

جیسے جیسے زمین کی اندرونی ساخت مسلسل ٹھنڈی ہوتی گئی زمین سکڑ گئی اور زمین کی اوپری سطح تہہ دار Wrinkled ہو کر پہاڑ اور Basins (نشیبی علاقے جو بعد میں بحر اعظم میں تبدیل ہوئے) کی شکل اختیار کر گئی۔

زمین کی فضاء مختلف گیسوں اور آبی بخارات کا مجموعہ ہے۔ ان میں سے بہت سی گیس زندگی گذارنے کے لیے نامناسب تھیں۔ ان گیسوں میں آکسیجن گیس شامل نہیں تھی۔ جو زندگی کے وجود کے لیے ضروری ہے۔ موجودہ فضاء جس میں ہم سانس لیتے ہیں نمو کے لیے ایک لمبا عرصہ لگا۔ مسلسل بارش کی وجہ سے زمین کے نشیبی علاقے پانی سے بھر گئے جو بعد میں سمندر کہلائے۔

زمین کی آدھے سے زیادہ تاریخ میں وہ بنجر اور بغیر زندگی کے رہی۔ آخر کار زندگی کی شروعات بحر اعظموں میں ہوئی۔ یہ آہستہ آہستہ نمو پاتے ہوئے مختلف نباتات اور جانداروں بشمول انسانوں کی شکل اختیار کی۔ یہ عمل کئی ملین سالوں پر محیط رہا۔

☆ کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ زمین کا ارتقاء اچانک ہوا وہ ایک لمبے اور پیچیدہ عمل سے گذرتے ہوئے ارتقاء پائی۔


☆ چند لوگوں کا یہ ایقان ہے کہ زمین پر زندگی کا وجود لامتناہی اتفاقی حادثات کا نتیجہ ہے۔ اور یہ ممکن تھا کہ زمین پر کسی بھی قسم کی زندگی نہ ہوتی۔ کیا آپ متفق ہیں؟ اپنے دلائل دیجیے۔

## زمین کے اندرونی ساخت

جس زمین پر ہم زندگی گذارتے ہیں۔ چلیے آج ہم اس کے اندرونی ساخت کو دیکھیں گے۔ جیسے جیسے ہم زمین کی گہرائی کے بارے میں جانتے ہیں زمین کے بننے کے عمل میں تسلسل نظر آتا ہے۔ زمین کی اندرونی ساخت کو سمجھنے کے لیے ہمیں سائنسی تحقیق اور حقائق کا تجزیہ کرنے کے لیے کئی سال لگے۔ اسکی اہم وجہ یہ ہے کہ ہم نے جو گہری کانیں کھودی وہ چند کلومیٹر سے زیادہ گہری نہ تھیں۔ جب کہ زمین کا نصف قطر یا زمین کا اندرونی مرکز کا فاصلہ تقریباً 6000 کلومیٹر ہے۔

SCERT TELANGANA

زمین تین اہم پرتوں سے بنی ہے
1۔ اوپری پرت یا قشرہ(Crust)
2۔ میانہ پرت(Mantle)
3۔ مرکزی کرہ (Core)




**شکل 1.3: زمین کی اندرونی ساخت**

**1۔ اوپری پرت:**
ہم زمین کے اوپر کی سطح پر زندگی گذارتے ہیں۔ اس کو اوپری پرت کہتے ہیں۔ آپ نے پچھلے حصہ میں اس پرت کے بننے کے بارے میں پڑھا ہے۔ یہ پرت زمین کے اندر 100 کلومیٹر تک پائی جاتی ہے۔ یہ پرت زیادہ تر مختلف اقسام کے چٹانوں پر مشتمل ہے۔

**2۔ درمیانی پرت (Mantle):**
اس پرت کی موٹائی تقریباً 100-2900 کلومیٹر ہے۔ Mantle کی اوپری سطح سخت حالت میں نہیں ہوتی ہے۔ جس کے اوپر زمین کی اوپری پرت (Crust) تیرتی ہے۔ یہ پرت درحقیقت Silicates نامی کیمیکل پر مشتمل ہے

**3۔ مرکزی کرہ (Core):** اس پرت کی گہرائی 2900 تا 6376 کلومیٹر تک ہے۔ اس پرت میں بھاری مقدار میں لوہا اور نکل پایا جاتا ہے۔ اس پرت کو دو ذیلی حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

**بیرونی مرکزی کرہ یا Outer Core:** یہ پرت تقریباً 2900 تا 5100 کلومیٹر تک ہوتی ہے۔ جس میں نکل اور لوہا جیسی دھاتیں مائع حالت میں پائی جاتی ہیں۔

**اندرونی مرکزی کرہ یا Inner Core:** زمین کے ٹھوس اندرونی مرکزی کرہ کی موٹائی 5,100 سے 6376 کلومیٹر تک ہے یہ پرت ٹھوس لوہے کے اجزاء سے ملکر بنتی ہے جس میں بھاری مقدار میں سونے کے اجزاء پائے جاتے ہیں۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ Mantle کی اندرونی سطح آتش فشانوں اور بڑے شگافوں (Fissures) کے ذریعہ بحراعظموں کے سطح پر آ کر ٹھنڈے ہوتے ہیں تو وہ زمین کی اوپری پرت Crust بن جاتی ہے۔ دنیا کے کئی خطوں میں زمین کی اوپری پرت Crust کے حصے Mantle میں شامل ہوکر دوبارہ پگھل جاتے ہیں۔ زمین کے پرتوں کے بننے اور بگڑنے کے مسلسل عمل سے ہم پر یہ حقائق واضح ہوتے ہیں کہ ہماری زمین اب بھی بہت زیادہ فعال ہے زمین کی جس پرت پر ہم زندگی گذارتے ہیں اس میں زلزلوں، آتشفشانوں، زمین کا سرکاؤ اور پہاڑوں کا وجود میں آنا یہ سب زمین کے اندر جاری رہنے والے عوامل کا نتیجہ ہے۔

☆ ہم یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتے کہ Mantle پرت کے بارے میں جاننے کے لئے ہم اس پرت تک پہونچ سکتے ہیں۔ مگر ہم Mantle کے اجزاء کے بارے میں پڑھ سکتے ہیں۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ اجزاء کون سے ہیں اور ہم ان کو کس طرح سے حاصل کر سکتے ہیں؟

**کیا آپ جانتے ہیں**

زمین کے حجم میں زمین کی اوپری پرت صرف ایک فیصد ہے جبکہ Mantle 16% ہے اور Core 83% ہے۔ اگر ہم زمین کو پورا ایک انڈا فرض کریں تب زمین کی اوپری پرت Crust کی موٹائی انڈے کے چھلکے کی موٹائی کے برابر ہے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

## زمین کے اوپری سطح Crust کی حرکت

انسانی تجربہ کی بنیاد پر ایسا لگتا ہے کہ براعظموں کی ساخت اور مقام تبدیل نہیں ہوتے۔ تاہم' جب ہم زمین کی عمر پر نظر ڈالتے ہیں تو براعظموں کی حرکت' ان میں تصادم ایک دوسرے میں انضمام اور پھر سے الگ الگ حصوں پر منقسم ہوتا نظر آتا ہے پہاڑوں کا نمودار ہونا اور تہہ و بالا ہونا۔ بحراعظموں کا بننا اور وادیوں کا بننا' اور اس طرح زمین بننے کا عمل تاریخ کے اہم واقعات ہیں۔

20 ویں صدی کے ابتداء میں' جرمن ماہر موسمیات اور ماہر طبیعات الارض الفرڈ ویگنر نے براعظمی ہٹاؤ کے نظریے کو پیش کیا۔ جس میں براعظموں اور بحراعظموں کی موجودہ ترتیب کی ضاحت اور کچھ حد تک تشریح کی گئی۔

اس کے مفروضے کے مطابق 220 ملین سال پہلے ایک عظیم الشان براعظم موجود تھا جس نے اسے Pangaea (یونانی ''مکمل زمین'') قرار دیا اور پھر وہ بعد میں کئی بڑے بڑے حصوں میں بکھر گیا۔اس نے یہ بتلایا کہ زمین کے بڑے بڑے حصے حرکت کرتے ہوئے ایک دوسرے سے دور چلے گئے۔کئی ملین سال بعد ان میں سے چند براعظموں میں تصادم عمل میں آیا وہ اب بھی برابر حرکت کرتے رہتے ہیں۔Pangaea ایک مفروضے پر مبنی براعظم ہے اس نظریے میں Mesozoi دور سے لے کر موجودہ دور کے براعظموں کے وجود کی پیش کیا گیا۔Wagener کے مفروضے کے مطابق بڑے براعظم کے ٹوٹنے پر یہ وجود میں آئے۔




شکل 1.4: براعظمی ہٹاؤ کے مدارج

SCERT TELANGANA

1۔ Laurensiaیا انگارالینڈ (موجودہ شمالی امریکہ، گرین لینڈ، اور یوریشیاء کا پورا علاقہ ہندوستانی کا شمالی حصہ) اور

2۔ Gondwana-land (موجودہ جنوبی امریکہ، افریقہ، مڈغاسکر، ہندوستان، عرب، ملیشیاء، ایسٹ انڈیز، آسٹریلیا اور انتارتیکا

یہ دونوں حصوں کو ایک لانبے کم گہرے سمندر (جس کو Tethys سمندر کہا جاتا تھا) نے جدا کر دیا تھا

براعظموں کو کرہ ارض پر موجودہ اشکال اور مقامات حاصل کرنے کے لئے کئی ملین سال کا عرصہ لگا۔ آج بھی بہت سے براعظم آہستہ آہستہ حرکت کرتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کو ڈھکیلتے رہتے ہیں۔ اگلے باب میں ہم اس کے بارے میں مزید تفصیل سے پڑھیں

☆ دنیا کے نقشہ کا بغور مشاہدہ کریں، کیا آپ ایسے براعظموں کی نشاندہی کر سکتے ہیں جس میں Jigsaw Puzzle کے دو حصے نظر آتے ہیں؟ ان براعظموں کے نام بتلایئے۔

☆ آسٹریلیا کس سمت حرکت کر رہا ہے

☆ ہندوستان کس سمت کی طرف بڑھ رہا ہے

## زمین کا جنگلہ (Earth Grid)

اب تک ہم نے زمین کے بننے اور اس کی اندرونی ساخت کے بارے میں پڑھا ہے۔ اب ہم دیکھیں گے کہ اس کو نقشوں اور گلوب پر کس طرح سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

### اٹلس کا استعمال کرتے ہوئے کسی مقام کے طول بلد اور عرض بلد کو معلوم کرنا

آپ عرض بلد کے بارے میں ایک معیاری اٹلس یا آن لائن Google Earth کے ذریعہ سے حاصل کر سکتے ہیں۔ یہاں ایک مثال دی جارہی ہے کہ کس طرح سے عرض بلد اور طول بلد کے بارے میں اٹلس سے معلومات حاصل کی جائیں یہ معلومات اٹلس کے پیچھے حصہ میں حروف تہجی اعتبار سے مقامات کی ایک فہرست کے طور پر ہوتی ہیں۔ جس طرح سے لغت (Dictionery) میں الفاظ حروف تہجی کے لحاظ سے ہوتے ہیں۔

**مثال:** حیدرآباد کے عرض بلد اور طول بلد کی معلومات کی تلاش کیجیے۔

فہرست میں حیدرآباد، ہندوستان تلاش کرو۔ اس کے آگے آپ جگہ کی معلومات ہونگی۔ یہ ایک مخصوص اٹلس کی فہرست ہے۔

| طول بلد | عرض بلد | | ملک کا نام | جگہ کا نام |
|---|---|---|---|---|
| $78^0$.48'E | $17^O$.38'N | (59) | ہندوستان | حیدرآباد |
| | | صفحہ نمبر | (اسکول اٹلس سروے آف انڈیا) | |


آپ جس اٹلس کو استعمال کرتے ہیں اس میں تھوڑی معلومات دوسرے انداز میں ہوسکتی ہے۔ لیکن مندرجہ بالا امور اس میں موجود ہوتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

اب' زلزلے سے متاثرہ مقامات کے عرض بلد اور طول بلد کی قدریں تلاش کیجیے۔ انہیں دنیا کے نقشے پر بتلائیں۔ یہ آپ کو بحرالکاہل کے آتشی حلقے اور اس کے زلزلے سے متاثرہ مقامات کی نشاندہی کرنے میں مدد کرتے ہیں۔

گلوب پر عرض بلد اور طول بلد کے لکیروں کا جال ہوتا ہے۔ اس کو Grid یا جنگلہ کہتے ہیں۔ اس جنگلہ کی مدد سے ہم مقامات کی نشاندہی کر سکتے ہیں اور انکے بارے میں پڑھ سکتے ہیں کہ وہ مقامات کتنے سرد یا گرم ہوتے ہیں۔ کس سمت جاننے سے ہم ان مقامات تک پہنچ سکتے ہیں' اور کس لمحہ میں وہاں کیا وقت ہے۔

☆ گذشتہ جماعتوں میں ہم نے نصف کرہ کے بارے میں پڑھا ہے۔ آیئے ہم نیچے دی گئی تصویر کے ذریعے اس کا اعادہ کریں۔




☆ مندرجہ بالا نقشوں کی مدد سے جدول کو مکمل کیجیے۔

| نصف کرہ | براعظم |
| --- | --- |
| شمالی نصف کرہ | |
| مغربی نصف کرہ | |
| جنوبی نصف کرہ | |
| مشرقی نصف کرہ | |


## عرض بلد۔

اُفقی دائرہ نما لکیر جو کہ گلوب کے دونوں قطب' قطب شمالی اور قطب جنوبی سے مساوی فاصلہ پر کھینچی گئی ہے۔ خط استواء کہلاتی ہے۔ کیونکہ یہ لکیر زمین کو دو نصف مساوی حصوں میں تقسیم کرتی ہے۔ یہ خط '0' درجہ عرض بلد بھی کہلاتا ہے۔ جیومٹری میں زاویوں کی طرح عرض بلد کو ڈگری ( $0^0$ ) منٹ (') اور سکنڈ ('') میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ آپ اکثر اٹلس میں منٹ اور سکنڈ کے زاویے نہیں پائیں گے شکل 1.5 دیکھیئے۔

خط استواء سے دونوں قطبین کی جانب متوازی خطوط کھینچے گئے ہیں۔ ہر لکیر کو عرض بلد کہا جاتا ہے۔ لفظ Latitude لاطینی زبان کے لفظ Latitudo سے نکلا ہے۔ جس کے معنی Width یا چوڑائی کے ہیں۔۔ یہ لکیریں ہمیں نقشہ کی چوڑائی بتلاتی ہیں۔ عرض بلد کی قدر $0^o$ درجہ (خط استواء) سے لیکر $90^o$ درجہ شمالی (قطب شمالی) اور $90^o$ درجہ جنوب (قطب جنوبی) ہے ہر عرض بلد کو اس کے سمت کے

SCERT TELANGANA

اعتبار سے شمال کے لیے N یا جنوب کے لیے S سے ظاہر کیا جاتا ہے۔خط استواء کو بتلانے کے لیے شمال یا جنوب کی سمت ظاہر نہیں کی جاتی۔




**شکل 1.5 عرض بلد**

چند عرض بلد کو مخصوص نام دیئے گئے ہیں۔ یہ عرض بلد سورج کی کرنوں کے زمین پر گرنے سے تعلق رکھتی ہیں۔اس بارے میں آپ پچھلی جماعت میں موسموں اور سورج کے اطراف زمین کی مداری گردش کے ابواب میں پڑھ چکے ہیں۔

خط استواء سب سے طویل عرض بلد ہے جب دیگر تمام عرض بلد خط استواء کے شمال یا جنوب میں جاتے جاتے چھوٹے ہوتے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ قطبین پر $90^o$ شمال اور $90^o$ جنوب میں محض ایک نقطہ بن جاتے ہیں۔

خط استواء اور قطب شمالی کے درمیان واقع زمین کا آدھا حصہ شمالی نصف کرہ کہلاتا ہے۔hemi کے معنی نصف اور hemisphere کے معنی نصف کرہ کے ہیں۔خط استواء اور قطب جنوبی کا حصہ جنوبی نصف کرہ کہلاتا ہے قطب شمالی سے لیکر قطب جنوبی تک $180^o$ عرض بلد ہیں (خط استواء کو چھوڑ کر)

## طول بلد

طول بلد کو انگریزی میں Longitudes کہتے ہیں۔اس کے معنی لمبائی کے ہیں۔ یہ لاطینی زبان کا لفظ Longitude ہے طول بلد سے ہمیں نقشہ کی لمبائی یا اونچائی معلوم ہوتی ہے۔طول بلد دائرہ نما نہیں ہیں بلکہ یہ نصف دائرہ کی شکل میں ایک قطب سے دوسرے قطب تک ہوتے ہیں۔ ہر طول بلد' تمام عرض بلدوں کو قطع کرتے ہیں۔قدیم ہندوستانی تصنیف سوریا سدھانتا، میں زمین کی کروی شکل اور اجین سے گزرنے والی ایک خط نصف النہار (طول بلد) کا ذکر ملتا ہے۔اجین، لنکا اور روہتک سے گزرنے والے طول بلدوں کے بارے میں آریہ بھٹا علم رکھتا تھا۔ ورہا متر اان تمام طول بلدوں کے بارے میں جانتا تھا بشمول اسکندریہ سے گزرنے والی طول بلد کے۔قدیم ہندوستانی لوگ قطبی تارہ ''دھروا'' کے جھکاؤ کی پیمائش کے ذریعے کسی مقام کے عرض بلد کا پتہ لگا لیتے تھے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

انگلینڈ کے مقام گرین وچ میں موجود فلکیاتی رصدگاہ کے مقام سے گزرنے والے طول بلد کو $0^o$ درجہ طول بلد کہا جاتا ہے اس طول بلد کو خط نصف النہار یا گرین وچ نصف نہار بھی کہا جاتا ہے۔


بہت سے ممالک نے اپنے علاقوں سے گذرنے والے طول بلد کو $0^o$ درجہ طول بلد مقرر کی کوشش کی۔ آخرکار انگلینڈ کے مقام گرین وچ سے گذرنے والے طول بلد کو $0^o$ درجہ طول بلد قرار دیا گیا چونکہ اس وقت دنیا کے بڑے حصے ان کی حکومت قائم تھی اس لیے تمام نے اس کو قبول کیا۔

جملہ طول بلد 360 ہیں۔ ہم ان کو دو اہم حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ $0^o$ درجہ سے لیکر $180^o$ مشرق کی جانب کو مشرقی طول بلد کہتے ہیں اور $0^o$ درجہ سے لیکر $180^o$ مغرب کی جانب کو مغربی طول بلد کہتے ہیں۔ $0^o$ اور $180^o$ درجہ طول بلد کو کسی بھی سمت سے ظاہر نہیں کیا جاتا جب کہ دیگر طول بلد کو سمتوں سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثلاً $28^o E$ درجہ کو $28^o$ مشرقی طول بلد، اسی طرح $127^o W$ درجہ کو $127^o$ مغربی طول بلد کہا جاتا ہے۔ ہر طول البلد (عرض بلد کی طرح) زاویوں کو ( º ) منٹ (') اور سکنڈ میں ('') میں ظاہر کیا جاسکتا ہے۔ $180^o$ طول بلد جو $0^o$ کے طول بلد کے راست مخالف ہوتا ہے اسے مخالف۔ خط نصف النہار کہتے ہیں۔ تمام مشرقی طول بلد ملکر مشرقی نصف کرہ بناتے ہیں اور تمام مغربی طول بلد ملکر مغربی نصف کرہ بناتے ہیں۔

آخری میں یہ بات ذہن نشین رکھنے کی ہے کہ عرض بلد یا طول بلد صرف خیالی لکیریں ہیں۔

## طول بلد اور وقت سے متعلق سوالات

سورج کو ایک 1 درجہ طول بلد کا فاصلہ طئے کرنے کے لئے 4 منٹ درکار ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر ایک درجہ طول بلد پر وقت مختلف ہوتا ہے۔ یہاں پر ایک مثال دی گئی ہے۔ جب سورج کی کرنیں $10^o E$ مشرقی طول بلد پر سیدھی پڑتی ہیں تو وہاں کا مقامی وقت دوپہر کے 12:00 بجتے ہیں۔ مگر $9^o E$ مشرقی طول بلد پر




شکل 1.6: طول بلد

### دیگر نام

عرض بلد کو متوازی خطوط بھی کہتے ہیں۔ چونکہ وہ ایک دوسرے کے متوازی ہیں!

طول بلد کو خط نصف النہار بھی کہتے ہیں انگریزی لفظ Meridianus سے لیا گیا ہے (خط نصف نہار) کو لاطینی زبان کے لفظ Meridian جس کے معنی دوپہر کے ہیں جب کہ سورج برابر سر کے اوپر (دوپہر) دیئے گئے طول پر ہوتا ہے اس لیے طول بلد سے وقت سے متعلق ہے۔



SCERT TELANGANA

صبح کے 11:56 منٹ اور $11^o E$ مشرقی طول بلد پر دوپہر کے 12:04 منٹ بجتے ہیں۔صاف طور پر یہ اُلجھن کا باعث بنتا ہے۔

لہٰذا دنیا کو 24 مختلف وقت کے زمروں (Time Zone) میں تقسیم کیا گیا جو کہ گرین وچ سے شروع ہوتے ہوئے مشرق اور مغرب کی جانب جاتے ہیں۔ ہر ایک ٹائم زون کا فاصلہ $15^o$ طول بلد ہوتا ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک ٹائم زون کا اس کے بعد والے ٹائم زون کے وقت میں 1 گھنٹے کا فرق پایا جاتا ہے ($15^o$ عرض بلد×4 منٹ ہر 1 عرض بلد کے لئے =60 منٹ) اگر آپ گرین وچ سے مشرق کی جانب جائینگے تو آپ وقت میں اضافہ کرئینگے۔اور اگر گرین وچ سے مغرب کی جانب جائینگے تو آپ وقت میں کمی کریں گے۔

$0^o$ درجہ طول بلد پر پیر کا دن دوپہر کے 12:00 بجے رہے ہیں تو اس کے مخالف طول بلد (مخالف نصف النہار) پر رات کے 12:00 کا وقت ہوگا۔جب کہ $180^o$ مغربی طول بلد پر منگل کا دن کی ابتدائی ساعت ہوگی۔اسی طرح سے مشرقی جانب پیر کی آخری ساعت ہوگی۔

| وقت اور سفر |
|---|
| آپ جانتے ہیں کہ زمین اپنے محور پر گردش کرتی ہے۔ اورطول بلد خیالی لکیریں ہیں۔ جب ہم مشرق سے مغرب یا مغرب سے مشرق کی طرف سفر کرتے ہیں تو وقت میں تبدیلی واقع ہوتی ہے۔اگر آپ مغرب سے مشرق سفر کرتے ہیں تب ہر ایک طول البلد عبور کرنے پر چار منٹ کے وقت میں اضافہ ہوتا ہے لیکن اگر آپ جب مشرق سے مغرب کی طرف سفر کرتے ہیں تب ہر ایک طول بلد عبور کرنے پر چار منٹ کم ہونگے اس سے EGA اور WLS (EGA: East Gain Add, WLS: West Lost Subtract) کہتے ہیں۔ |

یہ نکتہ غور طلب ہے کہ اگر آپ مقررہ ٹائم زون کو مان کر چلیں تو بعض ممالک میں ایک سے زائد ٹائم زونس ہیں جو کہ 1 گھنٹے سے بھی کم فرق کے ہوسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہندوستان میں 2 گھنٹے کے ٹائم زونس ہوسکتے ہیں،اس کا مطلب یہ ہے کہ ہندوستان کے مشرقی حصوں اور مغربی علاقے کے وقت کے درمیان 1 گھنٹے کا فرق ہوگا۔ جو مفید ہونے کی بہ نسبت پیچیدہ ہوگا۔

ایسے حالات میں کچھ ممالک اپنے ملک میں سے گذرنے والے کسی ایک طول بلد کو وقت کے لیے مقرر کرتے ہیں۔ اور تمام ملک کے لیے اس وقت مان لیا جاتا ہے کہ یہ وقت اس ملک کا معیاری وقت کہلاتا ہے۔ ہر ملک میں ٹائم زون کو الگ الگ نام دیتے ہیں۔ ہندوستان نے ہندوستانی معیاری وقت Indian Standard Time' پاکستان نے پاکستانی معیاری وقت' اسی طرح دوسرے ممالک نے بھی الگ الگ نام دیے۔

اس کے فوائد سے مثال کے طور پر ہندوستان میں آپ جہاں کہیں پر ہو وقت مساوی ہوتا ہے جن ممالک میں زائد طول بلد ہوں' وہاں وقت مقرر کرنا ایک پیچیدہ عمل ہے۔ایسے ممالک اپنی سہولت کے لیئے ٹائم زون میں تقسیم کرلیتے ہیں۔ جو کے عام طور پر 1 گھنٹے کے فرق کے ٹائم زونس ہوتے ہیں۔

| کیا آپ جانتے ہیں؟ |
|---|
| ہندوستان میں ایک مقام اور دوسرے مقام کے درمیان موجود وقت کے فرق کے الجھن کو دور کرنے کے لئے $82^o30'$ مشرقی طول بلد کو ہندوستان کے خط نصف النہار کے طور پر لیا گیا ہے۔ IST یعنی کے Indian Standard Time کہا جاتا ہے۔ ہندوستانی معیاری وقت اور گرین وچ کے وقت میں +5½ گھنٹے کا فرق ہے۔ |


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

☆ اٹلس کو استعمال کرتے ہوئے، مندرجہ ذیل ممالک میں کتنے ٹائم زونس ہیں معلوم کیجئے۔ ریاست متحدہ امریکہ، آسٹریلیا، روس، جاپان، زمباوبوے اور چلی

☆ سُنیتا حیدرآباد کے ایک کال سنٹر (Call Centre) میں کام کرتی ہے۔ جب کہ اسکے موکل امریکہ میں رہتے ہیں۔ وہ اپنے موکلوں (Clients) کے مختلف سوالات جو کہ کمپیوٹر کے مسائل سے تعلق ہوتے ہیں جواب دیتی ہے۔ وہ ہمیشہ رات میں کام کرتی ہے ایسا کیوں؟ جغرافیہ کی مدد سے معلوم کریں۔

ذہنی ورزش:

$0^{o}$ درجہ طول بلد (گرین وچ) پر دوپہر کے 12:00 بج رہیں ہوں تو مندرجہ ذیل مقامات پر مقامی وقت کیا ہوگا۔

1۔ ممبئی $(73^{o}E)$ 2۔ شکاگو $(87^{o}30'W)$ 3۔ سڈنی Sydney $(151^{o}E)$

## کلیدی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ Big bang (بگ بینگ) | 2۔ جنگلہ | 3۔ Gondwana (گونڈوانا) |
| 4۔ لاریشیاء | 5۔ ٹائم زونس | 6۔ معیاری وقت |

## اپنے اکتساب کو بڑھائیں

1۔ اٹلس میں ہندوستانی نقشہ کا مشاہدہ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل مقامات کے طول بلد اور عرض بلد کو پہنچانئے۔

کنیا کماری ------اور------ امپھال ------اور------

جیسلمیر ------اور------ پونے ------اور------

پٹنہ ------اور------

2۔ عرض بلد اور طول بلد سے تعلق الفاظ کو پہنچانیے (متوازی لکیریں، کھڑی لکیریں، آڑی لکیریں)

3۔ ٹائم زونس سے متعلق دنیا کے نقشے کو (صفحہ-13) دیکھتے ہوئے نشاندہی کیجئے۔

1۔ اگر آپ نئی دہلی سے پیرس کا سفر کریں تو آپ کونسے ٹائم زونس سے گذرینگے ------------------

2۔ اگر آپ حیدرآباد سے ٹوکیو کا سفر کریں تو آپ کونسے ٹائم زون سے گذرینگے ------------------

4۔ زمین کی تشکیل اور اسکی ساخت کے بارے میں جاننے کے لئے کیوں اتنی مشکل پیش آتی ہے؟

5۔ پیراگراف بعنوان 'زمین کی اندرونی ساخت' کو بغور پڑھیں اور سوال کا جواب دیں؟

☆ آپ کس طرح سے کہہ سکتے ہیں کہ زمین اب بھی فعال ہے؟

6۔ جنگلا کیا ہوتا ہے اور یہ ہمارے لیے کس طرح کارآمد ہے؟

7۔ فرق بتلائیے۔ (الف) مقامی اور معیاری وقت (ب) خط استواء اور خط نصف النہار۔

8۔ اگر ہر ریاست اپنے صدر مقام کے مقامی وقت کا استعمال کرے تو کونسی مشکلات پیش آئینگی؟


9۔ اپنے استاد کی مدد سے مندرجہ ذیل دیئے گئے ممالک کے معیاری خط نصف النہار کو بتلائیے؟

1۔ نیپال 2۔ پاکستان 3۔ بنگلہ دیش 4۔ برطانیہ 5۔ ملیشیاء 6۔ جاپان

10۔ کرہ ارض کے تحفظ سے متعلق ایک فکر انگیز پوسٹر تیار کیجئے۔

SCERT TELANGANA

## دنیا کا نقشہ - ٹائم زونس




SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

باب 2

# زمین کے قدرتی حصے

ایسے لوگ جو زمین کا مطالعہ کرتے ہیں یعنی ماہرین ارضیات عام طور پر زمین کے چار عبوری قدرتی حصوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ زمین کے عبوری حصوں میں چند مشترکہ خصوصیات پائی جاتی ہیں یہ حصے (1) خاکی کرہ (Lithosphere)، (2) آبی کرہ (Hydrosphere) (3) فضائی کرہ (Atmosphere) اور (4) حیاتی کرہ (Biosphere) ہیں۔

آپ اپنی پچھلی جماعتوں میں ان میں اکثر کے بارے میں پڑھ چکے ہیں لیکن ہم یہاں عبوری حصوں کے بارے میں مزید تھوڑی وسعت کے ساتھ معلومات حاصل کریں گے یہ عبوری حصے ایک دوسرے سے کس طرح مربوط ہیں اور انسان کس طرح ان سے تال میل رکھتا ہے۔

**1۔ خاکی کرہ (Lithosphere)**۔ یہ زمین کا اوپری ٹھوس یا سخت حصہ ہوتا ہے۔ یہ چٹانوں اور نمکیات سے بنا ہوا ہوتا ہے اور مٹی کی موٹی تہہ سے ڈھکا ہوتا ہے۔ (یونانی زبان میں لیتھو، کا مطلب پتھر یا چٹان ہے اور Spharia کا مطلب کرہ یا گولہ ہے) یہ حصہ اتنا مسطح نہیں ہوتا جیسا کہ آپ گلوب میں دیکھتے ہیں۔ بلکہ اس پر بلند و بالا پہاڑ، سطح مرتفع یا بلند زمین، گہری وادیاں اور بہت ہی گہرے طاس جو پانی سے بھرے ہوتے ہیں (سمندر) ان میں کئی ایک خصوصیات پانی اور ہوا کی وجہ سے تشکیل پاتی ہیں۔ اس کا کچھ حصہ دھول وغیرہ کی شکل میں ہوا میں مل جاتا ہے۔ سورج کی شعاعوں کی وجہ سے جب Lithosphere گرم یا ٹھنڈا ہو جاتا ہے تو یہ پانی اور ہوا پر بھی اثر انداز ہوتا ہے۔ ہمارے علاوہ دیگر جاندار بھی اس پرت پر زندگی بسر کرتے ہیں ہم اس سخت پرت میں دستیاب چٹانوں اور مٹی و دیگر اشیاء کو کئی ایک طرح سے استعمال کرتے ہیں۔

**2۔ آبی کرہ (Hydrosphere)**:۔ پانی کے عبوری حصے آبی کرہ کہلاتے ہیں۔ یہ لفظ یونانی زبان ہوڈر (Hudor) سے ماخوذ ہے۔ پانی کا کچھ حصہ زمین کی گہرائی میں چٹانوں کے درمیان (زیر زمین پانی یا معدنی پانی) موجود ہوتا ہے یہ کرہ پانی کے مختلف وسائل اور مختلف اقسام کے آبی ذرائع جیسے ندیاں، جھیلیں، سمندر اور بحر اعظموں وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے۔

**3۔ فضائی کرہ Atmosphere**، ہوا کی وہ پتلی سی پرت جو زمین کو گھیرے ہوئے ہے Atmosphere کہلاتی ہے۔ (یونانی لفظ Atmos کا مطلب آبی بخارات ہے) یہ کرہ کئی گیسوں مثلاً آکسیجن، نائٹروجن، کاربن ڈائی آکسائیڈ، آبی بخارات اور دھول کے ذرات پر مشتمل ہوتا ہے۔

☆ آپ معدنیات جیسے بیارائیٹ اور کوئلے کے بارے میں پڑھ چکے ہیں آپ کے خیال میں یہ کس طرح Lithosphere, Hydrosphere اور Atmosphere پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

☆ انسان بیماری سے شفا پانے کے لئے ضد حیاتی (Antibiotics) ادویات کا کثرت سے استعمال کرتا ہے۔ آپ کے خیال میں یہ ادویات کس طرح آبی کرہ، خاکی کرہ اور حیاتی کرہ پر اثر انداز ہوتے ہیں؟

☆ آپ جانتے ہیں کے کئی سائنسی اصطلاحات کے لیے یونانی الفاظ کا استعمال کرتے ہیں۔ اس طرح کیوں کیا جاتا ہے اس کے بارے میں آپ کیا خیال ہے؟ آپ کے معلم سے گفتگو کیجیے۔

SCERT TELANGANA

**4۔حیاتی کرہ Biosphere:** اس کرہ میں زندگی موجود ہوتی ہے جس میں فضائی کرۂ کی بلندی یا گہرے سمندروں میں زندگی گزارنے والے بیکٹر یا بھی شامل ہوتے ہیں۔(یونانی لفظ Bios کے معنی زندگی کے ہیں) آپ نے اب تک محسوس کیا ہوگا کہ کہ زندگی کے لئے دیگر تینوں حصے زمین، پانی اور ہوا ضروری ہیں۔

مذکورہ بالا بحث سے آپ یہ محسوس کر سکتے ہیں کہ حقیقت میں ان تمام کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے اور یہ ایک دوسرے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ہم زمین کے پہلے عبوری حصے خاکی کرہ Lithosphere کے بارے میں یہاں تفصیلی مطالعہ کریں گے۔اور باقی حصوں کا تفصیلی مطالعہ اگلے اسباق میں کریں گے۔

## خاکی کرہ (Lithosphere)

ہمیں اس سیکشن میں کس قسم کے سوالات کے جواب ملیں گے۔ذیل میں دی گئی فہرست میں نشان لگایئے۔

- ☆ بارش کیسے ہوتی ہے؟
- ☆ آتش فشاں اور زلزلے کس طرح واقع ہوتے ہیں؟
- ☆ پہاڑ کیوں پائے جاتے ہیں؟
- ☆ ندیوں کے ساتھ ساتھ وادیاں اور Gorges کیوں پائے جاتے ہیں۔؟
- ☆ ہوا کیسے چلتی ہے؟
- ☆ ڈیلٹا کس طرح بنتے ہیں؟

### زمینی اشکال:۔Landforms:

خاکی کرہ زمین کے اوپری حصہ سے متعلق ہے جس پر ہم زندگی بسر کرتے ہیں۔جیسا کہ آپ نے گذشتہ باب میں پڑھا ہے کہ زمین غیر مسطح ہے اور نشیب میں واقع Basins بحر اعظموں سے بھر چکے ہیں اور دیگر حصوں میں برآعظم واقع ہیں۔ماہرین جغرافیہ اس کو پہلے درجے کے زمینی اشکال کہتے ہیں جو براعظموں اور بحر اعظموں میں منقسم ہیں۔

ذیل کے خالی نقشے میں برآعظموں کی نشاندہی کرتے ہوئے بھورا رنگ اور بحر اعظموں کی نشاندہی کرتے ہوئے نیلا رنگ بھریئے



نقشہ - 1 دنیا کا نقشہ براعظم اور بحر اعظم

براعظموں کی سطح ہموار نہیں ہوتی۔اس میں ہموار زمین، سطح مرتفع اور بلند پہاڑیاں موجود ہیں۔یہ تمام زمین کے اندرونی تعاملات کی وجہ سے وجود میں آتے ہیں۔جیسا کے آپ ذیل میں اسکا مشاہدہ کریں گے۔ماہرین جغرافیہ ان پہاڑوں، سطح مرتفع اور ہموار زمین کو دوسرے درجہ کی زمینی اشکال (Second order landform) کہتے ہیں۔




SCERT TELANGANA

## جگ سا معمہ اور متحرک تختیاں The Jigsaw Puzzle and the moving plates

ہم نے پچھلے سبق میں مشاہدہ کیا کے کتنے براعظم جگ سا معمہ کے ٹکڑوں کی طرح نظر آتے ہیں۔ (شکل 1.4) سائنسدانوں نے ابتداء میں یہ کیسے اندازہ لگایا ہوگا کے تمام براعظموں ایک ہی جگہ ایک دوسرے سے ملے ہوئے تھے اور یہ کس طرح ٹوٹ کر علحدہ ہوتے ہوئے بتدریج ہٹتے ہوئے ان کے موجودہ مقام پر آ گئے ہیں۔ کئی سالوں تک بغور مطالعہ کرنے کے بعد ماہرین ارضیات اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کے تمام براعظم یہاں تک کہ تمام بحر اعظم بھی حقیقت میں چٹانوں کے ایک بھاری بنیاد پر مجتمع تھے جنہیں Plates یا تختیاں کہا جاتا ہے۔ زمین پر تقریباً چھ بڑے Plates اور کئی چھوٹے Plates موجود تھے۔ (بڑے Plates آفریقی، شمالی امریکی، ہند آسٹریلیائی ، انتارتیکی، یوریشیائی اور بحرالکاہل کے Plates کہلاتے ہیں۔ چھوٹی Plates میں Nazce اور عرب Plates کا شمار ہوتا ہے) ان Plates کی خصوصیت کیا ہے؟ یہ Plates دراصل Mantle پر تیرتے ہیں۔ یہ مستقل طور پر ڈھکیلے جانے کی وجہ سے آہستہ آہستہ حرکت کرنے لگے۔ یہ اتنا آہستہ حرکت کرتے ہیں کہ ہم ان کی حرکت کو محسوس نہیں کر سکتے۔ اس حرکت کے نتیجے میں ایک Plate دوسری قریبی Plate کو ڈھکیلتی ہے۔ وہ مقام جہاں یہ دو Plates آپس میں مل کر ایک دوسرے کو ڈھکیلتے ہیں وہاں ایک دوسرے کی وجہ سے بہت زیادہ دباؤ پیدا ہوتا ہے۔ ایک Plate، Mantle کے اندر اور دوسرے Mantle Plate کے اوپر ڈھکیلے جاتی ہے جس سے پہاڑیوں کا ایک سلسلہ بنتا ہے۔ Plates کی یہ حرکت Plate tectonics کہلاتی ہے۔ اس عمل سے زلزلے وغیرہ پیدا ہوتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ کیوں یہ Plates ڈھکیل دیئے جاتے ہیں؟ کون انہیں ڈھکیلتا ہے؟

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

لفظ Tectonics ایک یونانی لفظ Tekton سے ماخوذ ہے جس کے معنی بڑھئی یا مستری یا (Builder) کے ہیں۔ سنسکرت لفظ Takshan سے ملتا جلتا ہے جس کے معنی بھی بڑھئی ہے۔





نقشہ - 2 : دنیا کی تختیوں کا نقشہ

**پھیلتا ہوا سمندری فرش:** سمندر کی گہرائی میں زمین کی حالت کا مطالعہ کرنے والے ماہرین ارضیات نے دریافت کیا کہ بحرالکاہل جیسے چند بحر اعظموں میں وسط سمندری پہاڑی سلسلے پائے جاتے ہیں۔ یہ Mantle سے نکلنے والے لاوا کی وجہ سے بنتے ہیں۔ ان پہاڑوں میں ہونے والے آتش فشانی عمل سے نئے سمندری فرش بنتے ہیں جس میں Basalt چٹانیں پائی جاتی ہیں۔ یہ پہاڑوں کے اطراف بڑھتے اور پھیلنے لگتے ہیں۔ یہ زمین پر بننے والے نئے Crust ہیں۔ یہ Crust آہستہ آہستہ Plates کو ان پہاڑوں کے طرف سے دور ڈھکیلتے رہتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں سمندری فرش پھیلتے ہیں۔ یا یہ سمندری فرش کے پھیلنے کی وجہ بنتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

**حاشیوں پر ڈرامہ:** Plates کے حاشیے یا حدود وہ جگہ ہے جہاں Plates ایک دوسرے سے آپس میں ملتے ہیں اور جہاں ارضی سرگرمیاں زیادہ ہوتی ہیں۔ہم دیکھ چکے ہیں کے کس طرح نئے Crust وجود میں آتے ہیں جو درمیانی سمندری کھائیوں میں سمندری فرش کے پھیلنے کے باعث بنتے ہیں۔ٹھیک اسی طرح دیگر حاشیوں میں جہاں ایک Plate دوسرے Plate سے ملتی ہے جس کی وجہ سے متحرک Plate قیام پذیر Plate کے نیچے دب جاتی ہے۔ دراصل آنے والی Plate زمین کے Mantle میں جاکر وہاں موجود گرمی کی وجہ سے پگھل جاتی ہے۔اس طرح جو Plate زمین کے Mantle میں جاتی ہے۔ وہ دیگر Plates کو اپنی جانب کھینچتی ہے۔جس کی وجہ سے یہ نئے سمندری فرش کو پہاڑی کے جانب کھینچتی ہے۔مثال کے طور پر ہندوستانی Plate (جس پر جنوبی ہند کا دکن کا سطح مرتفع واقع ہے) Eurasian Plate کو ڈھکیلتا ہے اور ہمالیہ کے پہاڑ کی قریب اس Plate کے نیچے جاتا ہے۔ذرا تصور کیجئے بہت دور مستقبل میں ایک دن جس زمین پر آپ کھڑے ہوئے ہیں۔وہ ہمالیہ کے نیچے چلی جائیگی۔اور پگھلی ہوئی Mantle میں مل جائے گی۔درحقیقت ہندوستانی Plate کے Eurasion Plate کو ڈھکیلنے کی وجہ سے ہمالیہ پہاڑ وجود




شکل 2.1

☆ ہمالیہ، Andes اور Rockies پہاڑی سلسلوں کی نشاندہی کیجئے۔یہ سلسلے ان علاقوں میں کیوں وجود میں آئے۔وجوہات بتلائیے۔

☆ کیا زمین پر موجود تمام چٹانیں وسطی سمندری پہاڑوں کی طرح ہی وجود میں آئے ہیں؟

☆ ماہرین اراضیات نے سمندری جانوروں کے باقیات کو ہمالیہ کی چوٹیوں پر موجود پایا۔آپ ان باقیات کی ہمالیہ پہاڑ پر موجودگی کے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں؟

☆ ہم زمین پر وقوع پذیر ان قدرتی تبدیلیوں کو کیوں محسوس نہیں کر سکتے ہیں۔کیا اس لیئے کے یہ چیزیں ہم کو متاثر نہیں کرتیں؟ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ یہ تمام چیزیں آخر کار ہم پر اثر انداز ہوتی ہیں۔


SCERT TELANGANA

میں آتے ہیں۔(یہ ایسا ہے جیسا کہ اگر آپ کسی ٹیبل پر کپڑا پھیلا کر اسے ایک کنارے پر سے دوسری طرف ڈھکیلیں جس سے وہ کپڑا مڑ کر ایک پہاڑ کی چوٹی کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔) حال میں نیپال اور پاکستان میں وقوع پذیر ہوئے زلزلوں کی وجہ ہندوستانی Plate کا یوریشیائی Plate کے نیچے کھِسکنا ہے۔ کئی ایک Plate کے حدود آتش فشاں کے پھٹنے سے اور زلزلوں سے وجود میں آتے ہیں۔ ایسے علاقے زلزلوں اور آتش فشانوں کے خطرے سے پُر ہوتے ہیں۔

## آہستہ وقوع پذیر حرکات اور اچانک وقوع پذیر حرکات:

مذکورہ بالا سیکشن میں ہم دیکھ چکے ہیں کہ خاکی کرہ میں دو قسم کی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔ پہلی وہ حرکت جو آہستہ وقوع پذیر ہوتی ہے اور crust کے وجود میں آنے کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ برآعظموں کے Plates میں بھی یہ حرکت دیکھی جاتی ہے۔ دوسری وہ تیزی سے وقوع پذیر حرکت ہے جو زلزلوں اور آتش فشاں کے لئے اچانک پھٹ پڑنے کی وجہ بنتی ہیں۔ تیزی سے ہونے والی حرکت تباہ کن اور نقصان دہ ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ حرکات زمین کے اشکال میں تبدیلی کی ذمہ دار بھی ہوتی ہیں۔

**آتش فشاں:** آتش فشاں کی تصویر دیکھیئے آتش فشاں زمین کی سطح پر وہ مقام جہاں Mantle سے پگھلا ہوا مادہ سطح پر ابل پڑتا ہے۔ اس پگھلے ہوئے مادے میں بھاپ' دھواں اور مختلف قسم کی گیسس پائی جاتی ہے جو زمین کی گہری پرتوں سے نکلتے ہیں۔ دھواں' راکھ تو فضاء میں پھیل جاتے ہے لیکن پگھلا ہوا مادہ ٹھنڈا ہو کر سخت چٹانوں کی شکل اختیار کرتا ہے جس کو (Igneous rocks) کہا جاتا ہے۔




شکل 2.2 آتش فشاں کی ساخت

لاوا کا کچھ حصہ سطح زمین سے باہر نہیں نکلتا ہے اور زمین میں ہی ٹھنڈا ہو کر چٹان بن جاتا ہے۔ انہیں Intrusive landforms کہا جاتا ہے۔ عام طور پر یہ پرانی چٹانوں سے ڈھکا رہتا ہے اور بعض

**دنیا کے اہم آتش فشاں**

- اسٹورم بولی = سسلی
- ماونٹ پیلی = جزائر غرب الہند
- ماؤنٹ ویسوویس = اٹلی
- فیوجیاما = جاپان
- کوٹا پاکس = ایکوڈو
- مایان = فلپائن
- بیارین' نارکوڈم = ہندوستان
- کیلی منجارو = تنزانیا



شکل 2.3 : اسٹرامبولی آتش فشاں (دنیا کا سب سے فعال آتش فشاں یا بحر روم کا لائٹ ہاوز)



SCERT TELANGANA

مرتبہ پرانی چٹانوں کے کٹاؤ سے یہ واضح طور پر نظر آتا ہے۔لاوا کا کچھ حصہ جو سطح زمین سے اوپر نکلتا ہے Extrusive landofrms بناتا ہے۔ یہ لاوا صرف آتش فشاں سے ہی نہیں نکلتا بلکہ کچھ زمین کی سطح پر Fissures کی وجہ سے بھی نکلتا ہے اور اطراف میں پھیل جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اس طرح کا لاوا دکن کے علاقے میں نکل کر Extensive لاوا کے سطح مرتفع کے بننے میں مددگار رہا ہے۔

☆ آتش فشاں کے پھٹنے سے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟

## بحرالکاہل کا آتشی حلقہ *The pacific ring of fire*

کئی دہائیوں تک ماہرین اراضیات نے یہ محسوس کیا کہ زیادہ تر زلزلے اور آتش فشاں بحرالکاہل حلقہ کے اطراف واقع ہوئے ہیں۔ جو بحرالکاہل بحری Basin کے کنارے ہیں۔ دنیا میں واقع آتش فشانوں کا تین چوتھائی حصہ اسی حلقہ میں واقع ہے۔اس کی وجوہات کو Plates tectonics کا نظریہ بہتر طور پر بیان کرسکتا ہے Plates حدود بحرالکاہل کے Basin کے اطراف پائے گئے ہیں۔اس کے اطراف کئی ایک زلزلے اور آتش فشاں وقوع پذیر ہوئے ہیں جس کی وجہ سے اس کا نام بحرالکاہل کا آتش حلقہ رکھا گیا۔




نقشہ -3 بحرالکاہل کا آتشی حلقہ

## خارجی عمل:

ہم دیکھ چکے ہیں کہ داخلی عمل کی وجہ سے کس طرح چٹانیں اور پہاڑوں کی چوٹیاں وجود میں آتی ہیں۔ پانی اور ہوا جیسے بیرونی طاقتیں بھی زور وشور سے کام کرتی ہیں اور ان تعمیری وتخریبی طاقتوں کی وجہ سے موجودہ زمین کی اشکال میں بہت بڑا تنوع نظر آتا ہے۔ایک طرف یہ بیرونی عمل چٹانوں اور پہاڑ کی چوٹیوں سے ذرات کو نکال کر گہرے گڑھوں اور Basins میں منتقل کرتا ہے۔اس طرح ذخیرہ کرنے سے زمین مسطح ہوتی جاتی ہے۔

اس طرح ہوا اور پانی کی وجہ سے زمین کی اشکال بننے کا عمل ماہرین ارضیات کے بموجب تیسرے درجے کے زمینی اشکال (Third order Landforms) کہلاتا ہے۔اس طرح کے زمینی حصوں میں تراشی ہوئی چٹانیں' وادیاں' ڈیلٹا اور ریتیلی چوٹیاں وغیرہ پائے جاتے ہیں۔Weathering' Erosion اور حمل ونقل' وغیرہ اس طرح کی زمینی اشکال کے بننے کے لئے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

اس عمل کو ڈینوڈیشن (Denudation) کا عمل کہتے ہیں۔ یہ ایک مسلسل عمل ہے۔ آج کل نظر آنے والے اتھل اور ہموار زمین وغیرہ کسی زمانے میں پہاڑ اور سطح مرتفع تھے۔ Denudation کے عمل سے زمین کی ہیئت مسلسل بدلتی رہتی ہے۔ لیکن یہ تبدیلیاں بہت ہی آہستہ واقع ہوتی ہیں۔ پہاڑوں اور سطح مرتفع کی ساخت Erosion cycle یا Geomorphic cycle کہلائے جانے والے عمل کی وجہ سے مسلسل تبدیل ہوتی ہے۔

## کس طرح پانی اور ہوا زمین کی سطح کو تبدیل کرتے ہیں؟

گذشتہ سکشن میں ہم دیکھ چکے ہیں کہ زمین کے اندر سے نکلنے والے پگھلے ہوئے مادے کی وجہ سے چٹانیں اور پہاڑ وجود میں آتے ہیں۔ یہ چٹانیں کئی ملین سال میں وادیوں اور میدانوں میں تبدیل ہوجاتی ہیں۔ ندیوں کی کھائی وغیرہ پہاڑی چوٹیوں اور سطح مرتفع وغیرہ میں تبدیل ہوتے ہیں۔ یہ کس طرح واقع ہوتا ہے؟

درحقیقت سخت ابتدائی چٹانیں چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں بٹ جاتی ہیں۔ ایسے ٹکڑے بڑی چٹانوں سے علحدہ ہوجاتے ہیں اور دوسرے مقامات تک لے جائے جاتے ہیں۔ جہاں وہ جمع ہوجاتے ہیں۔ اس کو باقاعدہ طور پر مندرجہ ذیل طریقے سے بیان کیا جاسکتا ہے۔

i) **موسمیات:۔** کرہ ہوائی یا موسم کے اثرات سے چٹانیں بتدریج تحلیل ہوتی ہیں۔ جب چٹانیں حرارت سے تماس میں آتی ہیں تو پھیل جاتی ہیں اور ٹھنڈی ہونے پر سکڑ جاتی ہیں۔ یہ عمل دن رات روزآنہ اور سالہا سال چلتا رہتا ہے۔ یہ موسم گرما اور موسم سرما دونوں موسموں میں جاری رہتا ہے۔ جب اوپری سطح کی چٹانیں سکڑتی اور پھیلتی پھر سکڑتی ہیں تو بتدریج کمزور ہوجاتی ہیں اور ٹوٹ جاتی ہیں۔ ہوا میں موجود پانی اور رطوبت اس عمل میں مدد دیتے ہیں۔ پانی چٹان میں موجود کیمیائی مادوں سے تعامل کرتا ہے اور چٹان کو مزید کمزور بناتا ہے۔ یہ عمل جس میں چٹانیں کمزور ہوکر ٹوٹ جاتی ہیں، Weathering یا موسمیانہ کہلاتا ہے۔ ٹوٹی ہوئی کسی بڑی چٹان پر نظر ڈالنے پر آپ محسوس کریں گے کہ چٹان کے بیرونی پرت کے رنگ اور اندرونی پرت کا رنگ میں فرق نظر آتا ہے۔ بیرونی پرت کے رنگ میں تبدیلی موسمیانہ کی وجہ سے ہوتی ہے۔ ایسی چٹانوں کو بیرونی جانب سے چھیلنا یا تراشنا بہ نسبت اندرونی حصہ کے بہت آسان ہوتا ہے۔

> ☆ چٹان بیرونی جانب کی بہ نسبت اندرونی جانب کیوں سخت ہوتی ہے۔ آپ اس بارے میں کیا سوچتے ہیں؟

ii) **Erosion 'کٹاؤ:۔** بہنے والے پانی اور ہوا میں بڑی طاقت ہوتی ہے۔ یہ چٹانوں کو کاٹتے ہیں اور اپنے ساتھ مٹی کی پرت اڑا لے جاتے ہیں۔ پانی مختلف طریقوں سے اثر انداز ہوتا ہے۔ جیسے ندی، بارش کا پانی، زیرزمین پانی، سمندری تموج اور گلیشرس وغیرہ۔ اس طرح ہوا کی بھی مختلف شکلیں ہوتی ہیں۔ مثلاً سست رفتار ہوا، باد تیز ہوا وغیرہ اس طرح یہ حرکت کرنے والے عوامل کی وجہ سے زمین کی سطح کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا Erosion کہلاتا ہے۔

iii) **Transportation حمل و نقل:۔** چھوٹی چٹانیں، مٹی، دھول، کیچڑ، باریک مٹی وغیرہ جو ہوا اور پانی کے ذریعے ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچائی جاتی ہیں۔ یہ عمل Transportation یا حمل و نقل کہلاتا ہے۔ ندیاں، ہوائیں اور موجیں وغیرہ مٹی، اور پتھروں وغیرہ کو لے کر طویل فاصلوں تک ایک مقام سے دوسرے مقام کو پہنچاتی ہیں۔ بعض اوقات یہ کئی سو کلومیٹر تک پہنچائے جاتے ہیں۔

iv) **Deposition ذخیرگی:** جب ندیاں اور ہوائیں آہستہ چلنے لگتی ہیں تو ان کے پاس اتنی طاقت نہیں ہوتی کہ وہ ان چٹانوں اور مٹی کے ریزوں کو مزید کچھ دور لے جاسکیں۔ اس طرح وہ ان اشیاء کو وہاں چھوڑ دیتی ہیں۔ یہ اشیاء میدان اور دریائی Basins وغیرہ کے بننے میں مددگار ہوتی ہیں۔ ان میں زیادہ تر ندیوں سے سمندروں کو منتقل کی جاتی ہیں۔ جہاں یہ پرت در پرت ایک دوسرے پر جم جاتی ہیں اور گہرائی میں ایک

SCERT TELANGANA

طویل مدت کے بعد تلچھٹی چٹانوں (Sedmientaris rockes) میں تبدیل ہوجاتی ہیں۔

اس عمل کے چار پہلو بھی دنیا کے مختلف حصوں میں مختلف شرح سے متوازی طور پر واقع ہوتے رہتے ہیں۔اس کا واقع ہونا ڈھلانوں کی خاصیت' چٹان کی ساخت' مقامی آب وہوا اور انسانوں کی مداخلت پر منحصر ہوتا ہے۔


## پانی کی کارکردگی :Work of Water:۔



شکل 2.4: V شکل کی وادی

کیا آپ کسی دریا کے منبع سے اس کے اختتام تک اس کا جائزہ لے کر سکتے ہیں۔ اور اس کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کس طرح چٹانی و دیگر مادوں کو کاٹتی اور ایک مقام سے دوسرے مقام تک لے جاتی ہے؟

کسی بھی دریا کا کام اس کے منبع سے ہی شروع ہوجاتا ہے جو بلند چٹانوں میں واقع ہوتا ہے۔ندی کے بہنے سے اس میں زیادہ قوت آتی ہے اس کی وجہ سے وہ چٹانوں سے تیزی سے نیچے کی طرف بہنا ہے۔ یہ چٹانوں کو توڑ کر اپنے ساتھ لے جاتی ہے اس سے گہری وادیاں وجود میں آتی ہے۔ جو گہرائی میں تنگ اور اوپری حصہ میں چوڑی ہوتی ہیں۔ان کو عام طور پر V شکل کی وادی کہا جاتا ہے۔



شکل 2.5 Grand Canyon

### کیا آپ جانتے ہیں

دنیا کا سب سے بڑا Canyon دریائے کولوراڈا (river coloradu) پر ہے۔عظیم کنیاں کی لانبائی 466 کیلومیٹر ہے۔اس کی گہرائی 1.6 کیلومیٹر اور چوڑائی 188 میٹر تا 29 کیلومیٹر ہے۔

☆ Gorges ڈیم کی تعمیر کے لیے موزوں ہوتے ہیں۔اس کے اسباب کیا ہیں؟

اس مرحلے میں پانی میں وہ طاقت ہوتی ہے جو بھاری اور کل وزن چٹانوں کو ساتھ لے جاتی ہے۔ایسے مواقعوں پر جہاں چٹانیں بہت ہی سخت ہوتی ہیں۔ ندیاں کناروں سے اس کو کاٹتی ہیں جس کی وجہ سے تنگ وادیاں بنتی ہیں۔جس کو Gorges کہا جاتا ہے۔آندھراپردیش میں گوداوری ندی پر Byson اور کشمیر میں Indus gorge اس کی بہترین مثالیں ہیں۔ایک اور اہم کٹاؤ Canyon ہے۔ایک Canyon بہت ہی گہرے اتار والا ہوتا ہے۔اور یہ Gorge کے برابر گہرائی بھی رکھتا ہے۔Gorge کی چوڑائی اوپر سے نیچے تک مساوی ہوتی ہے ۔ اس کے برخلاف Canyon اوپر چوڑا اور نیچے کم چوڑا ہوتا ہے۔



شکل 2.6 : اینجلس آبشار

پہاڑی علاقوں میں جہاں ڈھلانیں کثرت سے ہوتی ہیں وہاں آبشار بنتے ہیں۔ یہاں سے پانی بڑی زور کی طاقت سے نیچے گرتا ہے اور نیچے موجود چٹانوں کو کھود دیتا ہے۔جس کی وجہ سے وہاں تالاب (Plunge Pool) بنتے ہیں۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

جب ندی میدانی علاقوں میں داخل ہوتی ہے تو ڈھلان کم ہوجاتا ہے اور ندی کا بہاؤ بھی کم ہوتا ہے۔اب ندی میں وہ طاقت برقرار نہیں رہتی کے وہ وزنی ذرّات کو لے جا کر اپنے کنارے پر یا bed پر اس کو جمع کیا جا سکے جب کبھی ندی میں طغیانی ہوتو یہ زیادہ طاقت رکھتی ہے اور مٹی کا کٹاؤ بھی زیادہ ہوتا ہے (اس کو Silt کہتے ہیں) اور جب طغیانی نہ ہوتو یہ ذرات تہہ میں جمع ہوتے جاتے ہیں۔گنگا کے میدان، کرشنا، گوداوری کے میدان جیسے میدان اسی طرح وجود میں آتے ہیں۔ جب سیلاب کا پانی دوبارہ آتا ہے تو River Bed بلند ہوجاتا ہے۔اس کی وجہ چٹانوں کے ذرات کا جمع ہونا ہے۔تب یہ اپنا معمول بدل کر دوسرا راستہ بناتا ہے۔یہ ندی کے لئے اپنا معمول بدل کر میدان کے علاقوں میں بہنے کے لئے معاون ہوتا ہے۔سیلابی میدان میں ندی عام طور پر ایک سانپ کی طرح بل کھاتی ہوئی چلتی ہے (تصویر 2.8 دیکھئے) اور Meaniders بناتی ہے۔ان Meander کے کناروں پر ذرات جمع ہونے سے اس کے سرے ایک دوسرے کے قریب تر ہوجاتے ہیں۔ ایک عرصہ کے بعد Meanrers loop ندی سے کٹ جاتے ہیں اور ایک Cutoff lake جھیل بناتے ہیں جس کو Ox-bow جھیل کہا جاتا ہے۔

a) سمجھائیے کہ آبشار کیسے کارآمد ہوتے ہیں

b) ہماری ریاست کے آبشاروں کے متعلق معلومات اکٹھا کیجئے؟


c) چند آبشاروں کے تصاویر جمع کیجئے؟

### کیا آپ جانتے ہیں؟

1- دنیا کا سب سے اونچا آبشار اینجلس ہے۔اسکی بلندی 979 میٹرس ہے۔ اور یہ وینزیلا کی دریا چورن (Churun) پر واقع ہے۔

2- دنیا کا دوسرا اونچا آبشار (ٹوگیلا Tugela) آبشار ہے۔اسکی بلندی 947 میٹرس ہے۔یہ جنوبی آفریقہ کی ٹوگیلا دریا پر واقع ہے۔

3- ہندوستان کا سب سے اونچا آبشار (JOG) یا Kunchikal fall ہے۔اس کی بلندی 455 میٹرس ہے۔یہ کرناٹک کی دریاوارا ہی پر واقع ہے۔




**شکل 2.7 : سیلابی میدان کا بننا**




**شکل 2.8 : Meanders**

جب ایک دریا سمندر تک پہنچتی ہے تو عمدہ ذرات جو دریا کے ساتھ بہتے آئے تھے۔سمندر کے دہانے جمع ہوجاتے ہیں۔جس سے ڈیلٹا بنتے ہیں۔لفظ ڈیلٹا یونانی حرف تہجی ڈیلٹا سے ماخوذ ہے۔جو مثلثی شکل (△) سے ملتا جلتا ہے۔

SCERT TELANGANA

☆ پہاڑوں اور میدانوں میں دریاؤں کے اثرات کا تقابل کیجئے۔ یہ کن امور میں مماثلت یا فرق رکھتے ہیں۔ یہ دونوں کس طرح ایک دوسرے سے مربوط ہیں۔

☆ ایک سیلابی میدان بہ نسبت پہاڑیوں کے انسانی جانے وقوع یا مسکن کے لئے کیوں موزوں ہوتا ہے۔؟

☆ سیلابی میدانوں میں زندگی گذارنے سے کیا مسائل لاحق ہوتے ہیں؟

☆ ان لوگوں کے بارے میں اطلاعات یا معلومات کا اعادہ کیجئے جو پہاڑوں یا سیلابی میدانوں میں زندگی گذارنے والے لوگوں کے حالات کو دہرایئے جن کے بارے میں آپ پڑھ چکے ہیں۔


## کیا آپ جانتے ہیں؟

دنیا کا سب سے طویل ڈیلٹا سندر بن ہے یہ دریائے گنگا اور برہم پترا کے دہانے پر بہتا ہے۔ کرشنا اور گوداوری بھی ہماری ریاست میں دو ڈیلٹا بناتے ہیں۔ ہندوستان کے نقشہ ہی ان ڈیلٹاوں کو دیکھیے۔

## گلیشیئرس کی کارگردگی:

ہمالیہ یا آلپس (Alps) جیسے سرد مقامات پر بارش کے بجائے کثرت سے برفباری ہوتی ہے۔ یہ منجمد ہوکر برف بن جاتی ہے۔ جب یہ زیادہ ہوجاتی ہے تو آہستہ یہ گرم علاقے کی طرف بہنا شروع ہوجاتی ہے۔ جہاں یہ پگھل کر ایک چھوٹی ندی کی ابتداء ہوجاتی ہے۔ ہمالیہ کے گنگوتری گلیشرس سے اسی طرح گنگا ندی وجود میں آتی ہے۔ برف کے تودوں (ڈھیر) کا آہستہ آہستہ حرکت کرنا گلیشرس کہلاتا ہے۔ گلیشرس کی حرکت، پانی کے بہاؤ کے برخلاف بہت ہی سست ہوتی ہے۔ یہ ایک دن میں چند سنٹی میٹر تک یا اس سے بھی کم حرکت کرتے ہیں۔ دراصل قوت کشش کی وجہ سے گلیشرس حرکت کرتے ہیں۔

گلیشرس Plucking کے عمل سے کٹاؤ کرتے ہیں۔ جس میں یہ چٹانوں کے ٹکڑوں کو اٹھاتے ہیں۔ اور انہیں دوسرے مقام تک پہنچاتے ہیں۔ یہ چٹانوں کے ٹکڑے اور بہنے والا برف دونوں مل کر چٹان کی سطح پر جس پر سے یہ بہتے ہیں ایک sand paper کی طرح عمل کرتے ہیں۔ جس طرح Sand Paper لکڑی پر جمے ہوئے باریک ذرات کو نکالتا ہے اس طرح گلیشر بھی چٹان کی سطح پر اس طرح کام کرتے ہوئے اس کو صاف کرتا ہے۔ اس دوہرے عمل کی وجہ سے گلیشر U شکل کی وادی بناتے ہیں۔




جب گلیشیر پگھل کر پانی بنتا ہے تو اس میں بڑی چٹانوں کو لے کر جانے کی قوت نہیں پائی جاتی۔ وہ انہیں ایک بڑے ناہموار ڈھیر کی شکل میں چھوڑ دیتے ہیں۔ چھوٹے ذرات اور کنکر گلیشرس کی تہہ میں جمع ہوجاتے ہیں۔ گلیشرس ان کنکروں اور ریت کو ساتھ لاتا ہے۔ گلیشیئرس انکو پہاڑیوں سے حاصل کرتے ہیں۔ وہ مادے جو گلیشیئرس کے ذریعے لے جائے نہیں جاتے وہ وہیں گلیشیئرس پر جمع ہوجاتے ہیں۔ مادوں کو Till کہتے ہیں۔ اس طرح Till کا جمع ہونا Moraines کہلاتا ہے۔

SCERT TELANGANA



شکل 2.11 گلیشرس

## موجوں کی کارکردگیWork of Waves:۔



شکل 2.10:ساحلی زمینی اشکال

سمندری موجوں کی وجہ سے کٹاؤ اور مادوں کے جمع ہونے سے ساحلی زمینی اشکال بنتے ہیں۔ چونکہ سمندری موجیں مسلسل چٹانوں سے ٹکراتی ہیں۔ان میں کئی سالوں کے بعد دراڑ پیدا ہوتی ہے۔ بتدریج ان چٹانوں پر غار نما کھوکھلے حصہ بنتے ہیں۔ یہ کافی بڑے بڑے ہوجاتے ہیں اور غاروں کا چھت باقی رہ جاتا ہے۔اور sea Arches (سمندری کمان) بنتی ہیں۔مزید کٹاؤ چھت کو توڑ دیتی ہے اور صرف دیواریں باقی رہ جاتی ہیں۔ان دیوار نما ساختوں کو Stacks کہا جاتا ہے۔

سمندری پانی کے عموداًاونچے پہاڑیوں والا ساحل Sea cliff (کھڑی چٹان) کہلاتا ہے۔جب Sea Cliffs پر موسم اثر انداز ہوتا ہے تو یہ مزید کٹے پھٹے راس ورخلیج میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ایک Cape وہ نوکدار زمینی خطہ سے جو کسی بڑے زمینی خطے کا کنارہ ہو۔جبکہ خلیج (Bay) سمندروں کے وہ حصے ہیں جو کسی ساحل کے قریب ہوتے ہیں۔سمندری موجیں ساحل پر Sediments وغیرہ کو جمع کرتی ہیں۔جس سے ریتیلے ساحل (Beaches) وجود میں آتے ہیں۔

## ہوا کی کارکردگی:۔Work of Wind

ہم گذشتہ سیکشن میں Lithosphere خاکی کرہ پر پانی کا اثر دیکھ چکے ہیں۔اس سکشن جن میں ہم کرہ ہوائی بالخصوص ہوا کا اثر دیکھیں گے۔گرم ریگستانوں میں ہوا ایک بااثر عامل ہے۔دنیا کی جملہ زمین کا 1/5 حصہ ریگستان پر مشتمل ہے۔ چند چٹانی، چند پتھریلی اور دیگر علاقے ریتیلے ہیں۔تیز ہوائیں اپنے ساتھ ریت اور باریک مٹی کو اڑا لے جاتی ہیں جو چٹانوں سے ٹکراتی ہیں ۔ یہ بھی ایک رگڑنے والے Sand paper کی طرح عمل کرتے ہیں اور سخت چٹانوں کو کاٹتے ہیں ۔ تیز ہواؤں کے اثر سے ریگستان میں کٹاؤ اور ذخیرگی کے بڑے ہی دلچسپ مناظر تشکیل پاتے ہیں۔


شکل 2.11 : مشروم چٹان

**مشروم چٹان:** تیز ہوائیں کسی چٹان کے اوپری حصہ کی بہ نسبت نچلے حصے کو زیادہ کاٹتی ہیں۔اس لیئے ایسی چٹانوں کا نچلا حصہ تنگ یا پتلا ہوتا ہے اور اوپری حصہ چوڑا ہوتا ہے۔ یہ ایک مشروم کی طرح دکھائی دیتا ہے۔اس لئے اس کو مشروم چٹان کہتے ہیں۔


شکل 2.12: ***Inselberg*** (انسلبرگ)

**Inselberg:** سطح زمین سے بے قاعدہ طور پر انفرادی پہاڑی چوٹیوں کا ابھرنا Inselberg یا جزیرہ پہاڑ یا Island mountain کہلاتا ہے۔ان کی خصوصیات میں ڈھلوان کنارے اور چپٹی اور گولائی لیئے سطح ہوتی ہے۔

SCERT TELANGANA

**ریت کے ٹیلے Sand Dunes**:۔موسمیانہ کے عمل اور مسلسل ہوا کے اثرات سے کئی ریگستانی علاقوں میں باریک ریت ایک مقام پر جمع ہوجاتی ہے۔اس سے ریت کے ٹیلے Sand Dunes تیار ہوتے ہیں۔یہ ریت کے غیر مستقل پذیر پہاڑ ہیں جو تیز ہواؤں سے حرکت کرتے ہیں۔جب یہ حرکت کرتے اور جمع ہوتے ہیں تو کئی ایک اشکال بناتے ہیں۔

باریک مٹی یا گرد جو ریگستانی حدود کے باہر اڑتی ہے آس پاس کی زمین پر جمع ہوجاتی ہے'عام طور پر یہ گرد'دھول زرد رنگ کی ہوتی ہے اور یہ بہت زرخیز بھی ہوتی ہے۔اس مٹی کو''Loess'' کہا جاتا ہے۔درحقیقت Loess بہت ہی عمدہ اور چونے سے بھری ہوئی اور مسام دار مٹی ہوتی ہے۔میدان جو Loess مٹی کی وجہ سے وجود میں آتے ہیں۔Loess میدان کہلاتے ہیں۔



شکل 2.13 : سہارا ریگستان میں مختلف قسم کے ریت کے ٹیلے

☆ Loess میدان کا ڈیلٹا سے تقابل کیجیے ؟ آپ ان کے درمیان کیا مشابہت اور فرق کو محسوس کرتے ہیں؟

## نباتات اور انسانوں کا اثر:

اس حصہ میں ہم مختصراً Lithosphere خاکی کرہ پر حیاتی کرہ biosphere کے اثرات کا جائزہ لیں گے۔پودے'درخت اور گھاس وغیرہ چٹانوں پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟ یہ چٹانوں میں موجود باریک سوراخوں اور دراڑوں میں اپنی جڑوں کو داخل کرکے انہیں نقصان پہنچاتے ہیں۔اس کے علاوہ وہ ان راستوں کو بڑے کردیتے ہیں جن کے ذریعہ چٹانوں میں پانی داخل ہوکر انہیں نقصان پہنچاتا ہے۔دوسری جانب پودے اور درخت جو زمین پر پھیلے ہوتے ہیں تیز ہوا یا پانی کے ذریعے ہونیوالے مٹی کے بہاؤ کو روکنے میں مددگار ہوتے ہیں۔

صنعتی انقلاب کے بعد انسان زمین کی اوپری پرت میں تبدیلیاں لانے میں کافی اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

کیا آپ کمرہ جماعت میں بحث کرسکتے ہیں کہ کس طرح درج ذیل انسانی سرگرمیاں Lithosphere (خاکی کرہ) پر اثر انداز ہورہی ہیں۔؟

i) کان کنی ii) سمنٹ اور اینٹوں کے ذریعہ شہروں کی تعمیر
iii) زراعت iv) ڈیم

SCERT TELANGANA

## کلیدی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ Plate Tectonics | 2۔ آتشی چٹانیں | 3۔ رسوبی چٹانیں |
| 4۔ لوئس میدان | 5۔ U شکل کی وادی | |

## اپنی معلومات میں اضافہ کیجیے

1۔ خاکی کرہ کے تناظر میں جو مختلف ہے اس کی نشاندہی کیجیے اور اپنے انتخاب کی وجوہات بیان کیجیے؟
بائسن جارج ، Grand Canyan ، اوزون ، تھار ریگستان

2۔ خاکی کرہ Lithosphere کا وجود کیسے ہوا؟

3۔ بحر اعظمی تختیاں کس طرح وجود میں آئیں اور یہ کس طرح بتدریج فنا ہوئیں؟

4۔ ندیوں کے کام کی وجہ سے بننے والے Land forms کی ایک فہرست بنائیے؟

5۔ ذیل کی طرح ایک جدول بنائیے اور تفصیلات درج کیجیے اور زمین کی بیرونی تبدیلیوں کے تناظر میں ان کے درمیان یکسانیت اور فرق کے بارے میں ایک مختصر پیراگراف لکھیے۔(اگر اس کے تحت کوئی معلومات مواد میں نہ پائی جاتی ہوں ان کی خانہ پری مت کیجیے؟

| | ہوا | پانی | گلیشر |
|---|---|---|---|
| زمینی حصے | | | |
| طریقہ کار | | | |

6۔ آپ کے اطراف واکناف گلیشیرس کیوں نہیں پائے جاتے ہیں۔؟

7۔ ریت کے ساحل (Beaches) کس طرح بنتے ہیں؟ چند اہم Beaches کے نام بتائیے؟

8۔ کس طرح انسانی طرز زندگی ریگستان کی توسیع کے ذمہ دار ہیں؟

9۔ مندرجہ ذیل کے لیے زمینی اشکال کے مدارج معلوم کیجیے؟

| سلسلہ نشان | Land Forms | Landform کی ترتیب |
|---|---|---|
| 1 | ہمالیہ کے پہاڑ | Land form آرڈر II |
| 2 | بحرا وقیانوس | |
| 3 | براعظم ایشیا | |
| 4 | Byson Gorge | |
| 5 | Jog آبشار | |
| 6 | چٹانی پہاڑ | |
| 7 | بحر ہند | |
| 8 | عظیم داروڑی وادی | |

10۔ نقشہ - 2 دیکھیے اور براعظمی تختیوں کو اتاریئے۔

11۔ صفحہ - 20 پر کٹاؤ (Erosion) کا پیراگراف پڑھیے اور مباحثہ کیجیے۔

## منصوبہ

اخبارات اور میگزین سے زلزلے اور آتش فشاں کے مضامین اور خبریں جمع کیجیے۔ ایک باتصویر فائل تیار کیجیے کہ یہ کس طرح وجود میں آئے ہیں اور ان کا انسانی زندگی پر اثر کیسے پڑتا ہے؟

SCERT TELANGANA

باب
3

# آبی کرہ

بارش ہزاروں سالوں سے ہوتی آرہی ہے۔کیا آپ کو کبھی اس بات کا شبہ نہیں ہوا کہ بحر اعظموں اور سمندروں میں کبھی پانی خشک کیوں نہیں ہوا؟ تمام ذرائع سے زمین پر پہنچنے والے پانی میں 1% سے بھی کم مقدار انسان کے لئے کارآمد ہوتا ہے۔تب کیا یہ پانی تمام بنی نوع انسان کی ضرورتیں پوری کرسکتا ہے؟ان تمام سوالات کے جواب پانے کے لئے آپ کو آبی چکر کے بارے میں پڑھنا ہوگا۔

## آبی چکر

پانی ایک قابل تجدید وسیلہ ہے اسے بار بار استعمال کیا جاسکتا ہے پانی سمندروں سے زمین اور زمین سے سمندروں کا چکر بناتا ہے۔
آبی دور اربوں سالوں سے کام کررہا ہے اور کرہ ارض پر تمام تر زندگی کا انحصار اسی پر ہے۔
آبی چکر مختلف شکلوں جیسے ٹھوس، مایع گیسی شکلوں میں جاری رہتا ہے۔یہ آبی چکر سمندروں، آب و ہوا، سطح زمین، زیر زمین اور تمام جانداروں کے درمیان پانی کی منتقلی سے بھی متعلق ہے۔
آبی چکر کو بعض اوقات اس طرح ظاہر کیا جاتا ہے۔

RF=RO+ET

جہاں RF(Rainfal) میں تمام قسم کی ترسیب شامل ہے۔ Run off=RO ہے اور Evapo transpiration=ET اخراج بخارات ہیں۔

آبی دور کے چھ مدارج ہیں۔

☆ تبخیر Evaporation ☆ حمل ونقل Transportation ☆ تکثیف Condensation
☆ ترسیب Precipitation ☆ بہاؤ Run off ☆ زیر زمین پانی Ground Water

### تبخیر :Evaporation

پانی سطح زمین سے فضاء میں تبخیر کے ذریعے منتقل ہوتا ہے۔یعنی یہ ایسا مرحلہ جس کے ذریعہ پانی مایع سے گیس میں تبدیل ہوتا ہے۔
سورج کی گرمی سطح زمین کے پانی کو بخارات بن کر اُڑنے کے لئے توانائی فراہم کرتی ہے۔زمین، جھیلیں، دریائیں اور سمندروں سے آبی بخارات اٹھتے ہیں اور پودے بھی Transpiration کے ذریعے ہوا میں پانی خارج کرتے ہیں۔

### حمل ونقل Transportation


فضاء میں پانی کی حرکت خصوصاً سمندر کے اوپر سے زمین کے اوپر تک بادلوں کی شکل میں، حمل ونقل کہلاتی ہے۔اوپری سطح کی ہواؤں، زمینی سطح پر چلنے والی ہواؤں اور دیگر میکانزم کے ذریعے بادل ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرتے ہیں۔

### تکثیف Condensation

فضاء میں منتقل شدہ پانی کے بخارات تکثیف پاکر چھوٹے قطرے یا بادل کی شکل اختیار کرتے ہیں۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2019-20




شکل 3.1: آبی دور

### ترسیب (Percipitation)

پانی کا آب وہوا سے سطح زمین پر منتقل ہونے کا ابتدائی میکانزم ترسیب ہے۔ جب بادل زمین کی اوپر سرد ہوا سے ٹکراتے ہیں تو بارش اولہ یا برف کی شکل میں زمین (یا سمندر) پر واپس آتے ہیں۔

### Runoff: بہاؤ

زیادہ تر پانی جو زمین پر آتا ہے پہاڑوں کے نشیب میں روانی کے ساتھ بہہ جاتا ہے۔ کچھ حصہ زمین میں جذب ہو کر زیر زمین پانی سے مل جاتا ہے۔ بقیہ پانی دریاؤں کے ذریعے واپس سمندر میں چلا جاتا ہے جہاں اسکی تبخیر ہوتی ہے۔

### زیر زمین پانی: (Ground water)

مخصوص حالات میں زیر زمین پانی فواری کنووں میں اوپر کی جانب بھی بہہ سکتا ہے۔ زیر زمین پانی کا بہاؤ Runoff سے دھیما ہوتا ہے۔

آبی دور سمندر، آب وہوا اور زمین کے مابین پانی کی سادہ گردش نہیں ہے۔ بلکہ اس میں متعدد ضمنی ادوار کام کرتے ہیں۔

| ذخیرہ آب | جملہ پانی کا فی صد |
|---|---|
| بحر اعظم | 97.2169% |
| گلیشرس اور برفانی تودہ | 2.15% |
| زیر زمین پانی | 0.61% |
| Inland Seas | 0.0089% |
| جھیلیں | 0.008% |
| زمین کی نمی | 0.005% |
| آب وہوا | 0.001% |
| دریائیں | 0.0001% |
| حیاتیاتی کرہ | 0.0001% |
| حوالہ (Source): دنیا میں تازہ پانی کے ذرائع آکسفورڈ یونیورسٹی پریس نیوز | |

### آبی ذرائع:

پانی کا 97.2169% سمندری کھارا پانی ہے۔ اور صرف 2.7831% پانی تازہ ہے۔ تازہ پانی کا اعظم ترین حصہ یعنی (69.56%) انٹارٹیکا آرکٹک اور پہاڑی

SCERT TELANGANA

علاقوں میں برف اور برف کے غلاف کی شکل میں موجود ہے۔ 30.1% زیر زمین تازہ پانی موجود ہے۔ جملہ تازہ پانی کا 0.34% زمین پر جھیلوں، آبی ذخیروں اور دریائی نظام میں پایا جاتا ہے جو ہماری معاشی ضروریات کے لئے آسانی سے دستیاب ہے اور آبی ماحولیاتی نظام کے لئے بے حد اہم ہے۔

## سمندر:

بحر آعظم اور سمندر، بحر اعظموں زمین کی پہلے درجے کی خصوصیات ہیں۔ بھاری آبی اجسام بحر آعظم کہلاتے ہیں۔ ماہرین جغرافیہ نے زمین کے سمندری حصہ کو پانچ بر اعظمون میں تقسیم کیا ہے۔ ان کے نام بحر الکاہل، بحر اوقیانوس، بحر ہند، بحر منجمد جنوبی (بحر انتارتیک) اور بحر قطب شمالی
لفظ سمندر اکثر بحر آعظم کے ساتھ ادل بدل کر استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن صحیح معنی میں سمندر ایک کھارے پانی کا حصہ ہے۔ جو جزوی یا مکمل طور پر خشکی سے گھرا ہوا ہوتا ہے۔

عظیم سمندروں کی تقسیم بر آعظموں، مختلف مجمع الجزائر اور دیگر معیارات کے ذریعہ نمایاں کی گئی ہے۔ مزید معلومات کے لئے حسب ذیل جدول دیکھئے۔ نوٹ کیجئے یہ جدول رقبے اور سائز کے اعتبار سے گھٹتی ہوئی ترتیب میں ہے۔

| درجہ | بحر اعظم | تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | بحر الکاہل | ایشیاء اور اوشیانیا (آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، پاپا گنی، نیوگنی کو امریکہ سے جدا کرتا ہے |
| 2 | بحر اوقیانوس | امریکہ کو یوروپ اور افریقہ سے جدا کرتا ہے |
| 3 | بحر ہند | جنوبی ایشیا میں بہتے ہوئے آفریقہ اور آسٹریلیا کو جدا کرتا ہے |
| 4 | بحر انتارتک (بحر جنوبی) | کبھی بحر الکاہل سے بحر اوقیانوس اور بحر ہند کی توسیع سمجھا جاتا تھا انتارتیکا کے اطراف ہے |
| 5 | بحر منجمد شمالی (آرکٹک) | کبھی اوقیانوس کا سمندر سمجھا جاتا تھا جو آرکٹک دائرہ کے زیادہ تر حصہ پر پھیلا ہوا ہے اور جنوبی امریکہ اور یوریشیاء میں بہتا ہے |

روایتی سمندری مطالعاتی تحقیق کا آغاز برطانوی مہم Challenger سے ہی ہوا جو پہلی کامیاب عالمی عمیق سمندری مہم تھی۔

**کیا آپ جانتے ہیں**

لاکھوں سال قبل تمام سمندر آپس میں ملے ہوئے تھے اور واحد بڑا بحر اعظم Panthalsa کے نام سے جانا جاتا تھا۔

## بحر اعظم کے نشیب و فراز:


بحری طاس کئی طرح سے سطح زمین کے مشابہہ ہیں یہاں پر پہاڑی چوٹیاں، سطح مرتفع، گہری وادیاں، اور میدان پائے جاتے ہیں سمندری فرش کو عام طور پر 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے

1۔ **براعظمی کنارہ (Contenental Shelf):** 200 میٹر تک گہرائی سے سمندری رقبے کے 7.6% حصہ پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ زمین اور سمندر کے بیچ کا سرحدی علاقہ ہے۔ سب سے بڑا براعظمی کنارہ سائبریائی کنارہ ہے جو بحر منجمد شمالی میں واقع ہے جسکی چوڑائی 1500 کلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2019-20
SCERT TELANGANA

براعظمی کنارے نہایت اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ:

- مچھلیوں کے ذخائر اس علاقے میں کثرت سے پائے جاتے ہیں۔
- خام تیل اور قدرتی گیس یہاں کثرت سے پائے جاتے ہیں۔
- یہاں بندرگاہوں کی تعمیر ممکن ہے




**شکل 3.2 : سمندری فرش**

**2۔ براعظمی ڈھلان:** براعظمی کا ڈھلان پیچیدہ نشیب وفراز کے ساتھ 200 سے 3000 میٹر تک پھیلا ہوا ہوتا ہے۔ جو 15% سمندری رقبے پر کا احاطہ کرتا ہے براعظمی کے ڈھلان کی سرحد براعظموں کی نشاندہی کرتی ہے۔ سمندری وادیوں کا مشاہدہ اس علاقے میں کیا جاسکتا ہے۔ جو دریاؤں اور گلیشیر وں کے کٹاؤ کے عمل کی وجہ سے بنتے ہیں۔

**3۔ گہرے سمندری میدان (Abyssal Plain):** یہ میدان سمندری طاس کے کم ڈھلان والے علاقے ہوتے ہیں۔ یہ دنیا کے ہموار ترین اور ملائم ترین خطے ہیں۔ یہ 3000 سے 6000 میٹر کی گہرائی میں پائے جاتے ہیں۔ سمندری فرش کا 762% حصہ گھیرے ہوئے ہیں۔

**4۔ عمیق سمندری کھائیاں یا خندق Trenches:** یہ سمندری خندقیں وسیع و عریض سمندروں میں 6000 فٹ گہرائی تک ڈوبی ہوئی ہیں۔ ہماری توقع کے برخلاف زیادہ تر گہری خندقیں سمندروں کے بیچ میں واقع نہیں ہیں بلکہ براعظموں کے قریب پائی جاتی ہیں۔ تبھی تو یہ Plate کی حرکات کے مطالعہ میں بے حد اہم ہیں۔ اب تک 57 خندقوں کی تحقیق کی جا چکی ہے

> **کیا آپ جانتے ہیں**
>
> Isobaths سمندری تہہ کو زیر سطح مساوی عمودی فاصلے پر جوڑنے والا خط ہے جو کبھی سمندر کی گہرائی ظاہر کرنے والا خط کہلاتا تھا۔

کیا آپ اہم سمندری خندقوں Trenches کو جانتے ہیں۔

| سلسلہ نشان | خندق کا نام | بحر اعظم | گہرائی (میٹروں میں) |
|---|---|---|---|
| 1 | چیلنجر یا ماریانہ | بحرالکاہل | 11,022 |
| 2 | Naves یا Puertorico | بحراوقیانوس | 10,475 |
| 3 | Java | بحر ہند | 7,450 |



SCERT TELANGANA

## سمندر کا کھاراپن

کیا آپ نے کبھی غذا نمک کے بغیر کھائی ہے؟ کیا وہ مزیدار تھی؟ کیا قدیم انسان اپنی غذا میں نمک استعمال کرتا تھا؟ نمک سمندر کے علاوہ کہاں دستیاب ہوتا ہے کیا نمک صرف ذائقہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے؟ یا دیگر وجوہات کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ کیا آپ کے گاؤں کے تالاب کا پانی کھارا ہے؟ پھر سمندر کا پانی کھارا کیوں ہے؟ کیا آپ جانتے ہیں مہاتما گاندھی نے نمک کو بنیاد بنا کر عدم تعاون تحریک یا ڈنڈی مارچ کی قیادت کی تھی۔ جو بڑی تحریکات آزادی میں ایک تھی۔


کیا آپ کو کبھی تعجب ہوا کہ سمندر تازہ پانی کے بجائے کھارے پانی سے بھرے ہیں نمک کہاں سے آتا ہے؟ کیا یہ وہی نمک ہے جو آپ کے ڈائننگ ٹیبل پر پاتے ہیں؟ سمندر میں زیادہ تر نمک زمین سے آتا ہے۔ لاکھوں سالوں سے بارش، دریا اور موجیں چٹانوں پر سے بہتی رہتی ہیں جن میں مرکب سوڈیم کلورائیڈ ($NaCl$) پایا جاتا ہے جسے بہا کر سمندر میں لایا گیا۔ کیا آپ جانتے ہیں سوڈیم کلورائیڈ کا عام نام Table Salt ہے۔ سمندروں میں کچھ نمک زیر سمندر آتش فشانی پہاڑوں اور آبی حراری نالیوں سے آتا ہے۔ جب پانی سطح سمندر سے بخارات بن کر اڑ جاتا ہے تو پیچھے نمک چھوڑ جاتا ہے۔ لاکھوں سالوں بعد سمندر میں قابل غور حد تک نمکین پانی جمع ہو چکا ہے۔

Salinity یا کھاراپن کی اصطلاح سمندر کے پانی میں جملہ تحلیل شدہ نمک کی مقدار کی تعریف میں استعمال کی جاتی ہے۔ اس کا تخمینہ اس طرح لگایا جاتا ہے۔

1000 گرام سمندری پانی میں تحلیل شدہ نمک کی مقدار (گراموں میں) جو عام طور پر حصے فی ہزار (0%) یا PPT کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے۔ عام طور پر کہا جائے تو سمندروں کا کھاراپن 35% 0 ہے جو 1000 پانی کے حصوں کا 35واں حصہ ہے۔ تمام سمندروں کے پانی میں تحلیل شدہ معدنی مادوں کی بھاری مقدار پائی جاتی ہے۔ جس میں صرف سوڈیم کلورائیڈ یا عام نمک کی مقدار 77.8% فیصد ہوتی ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں**

دریائی پانی میں 0 2% سوڈیم کلورائیڈ پایا جاتا ہے




شکل 3.3: پانی کا کھاراپن

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2019-20

**سمندری کھارے پن پر اثر انداز ہونے والے عوامل کا ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے۔**

1۔ تبخیر اور ترسیب

2۔ ساحلی علاقوں میں دریاؤں کے تازہ پانی کے بہاؤ، قطبی علاقوں میں انجماد اور برف پگھلنے کا مرحلہ سطح کھارے پن پر بڑی حد تک اثر انداز ہوتے ہیں۔

3۔ ہوائیں بھی دوسرے علاقوں کو پانی منتقل کرکے ایک علاقے کے کھارے پن کو متاثر کرتی ہیں۔

4۔ سمندری لہریں

**کیا آپ جانتے ہیں**

| آبی اجسام میں عظیم ترین کھارا پن | آبی اجسام میں اقل ترین کھارا پن |
| --- | --- |
| 1۔ ڈان جان پونڈ - انٹارٹیکا - 440% | 1۔ بالٹک سمندر - 10% |
| 2۔ Retba جھیل - سینگال - 400% | 2۔ خلیج - ہڈسن 3.15%o |
| 3۔ Vanda جھیل - انٹارٹیکا - 350% | (ذریعہ: worldatlas.com) |

■ بالٹک سمندر میں کم کھارے پن کے اسباب بتلایئے؟

**Isohaline:** ایک خط جو سمندر میں موجود یکساں کھارے پن کے مقامات کو ظاہر کرتا ہے۔

## سمندری درجہ حرارت:

جب ہم زمین سے سمندری حرارت کا تقابل کرتے ہیں۔اس میں زیادہ تبدیلیاں ظاہر نہیں ہوتیں۔لیکن معمولی تبدیلیاں جو گہرا اثر چھوڑتی ہیں مثال کے طور پر ہندوستان میں جنوب مغربی مانسون کی تیزی ElNino, LaNina سے متاثر ہوتی ہے یہ وہ اثرات ہیں جو بحرالکاہل کی حرارت میں تبدیلی کی بنا پر ہوتے ہیں.

سمندری حرارت پر عرض بلد، سمندری لہریں، ہوائیں، زمین کی غیر مساویانہ تقسیم، اور موسموں کی تبدیلی اثر انداز ہوتی ہیں۔عام طور پر سمندری درجہ حرارت $-2^0C$ ڈگری سلسیس تا $29^0C$ ڈگری سیلسیس کے درمیان ہوتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

Inland Seas میں ریکارڈ شدہ اعظم ترین درجہ حرارت سب سے زیادہ درجہ حرارت $38^o c$ بحر احمر میں ہوتا ہے۔

### درجہ حرارت کی عمودی تقسیم

جیسے جیسے کوئی سمندر میں گہرائی میں جائے گا پہلے کلومیٹر پر تیزی کے ساتھ درجہ حرارت میں کمی واقع ہوگی پھر وہی برقرار رہے گا۔ اسکے بعد 5 کلومیٹر کی گہرائی تک درجہ حرارت میں یکساں کمی ہوتی ہے۔اسکے بعد سمندر کے نچلے حصے میں درجہ حرارت $2^o$ ڈگری سلسیس برقرار رہتا ہے۔

## سمندری لہریں

سمندری پانی کی وہ عام حرکت جو طویل فاصلے تک ایک واضح سمت میں ہو سمندری لہریں کہلاتی ہیں۔سمندری لہروں کو سمندری دریائیں بھی کہا جاتا تھا۔

SCERT TELANGANA

حرارت کی بنیاد پرسمندری لہروں کی درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔جیسے سرد لہریں اور گرم لہریں عام طور پر گرم لہروں کا بہاؤ قطبین کی جانب ہوتا ہے جبکہ سرد لہریں خط استواء کی جانب بہتی ہیں۔ رفتار اور ہلکے بہاؤ کی بنیاد پرسمندری موج کی درجہ بندی ہوسکتی ہے۔سمندری پانی کی لہر جو تیزی سے بہتی ہے اسے ریلاStream کہتے ہیں۔آہستہ بہنے والی لہرکوDrift یارو کہتے ہیں۔

## سمندری لہروں کی وجوہات

**1۔ Centrifugal Force مرکز گریز قوت:**

مرکز گریز قوت قطبین کے مقابلے میں خط استواء پر زیادہ ہوتی ہیں۔کیونکہ دوران گردش بڑے چکرے خط استواء سے ملتے ہیں ان قوتوں کی تبدیلی خط استوائی پانی کو قطبین کی جانب ڈھکیلتی ہیں۔

**2۔ ہواؤں کا اثر**

ہوا کا دباؤ اور حرکت لہروں کی فرضی سمت تبدیل کرتے ہیں۔ہواؤں کے روانی سے ٹکراؤ کے باعث سمندر کا پانی ہوا کی سمت کھینچا چلا جاتا ہے۔اس طرح 50 میل فی گھنٹہ کی رفتار کی ہوا 0.75 میل فی گھنٹہ کی رفتار والی موج پیدا کرسکتی ہے۔

**3۔ ترسیب کا اثر**

استوائی خطوں میں کثیر بارش سے سطح سمندر اونچی ہوجاتی ہے۔جس کے نتیجے میں پانی خط استواء سے شمال اور جنوب کی سمت حرکت کرتا ہے۔

**4۔ شمسی توانائی کا اثر**

پانی جب شمسی توانائی سے گرم ہوتا ہے تو پھیل جاتا ہے۔جس سے استوا کے قریب سمندری پانی کی سطح وسطی عرض بلد کے مقابلے 8 سنٹی میٹر اونچی ہوجاتی ہے۔جس کی وجہ سے درجہ حرارت میں ہلکا اضافہ پانی کو ڈھلان کی جانب اترنے پر مائل کرتا ہے۔

کھارا پن' کثافت' کا فرق' برف کا پگھلنا بھی سمندری لہروں پر اثر انداز ہوتا ہے۔

## سمندر بطور وسیلہ:

زمین سے زیادہ جاندار اجسام پانی کے اندر رہتے ہیں۔سمندروں میں مختلف شکلوں میں پائے جانے والے جاندار اجسام کی شناخت انسان ابھی تک نہیں کر پایا ہے۔زمانہ قدیم سے انسان اپنی غذا اور ذریعہ معاش کے لئے سمندروں پر انحصار کرتا آیا ہے سمندر مچھلیاں اور نمک جیسے غذائی ذرائع وافر مقدار میں فراہم کرتے ہیں۔ہم اپنے مکانوں اور صنعتوں کے لئے ریت اور کنکر بھی استعمال کرتے ہیں۔سمندروں سے معدنیات کلورین' فلورین' آیوڈین وغیرہ بھی حاصل ہوتے ہیں۔برقی پیداوار کے لئے سمندری لہروں کا استعمال کیا جاتا ہے۔سمندر کی تہہ سے تیل بھی نکالا جاتا ہے سمندروں سے قیمتی پتھر اور موتیاں بھی حاصل ہوتی ہیں صدیوں سے ہماری تہذیب اس کے ساحل پر آباد ہوئی ہیں۔سمندری سفر کے ذریعے بین ممالک تجارت بھی کی جاتی ہے۔ہمارے استحصال کا شکار سمندر بھی ہورہے ہیں بہت ساری بڑی مچھلیاں جیسے وھیل مچھلیاں معدوم ہوتی جارہی ہیں۔بحر اعظم پلاسٹک اور دیگر ناکارہ اشیاء کی ذخیرہ اندوزی کے میدان میں تبدیل ہوتے جارہے ہیں۔



**شکل 3.4: ممبئی ہائی میں پٹرولیم کی کھدوائی**

SCERT TELANGANA

## کیا آپ جانتے ہیں

| خالص پانی کی رسائی | |
|---|---|
| برف کی شکل میں | 69.56% |
| زیرزمین پانی | 30.10% |
| دریائیں، جھیلیں، آبی ذخائر | 0.34% |
| جملہ | 100.0% |

## کلیدی الفاظ

1۔ ریلا(Stream)  2۔ Drift  3۔ سمندری لہریں  4۔ عمل تبخیر

## اپنے اکتساب کو بڑھایئے۔

1۔ حسب ذیل میں جو مختلف ہے اس کی نشاندہی کیجئے اور اس جواب کے انتخاب کی وجہ بتایئے؟

(i) a) تبخیر  b) تکثیف  c) کھاراپن  d) ترسیب

(ii) a) ٹیکٹانکس  b) مرکز جو قوت  c) شمسی توانائی  d) ترسیب

2۔ غلط جملوں کی تصحیح کیجئے۔

a) براعظموں کے قریب میں سمندری کھائیاں پائی جاسکتی ہے؟  b) سمندری فرش کے نشیب وفراز زمین جیسے ہی ہوتے ہیں؟

c) سمندروں میں موجود نمک دراصل صدیوں سے زمین سے بہہ کر جا ملا ہے؟

d) ساری دنیا میں سمندروں کی درجہ حرارت ایک جیسی ہوتی ہے۔

3۔ کیا زمین کو ''نیلا سیارہ'' کہنا درست ہے؟ سمندروں پر اثرانداز ہونے والی سرگرمیوں میں سے کوئی ایک کی وضاحت کیجئے؟

4۔ مختلف سمندروں کے کھارے پن میں اختلافات کی کیا وجوہات ہوتی ہیں؟

5۔ انسانوں کی ترقی کیسے سمندروں سے مربوط ہے؟

6۔ صفحہ 35 پر دنیا کے نقشہ میں سمندری لہروں کا جائزہ لیجیے اور چند گرم اور سرد لہروں کے نام لکھیے۔

7۔ صفحہ 35 ''سمندر بطور وسیلہ'' کا پیراگراف پڑھیں اور تبصرہ کیجیے۔

## منصوبہ


1۔ بحرالکاہل، بحراوقیانوس اور بحرہند میں پائی جانی والی لہروں کی فہرست تیار کیجیے؟

2۔ مختلف سمندروں میں سرد لہروں کی نشاندہی کیجیے؟

| بحرالکاہل | | بحراوقیانوس | | بحرہند | |
|---|---|---|---|---|---|
| گرم لہریں | سرد لہریں | گرم لہریں | سرد لہریں | گرم لہریں | سرد لہریں |
| | | | | | |

SCERT TELANGANA

نقشہ - 1 سمندری لہریں




SCERT TELANGANA

باب
4

# فضائی کرہ

پچھلے سبق میں آپ زمین کے اور خاکی کرہ اور آبی کرہ کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔اس سبق میں ہم فضائی کرہ کے بارے میں پڑھیں گے۔

ہوا جس میں ہم سانس لیتے ہیں اس میں آکسیجن ہوتی ہے۔ہم اسکے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔ جب ہم سانس چھوڑتے ہیں تو کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج کرتے ہیں۔آکسیجن کو فراہم کرنے کے علاوہ فضائی کرہ دیگر اسباب کی بناء پر بھی زندگی کو ممکن بناتا ہے۔مثال کے طور پر یہ سورج کی نقصاندہ شعاعوں کو ہم تک پہنچنے سے روکتا ہے۔پودے شعاعی ترکیب کے لیے کاربن ڈائی آکسائیڈ' سورج کی روشنی اور پانی استعمال کرتے ہیں۔اور ہم آخر کاران سے لذیذ میوے' ترکاریاں' اجناس وغیرہ پاتے ہیں۔یہ ہمیں پروٹین' کاربوہائیڈریٹس' شکر' چربی' معدنیات' اور دیگر مقوی بخش غذائیں فراہم کرتے ہیں۔جو ہمیں زندہ رہنے کے لیے ضروری ہے۔یہ ہوائیں ہی ہوتی ہیں جو وسط سمندروں سے برآعظموں کو پانی بارش کی شکل میں پہنچاتی ہیں۔

اس کے بغیر چٹانوں کا کٹاؤ نہیں ہوتا۔اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم کئی قسم کی مٹی سے محروم رہ جاتے۔اور ہمہ اقسام کی فصلیں اگانے کے قابل نہیں ہوتے۔وغیرہ۔

فضائی کرہ کے بغیر ہم ٹھنڈی مانسونی ہواؤں' خوشبودار پھولوں کی مہک اور موسیقی کی صداؤں کا مزہ لے نہیں پاتے۔ہم خوبصورت پتنگیں اڑا نہیں سکتے تھے۔ چڑیاں اُڑ نہیں سکتی یا آسمان میں اونچی اڑان نہیں بھر پائیں۔جھنڈے نہیں لہراتے تو یہ حیرت انگیز اور شاندار چیز جو فضائی کرہ کہلاتی ہے کیا ہے؟



شکل 4.1: زمین کی تصویر جو زمین سے 322 کلومیٹر اونچائی سے لی گئی ہے۔فضاء زمین اور سیاہ خلاء کے درمیان ایک گہرے نیلے رنگ کی پٹی ہے۔



SCERT TELANGANA

فضائی کرہ ایک گیسوں کا سمندر ہے جو زمین کو گھیرے ہوئے ہے۔ اس کا مطلب ہم سب گیسوں کے سمندر میں تیر رہے ہیں (جیسے مچھلیاں پانی کے سمندر میں تیرتی ہیں) جب ہم زمین کی جسامت سے تقابل کرتے ہیں تو فضائی کرہ ایک بہت ہی باریک غلاف ہے۔ جو زمین کو گھیرے ہوتے ہیں۔ فضائی کرہ تقریباً 1000 کیلومیٹر موٹا ہے۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے خلائی ایجنسی (NASA) کی توضیح کے مطابق زمین کی جسامت ایک باسکٹ بال کی طرح ہے تو فضائی کرہ اس کے اطراف لپیٹی ہوئی پلاسٹک شیٹ کی طرح ہوگی۔

☆ اگر ہوا میں پانی کے بخارات نہ ہوتے تو کیا ہوتا؟

☆ سردی کے موسم میں ہماری جلد خشک ہوتی ہے کیوں؟

گیسوں پر مشتمل ہونے کے ناطے فضائی کرہ گیسوں کی تمام خصوصیات کو ظاہر کرتا ہے یہ سکڑتا اور پھیلتا ہے۔ اور اسکی کوئی ساخت نہیں ہوتی۔ (چھوٹی جگہ میں زیادہ سے زیادہ گیس بھری جاسکتی ہے۔ جیسا کہ آپ اپنی سیکل کے ٹیوب میں کرتے ہیں یہ گیسوں کا دباؤ ہے)۔ فضائی کرہ میں کئی گیسیں ہیں لیکن آکسیجن (تقریباً 21% بہ اعتبار حجم) اور نائٹروجن (تقریباً 78% بہ اعتبار حجم) نمایاں ہیں۔ دوسری گیسوں کا تناسب بہت کم ہے۔ جن میں argon، neon، کاربن ڈائی آکسائیڈ (تقریباً 0.3% بہ اعتبار حجم)، methane، امونیا، Ozone وغیرہ۔

پورے فضائی کرہ میں آبی بخارات کی مقدار تقریباً 0.4% لیکن یہ مقدار زیادہ تر سطح سے قریب ہوتی ہے۔ (سطح زمین سے 6 کلومیٹر اوپر تک) جی ہاں آبی بخارات گیس ہے! البتہ آسمان میں آپ جو بادل دیکھتے ہیں وہ آبی بخارات نہیں ہیں۔ وہ پانی کے چھوٹے قطرے (Droplets) ہیں۔

فضاء میں گیسوں کے علاوہ ملائم گرد کے اجزاء ہیں۔ جو ذرات کہلاتے ہیں۔ ذرات قدرتی طریقوں سے بھی آسکتے ہیں (مثال کے طور پر صحرا میں ریت کے طوفان اور جنگل میں لگی قدرتی آگ) اور انسانی عمل سے بھی (مثلاً جنگلوں کو جلانا، پٹرول جلانا اور صنعتی اخراج) یہ ذرات فضائی حالات کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ جو زمین پر زندگی کے لئے فائدہ مند ہو سکتے ہیں۔ آپ نے کبھی خوبصورت، چمکدار، نارنگی طلوع آفتاب یا غروب آفتاب دیکھا ہے؟ فضائی کرہ میں ذرات کی موجودگی چمکدار رنگ کا سبب ہے! اور بارش جس میں آپ کھیلنا، اولوں یا ژالوں کو جمع کر کے کھانا پسند کرتے ہیں؟ ذرات انہیں بھی ممکن بناتے ہیں۔ ذرات فضائی کرہ اور بارش کی ترتیب میں تبدیلی لاکر مسائل کا سبب بھی ہو سکتے ہیں۔ مثلاً وہ لوگوں کو سانس لینا دشوار بنا سکتے ہیں پتوں پر ٹھہر کر پودوں کے لئے تنفس اور شعاعی ترکیب دشوار بنا سکتے ہیں۔

☆ فضائی کرہ میں ذرات کن صورتوں میں ہمارے لئے فائدہ مند اور نقصان دہ ہیں انکی فہرست بنائیے۔

☆ ہمارے لیے فضاء کرہ کیوں اہم ہے؟

☆ کیا آپ تصور کر سکتے ہیں چاند پر زندگی کیوں ممکن نہیں ہے؟

## فضائی کرہ کی ساخت Structure of the atmosphere

جیسا کہ زمین کے اندر مختلف پرتیں ہیں۔ اسی طرح فضائی کرہ میں بھی مختلف پرتیں ہیں جو مختلف اجزاء پر مشتمل ہیں۔ کیا آپ ان پرتوں کا تصور کر سکتے ہیں۔ فضائی کرہ کی ساخت کا مطالعہ اتنا آسان کام نہیں ہے۔ جو بے حد پیچ و خم کے ساتھ پھیلا ہوا ہے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

سائنسدان اس بارے میں غباروں اور سٹیلائٹس وغیرہ کے ذریعہ معلومات حاصل کرتے ہیں۔ کیمیائی ترکیب کی بنیاد پر فضائی کرہ دو وسیع پرتوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1۔ Homosphere
2۔ Heterosphere

**Homosphere:** 90 کلومیٹر کی اونچائی تک پھیلا ہوا ہے۔ اس میں تین پرتیں پائی جاتی ہیں۔ ٹرافوسفیر، اسٹروٹوسفیر، میزوسفیر، گیسوں جیسے نائٹروجن، آکسیجن، آرگن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کی ترکیب میں یکسانیت اس کی خاص خصوصیت ہے۔

**Heteroshpere:** فضائی کرہ میں 90 کلومیٹر سے اونچی پرت heterosphere کہلاتی ہے۔ چونکہ اسکی ترکیب غیر یکساں یا مختلف ہوتی ہے۔ اس لئے Hetrosphere کہا جاتا ہے۔ اس کی دو پرتیں ہیں۔ تھرموسفیر اور ایکزوسفیر کثافت اور درجہ حرارت کی بنیاد پر فضائی کرہ کو 5 مختلف پرتوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے




4.2 : فضائی کرہ کی ساخت

1۔ **Troposhere:** ٹروپوسفیر فضائی کرہ کی سب سے نچلی پرت ہے اسکی اوسط بلندی 13 کلومیٹر ہے۔ جو قطبین کے قریب کم و بیش 8 کلومیٹر اور خط استواء پر تقریباً 18 کلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہے۔ ٹروپوسفیر کی پرت خط استواء پر موٹی رہتی ہے۔ کیونکہ طاقتور ہوا کی گردش حرارت کو بڑی بلندیوں پر منتقل کرتی ہے دور قطبین پر ہوا کی پرت کو پتلی کردیتی ہے۔

SCERT TELANGANA

جوفضائی کرہ کی جملہ گیسوں کی کمیت کے تقریباً 75% حصے اور عملاً تمام نمی اور گرد کے ذرات پر مشتمل ہے۔ موسم کی مکمل اصطلاح دراصل اس کرہ میں ہے۔اس پرت میں جیسے جیسے بلندی پر جائیں گے درجہ حرارت کم ہونے لگتا ہے۔ جو عام طور پر شرح ہبوط حرارت Normal Lapse rate کہلاتا ہے۔تکثیف' تبخیر بارش' طوفان وغیرہ۔اس پرت میں عمل میں آتے ہیں۔

2۔ **Strotosphere**:یہ پرت 50 کلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہے۔ یہ پرت بادلوں اور موسم کے حالات سے مکمل آزاد ہے جو ہوائی جہازوں کو اڑنے کے لئے حالات نہایت سازگار بناتی ہے Stratosphere کی ایک اہم خاصیت یہ ہے کہ اس میں اوزون پرت Ozone layer پائی جاتی ہے جیسے جیسے بلندی میں اضافہ ہوتا ہے حرارت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

3۔ **Metsosphere**: یہ پرت 80 کلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہے۔اس پرت میں (Meteorites) حجر شہابی خلاء سے داخل ہوتے ہی جلنے لگتے ہیں۔ بلندی میں اضافے کے ساتھ درجہ حرارت میں کمی واقع ہوتی ہے۔

4۔ **Thermosphere**: جو 400 کلومیٹر تک پھیلا ہوا ہے۔اس پرت میں بلندی میں اضافہ کے ساتھ درجہ حرارت تیزی سے بڑھتا ہے۔اس میں برقی سے چارج کئے ہوئے ذرات پائے جاتے ہیں۔جنہیں ions برقیرے کہتے ہیں۔ جو ریڈیائی لہریں زمین سے ارسال کی جاتی ہیں ان برق پاروں کے ذریعہ واپس زمین پر منعکس ہوتی ہیں۔اسے Inosphere بھی کہتے ہیں

5۔ **Exosphere**:یہ فضائی کرہ کی سب سے اوپری پرت ہے یہ بلندترین پرت ہے جس کے بارے میں بہت کم جانکاری ہے

☆ زندگی کس پرت میں پائی جاتی ہے؟

☆ ہمیں کس پرت کے بارے میں بہت کم معلومات ہیں؟

☆ فضائی کرہ کی کونسی پرت ہوائی جہاز اڑانے کے لئے موزوں ہیں کیوں؟

## دباؤ کی پٹیاں اوردائمی ہوائیں Pressure belts and planetary winds:

**ہوا کا دباؤ**:ہمارے اطراف جو ہوا ہے گیس کے سالموں (بہت چھوٹے ذرات) پر مشتمل ہے۔ یہ سالمے ہمیشہ ایک دوسرے کو یا جو شئے ان کے راستے میں آتی ہے ڈھکیلتے رہتے ہیں۔اس ڈھکیلنے کے زیراثر اکھٹا کسی شئے پر زور ڈالنے کو بطور ہوا کا دباؤ بیان کیا جاتا ہے۔ یوں ہوا زوردار دباؤ نہ صرف اوپر بلکہ نیچے اور بازو سے کسی شئے پر ڈالتی ہے۔ اگر وہ شئے اس جانب سے ہوا کے سامنے آجائے اگر سالمے زیادہ پائے جائیں تو ہوا کے دباؤ میں اضافہ ہوتا ہے۔ان میں سے زیادہ تر زور سے ڈھکیلتے ہیں۔ ایسا عموماً سطح زمین پر ہوتا ہے جیسا کہ زمین اپنی کشش کے باعث زیادہ تر ہوائی سالموں کو اپنی سطح پر کھینچتی ہے۔

تاہم اس میں ہوا گرم ہونے پر تبدیلیاں آتی ہیں۔ جب گیس کے سالمے گرم ہوتے ہیں (عموماً سطح زمین کے گرم ہونے کی وجہ سے ) بہت ساری توانائی پاتے ہیں تو بہت تیزی کے ساتھ حرکت کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ شروع میں اس کا مطلب ہوتا ہے۔ دباؤ میں اضافہ یعنی کہ وہ شئے کو زیادہ ڈھکیلنے لگتے ہیں۔تاہم توانا سالمے بلند اور بلندتر ہوکر اُڑنا شروع کر دیتے ہیں۔ یہاں یہ بات یاد رہے کہ اس وقت ان سالموں میں زمین کی کشش سے مزاحمت کرنے کی طاقت ہوتی ہے۔ جب زیادہ سالمے فضائی کرہ کی بلندی پر پہنچتے ہیں زمین سے قریب مقام ہوا کے سالموں کی تعداد بہت کم ہوجاتی ہے اس کا مطلب کم ڈھکیلنا یا کم دباؤ۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

اس لیئے ماہرین جغرافیہ کہتے ہیں، جب ہوا گرم ہوتی ہے تو ہوا کا دباؤ کم ہوتا ہے اور جب ٹھنڈی ہوتی ہے تو ہوا کا دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ سادہ جملے میں اگر ایک بڑھتا ہے تو دوسرا گھٹتا ہے جسے معکوس تعلق کہتے ہیں۔

جب گرم ہوا بلند ہو جاتی ہے تب زمین سے حاصل کی ہوئی توانائی (گرمی کی شکل میں) کھونا شروع کرتی ہے۔ جب توانائی کم ہوتی ہے تو سالمے دھیمے اور سست بن جاتے ہیں اور ایک دوسرے کے قریب آ جاتے ہیں۔ ہوا سرد اور کثیف بنتی جاتی ہے۔ کثیف ہوا کشش کی بناء پر واپس زمین پر گرنا شروع ہوتی ہے۔ اب اُن کے پاس کشش سے مزید مقابلہ کرنے توانائی ناکافی ہوتی ہے! جہاں یہ ٹھنڈی ہوا اترتی ہے ہوا کا دباؤ بڑھتا ہے۔

یہی نہیں بلکہ جب زمین کا کچھ حصہ گرم ہوتا ہے اور کم دباؤ کا سبب بنتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہاں بہت خالی جگہ ہے اور سالمے کم ہیں اب دوسرے حصوں سے جہاں دباؤ زیادہ ہے ہوا خالی جگہ کی طرف حرکت کرتی ہے اور اس کے لیے یہ دشوار نہیں کیونکہ اسے سطح زمین کے ساتھ حرکت کرنا پڑتا ہے اور اسطرح کشش کے خلاف جانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اسی لئے ہم کہتے ہیں کہ ہوا زیادہ دباؤ والے علاقوں سے کم دباؤ والے علاقوں کی طرف چلتی ہے۔

## دباؤ کی پٹیاں Pressure Belts:

سطح زمین یکساں گرم نہیں ہوتی۔ زمین سمندر سے جلد گرم ہوتی ہے۔ اندرونی زمین جو سمندر سے دور ہوتی ہے تیزی سے گرم ہوتی ہے۔ بہ نسبت اس زمین کے جو سمندر کے قریب ہے۔ تو سطح زمین کے اوپر کی ہوا بہت جلدی گرم ہوتی ہے۔ پانی گرم ہونے زیادہ وقت لیتا ہے۔ لہٰذا ہوا جو پانی کے اوپر ہو بہت آہستہ گرم ہوتی ہے۔

تاہم جب ٹھنڈا ہونے کی بات آتی ہے تو زمین تیزی سے ٹھنڈی ہوتی ہے اور اس کے مقابلے میں پانی آہستہ ٹھنڈا ہوتا ہے۔ ایک دوسرے کے مقابلے اسطرح گرم اور ٹھنڈا ہونے کا عمل مختلف جگہوں میں مختلف ہوتا ہے۔ اس لئے ایک مقام سے دوسرے مقام پر دباؤ میں بھی تبدیلی آتی ہے۔

مزید یہ کہ آپ عرض بلد اور موسموں کے درمیان تعلق کو جان چکے ہیں۔ آپ نے جانا کہ منطقہ حارہ کے عرض بلد بہت شدید مقدار میں اشعاع حرارت Solar rediation پا کر گرم تر ہوتے ہیں بہ نسبت معتدل یا قطبی عرض بلد سے جو کم شدت کی اشعاع حرارت پاتے ہیں لہٰذا منطقہ حارہ کے علاقے بقیہ دنیا سے گرم ہوتے ہیں۔ اس لئے دنیا میں درجہ حرارت میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ دباؤ میں تبدیلی ہوتی ہے۔

جیسا کہ پانی اونچے مقام سے نچلے مقام کو حرکت کرتا ہے۔ اور حرارت گرم اشیاء سے ٹھنڈی اشیاء کی طرف حرکت کرتی ہے۔ ہوا زیادہ دباؤ والے علاقوں سے کم دباؤ کی طرف حرکت کرتی ہے۔ جب ہوا اس طرح حرکت کرتی ہے تو ہم اسے باد wind کہتے ہیں۔


اگر یہ دھیمی رفتار سے چلے تو اور ہم اس میں ہم آرام دہ محسوس کرتے ہیں تو ہم اسے نسیم Breeze کہتے ہیں۔ اگر یہ ہوا مختصر اور تیزی سے ساتھ پھٹ کر آتی ہے تو ہم اسے Gust جھکڑ کہتے ہیں۔ اگر یہ بہت تیزی سے حرکت کر کے اطراف کی چیزوں کو پھونک مارتی ہے۔ اسے آندھی کہتے ہیں۔ آندھرا پردیش کے ساحل پر ہم Cyclones کو دیکھتے رہتے ہیں جو بہت تیز رفتار ہوائیں ہوتی ہیں۔

SCERT TELANGANA

ہوائیں دنیا میں ہر جگہ چلتی ہیں۔ خط استواء پر زیادہ درجہ حرارت فضائی کرہ کو گرم کرتا ہے۔ اور گرم ہوائیں اُٹھتی ہیں۔ جو سطح زمین پر خط استواء کے گرد پر کم دباؤ پیدا کرتی ہے۔ یہ کم دباؤ والی پٹی (یہ زمین کے گرد پٹی جیسی ہوتی ہے) جو خط استواء کی کم دباؤ والی پٹی یا بین منطقہ حارہ کا سیلانی خطہ Inter Tropical Convergence Zone جس کا مخفف (ITCZ) ہے۔ جیسے یہ ہوا اُٹھتی ہے یہ ٹھنڈی ہو کر اترنا شروع ہوتی ہے۔ لیکن یہ واپس اسی راستے پر نہیں آسکتی جس راستے پر یہ اوپر گئی تھی۔ جیسا یہ فضائی کرہ کی اوپری بلندیوں پر پہنچتی ہے۔ استوائی خطے سے دور شمالی اور جنوبی نصف کرہ کی جانب پھیل جاتی ہے۔ جیسے یہ پھیلتی ہے اترنا بھی شروع کرتی ہے۔ جو سرد تر' کثیف تر ہوتی ہے اس لئے واپس زمین پر ڈوبنا شروع کرتی ہے۔ جہاں یہ اترتی ہے ہمیں پتہ چلتا ہے دباؤ زیادہ ہے۔ یہ پٹی Sub Trophical High Pressure Belt زیادہ دباؤ والی منطقہ حارہ کی پٹی کہلاتی ہے۔

ہوا جب نیچے آچکی ہو تو سطح زمین ٹکرا کر دو حصوں میں تقسیم ہو جاتی ہے۔ ایک حصہ دوبارہ خط استواء کے کم دباؤ والے علاقے کی طرف دوڑتا ہے جب وہ وہاں پہنچتی ہے تو دوبارہ گرم ہوتی ہے اور اوپر اٹھتے ہے۔ اسطرح ہواؤں کا استوائی چکر مسلسل چلتے رہتا ہے۔


ہوا کا دوسرا حصہ اگلے بلند تر عرض بلد کی جانب دھکیلا جاتا ہے۔ جہاں دباؤ کم تر ہوتا ہے ہم یہاں حوالہ کی غرض سے ان ہواؤں کا نام دیتے ہیں۔ A (یاد رہے کہ A ان ہواؤں کا باضابطہ نام نہیں ہے۔ ہم اسے یہاں سہولت کے لئے استعمال کررہے ہیں)




**شکل 4.3 : دباؤ کی پٹیاں اور دائمی ہوائیں**


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

شمالی اور جنوبی قطبین کے علاقوں میں ہوا اتنی سرد ہوتی ہے کہ جہاں ہوا کا دباؤ زیادہ ہوتا ہے (قطبی زیادہ دباؤ کی پٹی) بہ نسبت آرکٹک (شمال میں) اور انتارتک منطقے کے (جنوب میں) (قطبی کم دباؤ والی ضمنی پٹی) لہذا قطبی ہوائیں ان کم دباؤ والے علاقوں کی طرف دوڑتی ہے جہاں وہ A نامی ہواؤں سے ملتے ہیں




شکل 4.4: زمین کی گردش کا اثر

عموماً ہم توقع کرتے ہیں کہ ہوائیں شمال سے جنوب یا جنوب سے شمال منطقہ معتدلہ سے منطقہ حارہ کی طرف سیدھی حرکت کرتی ہیں۔ (یاد رہے منطقہ معتدلہ خطِ استواء کی دونوں جانب شمال اور جنوب میں واقع ہے) لیکن اصل میں ہوائیں شمال نصف کرہ کی قدرے سیدھی جانب (مشرق کی طرف) اور جنوبی نصف کرہ میں بائیں جانب (مغرب کی طرف) حرکت کرتی ہیں۔ یہ زمین کی اس کے محور کے اطراف گردش کا اثر ہے۔ اس اثر کو Coriolise Effect کہتے ہیں جو خط استواء کے قریب صفر اثر اور قطبین کے قریب اعظم ترین اثر رکھتے ہیں۔

اس طرح فضائی کرہ ہمیشہ دنیا کے اطراف گردش کرتا ہے۔ دنیا کے اطراف موسم اور آب وہوا کی ترتیب میں ہوائیں اہم رول ادا کرتی ہیں۔ ہواؤں نے تاریخ میں بھی اہم رول ادا کیا ہے۔ مثال کے طور پر واسکوڈی گاما نے ہندوستان کے لئے بحری راستہ ہواؤں کی مدد سے اپنے جہاز چلا کر دریافت کیا۔ وہ بڑی مقدار میں کالی مرچ اور دارچینی وغیرہ کی حمل ونقل وتجارت پرتگال کو اسی بنا پر کرسکا۔ اس طرح یہ ہوائیں بھی پرتگالیوں کے گوا پر اقتدار کے قیام میں اہمیت کی حامل تھیں۔

SCERT TELANGANA

یاد رہے کہ ہواؤں کی ترتیب میں دیگر کئی چھوٹی مقامی تبدیلیاں آتی ہیں۔

## ہواؤں کی درجہ بندی Classification of Winds

ہواؤں کی رفتار، انکی خصوصیات، انکی سمت اوران کی چال کے تحت ان کو تین قسموں میں درجہ بندی کی جاتی ہے۔

1۔ دائمی ہوائیں Planetery Winds: دائمی ہوائیں سال تمام چلتی ہیں۔

2۔ موسمی ہوائیں Seasonal Winds: ان کا چلنا علاقوں یا موسموں تک محدود ہے۔

3۔ مقامی ہوائیں Local Winds: کسی علاقے تک محدود ہیں۔

## دائمی ہوائیں: Planetary Winds

وہ ہوائیں جو عالمی دباؤ کی پٹیوں کے اوپر مستقل، مسلسل اور پابندی سے چلتی ہیں دائمی ہوائیں Planetary Wind کہلاتی ہیں۔

☆ شکل 4.3 کا مشاہدہ کیجئے اور تبصرہ کیجئے کہ مغربی ہوائیں، تجارتی ہوائیں اور قطبی ہوائیں، کس پٹی سے کس پٹی کی طرف چلتی ہیں؟

یہ تین قسم کی ہیں۔ تجارتی ہوائیں (Trade Winds)، مغربی ہوائیں (Westerlies Winds) اور قطبی ہوائیں (Polar Winds) تجارتی ہوائیں منطقہ حارہ میں مغربی ہوائیں منطقہ معتدلہ میں اور قطبی ہوائیں قطبی پٹی میں چلتی ہیں۔ تجارتی ہوائیں مشرقی سمت سے یعنی مشرق سے مغرب کی طرف حرکت کرتی ہیں شمال مشرقی تجارتی ہوائیں شمال نصف کرہ میں چلتی ہیں۔ اور جنوب مشرقی تجارتی ہوائیں جنوبی نصف کرہ میں چلتی ہیں۔ مغربی ہوائیں مغرب سے مشرق کی طرف چلتی ہیں۔ اسی لئے انہیں مغربی ہوائیں کہتے ہیں۔ مغربی ہوائیں شمالی نصف کرہ میں جنوب مغربی سمت سے اور جنوبی نصف کرہ شمال مغربی سمت سے میں چلتی ہیں۔ قطبی خطوں میں مشرقی ہوائیں چلتی ہیں۔

## دائمی ہواؤں کے اثرات:

آپ نے نوٹ کیا ہوگا ہوا کا دباؤ اور چلنے کا نظام دراصل آبی کرہ اور خاکی کرہ کا فضائی کرہ پر اثر ہوتا ہے۔ یہ ہوائیں دنیا کے گرد حرارت اور نمی کو منتقل کرنے میں اہم رول ادا کرتی ہیں۔ اسی لئے دنیا کا کوئی بھی خطہ نہ انتہائی سردی اور نہ انتہائی گرمی حاصل کرتا ہے۔ تا کہ زندگی کی بقا ہو۔ اگر آب و ہوا کا وجود نہ ہوتا (جیسا کہ چاند پر) دن میں منطقہ حارہ میں نا قابل برداشت گرمی ہوتی یا قطبی علاقوں میں رات کے وقت اتنی ہی شدت کی سردی ہوتی تاہم یہ ہوائیں گرمی اور نمی کو یکساں تقسیم نہیں کرتے۔ جس کی بناء پر ہم زمین کے کچھ حصے بالکل گرم اور کچھ حصے سرد تر کچھ حصوں میں زیادہ بارش اور کچھ میں صحراء دیکھتے ہیں۔

## موسمی ہوائیں Sesional Winds:

ہندوستان میں جو بارش ہوتی ہے بنیادی طور پر موسمی ہواوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ ملک کے تمام عوامل مانسون سے تعلق رکھتے ہیں۔

لفظ مانسون عربی زبان کے لفظ موسم سے اخذ کیا گیا ہے۔

مانسون کا وجود سمندر اور زمین کے ٹھنڈے ہونے میں فرق کی بناء پر ہے۔ شمال مغربی ہندوستان میں کم دباؤ والا منطقہ پیدا ہوتا ہے۔ جبکہ جنوبی مشرقی تجارتی ہوائیں خط استواء پار کرتی ہیں۔، زمین کا گردش اثر Coriolis Effect کے نتیجے میں جزیرہ نما ہند اور متصل ممالک میں جنوب مغربی مانسون بنتا ہے۔ موسم سرما میں مخالف دباؤ کی پٹیاں یعنی شمال مشرقی تجارتی ہوائیں خط استواء پار کرتی ہیں۔ Coriolis Effect اثر کے نتیجے میں شمال اور شمال مشرقی آسٹریلیا میں جنوب مشرقی مانسون بنتا ہے۔

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

### c۔ مقامی ہوائیں Local Winds:

یہ ہوائیں مقامی طور پر درجہ حرارت اور دباؤ میں فرق کی وجہ سے چلتی ہیں۔اور چھوٹے سے علاقے کو متاثر کرتی ہے گرم مقامی ہوائیں علاقے کے درجہ حرارت میں اضافہ کا باعث بنتی ہیں۔ٹھنڈی مقامی ہوائیں بعض وقت علاقے کے درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے لاتی ہیں۔ یہ مقامی ہوائیں ٹروپوسفیر کے نچلے پرتوں پر چلتی ہیں۔ پہاڑ اور وادیوں کی ہوائیں نسیم بحری اور نسیم بری مقامی ہواؤں کی قسموں میں سے زیریں ہوائی کرہ کا گرم یا ٹھنڈے ہونے کی وجہ سے جو دباؤ بتدریج کمی یا زیادتی (دباؤ میں تبدیلی) قائم ہوتی ہے تو یہ مقامی ہوائیں ردعمل ظاہر کرتی ہیں۔

#### مقامی گرم ہوائیں Hot Local Winds:

1۔ Chinook یہ ہوائیں ریاست ہائے متحدہ امریکہ، کینڈا، اور شمالی امریکہ کے علاقے میں واقع کوہ راکیز Rockey Mountains سے چلتی ہیں۔کئی لوگوں کا ایقان ہے کہ لفظ Chinook کے معنی برف خور Snoweater ہیں(اصل میں یہ امریکہ کے




**شکل 4.5 : Chinook ہوائیں**

متوطن قبیلے کا نام ہے جسے Chinook کہتے ہیں) یہ لوگ اس خطے میں رہتے ہیں جہاں یہ ہوائیں چلتی ہیں۔ یہ زیادہ تر سرما کے دوران گھانس کے میدانوں کو برف سے صاف رکھتی ہیں۔ایسی مماثل ہوائیں جو یوروپ میں چلتی ہیں۔ Foehn کہلاتی ہیں۔ جو آلپس Alps کے شمال ڈھلان پر سے چلتی ہیں یہ برف کو پگھلاتی ہیں موسم کو خوشگوار بناتی ہیں اور انگوروں کو جلد پکنے میں مدد کرتی ہیں۔

2۔ LOO لو: یہ گرم ہوائیں ہیں جو مئی اور جون کے مہینوں میں شمالی ہند کے میدانوں میں مغرب سے مشرق کی طرف چلتی ہیں۔ عظیم درجہ حرارت کی بنا پر یہ لوگوں کو لُو سے متاثر کرتی ہیں۔

صحرائے عرب میں Simmon، جاپان میں Yoma، نیوزی لینڈ میں Nor wester، گرم ہواوں کی دیگر چند مثالیں ہیں۔

#### سرد مقامی ہوائیں Cold Local Winds:

1۔ Mistral: بہت مشہور سرد ہوا مسٹرل ہے۔جو فرانس کے اوپر آلپس سے بحرہ روم کی طرف چلتی ہیں اس کا گذر وادی رہوم سے ہوتا ہے یہ بہت ہی سرد اور خشک ہوا ہے۔


SCERT TELANGANA

2۔ Puna: یہ Andes خطے کی سرد مقامی ہوا ہے۔

3۔ Pampero: یہ سرد قطبی ہوائیں ہیں جو جنوبی امریکہ کے Pampas بمپاس خطے میں تیزی سے چلتی ہیں۔

## موسم اور آب وہوا Weather and Climate:

آپ نے سنا ہوگا کہ ایک کرکٹ میاچ خراب موسم (بارش) کی بنا پر ملتوی کیا گیا ہے۔آپ نے اپنے کھیلوں کو زیادہ بارش یا زیادہ گرمی کی بناء پر یہ کہہ کر ملتوی کیا ہوگا ''موسم نا مناسب ہے''

آپ نے لوگوں کو کہتے ہوئے بھی سنا ہوگا ''اس سال مانسون وقت پر ہوگا'' بہت سے میووں کی قیمتیں غیر موسم میں بڑھ جاتی ہیں لیکن موسم میں انکی قیمت کم ہوجاتی ہے۔آپ نے ایسا بھی سنا ہوگا ''شمالی ہند کی آب وہوا میرے لئے مناسب نہیں ہے'' یہ دولفظ موسم اور آب وہوا جغرافیہ کی دو اہم اصطلاحیں ہیں۔ یہ ہماری زندگیوں کو مختلف طریقوں سے ڈھالتی ہیں۔اور کئی لوگ ان اصطلاحوں میں الجھ جاتے ہیں۔

اکثر لوگ موسم کے بجائے آب وہوا اور آب وہوا کے بجائے موسم کا استعمال کرتے ہیں اس سکشن کے اختتام پر آپ ان میں فرق جانیں گے۔

گیسوں اور ذرّات کا آمیزہ فضائی کرہ Atmosphere کہلاتا ہے۔ یہ جامد نہیں بلکہ بے حد حرکیاتی ہے۔یہ اوپر نیچے افقی اور تمام سمتوں میں حرکت کرتا ہے۔حرکت سے اسکی خصوصیات میں تغیر ہوتا ہے۔یہ گرم سرد تر' خشک یا نم ہوسکتا ہے۔

جب آپ فضائی کرہ کے مختصر مدت کے حالات (جو زیادہ تر دس دن سے زیادہ ہیں ہوتے ہیں) بیان کرتے ہیں تو وہ علاقے کا موسم ہوتا ہے۔موسم روزانہ تبدیل ہوسکتا ہے یا ایک ہی دن میں تبدیل ہوسکتا ہے۔

آب وہوا Climate سے مراد علاقوں میں طویل مدت کے اوسط فضائی کیفیات کا ہیں۔آب وہوا کی کیفیات دہوں پر محیط فضائی اعداد و شمار اوران کے اوسط کی معلومات پر مبنی ہوتے ہیں۔آب وہوا ہمیں سال کی مقررہ مدت کی کیفیات بتاتی ہیں نہ کہ مخصوص ایام کی۔

ہم Atmosphere فضائی کرہ کو کیسے بیان کریں گے؟ ہم a) درجہ حرارت b) دباؤ c) ہوا d) رطوبت اور e) ترسیب کو استعمال کرتے ہیں۔ یہ سب موسم Weather کے عناصر ہیں جنہیں ہم آب وہوا Climate کو بیان کرنے کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں۔اس لیے یہ آب وہوا کے عناصر بھی ہیں۔آپ صرف دباؤ اور ہواؤں کے بارے میں میں اوپر سیکھ چکے ہیں۔آیئے اب دیگر عناصر پر نظر ڈالتے ہیں۔

**درجہ حرارت Temperature:** جماعت ہشتم میں آپ آب وہوا کے درجہ حرارت کے بارے میں جان چکے ہیں جہاں آپ نے پانا جی' شملہ اور دہلی کے درجہ حرارت کی ترتیب کا تقابل کیا۔آپ نے یہ بھی جانا کہ شملہ' پانا جی اور دہلی کے مقابلے بلندی پر ہونے سے سرد تر درجہ حرارت کا حامل ہے۔آپ جیسے جیسے سطح زمین پر بلندی پر جائیں گے درجہ حرارت کم ہوگا۔

## رطوبت اور ترسیب Humudity and Perceipitation:

ہم اس سیکشن میں دیکھیں گے کہ فضائی کرہ میں آبی کرہ دورکس طرح کام کرتا ہے۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ کس طرح آبی کرہ اور فضائی کرہ ایک دوسرے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔فضائی کرہ میں پانی کے بخارات ایک اہم عنصر ہے۔زیادہ تر مقامات پر فضائی کرہ میں پانی کے بخارات کی


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

مقدار میں وقت کے ساتھ موسمی ترتیب میں تغیر وتبدیلی آتی ہے۔کئی مقامات پر سرما خشک اور سرد ہوتا ہے ایسے مقامات میں ہماری جلد کھجلی اور خشکی محسوس کرتی ہے اور پھٹ سکتی ہے۔آپ شاید پھٹے ہونٹوں کا شکار ہو چکے ہونگے۔جس کے لئے آپ Lip Balm ٗ ویسلین Vasceline اور کسی قسم کا تیل استعمال کر چکے ہوں۔

یہ آبی بخارات ہی ہیں جو زیادہ درجہ حرارت سے ملکر آپ کو حبس اور پسینہ کا احساس دلانے کا سبب بنتے ہیں۔جب ایسا ہوتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ ''بہت مرطوب'' ہے یا رطوبت زیادہ ہے۔لیکن تمام مقامات اس معاملے میں یکساں نہیں ہیں۔کچھ مقامات بہت خشک ہوتے ہیں (مثال کے طور پر صحراء)۔فضائی کرہ میں نمی (آبی بخارات) آبی اجسام سے بذریعہ تبخیر اور نباتات سے بذریعہ اخراج حاصل ہوتی ہے۔رطوبت سے مراد ہوا میں پانی کے بخارات کی مقدار ہے۔زیادہ رطوبت میں ہمارا پسینہ ہمیں ٹھنڈک نہیں دیتا کیونکہ یہ بخارات نہیں بن پاتا۔کم رطوبت میں ہم بہت پیاس محسوس کرتے ہیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں**

رطوبت پیما (Hygrometer) وہ آلہ ہے جو ہوا میں موجود آبی بخارات (رطوبت) کی پیمائش کرتا ہے۔

یاد کیجیے ان ذرات کو جن کے بارے میں آپ پہلے سیکھ چکے ہیں اعادہ کیجیے کہ یہ کس طرح بارش میں مدد کرتے ہیں؟

ہم رطوبت کو راست بیان نہیں کرتے بلکہ متناسب رطوبت کی اصطلاح استعمال کرتے ہیں۔متناسب رطوبت Relative Humidity دو چیزوں کے درمیان تناسب ہے۔

1۔ مقررہ درجہ حرارت اور دباؤ پر آبی بخارات کی زیادہ سے زیادہ مقدار جس کو ہوا سہار دے سکتی ہے۔

2۔ کسی مقررہ وقت پر آبی بخارات کی وہ مقدار جو واقعتاً موجود ہے۔

مثال کے طور پر 20 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت پر ہوا 80 گرام آبی بخارات فی کیوبک میٹر سہار سکتی ہے۔اگر آبی بخارات کی موجودگی کی اصل مقدار صرف 40 گرام ہے تو تناسب رطوبت 50% ہوگی۔درجہ حرارت میں اضافہ اور آبی بخارات میں کمی سے تناسب رطوبت میں کمی ہوتی ہے۔وہ سطح درجہ حرارت جو سطح سیری Saturation Level کو پہنچتا ہے۔نقطۂ اوس یا Dew Point کہلاتا ہے۔ کیا آپ اوس کے قطرے دیکھ چکے ہیں؟ یہ کہاں پائے جاتے ہیں؟ اگر فضائی کرہ 100% متناسب رطوبت رکھے تو یہ سطح سیری Saturation Level کہلاتا ہے۔

## Condensation تکثیف:

تکثیف ضد ہے تبخیر کی۔جیسا کہ اس میں آبی بخارات پانی کے چھوٹے چھوٹے قطروں یا برف کے قلموں میں تبدیل ہوتے ہیں۔ جب تناسب رطوبت 100% سے بڑھتی ہے تو فضائی کرہ میں موجود زائد آبی بخارات تکثیف پا کر پانی کے چھوٹے قطرے بنتے ہیں۔مثال کے طور پر 20 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت پر ہوا 49 گرام آبی بخارات فی کیوبک میٹر پر مشتمل ہوتی ہے۔اور 10 ڈگری سیلسیس پر ٹھنڈی ہوتی ہے۔جو

SCERT TELANGANA

صرف 40 گرام آبی بخارات سطح سیری پر رکھ سکتی ہے۔زائد 9 گرام آبی بخارات تکثیف پاتے ہیں عمل تکثیف صرف اسی وقت ہوسکتا ہے جب فضائی کرہ میں چھوٹے ذرات موجود ہوں۔تکثیف سطح اتصال Contact Surface پر بھی ہوسکتی ہے۔مثال کے طور پر ایک گلاس کو جب سرد پانی سے بھرتے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟ کیا آپ نے مشاہدہ کیا؟ گلاس کی بیرونی پرت پر تکثیف ہوتی ہے جیسا کہ ہوا میں پائی جانیوالی نمی سرد سطح سے ملتی ہے۔جب پانی کے بخارات سطحوں پر جیسے پودوں پر تکثیف پاتے ہیں تو ہمیں اوس یا شبنم نظر آتی ہے۔

فضائی کرہ میں گرد کے ذرات آبی بخارات پانی کے سالموں کو اپنی طرف کشش کرتے ہیں جس کے سبب (تکثیف مزید گاڑھا پن) آبی بخارات پانی کے چھوٹے چھوٹے قطروں میں تکثیف پاتے ہیں۔یہ چھوٹے چھوٹے قطرے لاکھ دس لاکھ مل کر مختلف قسم کے بادلوں کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں۔اگر بادل کافی سرد ہوں تو ان میں برف کے قلم پائے جاتے ہیں۔بادلوں کو ان کے اشکال اور بلندیوں کی بناء پر ان کی مختلف قسموں میں درجہ بندی کی گئی ہے۔مثلاً Cirrus Clouds (جو بلندی پر پائے جاتے ہیں) Cumulus Clouds (درمیانی سطح پر) Strnatus clouds (نچلی سطح پر) Nimbus (بارش رکھنے والے افقی بادل) پائے جاتے ہیں۔

عمل تکثیف کے ساتھ ہی پانی کے چھوٹے قطرے بھاری ہو کہ زمین پر بطور ترسیب گرتے ہیں (لاطینی لفظ Praecipiatatio کا مطلب سرے کا بل شاقول پر گرنا) مثلاً بارش برف' ژالہ وغیرہ کی شکل میں۔اگر یہ پانی کے چھوٹے قطرے سطح زمین سے قریب تر تکثیف پاتے ہیں تو ہلکے ہو جاتے ہیں تو کہر یا دھند حاصل ہوتی ہے۔

## ترسیب کے اشکال Forms of Precipiation:

بارش ترسیب کی سب سے عام مثال ہے۔جب نقطہ انجماد سے کم درجہ حرارت پر تکثیف عمل میں آتی ہے۔تو آبی بخارات راست طور پر برف کی قلموں میں تبدیل ہوتے ہیں۔اور برف کے گالوں کی شکل میں زمین پر گرتے ہیں۔اس قسم کی ترسیب برف باری کہلاتی ہے برفباری وسطی اوراونچے،عرضی بلدوں اور پہاڑی خطوں میں بالکل عام ہے۔

جب بارش سطح زمین سے قریب سرد پرت سے گرتی ہے پانی کے قطرے برف میں منجمد ہو کر نیچے گرتے ہیں اس قسم کی ترسیب Sleet کہلاتی ہے۔

جب فضائی کرہ میں طاقتور عمودی بحری روائیں پیدا ہوتی ہیں۔تو اونچے مقامات میں کم درجہ حرارت پر تکثیف ہوتی ہے۔برف کی قلمیں بتدریج بڑی ہوتی ہیں لیکن بڑھتی رووَں کی بنا پر نیچے نہیں گرتیں۔آخر کار برف کی قلموں کے قطر کی ساخت میں کچھ سر اضافہ ہوتا ہے اور ٹھوس شکل مین نیچے گرتے ہیں اس قسم کی ترسیب ژالہ باری کہلاتی ہے۔ژالہ باری سے فصلوں اور عمارتوں کو نقصان پہنچتا ہے۔

## بارش کے اقسام Types of Rainfall:

نقطہ آغاز کی بنیاد پر بارش کی تین قسموں میں درجہ بندی کی گئی ہے۔

1۔ Convectional Rainfall گرجتی برسات


2۔ Orographic Rainfall طبعی بارش

3۔ Cyclone Rainfall طوفانی بارش

SCERT TELANGANA

## گرجتی برسات Convectional Rainfall

اس قسم کی بارش اس وقت ہوتی ہے جب مرطوب ہوا گرم سطح زمین کی وجہ سے اپنے اطراف کی ہوا کی بہ نسبت گرم ہو جاتی ہے تو اوپر کی جانب اٹھتی ہے وہاں ٹھنڈی ہو کر پھیلتی ہے اور منجمد ہوتے ہوئے پانی کی شکل اختیار کرتی ہے گرجتی برسات نشیبی عرض بلد میں عام ہے اس طرح دن کے گرم ترین حصے کے فوری بعد عموماً مختصر زوردار پھواروں کی شکل میں بارش ہوتی ہے۔ یہ بارش گرما میں برآعظموں کے اندرونی حصوں میں ہوتی ہے۔ یہ بارش بجلی کی کڑک اور چمک کے ساتھ بھی ہوتی ہے۔





## طبعی برسات Oragraphic Rainfall

طبعی برسات کو کبھی Orogenic rainfall بھی کہتے ہیں لفظ Ores لاطینی لفظ ہے۔ جس کے معنی پہاڑ کے ہیں۔ مرطوب ہوا جب اُٹھ کر پہاڑوں پر یا بلندی پر اپنا راستہ بناتی ہے یہ بارش ہوتی ہے۔ اس طرح کئی پہاڑی سلسلے ہوا کی سمت بھاری ترسیب حاصل کرتے ہیں جبکہ Leeword sides میں ہوا کم چلتی ہے جہاں کم بارش ہوتی ہے ایسی صورتحال زیادہ تر ہندوستان کے مغربی ساحل پر پیدا ہوتی ہے۔

بحرہ عرب کی مرطوب ہوا مغربی گھاٹ کی وجہ سے اوپر کو اُٹھتی ہے نتیجتاً پھیل کر اور ٹھنڈی ہو کر بارش ہوتی ہے۔ مغربی گھاٹ کی دوسری جانب اترتی ہوا رطوبت سے محروم رہتی ہے۔ لہٰذا سطح مرتفع دکن کے مرکزی حصے میں بارش نہیں برساتی اس طرح یہ خطہ خشک رہتا ہے۔ جسے بارش کا سائبانی خطہ rainshadow region کہتے ہیں۔

SCERT TELANGANA



شکل 4.7 طبعی بارش Orographic Rainfall

**طوفانی بارش Cyclonic Rainfall**: اس قسم کی بارش ہوا کے کم دباؤ یا سائیکلون کے گذرگاہ سے جڑی ہوتی ہے۔ Cyclones دوقسم کے ہیں۔منطقہ حارہ کے سائیکلون اور منطقہ معتدلہ کے سائیکلون لفظ Cyclone لاطینی زبان کے لفظ Kyklon سے لیا گیا ہے۔جس کے معنی گردش کے ہیں۔

منطقہ حارہ کے سائیکلون اصل میں گرم اور منطقہ حارہ کی بھنوری گردش پر مبنی ہوتے ہیں۔جس کا نصف قطر چھوٹا ( کچھ سینکڑوں کیلومیٹر) اوراکثر دائرہ کی شکل کا ہوتا ہے۔اس کا اقل ترین سطحی دباؤ (900mb سے کم) اور ہواؤں کی اعظم ترین رفتار 33 میٹر فی سکنڈ ہوتی ہے۔جو گرم سمندر کی سطح ($26^0$ ڈگری سیلس سے $27^0$ ڈگری سیلسیس ) پرفروغ پاتی ہیں اور زمین کی طرف چلتی ہیں۔ سائیکلون کی حرکت سے یہ ہوائیں اوپر اُٹھتی ہیں۔ یہ ہوائیں بھاری بارش برساتی ہیں۔ معتدل سائیکلون بارش اسوقت ہوتی ہے۔ جب سرد،خشک کثیف ہوا کی بھاری مقدار گرم، نم اور بلند ہوا کی مقدار کی طرف مائل ہوتی ہے۔گرم ہوا ہلکی ہونے سے کثیف سرد ہلکی ہوا اسے اوپر اٹھاتی ہے جس کے نتیجے میں بارش ہوتی ہے۔


**شکل 4.8 منطقہ حارہ کا سائیکلون**

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

## دنیا کے اطراف بارش Rainfall across the globe

1) 10 ڈگری اور 30 ڈگری عرض بلد کے درمیان خط استواء کے شمال اور جنوب میں تجارتی ہوائیں چلتی ہیں۔ جس سے مشرقی ساحلوں پر کثرت سے بارش ہوتی ہے۔ جبکہ مغرب میں کم بارش ہوتی ہے۔

2) شمال و جنوب میں 40 اور 60 ڈگری عرض بلد کے درمیان میں مغربی ہوائیں مغربی ساحل پر کثیر بارش جبکہ مشرق میں کم بارش برساتی ہیں

3) خط استواء کے گرد خصوصاً کم دباؤ والے خطے بمقابل زیادہ دباؤ والے خطوں کے میں زیادہ بارش ہوتی ہے۔

4) بارش براعظموں سے زیادہ سمندروں میں ہوتی ہے۔

### کلیدی نکات

1۔ گرجتی لہریں

2۔ بین منطقہ حارہ کا سیلانی خطہ ITZC

3۔ زمین کی گردش Coriolis effect

### اپنے اکتساب کو بڑھایئے

1۔ فضائی کرہ کے اجزاء بیان کیجئے؟

2۔ خاکہ کی مدد سے آب وہوا کی ساخت پر بحث کیجئے؟

3۔ موسم اور آب وہوا میں فرق بیان کیجئے؟

4۔ گرجتی بارش اور طبعی بارش تقابل کیجئے؟

5۔ دنیا کی بارش کی تقسیم بیان کیجئے؟

6۔ آب وہوا میں تبدیلی کس طرح انسانی زندگی پر اثر انداز ہوتی ہے؟

7۔ متناسب رطوبت کو بیان کیجئے؟

8۔ آبی بخارات کی مقدار بلندی کے ساتھ کس طرح تیزی سے کم ہوتی ہے؟

9۔ زمین کی گردشی قوت Oriolis Force کیا ہے؟ اس کے اثرات بیان کیجئے؟

10۔ دنیا کے نقشہ میں دی گئی مقامی ہواؤں کی نشاندہی کیجیے۔

(a) چنوک (b) لو (c) Simon (d) Yoma (e) Norwester (f) مسٹرال (g) Puna (h) Pampero

11۔ صفحہ نمبر 43 پر ''دائمی ہواؤں کے اثرات'' کا پیراپڑھیے اور بحث کیجیے۔

### منصوبہ

1۔ موسم کی اصطلاح سمجھنے کے لیے میڈیا جیسے اخبارات، ٹی۔وی، ریڈیو وغیرہ سے معلومات جمع کیجئے۔

2۔ جولائی سے ڈسمبر تک کے اخبارات جمع کیجیے اور ملک کے مختلف حصوں میں انتہائی بارش کو نوٹ کیجیے۔

SCERT TELANGANA

باب
5

# حیاتی کرہ

زمین ایک ایسا منفرد سیارہ ہے جہاں پر زندگی کامیابی کے ساتھ پنپتی ہے۔اس پر زندگی کی لاتعداد شکلیں پائی جاتی ہے خورد بینی جراثیم سے لیکر بڑے بڑے برگد کے درختوں اور جاندار جیسے ہاتھی' شیر' اور بلو وھیل اور خود انسان' درحقیقت زمین پر زندگی کی بقاء اس لیے ممکن ہوسکی ہے کہ زمین مختلف عناصر جیسے ہوا' پانی' مٹی اور سورج سے مناسب فاصلہ کی وجہ سے مناسب درجہ حرارت کا مجموعہ ہے۔ہم نے پچھلے باب میں پڑھا ہے کہ زندگی تین کروں کے رابطہ سے پنپتی ہے۔یعنی خاکی کرہ' آبی کرہ اور فضائی کرہ۔کئی ماہرین جغرافیہ کے مطابق زندگی نے خود اپنے طور پر ایک علاحدہ کرہ تشکیل دیا جس کو حیاتی کرہ کہتے ہیں۔

زندگی کی تمام صورتیں مکمل طور پر ہوا' پانی' زمین اور سورج کی کرنوں سے جڑے ہوئے ہیں یہ اپنے غذائی ضروریات ان سے حاصل کرتے ہیں اور پھر ان پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

زندگی کی مختلف صورتیں نہ صرف ان تین کروں سے تعلق رکھتی ہیں بلکہ ایک دوسرے سے بھی تعلق رکھتی ہیں۔یہ تمام ایک پیچیدہ غذائی زنجیر کا حصہ ہیں۔ایک قسم کی زندگی دوسرے قسم کی زندگی کے لیے غذا بنتی ہے۔زندگی کی مختلف شکلیں Symbiotic ہیں۔یہ بنیادی اجزاء کا ایک دوسرے کو تبادلہ کرتے ہوئے زندہ رہتے ہیں۔

☆ کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ پودے ہوا اور پانی پر کس طرح انحصار کرتے ہیں اور بدلے میں پودے ان دونوں پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟

☆ کس طرح سے حشرات جیسے مچھر اور تتلیاں چٹانوں یا مٹی اور پانی پر انحصار کرتے ہیں؟ بدلے میں یہ ان کو کس طرح سے متاثر کرتے ہیں؟

چلیے ہم چند مثالوں پر غور کرینگے۔

پودے غذا کے بنیادی پیدا کنندا گان ہیں۔جو سورج کی شعاعوں کی مدد سے غذا پیدا کرتے ہیں۔پودے خود اپنی زندگی کے لئے ضروری غذاء مٹی سے حاصل کرتے ہیں۔خاص کر نامیاتی مرکبات جو دوسرے پودوں اور جانداروں کے گلے اور سڑے مادوں سے بنتی ہیں۔یہ پودے مٹی میں پائی جانے والی نائٹروجن جو جراثیم کی وجہ سے ہوتی ہے حاصل کرتے ہیں۔پودوں کے ذریعے تیار شدہ غذا کو جاندار کھاتے ہیں۔جنھیں عام طور پر چرندے Herbivorous یا پودے کھانے والے جاندار کہتے ہیں۔مثلاً ہرن' ہاتھی' مویشی' بکریاں وغیرہ گوشت خور جاندار جیسے کتے' بلیاں' مچھلیاں' پرندے' شیر وغیرہ۔پرندوں کو اپنی غذا بناتے ہیں۔اس طرح سے وہ بالواسطہ طور پر پودوں پر انحصار کرتے ہیں۔بیکٹر یا اور فنجی مردہ جانداروں اور درختوں کو نامیاتی مرکبات میں تبدیل کردیتے ہیں۔جس کو پودے اپنی نشو ونما کے لیئے حاصل کرتے ہیں۔اس طرح سے زندگی کا یہ چکر چلتا رہتا ہے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

اس چکر میں کسی بھی قسم کا خلل ماحولیاتی بحران کا موجب بنتا ہے مثال کے لیے مخصوص قسم کا جاندار جو کسی مخصوص قسم کے پودے کو کھاتا ہے اس کا خاتمہ ہو جائے تو اس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اسی پودے کی پیداوار بڑھ جاتی ہے۔ یہ اتنا بڑھ جاتا ہے کہ وہ دوسرے پودوں کے نمو میں مانع ہو جاتا ہے۔

خلل کی دوسری مثال زہریلے اجزاء کا ہوا یا پانی، مٹی میں شامل ہو جانا ہے بہت سی صنعتیں کیمیکلز اور دھاتوں کا استعمال کرتی ہیں جن کو وہ نالوں یا دریاؤں میں بہا دیتی ہیں۔ اس کی وجہ سے پانی میں ان کیمیکل کی مقدار میں اضافہ ہوتا ہے دھاتیں جیسے مرکیوری Mercury (پارہ) کو پانی میں موجود خرد بینی اجسام کھاتے ہیں جن کو بعد میں بہت بڑی تعداد میں مچھلیاں کھاتی ہیں جب انسان ان مچھلیوں کو بطور غذا استعمال کرتا ہے تو ان مچھلیوں کے ساتھ ایک بڑی مقدار میں مرکیوری کو حاصل کرتا ہے جو کہ انسانی صحت کے لیئے نقصاندہ ہے۔

اور ایک مثال یہ ہے کہ گدھ بطور غذا مردہ جانداروں جیسے بیل، گائے وغیرہ کے گوشت کو بطور غذا کا استعمال کرتے ہیں۔ تقریباً 20 سال پہلے تک بھی گاؤں اور قصبوں میں مردہ جانوروں کی لاشوں کو کھاتے ہوئے گدھوں کو دیکھنا ایک عام بات تھی۔ تاہم لوگ اس بات کو نوٹ کرنے لگے کہ گدھ غائب ہونا شروع ہو گئے اور بہت کم دکھائی دینے لگے۔ تحقیق سے ثابت یہ ہوا کہ کسان اپنے بیمار مویشیوں کو بطور دوا مخصوص کیمیکل Diclofenac کا استعمال کراتے ہیں۔ جب یہ مویشی مرجاتے ہیں تو اُن کے گوشت میں یہ کیمیکل پایا جاتا ہے جب اس گوشت کو گدھ کھاتے ہیں تو Diclofenac کیمیکل ان کے گردوں کو ناکارہ بنا دیتا ہے جس کی وجہ سے گدھ ایک ہفتہ کے اندر اندر مر جاتے ہیں اس طرح سے گدھ ناپید ہونے کے قریب آ گئے ہیں۔

چونکہ اس دنیا میں رہنے والے جاندار اور غیر جاندار اجسام ایک راہ پر ہیں یا ایک دوسرے کے باہمی ربط میں ہیں، کوئی تبدیلی کسی ایک پر اثر انداز ہو تو کچھ عرصہ کے بعد دوسرے تمام پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

## قدرتی نباتات

عام طور پر قدرتی نباتات کو تین بڑے حصوں میں درجہ بندی کی جاتی ہے۔ مناسب بارش اور سورج کی روشنی والے علاقوں کے جنگلات کی روشنی معتدل بارش والے علاقوں کے گھانس کے میدان اور خشک علاقوں کے جنگلات، سرد خطوں میں ٹنڈرا کے نباتات چھوٹی چھوٹی جھاڑیاں اور کائی اور Lichens پائے جاتے ہیں چلیے ہم ان کے بارے میں تفصیل سے پڑھیں گے۔

آپ کو یاد ہوگا مقام کے موسم کے مطابق کئی قسم کے جنگلات پائے جاتے ہیں۔

### منطقہ حارہ کے سدابہار جنگلات

**(Tropical Evergreen Forest)**

ان جنگلات کو منطقہ حارہ کے بارش کے جنگلات بھی کہا جاتا ہے۔ یہ گھنے جنگلات خط استواء کے قریب اور منطقہ حارہ میں پائے جاتے ہیں یہ خطے سال بھر گرم ہوتے ہیں اور یہاں بارش ہوتی رہتی ہے۔ یہاں پر خاص طور پر خشک موسم نہیں پایا جاتا۔



(تصویر 5.1 منطقہ حارہ کے سدابہار جنگلات)

SCERT TELANGANA

یہاں کے درختوں کے پتے کبھی نہیں جھڑتے ہیں اس وجہ سے یہ سدا بہار کہلاتے ہیں۔ان جنگلات میں درخت قریب قریب اور گھنے ہوتے ہیں جس کی وجہ سے سورج کی کرنیں دن کے اوقات میں زمین بھی نہیں پڑتیں۔ یہاں عام طور پر سخت لکڑی کے درخت جیسے روز ووڈ Rose Wood' ایبونی Ebony' مہاگنی Mahogany' پائے جاتے ہیں۔



تصویر 5.2: منطقہ حارہ کے پت جھڑ کے جنگلات

## منطقہ حارہ کے پت جھڑ کے جنگلات

## (Tropical Deciduous Forests)

منطقہ حارہ کے پت جھڑ کے جنگلات مانسونی جنگلات ہیں جو کہ ہندوستان کے ایک بڑے حصہ شمالی آسٹریلیا اور امریکہ کے مرکزی حصے (تصویر 5.2) میں پائے جاتے ہیں۔ان خطوں میں موسمی تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں' خشک موسم میں درختوں کے پتے جھڑتے ہیں تا کہ نمی اور رطوبت باقی رہے یہاں کے جنگلات میں پائے جانے والے سخت لکڑی کے درخت جیسے سال (Sal)' ساگوان' نیم اور شیشم قابل ذکر ہیں۔ ان درختوں کی لکڑی سے چوبینہ' حمل ونقل کے سامان اور تعمیری کاموں کے لیئے استعمال کی جاتی ہے۔شیر' ببر' ہاتھی' لنگور' اور بندران خطوں کے عام جانور ہیں۔

## منطقہ معتدلہ کے سدا بہار جنگلات

## Temperate Evergreen Forests

منطقہ معتدلہ کے سدا بہار جنگلات وسطی عرض بلدوں کے ساحلی خطے میں پائے جاتے ہیں۔خاکہ (5.3) یہ عموماً براعظموں کے مشرقی پٹی میں پائے جاتے ہیں۔مثلاً جنوبی مشرقی USA' جنوبی چین اور جنوب مشرقی برازیل یہاں نرم اور سخت لکڑی کے درخت پائے جاتے ہیں جیسے Pine, Oak یوکلپٹس (Eucalptus) وغیرہ۔



تصویر 5.3 منطقہ معتدلہ کے سدا بہار جنگلات



تصویر 5.4: منطقہ متعدلہ کے پت جھڑ کے جنگلات

## منطقہ معتدلہ کے پٹ جھڑ کے جنگلات

## (Temperate Deciduous Forests)

جیسے جیسے عرض بلدوں کی جانب بڑھیں گے وہاں' ہمیں منطقہ معتدلہ کے پت جھڑ کے جنگلات ملیں گے۔ خاکہ (5.4) یہ جنگلات شمال مشرقی USA' چین' نیوزی لینڈ' چلی اور مغربی یوروپ کے ساحلی علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔خشک موسم میں یہ درخت اپنے پتے جھاڑتے ہیں۔عام طور پر ان جنگلات میں Oak' (ash)' (beech) کے درخت پائے جاتے ہیں ۔ہرن' لومڑیاں' بھیڑیئے یہاں کے عام جانور ہیں۔ پرندے جیسے Monals' چکور (Pheasauts) بھی پائے جاتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

## بحر روم کے خطے میں موجود نباتات



شکل 5.5 بحر رومی خطے کے نباتات

ابھی تک آپ نے پڑھا کے براعظموں کے مشرقی اور شمال مشرقی خطے منطقہ معتدلہ کے سدا بہار جنگلات اور منطقہ معتدلہ کے پت جھڑ کے جنگلات سے گھیرے ہوئے ہیں۔مگر براعظموں کی مغرب اور جنوب مغربی پٹی کا علاقہ مختلف ہے۔ یہاں بحر رومی خطے کے نباتات ہیں۔بحر رومی درخت اپنے موٹی چھال اور مومی پرت والے پتوں کی مدد سے موسم گرما سے مطابقت پیدا کر لیتے ہیں یہ پتے رطوبت اور نمی کو بچائے رکھنے میں مددگار ہوتے ہیں۔ یہ زیادہ تر بحر روم کے اطراف کے علاقے یوروپ' آفریقہ اور ایشاء پائے جاتے ہیں۔اس لیے انکو بحر رومی خطے کے نباتات کہتے ہیں اس قسم کے نباتات بحر رومی خطے کے باہر Califonia (امریکہ)' جنوب مغربی آفریقہ' جنوب مغربی امریکہ' جنوب مشرقی آسٹریلیا پائے جاتے ہیں۔ان خطوں میں سخت اور خشک اور موسم گرما' ہلکی بارش والے موسم سرما ہوتے ہیں۔ یہاں پر تُرش پھل جیسے سنتروں' انجیر' زیتون اور انگور کی عام طور پر کاشت کی جاتی ہے۔ یہاں کے باشندے قدرتی نباتات کو نکال کر اپنی پسند کی کاشت کرتے ہیں۔ان خطوں میں جنگلی جانور بہت کم ہیں۔

## صنوبر کے جنگلات



شکل 5.6 صنوبری جنگلات

صنوبری جنگلات شمالی نصف کرہ میں 50° تا 70° درجہ عرض بلد کے درمیان پائے جاتے ہیں۔ان کو ٹائگا بھی کہا جاتا ہے۔ان جنگلات کو بلند عرض بلد کے خطوں میں بھی دیکھا جاسکتا ہے یہ درخت ہمالیہ میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔ یہ لمبے' نرم لکڑی والے اور یہ سدا بہار درخت ہیں۔اس درخت کی لکڑی بہت کام میں آتی ہے۔اس لکڑی کے گودے سے پیپر' نیوز پیپر' بنایا جاتا ہے اس کی نرم لکڑی سے دیا سلائی کی ڈبیاں اور Packing کے ڈبے Packing Bags بھی بنانے کے کام میں آتی ہے۔ان جنگلات کے اہم درخت چیڑ' Pine' Ceder ہیں۔ یہاں پر سفید لومڑیاں اور آبی نیولے (Mink) اور قطبی ریچھ عام طور پر پائے جاتے ہیں۔

☆ اپنے آس پاس میں موجود نرم لکڑی اور سخت لکڑی سے بنی اشیاء کی نشاندہی کرو۔
☆ آپ کے علاقے میں پائے جانے والے چند درختوں کے نام بتلائیے؟

## گھاس کے میدان Grass Lands

**منطقہ حارہ کے گھانس کے میدان:** خط استواء کے دونوں جانب، خط سرطان اور خط جدی کے درمیان پھیلے ہوئے ہیں (تصویر5.7) اس قسم کی اوسط سے کم بارش کے علاقوں میں پیدا ہوتی ہے۔گھاس کی لمبائی 3 سے 4 میٹر تک ہوتی ہے۔ یہاں کی گھانس بہت لالمبی ہوتی ہے۔افریقہ کے سوانا گھانس کے میدان اس کی ایک مثال ہے۔ عام طور پر یہاں ہاتھی، زیبرا، ژراف، چیتا پائے جاتے ہیں۔



شکل5.7: گھانس کے میدان

**منطقہ معتدلہ کے گھاس کے میدان:**

یہ گھاس کے میدان وسطی عرض بلد کے علاقوں اور براعظموں کے اندرونی علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔(شکل5.8) عموماً یہاں کی گھاس پست قد اور تغذیہ بخش ہوتی ہے۔ یہاں کے جانوروں میں جنگلی بھینس، ارنا بھینسا اور بارہ سینگھا شامل ہیں۔ان گھاس کے میدانوں کو Steppes بھی کہا جاتا ہے۔



شکل5.8: منطقہ معتدلہ کے گھانس کے میدان:

**خاردار جھاڑیاں Thorny Bushes:**

یہ خشک ریگستان جیسے خطوں میں پائے جاتے ہیں۔منطقہ حارہ کے ریگستان، براعظموں مغربی علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ تیز گرمی اور بارش کی قلت کی وجہ سے یہاں نباتات کمیاب ہیں۔

☆ دیئے گئے دنیا کے نقشہ میں ریگستانی خطوں کی نشاندہی کریں

**ٹنڈرا کے نباتات:** آپ قطبین کے علاقوں کو انتہائی ٹھنڈا پائیں گے۔ یہاں پر قدرتی نباتات بہت کم اگتے ہیں۔ یہاں پر صرف ماسس (Mosses) کائی (licheus) اور چھوٹی چھوٹی جھاڑیاں (Shurbs) پائے جاتے ہیں۔مختصر سے گرما میں ان کی نشوونما ہوتی ہے۔اس کو ٹنڈرا کے نباتات کا علاقہ کہتے ہیں۔اس قسم کے نباتات یوروپ، ایشیاء اور شمالی امریکہ کے قطبین کے علاقے میں پائے جاتے ہیں یہاں کے جانوروں کی کھال موٹی اور اس پر فر (Fur) یعنی اون نما کھال ہوتی ہے جو کہ ان کو سرد موسم سے بچاتی ہے۔ یہاں کے جانوروں میں Seal دریائی گھوڑے، سانبھر، آرکٹک کا الو، قطبی ریچھ، اور قطبی لومڑیاں پائے جاتے ہیں۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

## انسانی سماج اور ماحول (اس کے گرد و پیش)

کئی صدیوں سے انسانی سماج، ماحول کے ساتھ ربط میں آتے رہے ہیں۔ اور اس عمل کے دوران اسے تبدیل کرتے رہے۔ ابتدائی دور کے لوگ پتھر کے اور لکڑی سے بننے والے اوزاروں کو شکار کرنے اور اجناس پھل وغیرہ اکٹھا کرنے کے لئے استعمال کرنے لگے۔ آہستہ آہستہ ان لوگوں نے لکڑیوں کو سلگا کر آگ جلانا سیکھا یہ ایندھن کا پہلے ذریعہ تھا۔ اس طرح سے اپنی خواہشات، ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ماحول میں تبدیلی لانے کے سعی کی۔ انسانی جدوجہد کی داستان شروع ہوئی۔

انسان اپنے گرد و پیش میں موجود قدرتی ماحول کی تحقیق کرنے لگا۔ تاکہ اس میں تبدیلی پیدا کرتے ہوئے اپنے مقصد کے لیئے استعمال کرسکے اس طرح ماحول سے متعلق معلومات کا حصول قدرتی دنیا سے انسان کے ارتباط کا لازمی حصہ بنا۔

جب انسانوں نے زراعت کرنا اور مویشی پالنا شروع کیا تو انہوں نے ماحول میں دخل اندازی اور زیادہ کردی۔ شہروں کی تعمیر اور دھاتوں جیسے لوہے اور کانسے کے استعمال نے انسانوں اور ماحول میں ربط میں اور زیادہ تبدیلیاں پیدا کیں۔

بارش کے پانی کو جمع کرنے کے لئے انسانوں نے تالاب بنائے، کھیتوں کو پانی مہیا کرنے کے لیے کنال بنائے اور ندیوں دریاؤں پر ڈیم (باندھ) بنائے۔

انسان نے دور دراز مقامات کو جانے کے لئے سڑکوں کی تعمیر کی اور بحر اعظموں اور سمندروں میں اس نے کشتیاں چلائی اس طرح سے انسانی سماج نے نہ صرف تمام براعظموں پر (سوائے انتارٹیکا) بلکہ تمام سمندروں اور بحر اعظموں پر اپنے قدم جمائے۔

بتدریج انسانی آبادی میں بہت زیادہ اضافہ ہوا اور انسانوں نے اس زمین پر اپنا تسلط قائم کرلیا۔ ایک اندازہ کے مطابق 10000 ق م میں جبکہ زراعت کرنے کی شروعات ہوئی اس وقت دنیا کی کل آبادی 40 لاکھ تھی۔ 1750 میں یہ 50 کروڑ، 1800ء میں 1000 کروڑ، 1950ء کے دوران 250 کروڑ اور 2010 کے دوران یہ 700 کروڑ تک پہونچ گئی۔ یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ 2100ء تک 1000 کروڑ آبادی ہوجائیگی۔ آبادی میں اس طرح بے تحاشہ اضافہ سے زمین کے ساتھ ساتھ اس کے وسائل پر بے تحاشہ دباؤ پڑیگا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسانی ضروریات کے مطابق تقریباً تمام زمین کو از سر نو تشکیل دنیا چاہیئے۔ زمین کی سطح پر ردوبدل کے عمل کو صنعتی انقلاب اور نوآبادیت کے ذریعہ زبردست ترقی ملی۔ صنعتی پیداوار کے لئے لامحدود خام مال کی ضرورت ہوتی ہے اور صنعتی ممالک نے متفرق معدنیات اور توانائی کے وسائل کو تمام دنیا میں تلاش کرنا شروع کیا۔ اس کے لئے وہ غیر معروف دنیا کی کھوج کرنے لگے اور ممکن وسائل کے لیے کئی ایجادات کیں۔

☆ کیا آپ بحث کرسکتے ہیں کہ جب انسان زراعت اور مویشیوں کی گلہ بانی کرنے لگے تو کس طرح سے زمین، پانی، درختوں اور جانداروں پر اثر انداز ہوئے

☆ وہ توانائی کے کونسے ذرائع کا استعمال کرتے تھے اور وہ انہیں کسطرح سے حاصل کرتے تھے؟

☆ شہروں کے وجود میں آنے سے کس قسم کے اثرات پانی اور زمین پر مرتب ہوئے؟

☆ آپ کے خیال میں شہروں کی تعمیر نباتات اور آبی دور پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے؟

SCERT TELANGANA

زمین کی اندرونی ساخت' حالات جاننے کے لیے گہرے کنویں کھودے گئے۔فضائی کرہ کے باہر خلاء کی کھوج کی گئی۔ساری دنیا میں جلد ہی منظّم انداز سے کان کنی' جنگلوں کی کٹائی' صنعتوں کا قیام اور کھیتوں اور سڑکوں کی تعمیر عمل میں آئی۔ان وسائل پر تسلط کے لیئے قومیں ایک دوسرے سے لڑنے لگیں۔

اس طرح انسان کی بے تحاشہ صنعتی سرگرمیوں ہمارے اطراف موجود ہوا' پانی اور زمین پر گہرا اثر پڑا۔اب ہم ان میں سے چند کے بارے میں غور کریں گے۔

## صنعتیں: جو آلودہ کرنے والی اور ناکارہ مادوں کا اخراج کرنے والی ہوتی ہیں۔

جدید صنعتوں اور نظام حمل و نقل میں بے حساب توانائی کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جو کہ بنیادی طور پر کوئلے اور پٹرولیم (جنہیں Fossil Fuels کہا جاتا ہے جو کہ درختوں کے لاکھوں سال قبل زمین میں دفن ہونے سے بنتا ہے) سے حاصل شدہ ہوتے ہیں۔ Fossil Fuels کے جلنے سے بھاری مقدار میں کاربن ڈائی آکسائیڈ اور دیگر کیمیکل جیسے نائٹروجن آکسائیڈ' سلفر ڈائی آکسائیڈ' جلد اڑنے والے نامیاتی مرکبات اور بھاری دھاتیں وغیرہ خارج ہوتیں ہیں۔اس کے علاوہ یہ سلفیورک ایسڈ' کاربونیک ایسڈ' اور نائٹرک ایسڈ کے خارج ہونے کا موجب بنتی ہیں۔ایسڈ کی بارش (Acid Rain) کا موجب بنتی ہیں۔ایسڈ کی بارش ہونے کی وجہ ایسڈ کے ذرات کا فضاء میں شامل ہوجانا ہے۔

صنعتیں Fossil Fuels کو جلانے کے علاوہ بہت زیادہ مقدار میں ناکارہ مادے مختلف صورتوں جیسے ٹھوس' مائع اور گیس کی شکل میں خارج کرتی ہیں۔ یہ ناکارہ مادے ہوا پانی (دریاؤں اور زیر زمین پائے جانے والے دونوں قسم کے پانی کو) اور مٹی کو زہر آلود کردیتے ہیں۔

آلودگی کے مجموعی اثرات بتدریج ہمارے ماحول کو زہر آلود کررہے ہیں۔ایک اہم اثر جو ساری دنیا کی آب وہوا پر پڑ رہا ہے عالمی حدت کہتے ہیں۔اس کی مزید تفصیل ہم جماعت نہم کی حیاتیات کے باب دہم میں بھی پڑھیں گے۔

### *KYOTO PROTOCOL* کیوٹو معاہدہ

عالمی حدت سے زمین کی حفاظت کے لئے ڈسمبر 1997ء میں اقوام متحدہ نے جاپان کے ایک شہر KYOTO میں ایک کانفرنس کا انعقاد عمل میں لایا۔اس کانفرنس میں شامل ممالک نے Green House Gases کے اثرات پر غور کیا اور ایک معاہدہ پر دستخط کئے جس کو KYOTO PROTOCOL کہا جاتا ہے۔اس کا ایک اہم مقصد Green House Gases کے اخراج کو 5.2% سے بھی کم کرنا ہے۔اس معاہدہ کے مطابق 2008-2012 تک اس مقصد کو حاصل کرلینا چاہیئے۔

## وسائل کا خاتمہ

صنعتوں کے قیام' آبادی میں تیز رفتار اضافہ اور شہروں کے قیام کا مطلب قدرتی وسائل جیسے معدنیات' جنگلات' مٹی' پانی' ہوا اور توانائی کے مختلف وسائل (کوئلہ' پٹرول وغیرہ) جو لاکھوں سالوں سے زمین کے اندر محفوظ تھے کا ناقابل قیاس استحصال ہے۔اس کا نتیجہ جنگلات کی بربادی' معدنیات' تیل اور زیر زمین پانی کے خاتمہ کی صورت میں نکلا بہت سے سائنسدانوں کا یہ استدلال ہے کہ موجودہ طرز زندگی صحیح نہیں ہے اگر ہم اسی طرح سے قدرتی وسائل کا بے تحاشہ استعمال کرتے رہے تو ہماری آئندہ نسلوں کے لئے کچھ بھی نہیں بچے گا۔

SCERT TELANGANA

زمین پر موجود ہر ذی حیات اپنی زندگی کے لیے ماحول پر انحصار کرتا ہے اور اسے ماحول کے مطابق زندگی گذارنا ضروری ہے مگر انسان اپنی تسکین اور ترقی کے لئے ماحول کو تباہ کر رہا ہے۔ انسانوں کی تجارتی سرگرمیاں زمین نے ذی روح اور ہر معاملہ پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ اگر یہ اسی طرح سے جاری رہے تو یہ نہ صرف جانوروں کے لئے بلکہ خود انسانوں کے لئے خطرناک ہوگا۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

☆ اندازاً 13 سے 15 ٹن ناکارہ مادے، گندا پانی روزانہ اطراف و اکناف کے قصبوں اور گاؤں سے کولیرو جھیل میں شامل ہوتے ہیں؟

☆ تحقیق کے مطابق سیل فون ٹاورس سے خارج ہونے والے Radiation کی وجہ سے شہد کی مکھیاں ختم ہو رہی ہیں شہد کی پیداوار میں کمی بلکہ عمل زیرگی، حیاتی تنوع پر بڑا اثر پڑ رہا ہے اور زرعی پیداوار میں کمی واقع ہو رہی ہے؟

### کلیدی الفاظ

1۔غذائی زنجیر 2۔سخت لکڑی کے درخت 3۔ایسڈ کی بارش 4۔ماحولیاتی بحران 5۔ٹنڈرا

### اپنے اکتساب کو بڑھائیں

1۔ زندگی اپنے آپ میں ایک علحدہ کرہ ہے جس کو 'حیاتی کرہ' کہتے ہیں۔وضاحت کیجیے؟

2۔ موجودہ زمانے میں ماحولیاتی بحران کیوں واقع ہوا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟

3۔ قدرتی نباتات کا انحصار اس مقام کی فضا پر ہوتا ہے۔ جنگلات کے اقسام اور ان کی بقاء کے لئے موسمی حالات کے بارے میں لکھئے؟

4۔ ہم قدرتی وسائل کا تحفظ کیسے کر سکتے ہیں؟

5۔ سبق کا مطالعہ کر کے جدول کی تکمیل کیجیے۔

| سلسلہ نشان | جنگلات کی قسم | ممالک جہاں جنگل پائے جاتے ہیں | اہم درخت | جانور |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

6۔ دنیا کے نقشے میں ذیل کے مقامات کی نشاندہی کیجیے۔

(i) نیوزی لینڈ (ii) برازیل (iii) آسٹریلیا (iv) شمالی امریکہ (v) چین (vi) ہندوستان

7۔ صفحہ 57 پر ''صنعتیں Fossil Fuel کو......تا......زہر آلود کر دیتے ہیں'' کا پیراگراف پڑھیں اور بحث کریں۔

**مباحثہ:** جانوروں اور پرندوں کے معدوم ہونے کے متعلق معلومات اکٹھا کیجیے۔اور جدول کو مکمل کیجیے۔

| سلسلہ نشان | جانور/پرندہ کا نام | معدوم | کیسے معدوم ہوا | معدوم ہونے کا سبب | نتیجہ | احتیاطی اقدامات/ذمہ داریاں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

### منصوبہ

☆ اپنے کسی قریبی صنعتی مرکز کا دورہ کریں۔اور مشاہدہ کریں کہ کس قسم کا دھواں، مائع اور ناکارہ مادے نکل رہے ہیں۔اس مرکز کے قریب رہنے والے مکینوں سے معلوم کریں کہ اس کے اثرات نباتات اور جانداروں پر کیا پڑ رہے ہیں؟ ان جمع کردہ معلومات پر ایک تفصیلی رپورٹ تیار کر کے جماعت میں پیش کریں۔

SCERT TELANGANA

باب 6

# ہندوستان میں زراعت

## کاشتکاری کے اقسام-

زراعت ہمارے ملک کی قدیم ترین معاشی سرگرمی ہے۔حالیہ سالوں میں زراعت کی پیداوار کے طریقے طبعی ماحول' ٹکنالوجی اور سماجی وثقافتی عوامل کی بناء پر کافی تبدیل ہورہے ہیں۔موجودہ دور میں ہندوستان کے مختلف علاقوں میں حسب ذیل طریقوں سے کاشت کاری کی جارہی ہے۔

**غذا کے حصول کے لیے کاشتکاری**:اس کی دوقسمیں ہیں۔پہلی قسم غذا کے حصول کے لیے سادہ کاشتکاری اوردوسری غذا کے حصول کے لیے شدید کاشتکاری ہے۔

**1۔غذا کے حصول کے لیے سادہ کاشتکاری** : چھوٹے زمین کے حصے پر روایتی اوزار کدال' سبل اور بیج بونے کی لکڑی کی مدد سے خاندان یا قبیلہ کے مزدور کاشت کاری کرتے ہیں۔اس قسم کی کاشت کاری مانسون' زمین کی قدرتی زرخیزی اور فصل کے اضافہ میں مناسب ماحول کے حالات پر منحصر ہوتی ہے۔ یہ کٹائی کرنے اور جلانے کی زراعت (Slas and Burning)(پوڈوزراعت) ہے۔ آپ اس کی تفصیل پچھلی جماعتوں میں پڑھ چکے ہیں۔



**شکل 6.1 : کاشت کے لئے زمین کی تیاری**

**2۔ غذا کے حصول کے لیے شدید کاشتکاری**

اس طریقے کو کثیف آبادی والے علاقوں میں اپنایا جاتا ہے۔ اس میں زیادہ تعداد میں مزدور کام کرتے ہیں۔زیادہ پیداوار کے حصول کے لیے بائیوکیمیکل اشیاء اورآبپاشی کا استعمال کیا جاتا ہے۔

**تجارتی کاشت کاری**:اس کاشتکاری کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس طریقہ میں زیادہ پیداوار کے حصول کے لیے جدید آلات مثلاً زیادہ پیداواری صلاحیت کے بیج High Yielding Variety (HYV) کیمیائی کھادیں اور کیڑے مار ادویہ استعمال میں لائے جاتے ہیں۔ زراعتی تجارت کی کیفیت ہر مقام پر الگ الگ ہوتی ہے۔مثلاً: ہریانہ اور پنجاب میں چاول تجارتی فصل ہے لیکن اڑیسہ میں یہ غذائی فصل ہے۔شجرکاری بھی ایک تجارتی کاشت کاری ہے،اس طریقے میں ایک ہی فصل کو وسیع زمین پر اگایا جاتا ہے۔شجرکاری بھی تجارتی کاشتکاری کی ایک قسم ہے اس میں

☆ کیا آپ چند ریاستوں کے نام بتلاسکتے ہیں جہاں Slash and Burning قسم کی کاشتکاری کی جاتی ہے؟

SOCIAL TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

زمین کے بڑے رقبے پرایک ہی فصل اگائی جاتی ہے۔ ہندوستان کی چائے ‘کافی’ ربڑ’ گنا’ موز وغیرہ اہم فصلیں ہیں۔ چائے آسام اورشمالی بنگال اور کافی کرناٹک کی اہم شجرکاری کی فصلیں ہیں۔

☆ کیا آپ چندمزیدایسی مثالیں بتلاسکتے ہیں جہاں پر بعض علاقوں میں فصلوں کوتجارتی ہیں تو بعض علاقوں میں وہی فصل غذائی فصل ہے۔

## کاشتکاری کے موسم Cropping Seasons


زرعی فصلوں کا انحصار موسموں اور قدرتی وسائل جیسے زمین، پانی، اورسورج کی روشنی پر ہوتا ہے درجہ حرارت اورتپش کے حالات بھی اہم ہوتے ہیں۔بعض فصلوں کی کاشت صرف مخصوص موسموں میں ہی کی جاسکتی ہے اور پانی کی دستیابی اوردیگرآلات کی موجودگی کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی ہے۔اس لیئے ہر علاقے میں مختلف موسموں میں مختلف فصلوں کو اگایا جاتا ہے۔

ہندوستان میں پیداوار کے تین اہم موسم ہیں۔**ربیع' خریف** اور **زائد**

ربیع کی فصلوں کوموسم سرما کے دوران اکٹوبر تا ڈسمبر کے دوران بویا جاتا ہےاورموسم گرما میں اپریل تا جون کٹائی کی جاتی ہے۔

ربیع کی اہم فصلیں گیہوں' بارلی' مٹر' چنے اورسرسوں ہیں۔موسم سرما میں مغرب سے آنے والے طوفانوں سے عمل ترسیب کا ہونا ان فصلوں کی پیداوار میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ سبز انقلاب کے رونما ہونے کی وجہ سے پنجاب' ہریانہ' مغربی اترپردیش اورراجستھان کے چند علاقوں میں مذکورہ بالا ربیع فصلوں کی پیداوار میں کافی اضافہ ہوا ہے۔خریف کی فصلیں مانسون کے آغاز کے وقت ملک کے مختلف حصوں میں اگائی جاتی ہیں۔اوران کی کٹائی ستمبر یا اکتوبر میں کی جاتی ہے۔اس موسم میں اگائی جانے والی اہم فصلیں دھان' مکئی' جوار' باجرہ' مسور کی دال' تور کی دال' اُڑد کی دال' کپاس' جوٹ' مونگ پھلی اورسویابین ہیں۔

ربیع اورخریف موسم کے درمیان ایک مختصر سے وقفہ موسم گرما میں ہوتا ہے۔ جو زائد فصل کا موسم کہلاتا ہے اس موسم کی اہم پیداوار تربوز' خربوز' ککڑی' ترکاریاں اورچارہ کی فصلیں ہیں۔




باب کے آخر میں دیئے گئے دھان کی فصل اگانے والی اہم ریاستوں کو دیکھئے اوران میں رنگ بھریئے۔

## اہم فصلیں:

ملک کے مختلف علاقوں میں زمین کے فرق' آب وہوا اور کاشتکاری طریقوں مختلف قسم کی غذائی اورغیرغذائی فصلیں اگائی جاتی ہیں۔ ہندوستان میں اگائی جانے والی اہم فصلیں چاول' گیہوں' اجناس' دالیں' چائے' کافی، گنا، تیل کے بیج، کپاس، اور جوٹ وغیرہ ہیں۔

**چاول:** یہ ہندوستان کے عوام کی اکثریت کے لیے چاول کی غذائی فصل ہے۔چاول کی پیداوار میں چین کے بعد ہمارا ملک دوسرا

SCERT TELANGANA

مقام رکھتا ہے۔ یہ خریف کی فصل ہے اس فصل کے لئے $25^oC$ سے زائد درجہ حرارت' کثیر رطوبت، سالانہ 100CM سے زائد بارش درکار ہوتی ہے۔ کم بارش کے علاقوں میں اس کی پیداوار آبپاشی کے ذریعے کی جاتی ہے۔ چاول کی پیداوار ہندوستان کے شمال، شمال مشرقی میدانوں ساحلی علاقوں اور ڈیلٹا کے خطوں میں کی جاتی ہے۔ بورویلوں کی کھدائی اور آبپاشی کی نہروں کے اچھے جال کی ترقی وجہ سے کم بارش والے ریاستوں پنجاب' ہریانہ' مغربی اتر پردیش اور راجستھان کے علاقوں میں بھی چاول کی پیداوار ممکن ہو پا رہی ہے۔

**گیہوں:** یہ دوسری اہم غذائی فصل ہے۔ یہ شمال اور شمال مغربی ہندوستان کی اہم غذائی فصل ہے۔ ربیع کی اس فصل کو پکنے (تیار ہونے) کے وقت ٹھنڈا موسم اور سورج کی تیز روشنی درکار ہوتی ہے۔ اس فصل کو 50cm تا 75cm سالانہ بارش کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہندوستان میں دو اہم گیہوں کی پیداوار کے خطے ہیں۔ شمال مغرب میں گنگا، ستلج کے میدان اور کالی مٹی والے دکن کے علاقے۔ گیہوں کی کثیر پیداوار کرنے والی ریاستیں پنجاب، ہریانہ، اتر پردیش، بہار، راجستھان، اور مدھیہ پردیش کے علاقے ہیں۔

**مکئی: Maize:** یہ ایسی فصل ہے جس کی پیداوار غذا اور چارہ دونوں کے استعمال کے لئے کی جاتی ہے۔ یہ خریف کی فصل ہے اور اس کو $21^oC$ تا $27^oC$ کا درجہ حرارت اور زرخیز چکنی مٹی درکار ہوتی ہے۔ چند ریاستوں جیسے بہار میں ربیع کے موسم میں بھی اسکی پیداوار کی جاتی ہے جدید آلات' HYV بیج، کھاد اور آبپاشی مکئی کی زیادہ پیداوار میں معاون ثابت ہوئے ہیں۔ مکئی کی پیداوار کی اہم ریاستیں کرناٹک' اتر پردیش، بہار، آندھرا پردیش، اور مدھیہ پردیش ہیں۔

**اجناس (Millets):** جوار، باجرہ اور راگی ہندوستان میں اگائی جانے والی اہم اجناس ہیں۔ ان کو معمولی درجے کے اجناس کہتے ہیں۔ تاہم یہ کافی تغذیہ بخش ہوتے ہیں۔ راگی میں وافر مقدار میں لوہا، کیلشیم، دیگر مقوی اجزاء پائے جاتے ہیں۔ ہندوستان میں جوار کی فصل علاقے اور پیداوار کے لحاظ سے تیسرے نمبر پر ہے۔ یہ بارش کی فصل ہے یہ کالی مٹی میں اگتی ہے۔ اور اس کو کم آبپاشی کی ضرورت ہوتی ہے۔ سب سے زیادہ جوار کی پیداوار مہاراشٹرا ہی ہوتی ہے۔ اس کے بعد کرناٹک آندھرا پردیش اور مدھیہ پردیش ہی بالترتیب جوار کی پیداوار کی جاتی ہے۔ باجرہ کی پیداوار ریتلی مٹی اور کالی مٹی میں کی جاتی ہے۔ راجستھان میں سب سے زیادہ باجرہ کی پیداوار کی جاتی ہے اس کے بعد اتر پردیش، مہاراشٹرا، گجرات، اور ہریانہ میں باجرہ کی پیداوار کی جاتی ہے۔ راگی خشک علاقوں کی فصل ہے جو کہ سرخ، کالی، ریتلی اور چکنی مٹی میں اچھی طرح اگتی ہے۔ کرناٹک راگی کی پیداوار میں سرفہرست ہے اس کے بعد راگی کی پیداوار میں ٹاملناڈو کو دوسرا مقام حاصل ہے۔

### High Yielding Varieties

اونچی پیداواری قسموں کے بیج (HYV) اور جدید زراعتی ٹکنالوجی کی کلید ہیں HYV بیجیں اس وقت اچھی طرح اگتی ہیں جب کھادیں اور پانی استعمال ہوں۔ ان میں اناج وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔ اور کم قد کے ہوتے ہیں۔ کم عرصہ میں تقریباً فصلیں پختہ ہوجاتے ہیں۔ قلیل عرصہ میں فصلوں کے پکنے سے دوگنی کاشتکاری کی جاسکتی ہے۔ کسان اپنی زمینات کو سال میں ایک سے زائد مرتبہ استعمال کر سکتے ہیں۔

اس پالیسی پر ابتداء سب پنجاب، ہریانہ، مغربی اتر پردیش، آندھرا پردیش اور ٹاملناڈو کے چند اضلاع میں عمل آوری کی گئی۔ HYV بیجوں کو وافر مقدار میں پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کی استعمال پہلے سے ہی آبپاشی والے علاقے میں کیا جاتا ہے۔ گیہوں کی نئی قسمیں پنجاب، ہریانہ، اور اتر پردیش ہی اُگائی گئی جبکہ چاول کی نئی قسمیں آندھرا پردیش اور ٹاملناڈو میں اگائی گئی تھی۔

**دالیں Pulses:** دالوں کی پیداوار اور صرف میں ہندوستان دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے یہ سبزی خور غذا میں پروٹین کا اہم ذریعہ ہوتے ہیں۔ ہندوستان میں جن اہم دالوں کی پیداوار کی جاتی ہے اس میں مسور کی دال، چنے کی دال، اڑد کی دال، تور دال اور مٹر شامل ہیں۔ دالوں کی پیداوار کے لئے کم نمی والی مٹی درکار ہوتی ہے۔ اور یہ خشک موسموں کے حالات میں بھی باقی رہتی ہے تور کی دال کے علاوہ تمام دالیں

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

ہوا سے نائٹروجن حاصل کر کے مٹی کو زرخیز بناتے ہیں۔اس لیئے ان فصلوں کو دوسری فصلوں کے بعد یکے بعد دیگرے ترتیب وار اگایا جاتا ہے۔ دالوں کی کثیر پیداوار مدھیہ پردیش، اتر پردیش، راجستھان، مہاراشٹرا اور کرناٹک میں ہوتی ہے۔

☆ ان دالوں میں کونسی دالیں،خریف موسم میں اگائی جاتی ہیں اور کونسی دالیں ربیع موسم میں اگائی جاتی ہیں۔ دونوں میں آپ کیا فرق کر سکتے ہیں؟

## اجناس کے علاوہ دیگر غذائی فصلیں

**گنا sugar Cane**: یہ ایک منطقہ حارہ اور ذیلی منطقہ حارہ کی فصل ہے۔اس کی بہتر پیداوار کے لئے گرم مرطوب آب وہوا کے یعنی $21^{o}C$ تا $27^{o}C$ درجہ حررت اور سالانہ بارش 75cm تا 100cm کی ضرورت ہوتی ہے۔کم بارش والے علاقوں میں آبپاشی کی ضرورت ہوتی ہے۔ بونے سے لے کر کاٹنے تک اس میں مزدوروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ برازیل کے بعد دنیا میں گنے کی کثیر پیداوار ہندوستان میں کی جاتی ہے۔ یہ شکر، گڑ، کھانڈ اساری، اور مولاسس کا ذریعہ ہے۔ گنے کی پیداوار کی اہم ریاستیں، اتر پردیش، مہاراشٹرا، کرناٹک، ٹاملناڈو، آندھراپردیش، بہار، پنجاب اور ہریانہ ہیں۔

**تیل کے بیج Oil Seeds**: ہندوستان دنیا میں سب سے زیادہ تیل کے بیج کی پیداوار کرنے والا ملک ہے۔ملک کی پیداواری علاقے کے 12% پر مختلف قسم کے تیل کے بیجوں کی پیداوار ہوتی ہے۔ان میں اکثر خوردنی ہوتے ہیں اور پکوان میں استعمال کیے جاتے ہیں چند کا استعمال صابن کی پیداوار، کاسمٹک اور دواؤں میں خام اشیاء کے طور پر کیا جاتا ہے۔مونگ پھلی خریف کی فصل ہے۔اور ہندوستان میں تیل کے بیجوں کی پیداوار کا 50% مونگ پھلی پر مشتمل ہوتا ہے۔آندھراپردیش میں سب سے زیادہ مونگ پھلی کی پیداوار ہوتی ہے۔اس کے بعد ٹاملناڈو، کرناٹک، گجرات، اور مہاراشٹرا کا مقام ہے۔السی (Linseed) اور سرسوں ربیع کی فصل ہے۔تل شمالی ہندوستان میں خریف کی اور جنوبی ہندوستان میں ربیع کی فصل ہے۔ارنڈی بیجوں کی پیداوار ربیع اور خریف دونوں میں کی جاتی ہے۔

**چائے TEA**: چائے کی کاشت/ شجر کاری (Plantation) کی مثال ہے۔ یہ ہندوستان کی ایک اہم فصل ہے۔جس کو برطانوی حکمرانوں نے مشروبات کی فصل کے طور پر روشناس کروایا تھا۔موجودہ دور میں ہندوستان خود چائے کی پیداوار کرتا ہے۔ چائے کے پودے منطقہ حارہ اور ذیلی منطقہ حارہ کے آب وہوائی خطے میں اگائے جاتے ہیں۔اس کے لیے گہری زرخیز مٹی جس میں پانی نہ ٹھہرتا ہو اور جو ہیومس اور نامیاتی مادوں پر مشتمل ہو درکار ہے۔ چائے کے پودوں کے لے سال بھر گرم مرطوب لیکن کہر سے پاک موسم ضروری ہوتا ہے۔ چائے کے پتوں کے نمو کے لئے اس پر مسلسل پانی کا چھڑکاؤ کرنا ضروری ہے۔اسکی پیداوار کے لئے کثیر ماہر مزدوروں کی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔ چائے کی تیاری ناز گی کو برقرار رکھنے کے لئے چائے کے باغات میں ہی کی جاتی ہے۔چائے کی پیداوار کی اہم ریاستیں آسام، مغربی بنگال، ٹاملناڈو اور کیرالا ہیں۔ ہندوستان چائے کی پیداوار اور برآمد کرنے والا دنیا کا اہم ملک ہے۔



شکل 6.2 چائے کے پلانٹس

SCERT TELANGANA

**کافی:** ہندوستان دنیا کی 4 فیصد کافی کی پیداوار کرتا ہے۔ ہندوستانی کافی دنیا بھر میں چمنیو راور ذائقہ کے لئے پہنچانی جاتی ہے۔ عربیکا کافی جو ابتداء میں یمن سے ہمارے ملک میں لائی گئی تھی۔ اس قسم کی کافی کی دنیا بھر میں کافی مانگ ہے۔ کافی کی کاشت کا آغاز بابو بودان پہاڑیوں میں کیا گیا۔ آج بھی کافی کی کاشت کرناٹک کے نیلگیری کے علاقے، کیرالا اور ٹاملناڈو میں محدود ہے۔



شکل 6.3 چائے کے پلانٹس

**باغبانی کی فصلیں Horticulture Crops:**

ہندوستان دنیا میں پھلوں اور ترکاریوں کی پیداوار کا ایک سرکردہ ملک ہے۔ مہاراشٹرا، آندھراپردیش اور مغربی بنگال کے آم، ناگپور اور چیراپونجی (میگھالیہ) کے سنترے، کیرالا، میزورم، مہاراشٹرا کے موز، اتر پردیش اور بہار کے جام، میگھالیہ کے اناس، آندھراپردیش اور مہاراشٹرا کے انگور، کشمیر اور ہماچل پردیش کے سیب، ناشپاتی، خوبانی اور اخروٹ کی دنیا میں کافی مانگ ہے۔

ہندوستان دنیا کی تقریباً ترکاریوں کا 1/6 حصہ پیدا کرتا ہے۔ ہمارا ملک پھول گوبھی، پیاز، پتہ گوبھی، مٹر، ٹماٹر، بیگن اور آلو کی پیداوار کا اہم پیدا کار ہے۔

**غیر غذائی فصلیں (Non-Food Crops):**

**ربر:** یہ ایک استوائی خطے کی فصل ہے، لیکن مخصوص حالات میں اس کی پیداوار منطقہ حارہ اور ذیلی منطقہ حارہ کے علاقوں میں بھی ہوتی ہے۔ اس کی پیداوار کے لیئے مرطوب آب وہوا، 200cm سے زائد بارش اور $25^{o}C$ سے زائد درجہ حرارت کی ضرورت ہوتی ہے ربر صنعتوں کے لیے اہم خام مال ہے اس کی پیداوار کیرالا، ٹاملناڈو، کرناٹک اور انڈومان نکوبار کے جزیروں کے علاوہ میگھالیہ کے گارو پہاڑیوں میں کثرت سے ہوتی ہے۔ قدرتی ربر کی پیداوار کے لئے دنیا میں ہندوستان ایک سرکردہ ملک ہے۔

**ریشہ دار فصلیں Fibre Crops:** کپاس، جوٹ، اور قدرتی ریشم تین اہم ریشہ دار فصلیں ہندوستان میں اگائی جاتی ہیں۔ پہلے کے فصلوں کی پیداوار زمین میں پودوں سے حاصل کی جاتی ہے۔ جبکہ تیسری فصل کو ریشم کے کیڑوں کے خول (Cocoons) سے حاصل کیا جاتا ہے۔ ریشم کے کیڑے یہ خول شہتوت کے پتوں کو کھا کر بناتے ہیں۔ ریشم کے کیڑے کے پالنے کو Sericulture کہتے ہیں۔

**کپاس (Cotton):** ہندوستان کو کپاس کے پودے کا وطن جانا جاتا ہے۔ کپاس کپڑے کی صنعت کا اہم خام مال ہے۔ کپاس کی پیداوار سطح مرتفع دکن کے کالی مٹی والے علاقوں میں بہتر انداز میں ہوتی ہے۔ اس کی پیداوار کے لئے زیادہ درجہ حرارت، ہلکی بارش یا آبپاشی کی سہولت اور سال میں 210 دن کہر سے پاک موسم اور سورج کی تیز روشنی ضروری ہے۔ یہ ایک خریف کی فصل ہے جو 6 تا 8 ماہ میں کٹائی کے لئے تیار ہو جاتی ہے۔ اسکی کثیر پیداوار مہاراشٹرا، گجرات، مدھیہ پردیش، کرناٹک، آندھراپردیش، ٹاملناڈو، پنجاب، ہریانہ اور اتر پردیش میں ہوتی ہے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

**جوٹ:** جوٹ سنہرے ریشے(Golden Fibr): کہلاتے ہیں۔ جوٹ کی پیداوار سیلابی میدانوں کے زرخیز مٹی میں اچھی ہوتی ہے۔ کیونکہ سیلابوں کی وجہ سے مٹی کی پرت ہر سال بدلتی ہے۔ جوٹ کونمو کے وقت اعظم ترین درجہ حرارت کی ضرورت ہوتی ہے۔ مغربی بنگال بہار، آسام ،اڈیشہ اور میگھالیہ جوٹ کی کثیر مقدار پیدا کرنے والی ریاستیں ہیں۔ جوٹ کا استعمال تھیلے، چٹائیاں، رسیاں، قالین اودیگر اشیاء کی تیاری میں کیا جاتا ہے۔اس کی زیادہ قیمت کی وجہ سے بازار میں اس کا استعمال بتدریج ختم ہورہا ہے۔اوراس کی جگہ Synmetic Fibre اور نائیلان کا استعمال کیا جارہا ہے۔البتہ حالیہ عرصہ میں ماحول دوست جوٹ کی مانگ میں اضافہ ہوا ہے۔

☆ حسب ذیل جدول میں فصلوں کی چند معلومات اور ایسی ریاستوں کی جن میں ان کی پیداوار اور زیادہ کی جاتی ہے۔تفصیلات دی گئی ہیں۔مکمل معلومات فراہم نہیں کی گئی ہیں۔اٹلس کا مطالعہ کرتے ہوئے اپنے معلم سے گفتگو کر کے اس جدول کو مکمل کیجئے۔

☆ ہر فصل کے لئے ایک خصوصی نشان (●'○'♦'■) ہندوستان کے نقشہ (سیاسی) میں لگائیے اور کمرہ جماعت میں بحث کیجئے کہ ان ریاستوں میں مذکورہ فصلوں کی پیداوار زیادہ کیوں ہوتی ہے۔

| سلسلہ نشان | فصل | 2011 کے مطابق غذائی اجناس کی پیداوار میں اہم ریاستوں کا حصہ (جملہ پیداوار میں ریاستوں کا حصہ فی صد میں) | قدرتی اور دوسرے ذرائع دونوں جو پیداواری یا بڑا حصہ رکھتے ہیں۔ |
|---|---|---|---|
| 1 | دھان | مغربی بنگال' اتر پردیش' آندھراپردیش' پنجاب' اڈیشہ | |
| 2 | گیہوں | اتر پردیش' پنجاب' مدھیہ پردیش' راجستھان' ہریانہ | |
| 3 | خورد اجناس | راجستھان' کرناٹک' تلنگانہ' آندھراپردیش' مہاراشٹرا' اتر پردیش | |
| 4 | مکئی | تلنگانہ' آندھراپردیش' کرناٹک' مہاراشٹرا' بہار' ٹملناڈو | |
| 5 | دالیں | مدھیہ پردیش' اتر پردیش' مہاراشٹرا' راجستھان' آندھراپردیش | |
| 6 | گنا | اتر پردیش' مہاراشٹرا' کرناٹک' ٹملناڈو' بہار | |
| 7 | تیل کے بیج | گجرات' راجستھان' مدھیہ پردیش' مہاراشٹرا' تلنگانہ' آندھراپردیش | |
| 8 | کپاس | گجرات' مہاراشٹرا' تلنگانہ' آندھراپردیش' ہریانہ' کرناٹک | |

SCERT TELANGANA


اس حصے میں ہم ملک کی زراعت کے متعلق اجمالی طور پر جاننے کی کوشش کریں گے۔ہم اس بات کو سمجھنے کی کوشش کریں گے کہ آزادی سے لے کر اب تک کیا تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں اور موجودہ دور میں ہمیں کونسے چیلنجس درپیش ہیں۔

قوم کی غذائی طمانیت زراعت پر منحصر ہوتی ہے۔اور اس شعبہ سے ہی قوم کو غذا کی یقینی طمانیت ملتی ہے۔صنعتوں کے لئے مختلف قسم کے خام مال کی کاشت کھیتوں میں کی جاتی ہے، گیہوں، چاول اور دیگر غذائی اجناس کی کاشت کسان کرتے ہیں۔زراعت ہی کروڑوں لوگوں کے گذر بسر کا ذریعہ ہے اور یہ وسیع پیمانے پر لوگوں کو روزگار فراہم کرتا ہے۔

ہندوستان کے جملہ مزدوروں میں نصف سے زائد مزدور زراعت یا اس سے متعلقہ سرگرمیوں میں کام کرتے ہیں۔مردوں بالمقابل عورتوں کو زراعت میں وسیع روزگار کے مواقع ہیں۔تقریباً 70 فیصد کام کرنے والی عورتیں زراعت سے منسلک ہیں۔

دو قسم کے لوگ کاشتکاری میں مشغول ہوتے ہیں۔ پہلے زرعی مزدور اور دوسرے کاشتکار' کاشتکار سے مراد وہ کسان ہیں جن کے پاس قلیل زمین ہوتی ہے۔ اور وہ دوسروں کی زمین کاشتکاری کے لئے استعمال کرتے ہیں۔زراعی مزدور وہ مزدور ہوتے ہیں جن کے پاس زمین نہیں ہوتی ہے اور وہ دوسروں کی زمین پر کام کرتے ہیں۔1950ء میں تقریباً 70 فیصد کھیتوں میں کام کرنے والے کاشتکار تھے۔ 50 سال بعد

کاشتکار اور زرعی مزدور 1961 تا 2001 (%) میں




کاشتکاروں کا فیصد 55 ہوگیا اور زراعی مزدور کا فیصد بڑھ گیا۔وقت کے گذرتے آبادی میں بھی اضافہ ہوا اور فی الحال ہم حقیقی اعداد وشمار کو دیکھ سکتے ہیں۔ 1951ء میں زرعی شعبہ میں کام کرنے والے لوگوں کی تعداد 97 ملین تھی۔ جو بڑھ کر 2001ء میں 234 ملین ہوگئی۔لہذا زرعی مزدوروں کی تعداد میں اضافہ ہوا۔ جو دیہی علاقوں میں اپنا ذریعہ معاش حاصل کرتے تھے اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ان کے پاس کاشتکاری کے لئے زمین نہیں ہے یا پھر بہت ہی قلیل ہے۔ان کے لئے روزگار کے کونسے متبادل مواقع دستیاب ہیں؟ یہ ایک سنگین مسئلہ ہے۔

- اوپر دیا گیا بار ڈائیگرام مکمل کیجئے 1981 اور 2001 میں کاشتکاروں اور زرعی مزدوروں کا فیصد معلوم کیجئے۔
- اپنے علاقے کی مثال دیتے ہوئے خود روزگار اور کام کی تلاش کے درمیان پائے جانے والے فرق پر مباحثہ کیجئے
- آپ کے خیال میں جو خاندان پہلے کاشتکار تھے اب زرعی مزدور کیوں بن رہے ہیں؟ مباحثہ کیجئے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

## ہندوستانی کسان زیادہ تر چھوٹے زمینی قطعے رکھتے ہیں:

ہندوستانی زراعت کی ایک خاص خصوصیت چھوٹے زمینی قطع ہیں۔زیادہ تر کسان زمین کے چھوٹے قطعہ پر کام کرتے ہیں۔حسب ذیل جدول کا مشاہدہ کیجئے۔

**جدول - 1 ہندوستان کے کسانوں کی تعداداورانکی زمین کی ملکیت(2010-2011)**

| کسانوں کے زمرے کتنے اورانکی ملکیت میں موجود زمین کا رقبہ | کسانوں کی تعداد عدد(لاکھ) | فیصد | کتنی زمین پروہ کام کرتے ہیں؟ زمین لاکھ ایکٹر میں | | فیصد | فی کسان زمین کا اوسط رقبہ ہیکٹر میں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حاشیائی 2.5 ایکٹر تک | 924 | ؟ | 875 | | ؟ | ؟ |
| چھوٹے 2.6 تا 5 ایکٹر تک | 247 | ؟ | 868 | | ؟ | ؟ |
| نیم اوسط 5.1 تا 10 ایکٹر تک | 138 | 10.0 | 927 | | ؟ | 6.7 |
| اوسط 10.1 تا 25 ایکٹر تک | 59 | 4.3 | 833 | | ؟ | 14.1 |
| بڑے 25 ایکٹر سے زائد | 10 | ؟ | 429 | | ؟ | ؟ |
| **جملہ** | **1378** | **100.00** | **3932** | | **؟** | **؟** |

☆ دیے گئے جدول میں معلومات مکمل کیجئے اور دیئے گئے سطور کی وضاحت کیجئے

کسانوں کی اکثریت زمین کے چھوٹے قطعوں پر کام کرتی ہیں۔ایک عام ہندوستانی حاشیائی کسان کے پاس تقریبا۔۔۔ایکر زمین کاشت کے لئے ہوتی ہے ایسے 924 لاکھ کسان حاشیائی ہیں اوران کا فیصد تمام کسانوں میں ۔۔۔ ہے۔اگر ہم چھوٹے اور حاشیائی کسانوں کو ملاتے ہیں تب وہ ایسے جملہ کسانوں کا۔۔۔ فیصد ہوتے ہیں۔اگرچیکہ فیصد میں اوسط اور بڑے کسان کم ہیں لیکن مجموعی طور پر انکی تعداد۔۔۔۔۔۔۔۔۔لاکھ کافی زیادہ ہے۔دیہی علاقوں میں ان کا طاقتور موقف ہوتا ہے۔بڑے اوراوسط کسانوں کا گروہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔فیصد زمین کے حصے پر کام کرتا ہے۔مثال کے طور پر ایک بڑا کسان۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایکر زمین پر کام کرتا ہے اس کا تقابل معمولی حاشیائی کسان سے کیجئے جو کہ اوسط۔۔۔۔۔۔۔۔۔ایکر زمین پر کام کرتا ہے۔یہ زمین کی عدم مساوی تقسیم اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ ان کسانوں کو ترقی کے مواقع حاصل نہیں ہیں اور وہ غربت اور مواقع کی عدم مساوات کا شکار ہیں۔

☆ آپ کی رائے میں ایک کسان کو موزوں کھیتی باڑی کرنے کے لئے اور معقول آمدنی کمانے کے لئے کتنی زمین کی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔اوراوپر دیئے گئے جدول میں کتنے کسان مناسب کا شتکاری کررہے ہیں؟

☆ کسانوں کے ایک چھوٹے طبقے کا موقف طاقتور کیوں ہے؟

## زراعتی پیداوار قدرتی عوامل پر منحصر ہوتی ہے۔

زرعی فصلیں کا شتکاری کے لئے موسموں اور قدرتی وسائل جیسے مٹی، پانی اور سورج کی روشنی پر منحصر ہوتی ہیں۔درجہ حرارت اور تپش کے حالات اہم ہیں۔آلات اور پانی کی دستیابی کے باوجود چند فصلوں کی کاشت صرف مخصوص موسموں میں کی جاسکتی ہے۔کسی بھی علاقے میں مختلف قسم کی فصلیں مختلف موسموں میں اگائی جاتی ہیں۔ جب آپ ہفتہ واری بازار(Santha) یا ترکاری اور پھلوں کی مارکٹمیں جائیں گے تب موسموں کے اعتبار سے ان اشیاء میں فرق محسوس کریں گے۔



SCERT TELANGANA

ملک کے مختلف حصوں میں فطری حالات میں کئی اختلافات پائے جاتے ہیں۔

زمینی اصلاحات یعنی زمینداری نظام کا خاتمہ قانون تحدید اراضی کو متعارف کرنے کے علاوہ ہندوستانی حکومت نے اہم اقدامات کرتے ہوئے پالیسوں میں تبدیلیاں لائی۔اس کو ہم تین مرحلوں میں دیکھ سکتے ہیں۔1950ء تا1965ء،1966ء تا1990ء اور مابعد1991ء ہر مرحلہ ہندوستانی زراعت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرتا ہے۔

## پہلا مرحلہ: آبپاشی میں اضافہ اور باندھوں (ڈیم) کی تعمیر:

1950ء اور1965 کے دوران ہندوستانی حکومت نے آبپاشی اور برقی کے پراجکٹس میں کثیر سرمایہ کاری کی۔ یہ امید کی گئی کہ اس سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔اور غذائی قلت کے مسائل حل ہونگے۔آبپاشی اور برقی پیداوار بڑے بڑے ڈیم کے لئے بھاکرا ننگل (ہماچل پردیش)دامودروادی(مغربی بنگال)،ہیراکڈ(اڈیشہ)،ناگرجناساگر(آندھراپردیش)گاندھی ساگر(مدھیہ پردیش)تعمیر کیئے گئے۔

اس سے آبپاشی کے علاقے اور کاشتکاری میں ترقی ہوئی اور فصلوں کی پیداوار میں اضافہ ہوا۔اس مرحلہ میں حکومت نے کسانوں کی امداد باہمی سوسائیٹیوں کے قیام کی حوصلہ افزائی کی۔اور Agriculture Extention Officers کے تقررات کیئے تاکہ کسانوں کو فنی امور کی رہنمائی کی جائے۔مختلف قسم کے اقدامات چھوٹے کسانوں کے لئے بالخصوص منڈل و بلاک سطح پر (Community development programme) کے تحت کئے گئے۔

ان ترقیوں کے باوجود غذا کی قلت برقرار رہی۔ہندوستان کو 1962 اور1965 میں دوجنگوں کا سامنا کرنا پڑا۔ان جنگوں میں حکومت کو بہت سارا روپیہ خرچ کرنا پڑا۔مزید برآں سال1965 اور1966 میں بہت کم بارش ہوئی جس کی وجہ سے انہیں قحط سے متاثرہ سال قرار دیا گیا۔ان وجوہات کی بناء پر غذائی اجناس کی پیداوار میں کمی واقع ہوئی۔اور حکومت کو غذائی اجناس درآمد کرنا پڑا۔

☆ اٹلس کا استعمال کرتے ہوئے ہندوستان کے نقشہ میں مذکورہ بالا ڈیموں کے محل وقوع کی نشاندہی کیجئے اور ان بڑی دریاؤں کے نام بتلایئے جس پر یہ ڈیموں کی تعمیر کی گئی۔

غذائی ضروریات کے لئے دوسرے ممالک پر انحصار کرنے والے حالات نے ہندوستانی قیادت کو متفکر کردیا۔اور ہندوستانی حکومت نے زراعت سے متعلق پالیسیوں میں تبدیلی لانا شروع کیا۔یہی تبدیلی سبز انقلاب کہلائی۔

## دوسرا مرحلہ 1966 تا 1990 سبز انقلاب اور اسکی وسعت

حکومت نے زراعت میں ہندوستان ودیگر ممالک کے تحقیقی اداروں کی ایجاد کردہ نئے بیجوں کو روشناس کروایا۔جس سے دوسرے مرحلہ میں زراعت کی ترقی ظاہر ہونے لگی۔یہ نئے بیج High Yielding Variety کہلاتے ہیں۔کیمیائی کھاد،مشنری،نئے ٹریکٹر اور دیگر آبپاشی کی سہولیات فراہم کی گئیں۔کسانوں کو قرض مہیا کرنے کے لیے دیہی علاقوں میں مختلف قسم کے امدادی بنکوں کا قیام عمل میں لایا گیا۔تاکہ وہ خام مال،جیسے کھاد،کیڑے مارادویہ اور جدید کاشتکاری کے لئے درکار آلات واوزار وغیرہ کی خریداری کے لیے کسانوں کو قرض دیا فراہم کیا جاسکے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

## خشک علاقوں میں زراعت Dryland Agriculture

ہندوستان میں جملہ کھیتی کی جانے والی زمین میں 40 فیصد زمین پر آبپاشی کی سہولت ہے۔ یہ فیصد زیادہ سے زیادہ 55 تک جاسکتا ہے مابقی 45% حصے پر آبپاشی سے زراعت کرنا آسان نہیں ہے۔ یہ بہت مشکل اور مہنگا ہے۔اس لئے ان علاقوں کو مکمل طور سے بارش پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ یہ ہمارے ملک کی خشک زمینات ہیں

ان علاقوں میں چند فصلیں جوار، باجرہ، مونگ پھلی، راگی، کپاس، سویابین، تور اور چنا اگایا جاتا ہے۔

خشک زمینی علاقے بعض خاص فصلوں کے لئے بہت مناسب ہوتے ہیں۔ مثلاً ملک میں اگائی جانے والی 84% دالیں ان ہی علاقوں سے تعلق رکھتی ہیں۔لیکن اس کے باوجود دالوں کی پیداوار میں اضافہ نہیں ہورہا ہے۔اور یہ مہنگی سے مہنگی ہوتی جارہی ہیں۔

ان علاقوں میں پیداوار میں اا اضافہ کے لئے کیا کرنا چاہیئے؟ آبپاشی کی زمینات کے برخلاف جہاں پر HYV سے کھیتی باڑی کی جاتی ہے۔خشک زمینات پر کاشتکاری کرنے کے لئے مختلف مسائل درپیش ہیں۔ پہلا کام یہ ہونا چاہیئے کہ ان علاقوں میں بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی کی جائے اسکے بہت سے طریقے ہیں جس سے بارش کے پانی کو تیزی سے بہہ جانے سے روک سکتے ہیں۔اس طرح یہ پانی زمین جذب کرسکتی ہے۔اوراس کو دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے یہ اقدامات Watershed Development Programme سے کئے گئے ہیں۔ اس میں جنگلات اگانے کا عمل Bunding، Afforestation، چیک ڈیموں اور تالابوں کی تعمیر بھی شامل ہیں۔مٹی کی زرخیزی کو بڑھانے کے لئے (Organic Material) نامیاتی اشیاء بھی ضروری ہیں۔

کسان جو چنا، تور، جوار، راگی، سویابین، مونگ پھلی، کپاس کو اگاتے ہیں۔انہیں بھی مدد کی ضرورت ہوتی ہے مختلف علاقوں کی ضروریات کے مطابق مناسب بیجوں کی فراہمی ہوا یسی زمین پر مخلوط فصلوں کو اگانے کے متعلق معلومات فراہم کی جائیں۔آلات کی خریداری کے لئے قرضے دیئے جائیں۔امدادی قیمت کو ان فصلوں کے لئے متعین کیا جائے۔ کاشتکاری کے لئے خشک علاقوں میں بھی HYV کے طریقہ کو اپنایا جارہا ہے۔

> ☆ نئے طریقوں سے زراعت کی ابتدائی کوشش کن علاقوں میں کی گئی۔اور تمام ملک احاطہ کیوں نہیں کیا گیا؟
> ☆ خشک زمینی علاقوں میں مختلف قسم کے طریقے کیوں ضروری ہیں۔

## سبز انقلاب کے اثرات

### پیداوار میں اضافہ:


ہمارے ملک میں وسیع علاقوں پر HYV کے استعمال اور نئی فصلوں کے آغاز سے پیداوار میں کافی اضافہ ہوا اور ہندوستان غذائی اجناس کے معاملے میں خود مکتفی بن گیا۔

غذائی اجناس کی پیداوار میں اضافہ کی وجہ سے ہمیں دیگر ممالک سے ان کی درآمد کی ضرورت نہیں رہی۔ فی الحال غذائی اشیاء کا ہندوستان کے برآمدات میں 3 فیصد حصہ ہے۔غذائی اجناس میں گذشتہ پانچ دہوں یعنی 51-1950 سے 15-2014 میں چار گنا اضافہ اور اس کی پیداوار 51 ٹن سے 242 ٹن تک پہنچ گئی۔(بار دائیگرام - 1)

حکومت نے فوڈ کارپوریشن آف انڈیا FCI کے تعاون سے غذائی اجناس کی بڑی مقدار کو ذخیرہ کیا۔تاکہ غذائی قلت کے وقت اسکا استعمال کیا جائے اور ملک کو قحط جیسی صورتحال سے بچایا جائے۔غذائی اجناس کو ایسے علاقوں کو روانہ کیا جاسکتا ہے جہاں انکی پیداوار کم ہوتی


SCERT TELANGANA

ہے۔1967ء میں حکومت کے پاس صرف 19 لاکھ ٹن غذا ذخیرہ کی ہوئی تھی لیکن یہ 11-2010 کے دوران 220 لاکھ ٹن ہوگئی۔ جو ہندوستان کی جملہ غذائی پیداوار کا 1/10 حصہ ہے۔




سبز انقلاب سے کسانوں کو ان کی زمین پر غذائی اور غیر غذائی اجناس میں اونچی پیداوار کے لئے مدد ملی۔ حالانکہ کاشتکاری کے لیئے زمین میں کوئی زیادہ اضافہ نہیں ہوا۔1960ء میں ایک ایکڑ زمین پر 287 کیلوگرام غذائی اجناس دھان یا گیہوں کی پیداوار ہوتی ہے۔لیکن آج اسی زمین پر فی ایکٹر 800 کیلوگرام اجناس کی پیداوار ہوتی ہے

☆ کس طرح احتیاطی ذخیرہ اندوزی میں اضافہ سے قحط اور خشک سالی کا تدارک کیا جاسکتا ہے؟

☆ کس طرح کسان ایک ہی زمین خطہ پر کئی سال تک غذائی اجناس کی پیداوار کے قابل ہونگے ؟

☆ کونسے دہے میں غذائی اجناس کی پیداوار کثیر تعداد میں اضافہ ہوا۔اس کے اسباب کیا ہوسکتے ہیں؟


## ماحولیاتی اثرات

سبز انقلاب سے ماحولیاتی عدم توازن بھی پیدا ہوا جیسے کہ پہلے بتایا گیا سبز انقلاب کی شروعات شمالی ریاستوں پنجاب، ہریانہ اور اتر پردیش کے بعض علاقوں میں ہوئی۔ ہم ان علاقوں کے ماحولیاتی مسائل کے بارے میں پڑھیں گے۔

## آبی مسائل:Water Problem

ان ریاستوں کے اکثر کسانوں نے کاشتکاری کے HYVs کے طریقے کو اپنانا شروع کیا جس کے لئے وافر مقدار میں پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔آبپاشی کا اہم ذریعہ ٹیوب ویلس ہیں جن سے زیرزمین پانی استعمال کیا جاتا ہے۔ٹیوب ویلس کی تعداد میں اضافہ سے زیرزمین پانی کی سطح تیزی سے گھٹتی جارہی ہے۔اگر پانی کا استعمال زمین کی پرتوں میں جمع ہونے والے پانی کی بہ نسبت کم ہوتو زیرزمین پانی کی سطح کو برقرار رکھا جاسکتا ہے۔زیرزمین پانی کا جمع ہونا ایک قدرتی عمل ہے۔یہ عمل بارش سے ٔنہروں ٔندیوں اور دریاؤں کے بہنے سے ہر سال انجام پاتا ہے۔ان ذرائع سے پانی دھیرے دھیرے زمین کی مختلف پرتوں سے گزر کر زیرزمین پانی کے طور پر جمع ہوتا ہے۔زیرزمین پانی کے ذخائر کو بڑھانے کے بجائے ٹیوب ویلس وغیرہ کے ذریعہ اگر اس کا بے تحاشہ استعمال کیا جاتا ہے تو یہ مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ جتنا پانی زیرزمین تہہ میں جمع ہونا چاہیئے اس سے زیادہ پانی استعمال ہوتا ہے تو اس علاقہ کے زیرزمین پانی کی سطح میں کمی واقع ہوتی ہے۔زیرزمین کی پانی کی سطح میں کمی سے مراد یہ ہے کہ مستقبل میں استعمال کے لئے زیرزمین پانی کم دستیاب ہوگا۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA




پنجاب کے 12 میں سے 10 اضلاع اور ہریانہ کے 12 میں سے 19 اضلاع زیرزمین پانی کی کمی کے مسئلہ سے دوچار ہیں۔تین دہائیوں سے جو ماحولیاتی نقصان ہورہا ہے اس کی وجہ ماہرین کو یہ خدشہ لاحق ہے کہ پنجاب کی زراعت خطرہ میں ہے۔

## کھاد کے مسائل:

جانوروں کا فضلہ، گوبر یا لید اور جاندار اجسام جیسے جیسے تحلیل ہوتے ہیں معدنیات خارج کرتے ہیں۔کیمیائی کھادیں معدنیات (عام طور پر نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم) فراہم کرتی ہیں جو پانی میں تحلیل ہوجاتی ہیں۔اور پودوں کے لئے فوراً دستیاب رہتی ہیں۔لیکن وہ زیادہ عرصہ تک زمین میں باقی نہیں رہتیں بلکہ وہ مٹی سے گذر کر زیر زمین پانی، دریاؤں اور جھیلوں کو آلودہ کرتی ہیں۔کیمیائی کھادیں (کیڑے مارادویات کے بشمول) مٹی میں موجود بیکٹر یا اور دیگر اجسام کو ختم کرسکتی ہیں۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ ان کے استعمال کے کچھ وقت بعد زمین کی زرخیزی پہلے سے بھی کم ہوجاتی ہے۔خرد اجسام کے بغیر زمین کو اکثر زیادہ سے زیادہ کیمیائی کھادوں پر انحصار کرنے لگتی ہے خرد اجسام کے ذریعہ عام طور پر پیدا ہونے والے مختلف مقویات میں بھی کمی ہونے لگتی ہے۔اسطرح بہت سے علاقوں میں سبز انقلاب کے نتیجے میں زمین کی زرخیزی کو نقصان پہنچا اور کسانوں پر زیادہ خرچ کا بار بڑھنے لگا۔

### زرخیز مٹی سے کیا مراد ہے؟

زرخیز مٹی سے مراد وہ مٹی ہے جو پودوں کی جڑوں کو درکار مقدار میں پانی، معدنیات، اور ہوا فراہم کرے۔اس کے لیے مٹی کی بناوٹ اور ترکیب کا درست ہونا ضروری ہے۔مٹی معدنی اجزاء (جو چٹانوں کی شکست وریخت سے حاصل ہوتے ہیں) اور نامیاتی اجزاء اور (جاندار اجسام سے حاصل ہوتے ہیں) کا مرکب ہوتی ہے۔جڑوں میں پہنچنے کے لیے ضروری ہے کہ یہ معدنی اجزاء پانی میں حل ہوجائیں۔

ماحولیاتی وسائل جیسے زمین کی زرخیزی اور زیر زمین پانی کا ارتقاء برسہا برس میں ہوا۔اگر ایک مرتبہ یہ ختم ہوجائیں تو ان کی تجدید انتہائی مشکل ہے۔اس طرح بڑے پیمانے پر HYV's کے استعمال سے دیگر علاقے ماحولیاتی نظام کے عدم توازن کا شکار ہورہے ہیں ہم جانتے ہیں کہ زراعت بہت زیادہ قدرتی وسائل پر انحصار کرتی ہے۔مستقبل میں زرعی ترقی کو یقینی بنانے کے لئے ہمیں کس طرح کے احتیاطی اقدامات کرنے چاہیں؟ یہ ایک پیچیدہ سوال ہے جو حالیہ عرصہ میں پر موضوع بحث بنا ہوا ہے۔

## تیسرا مرحلہ 1990 تا اب تک۔مابعد زراعتی انقلاب

1967ء تا 1991ء کے دوران ہندوستانی کسانوں نے اپنی پیداوار اندرون ملک بازاروں اور فوڈ کارپوریشن آف انڈیا کے توسط سے حکومت کو فروخت کی ہے۔عوام ملک کے بازاروں پر غذائی اشیاء کی خریداری کے لئے منحصر تھے۔بیرونی پیداواری اشیاء کی تجارت کی اجازت نہیں تھی۔تقریباً پیداواری اشیاء بالخصوص غذائی اجناس کی برآمد پر پابندی تھی۔درآمدات کی اجازت نہیں تھی۔صرف حکومت ہی اختیار تھا کہ وہ غذا کی قلت کے موقع پر اسے درآمد کرے۔

SCERT TELANGANA

یہ بھی دیکھا گیا کہ حکومت نے کسانوں کی مدد کے لیے کم قیمت پر کاشتکاری کے آلات فراہم کیے اور اقل ترین امدادی قیمت (MSP) پر حکومت خود پیداوار خریدا کرتی۔ اس لیے ہندوستانی کسانوں نے ملک کے بازاوروں کے لیے پیداوار کی اور کاشتکاری سے آمدنی کے حصول کے لیے حکومت نے ان کا تعاون کیا۔

☆ کیوں ہندوستانی حکومت نے کسانوں کو سبز انقلاب کے سالوں کے دوران غذائی اجناس کی برآمد کرنے کی اجازت نہیں دی؟

☆ کیوں حکومت نے درآمدات / برآمدات پر پابندی عائد کی۔ کس طرح اس پالیسی سے ہندوستانی کسانوں کو مدد ملی؟

## پیداواری اشیاء میں بیرونی تجارت

جیسا کہ ہم پہلے ہی بتا چکے ہیں کہ حکومت نے زراعت کے شعبے میں 1991ء سے قبل بہت سے حفاظتی اقدامات کیے اس کے بعد ہندوستانی زراعت کی پالیسوں میں اہم تبدیلیاں ہوئیں۔ ہندوستانی زرعی پیداوار کی درآمدت اور برآمدات میں پہلے کے مقابلے میں کافی اضافہ ہوا۔

زرعی پالیسیوں کی تبدیلی صرف ہندوستان میں ہی نہیں ہوئی بلکہ کئی ترقی پزیر ممالک ایشیاء، آفریقہ اور جنوبی امریکہ کے ممالک نے بھی زرعی پالیسیوں میں تبدیلی کی ہے۔ یہ اس لیئے ہوا کہ ترقی یافتہ ممالک نے ان پر بیرونی تجارت کے لیے دباؤ ڈالا۔ دراصل ترقی یافتہ ممالک اپنی فاضل زرعی پیداوار کو کم آمدنی والے ممالک میں فروخت کرنا چاہتے ہیں جہاں پر وسیع پیمانے پر خریدار ہوتے ہیں۔

بیرونی تجارت پالیسی میں تبدیلی کی وجہ سے بہت سے فصلوں کی تجارت کی جاسکتی ہے۔ کسان اب ترکاریوں اور پھلوں، شکر اور گڑ کو درآمد کرسکتے ہیں۔ ایسے ہی کپاس، ربر، دالوں، تیل کے بیج، کی برآمد ہوسکی لیکن کسان غذائی اجناس کو برآمد نہیں کرسکتے چونکہ اناج غذا کا اہم جز ہے اس لیے حکومت ہند غذائی اجناس کی بیرونی تجارت کی اجازت دینے سے متعلق کافی محتاط ہے۔ اگر ہندوستانی حکومت چاہے تو غذائی اجناس کی تجارت کرسکتی ہے۔

## نامیاتی کاشتکاری - اڈیشہ کے ایک کسان کا تجربہ

سبز انقلاب کے مضر اثرات کے تدارک کے لیے ہندوستانی کسانوں نے کاشتکاری کے مختلف طریقوں کو اختیار کرنا شروع کیا۔ آیئے ہم ایک مثال کا جائزہ لیں گے۔ نٹور بھائی جن کی عمر 80 برس ہے۔ نری شو (Narishu) گاؤں کے متوطن ہیں۔ جو اڈیشہ کے ضلع کٹک کے قریب نائیلی میں ہے وہ ایک موظف اسکول ٹیچر ہیں نامیاتی کاشتکاری پر وہ گذشتہ ایک دہے یا اس سے زائد عرصے سے تجربہ کررہے ہیں۔ انہوں نے قسم کھائی ہے کہ ہندوستان کی آبادی کو غذا کی فراہمی کے لیے خود مکتفی کریں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ چند مختلف قسم کی بیجوں کے ذریعہ ایک ایکڑ میں 20 کنٹل پیداوار حاصل کیے ہیں۔ جو HYV بیجوں سے کہیں زیادہ ہے جس کے لیے کسان کیمیائی کھادوں اور کیڑے مارادویات کا استعمال کرتے ہیں۔ کھاد کے طور پر گوبر قدرتی کیڑے ماردوائیں ضرورت پر ہی استعمال کرتے ہیں جس سے خرچ بھی کم ہوتا ہے۔ اور وہ مزدوروں کے بجائے گھر کے لوگوں سے ہی کام لیتے ہیں۔ نٹور بھائی پہلے جدید کسان تھے۔ ایک دن جب انہوں نے ایک مزدور کو دیکھا جو کھیت میں کاربن فیوران (انتہائی زہریلی کیڑے ماردوا) چھڑکتے ہوئے لڑکھڑا کر گر پڑا۔ نٹور بھائی دہشت زدہ ہو گئے اس کو فوری طبی امداد پہنچائی گئی اور وہ بچ گیا لیکن نئے زراعی طریقوں پر نٹور بھائی کا اعتماد باقی نہیں رہا۔ خاص طور پر جب اس مزدور نے ان سے اس طرح کہا : ''میں سانس نہیں لے پارہا اور میرا سر گھوم رہا ہے''، نٹور بھائی نے باقی کاربوفیوران کو ایک گڑھے میں دفن کردیا۔ اور اس وقت ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی جب انہوں نے گڑھے میں موجود پانی میں مردہ گھونگھے، سانپ اور مینڈکوں کو تیرتے دیکھا۔ وہ کہتے ہیں کہ میں فوراً تعجب میں پڑ گیا کہ یہ ان کیچوؤں اور خرد اجسام کے ساتھ بھی ہوسکتا ہے جو مٹی کو زندہ رکھتے ہیں۔''

نٹور بھائی نے نامیاتی کھادوں کو استعمال کرنا ترک کردیا۔ البتہ وہ محکمہ زراعت کے فراہم کردہ کثیر پیداواری بیج (HYV) استعمال کرتے رہے، اپنے بیٹے راجندر کے مشورے پر انہوں نے روایتی بیجوں سے کاشت شروع کی۔ مگر موجودہ دور میں ان روایتی اقسام کی کاشت بہت کم ہوتی تھی۔ اس طرح ایک بڑا مسئلہ اٹھ کھڑا ہوا۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

1999 میں انہوں نے روایتی اقسام کے دھان کے بیجوں کی تلاش میں پورے اڑیسہ کا دورہ کیا اور لگ بھگ 5000 کلومیٹر کا سفر کیا۔ انہوں نے کئی درجن روایتی اقسام کے بیجوں کو پسماندہ علاقوں سے اکٹھا کیا۔ انہوں نے ان سب کے نام، خصوصیات اور پیداواری صلاحیت کو درج کرتے ہوئے ان کی کاشت شروع کی۔

***Source: Adapted from Ashish Kothari, A New Rice Every day? The Hindu, December 9, 2012.***

☆ کیا نامیاتی کاشتکاری سب کے لئے درکار غذا پیدا کرسکتی ہے؟

☆ چھوٹے اور غریب کسانوں کے لئے نامیاتی کاشتکاری کیسے موزوں ہوتی ہے؟ بحث کیجئے؟

ترقی یافتہ ممالک ہندوستان پر مسلسل دباؤ ڈال رہے ہیں کہ ان کی پیداواری فصلوں کو ہندوستان میں درآمد کرنے کی اجازت دی جائے بیرونی تجارت کسانوں کی آمدنی میں بہت زیادہ کمی بیشی کا سبب بن سکتی ہے۔ کچھ سالوں میں چند فصلوں کی برآمد سے منافع ہوسکتا ہے۔ اور دیگر سالوں میں کسانوں کو سستی پیداواری اشیاء کے درآمد سے خسارہ ہوسکتا ہے۔ کیونکہ اس سے قیمتیں گرجاتی ہیں چھوٹے کسان جن پاس جمع پونجی (Saving) نہیں ہوتی ہے وہ اس کو برداشت نہیں کرپائیں گے۔ اور قرضوں کے جال میں پھنس کر مزید غربت کا شکار ہوجائینگے۔ حکومت کو پیداواری اشیاء کی تجارت میں کافی محتاط ہونا پڑے گا۔

## حکومت اجناس کو خرید کر ذخیرہ کیوں کرتی ہے؟

فصلوں کی کٹائی کے وقت بازار میں اجناس بہت زیادہ آتے ہیں۔ ایسے حالات میں ایک مسئلہ جو کسانوں کو درپیش ہوتا ہے وہ اجناس کی کم قیمتیں ہوتی ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ کسان اپنے اجناس کو اونچی قیمت میں نہیں فروخت کرپاتے ہیں۔ وہ قرضوں کی ادائیگی کے قابل نہیں ہوتے اور کبھی کاشتکاری میں نئے طریقوں کو جاری نہیں رکھ سکتے۔ انہیں ایسے تاجرین سے بچانے کی ضرورت ہے جو کہ کم قیمتوں پر اجناس کو خریدنا چاہتے ہیں۔

اس لیئے حکومت نے اقل ترین امدادی قیمت (MSP) متعین کی ہے۔ MSP قیمت وہ ہے جس پر اگر کسان چاہیے تو اپنے اجناس کو حکومت کو فروخت کرسکتا ہے۔ حکومت نے MSP کا تعین کیا تاکہ کسانوں کو پیداواری لاگت اور کسی قدر منافع بھی حاصل ہو MSP کی وجہ سے تاجر کسانوں پر زبردستی سستی قیمتوں پر ان کے اجناس کو فروخت کرنے کے لیئے دباؤ نہیں ڈال سکتے ہیں۔

حکومت نے فوڈ کارپوریشن آف انڈیا (FCI) کا قیام کسانوں سے اجناس خریدنے اور ذخیرہ کرنے کے لئے کیا ہے۔ یہ ذخیرہ کرتے ہیں اور راشن کی دکانوں اور دوسرے حکومتی اسکیمات (مثلاً اسکولوں میں دوپہر کے کھانے) کو یہ اجناس مہیا کرتے ہیں۔

### کلیدی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ کیمیائی کھاد | 2۔ سبز انقلاب | 3۔ نامیاتی اشیاء |
| 4۔ خشک علاقوں میں زراعت | 5۔ جدید زرعی طریقے | 6۔ بیرونی تجارتی پالیسی |

### اپنے اکتساب کو بڑھائیے۔

1۔ ایک اہم مشروباتی فصل کا نام بتائیے اور اسکی نشو ونما کے لئے درکار جغرافیائی حالات کی وضاحت کیجئے؟

2۔ کاشتکاری کے لئے استعمال کی جانے والی زمین دن بہ دن گھٹتی جارہی ہے۔ کیا آپ اس کے وجوہات کا اندازہ لگا سکتے ہیں؟

3۔ ہندوستان کے نقشے میں جوار کی پیداوار کے علاقوں کی نشاندہی کیجئے؟

4۔ اقل ترین امدادی قیمت سے کیا مراد ہے؟ اسکی ضرورت کیوں ہے؟



SCERT TELANGANA

5۔ سبز انقلاب کے تعاون میں ہندوستانی حکومت کی جانب سے کئے گئے تمام اقدامات کی وضاحت کیجئے؟

6۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ہندوستان کو غذائی اجناس کی پیداوار میں خود مکتفی ہونا چاہیئے؟ بحث کیجئے؟

7۔ کس طرح خشک زمینوں میں زراعت دیگر علاقوں کی زراعت سے مختلف ہوتی ہے؟


8۔ کیا آپ حالیہ عرصہ میں کول ڈرنکس میں پائے گئے کیڑے مارادویہ کے واقعات کا تذکرہ کرسکتے ہیں۔اس پر بحث کیجئے؟

9۔ کیوں جدید کاشتکاری کے طریقوں میں کیمیائی کھاد کا استعمال کیا جاتا ہے کس طرح سے کیمیائی کھاد زمین کی زرخیزی کم کر رہی ہے۔ زمین کی زرخیزی میں اضافہ کے متبادل ذرائع کیا ہوسکتے ہیں؟

10۔ کس طرح سے سبز انقلاب بعض علاقوں میں قلیل مدت کے لئے فائدے منداور طویل مدت کے لئے نقصاندہ ثابت ہوئے؟

11۔ بیرونی تجارت سے کسانوں کی آمدنی پر کونسے اثرات مرتب ہوسکتے ہیں؟

12۔ ہم پچھلی جماعتوں میں زمین کی تقسیم سے متعلق پڑھ چکے ہیں۔یہ تصویر اس تصور کی عکاسی کس طرح کرتی ہے؟ ہندوستانی زراعت کے تناظر میں اس سے متعلق ایک پیراگراف لکھئے۔





13۔ صفحہ نمبر 70 پر کھاد کے مسائل کے بارے میں پڑھیےاور مباحثہ کیجیے۔

14۔ صفحہ نمبر 74 پر ہندوستان کے نقشے کا مشاہدہ کیجیےاور دھان کے پیداواری علاقوں کی نشاندہی کیجیے۔

**بحث کیجیے:** کیا آپ محسوس کرتے ہیں کہ زراعت کرنے والے کسان خوش ہیں؟ اگر خوش ہیں تب کیا اسباب ہیں؟ اس کے اثرات زراعت پر کیسے مرتب ہوتے ہیں۔

**مباحثہ:** کیا نامیاتی کھاد کیمیائی کھاد اور کیڑے مارادویات کو پیش نظر رکھتے ہوئے زراعت کی جانی چاہیے۔آبادی کے عنصر کو مدنظر رکھتے ہوئے کمرہ جماعت میں مباحثہ منعقد کیجیے۔

## منصوبہ


آپ کے علاقے میں کونسی فصلیں اگائی جاتی ہیں؟ ان میں کونسی فصلیں HYV بیجوں کے ذریعہ اور کونسی فصلیں روایتی بیجوں کے ذریعہ اگائی جاتی ہیں۔حسب ذیل نکات کو مدنظر رکھتے ہوئے HYV بیجوں اور روایتی بیجوں کا تقابل کیجئے۔

a) فصل کی مدت　　b) کتنی مرتبہ سیراب کیا گیا　　c) پیداوار

d) کھادیں　　e) بیماریاں　　f) کیڑے ماردوائیں

SCERT TELANGANA

نقشہ - 1 ہندوستان میں چاول کی کاشت کرنے والی ریاستیں تلاش کیجیے




SCERT TELANGANA

باب
7

# ہندوستان میں صنعتیں

## حصہ ''الف''

### صنعتیں قائم کرنے کے لئے بنیادی ضروریات:

صنعتیں قومی ترقی کے لئے انتہائی اہم عنصر ہوتی ہیں۔آپ نے جماعت ہشتم میں مختلف پیداواری مراحل کے بارے میں پڑھا ہے۔ مثلاً آپ نے کاغذ کی پیداوار کے بارے میں پڑھا۔اس میں آپ نے دیکھا ہوگا کہ کارخانے کس طرح کام کرتے ہیں اور گھر میں، چھوٹے شیڈ میں یا کارخانوں میں پیداواری مراحل کس طرح انجام پاتے ہیں۔اس باب میں ہم پڑھیں گے کہ صنعتوں کی اہمیت کیا ہے؟ اور برسوں پر محیط عرصے میں ہندوستان کی صنعتی ترقی کیسے ہوئی؟ اور صنعتوں کی ترقی میں حکومت کا کیا رول رہا ہے؟

طویل عرصے تک ہندوستان کی اہم صنعتی سرگرمی دستکاری اور خصوصاً پارچہ سازی تھی۔نوآبادیاتی نظام کے تحت ہندوستان میں کچھ صنعتوں کو چھوڑ کر کوئی مضبوط صنعتی بنیاد مستحکم نہیں ہوسکی۔ملک کئی قسم کی اشیاء کی پیداوار کرنے کے قابل نہیں تھا۔زیادہ تر صنعتی اشیاء کو درآمد کرنا پڑتا تھا۔ ہندوستان میں انگریزی حکومت کی عام پالیسی جدید صنعتوں کو ترقی نہ دینے کی تھی۔ بلکہ وہ چاہتے تھے کہ ہندوستان برطانوی اشیاء کے لئے بازار مہیا کرتا رہے۔1947ء کے بعد ہندوستان نے صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے کئی اقدامات کئے جن کا مقصد ملک کو خود مکتفی بنانا اور صنعتی ترقی کا حصول تھا۔

آپ جانتے ہیں کہ کسی صنعت یا کارخانے کے قیام کے لئے مشینوں کی ضرورت ہوتی ہے۔اور کپڑا تیار کرنے والی ایک جدید فیکٹری میں کپڑا بننے کی مشین برقی توانائی سے چلتی ہے۔جبکہ دستی پارچہ سازی میں مشینوں کو ہاتھ سے چلایا جاتا ہے۔ برقی سے چلنے والی مشین کم وقت میں زیادہ مقدار میں کپڑا تیار کرتی ہیں۔اس طرح کئی پیچیدہ مشینیں ہیں جو سمنٹ، کاریں، خوردنی تیل اور دیگر اشیاء تیار کرتی ہیں۔اور یہ تمام مشینیں برقی توانائی سے چلتی ہیں۔یعنی کسی صنعت کو چلانے کے لئے مشینیں اور برقی توانائی بنیادی ضروریات ہیں۔

اس کے علاوہ تمام صنعتوں کو خام مال کی ضرورت ہوتی ہے۔جس سے اشیاء تیار کی جاتی ہیں۔مثلاً سیکلوں کی تیاری کے لئے فولاد کی ضرورت ہوتی ہے۔بعض صنعتیں فولاد کی چادریں تیار کرتی ہیں جس میں لوہا اور ایندھنی کوئلہ استعمال کیا جاتا ہے۔کوئی اور صنعت ان فولادی چادروں کو خام مال کے طور پر استعمال کرکے فولادی پائپ بناتی ہیں۔آخر کار سیکل کے کارخانے میں ان پائپوں کو استعمال کرکے سیکل کے فولادی فریم تیار کرتے ہیں۔غور کیجئے کہ فولاد کی تیاری کے لئے بنیادی وسائل یعنی خام مال جیسے لوہا اور کوئلہ معدنیات ہیں۔اس لئے معدنیات اور کچ دھاتوں کے حصول کے لئے کانیں بھی صنعتوں کی بنیادی ضرورت ہیں۔

مختلف صنعتیں مختلف قسم کی اشیاء تیار کرتی ہیں۔جنہیں دوسری صنعتیں خام مال یا درمیانی اشیاء کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔اشیائے صارفین جو راست طور پر لوگوں کے استعمال کے لئے فراہم کی جاتی ہیں۔آخری مرحلہ میں آنے سے پہلے کئی درمیانی مراحل سے مختلف صنعتوں سے گذرتی ہیں۔

خام مال صنعتوں تک لانے کے لئے اور تیار شدہ مال بازار تک پہونچانے کے لئے ذرائع حمل ونقل کی ضرورت ہوتی ہے۔ٹرک،


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

☆ بعض صنعتوں میں تیارکردہ ان اشیاء کی فہرست بنائیں جو دوسری صنعتوں میں استعمال کی جاتی ہوں۔

☆ لوہا مختلف صنعتوں میں کثیر تعداد میں پیدا کی جانے والی اشیاء کی بنیادی ضرورت ہے۔اپنے مشاہدے کی روشنی میں بتلائیے کہ یہ کن کن صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے؟

☆ کیا آپ نے مختلف صنعتوں میں استعمال ہونے والی مشینوں کو دیکھا ہے؟ ایسی مختلف مشینوں کی تصاویر حاصل کیجئے اور اسے اپنی نوٹ بک میں چسپاں کیجئے۔

☆ چارٹ بنا کر بتلائیے کہ بہت ساری اشیاء کی پیداوار کے لئے پٹرول ایک بنیادی ضرورت ہے؟

☆ بنیادی ضرورت سے کیا مراد ہے؟ بحث کیجئے کہ صنعتوں کی بنیادی ضروریات کیا ہیں؟

☆ آزادی کے وقت صنعتیانے کے ذریعے کن مقاصد کو حاصل کرنا طے کیا گیا تھا؟

ریلوے، پانی کے جہاز وغیرہ حمل ونقل کے ذرائع ہیں۔جن کے لئے خصوصی سہولیات جیسے سڑکیں جو اچھی حالت میں ہوں اور ملک کی ریاستوں،شہروں اور دیہاتوں کو جوڑتی ہوں ،اسی طرح بہترین ریلوں کا جال،اور وسیع بندرگاہیں جہاں کئی جہازوں کے ٹھہرنے کی سہولت اور مال برداری کی سہولت دستیاب ہو ضروری ہیں۔


مذکورہ بالا بحث سے معلوم ہوتا ہے کہ صنعتیانے کے عمل کو فروغ دینے کے لئے اور صنعتوں کی تعداد کو بڑھانے کیلئے کئی بنیادی ضروریات کا ہونا لازمی ہے جیسے مشینیں، برقی توانائی،معدنیات (کانیں)،اور حمل ونقل کا اچھا نظام وغیرہ۔

ایسی صنعتیں جو صنعتوں کے لئے درکار بنیادی ضروریات کی تیاری عمل میں لاتی ہیں یعنی مشینوں کی پیداوار، برقی کی پیداوار، معدنیات کی فراہمی اور حمل ونقل کے ذرائع کی پیداوار کرتی ہیں بنیادی صنعتیں (Basic Industries) کہلاتی ہیں۔

## صنعتوں کا جائے وقوع (Industrial location)

صنعتوں کے جائے وقوع اپنی نوعیت کے اعتبار سے کافی پیچیدہ ہوتے ہیں۔ان پر خام مال،مزدوروں،سرمایہ،ایندھن اور بازار کی سہولتوں کی فراہمی پر بہت زیادہ انحصار ہوتا ہے۔اور یہ امر نہایت دشوار ہے کہ یہ تمام عناصر ایک جگہ دستیاب ہو جائیں۔اس لئے صنعتی سرگرمیاں ایسے مناسب ترین مقامات پر شروع کی جاتی ہیں جہاں پر مذکورہ بالا سہولتیں دستیاب ہو جائیں یا کم از کم انہیں آسانی سے سستے داموں پر فراہم کرنے کا نظم ہوسکتا ہو۔کسی صنعتی سرگرمی کے آغاز کے ساتھ ہی وہاں شہریانے کا عمل شروع ہو جاتا ہے۔بعض اوقات صنعتیں شہروں میں یا شہروں کے قرب وجوار میں قائم کی جاتی ہیں۔لہٰذا صنعتیانے اور شہریانے کا عمل ساتھ ساتھ ہوتا ہے۔شہروں سے صنعتوں کو بازار دستیاب ہوتے ہیں اس کے علاوہ شہروں کے ذریعے بنکنگ ،انشورنس،حمل ونقل،مزدوروں ، مالیاتی مشیروں وغیرہ کی خدمات بھی صنعتوں کو حاصل ہوتی ہیں۔اکثر صنعتیں ان شہری مراکز سے ملنے والی بے شمار سہولتوں کے حصول کی خواہش مند ہوتی ہیں ان شہروں کو معاشی خدمات کے انبوہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔دھیرے دھیرے ایک بڑا صنعتی گروہ وہاں پر وجود میں آجاتا ہے۔آزادی سے پہلے اکثر پیداواری اکائیاں (صنعتیں) ایسے مقامات پر قائم کی جاتی تھیں جو سمندری تجارت کے نقطہ نظر سے موزوں سمجھے جاتے تھے مثلاً ممبئی،کولکتہ، چنائی وغیرہ۔لیکن مابعد آزادی کئی ایسے صنعتی وشہری مراکز فروغ پائے جن کے اطراف میں کافی وسیع زرعی یا دیہی علاقے موجود تھے۔

SCERT TELANGANA




## مشغلہ

☆ چائے کی پتی اور ٹوتھ پیسٹ کے کچھ لفافوں (Wrappers) کو جمع کیجئے۔ ان پر درج باتوں کو غور سے پڑھئے اور ان کی روشنی میں ذیل کے خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

☆ ---------------- کو ایک زراعت پر مبنی صنعت کی پیداوار کہا جاسکتا ہے اور ---------------- کو ایک معدنیات پر مبنی صنعت کی پیداوار کہا جاسکتا ہے۔

☆ ٹوتھ پیسٹ کے لئے درکار خام اشیاء مثلاً -------------- اور -------------- دوسری صنعتوں میں تیار کئے جاتے ہیں۔ ان کو کلیدی یا بنیادی صنعتیں کہا جاتا ہے۔ جبکہ ٹوتھ پیسٹ اشیائے صارفین میں سے ایک ہے اور اشیائے صارفین کو پیدا کرنے والی صنعتوں کو اشیائے صارفین کی صنعتیں کہا جاتا ہے۔


☆ صنعتیں افراد کی ملکیت ہوتی ہیں یا پھر کسی گروہ کی ملکیت ہوتی ہیں۔ جیسے کہ ---------------- (چائے کی پتی کی پیداوار کے لئے) اور ---------------------- (ٹوتھ پیسٹ کی پیداوار کے لئے) ہے۔ ایسی کوئی صنعت خانگی شعبے کی صنعت کہلاتی ہے اور اگر کسی صنعت کی مالک حکومت ہو تو وہ عوامی شعبے کی صنعت کہلاتی ہے۔ عوامی شعبے کی صنعت کی دو مثالیں ---------------------- اور ---------------------- ہیں۔

☆ بعض صنعتیں ایسے کئی لوگوں کی ملکیت ہوتی ہیں جو خود صنعت کے لئے خام مال (دودھ/گنا) فراہم کرتے ہیں یا خود اس میں کام کرتے ہیں اور اپنے وسائل کی مدد سے ان صنعتوں کو چلاتے ہیں۔ ایسی صنعتوں کو امداد باہمی کی صنعتیں کہا جاتا ہے۔

## زراعت پر مبنی صنعتیں (Agro Based Industries)

وہ صنعتیں جو زرعی پیداوار پر انحصار کرتی ہیں زراعت پر مبنی صنعتیں کہلاتی ہیں۔

**کپڑے کی صنعت (Textile Industry):** کپڑے کی صنعت کو ہندوستانی معیشت میں نہایت ہی منفرد مقام حاصل ہے کیونکہ صنعتی پیداوار میں (14%)، روزگار کی فراہمی میں (35 ملین افراد کو راست طور پر روزگار فراہم کرتی ہے۔ اور زراعت کے بعد دوسرا مقام رکھتی ہے) اور بیرونی زر مبادلہ کے حصول میں کافی اہم حصہ (تقریباً 24.6%) ادا کرتی ہے۔ اس کا خام گھریلو پیداوار میں چار فی صد حصہ ہوتا ہے۔ یہ ملک کی واحد صنعت ہے جو مکمل طور پر خود مکتفی ہے۔ اور خام اشیاء سے لیکر اعلیٰ قیمت کی پیداوار کو فراہم کرنے تک ساری سرگرمیاں پائے تکمیل کو پہنچانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔





کپڑے کی صنعت میں قدر افزودگی

SCERT TELANGANA

**سوتی کپڑے کی صنعت(Cotton textile Industry)**: قدیم ہندوستان میں سوتی کپڑے کی تیاری دستی چرخوں اور ہاتھ سے کپڑا بننے کی کاریگری کے ذریعے ہوتی تھی۔ اٹھارویں صدی عیسوی کے بعد برقی کرگے(پاورلوم) استعمال ہونے لگے۔ نوآبادیاتی دور میں ہمارے ملک کی روایتی صنعتوں کو بڑا دھکہ لگا کیونکہ وہ انگلینڈ سے درآمد شدہ مشینوں سے تیار کردہ کپڑے کا مقابلہ نہیں کرسکتی تھیں۔ انگلینڈ میں پاورلوم کے ذریعے بڑے پیمانے پر سوتی کپڑے تیار کئے جاتے تھے۔ بڑے پیمانے پر پیداوار اور کم محصول کی وجہ سے مشینوں کا تیار کردہ کپڑا سستا ہوتا تھا۔

فی الوقت ہمارے ملک میں 1600 سوتی کپڑے اور ہینڈلوم کے کارخانے قائم ہیں۔ ان میں تقریباً 80% خانگی شعبے کے تحت ہیں اور باقی عوامی اور امداد باہمی شعبے کے تحت ہیں۔ ان تمام کے علاوہ کئی ہزار چھوٹے چھوٹے کارخانے ایسے ہیں جن میں چار تا دس کرگے (Looms) استعمال کئے جاتے ہیں۔

شروع میں سوتی کپڑے کی صنعت مہاراشٹرا اور گجرات کے کپاس کے پیداواری علاقوں کے قریب مرکوز تھی۔ خام کپاس کی فراہمی، بازار کی قربت، حمل و نقل کی سہولت، بندرگاہوں کی قربت، مزدوروں کی دستیابی اور مرطوب آب و ہوا جیسے عوامل اس مرکوزیت کے اہم اسباب ہیں۔ یہ صنعت زراعت سے کافی قریبی ربط رکھتی ہے اور کسانوں، کپاس توڑنے والوں، روئی دھننے والوں، چرخہ کاتنے والوں، بنکروں، رنگ سازوں، ڈیزائن بنانے والوں، سینے، اور پیک کرنے والوں کے لئے روزگار کا وسیلہ بنی ہوئی ہے۔ یہ صنعت طلب کو پیدا کرتے ہوئے کئی




نوٹ: اس باب کے آخر میں سوتی کپڑے کی صنعتوں کے نقشے کو دیکھیے اور رنگ بھریئے

SCERT TELANGANA

☆ سب سے پہلی کامیاب ترین کپڑے کی مل 1854ء میں ممبئی میں قائم ہوئی۔

☆ یورپ میں جب دو عالمی جنگیں لڑی گئیں ہندوستان برطانیہ کی نوآبادی تھا۔اس وقت انگلینڈ (برطانیہ) میں کپڑے کی شدید مانگ تھی اس لئے انگریزوں نے کپڑے کی صنعت کو ترقی دینے کا بیڑہ اٹھایا تھا۔

دوسری صنعتوں کو سہارا دیتی ہے۔جیسے کیمیائی اشیاء، رنگوں، مشینی اوزار، پیک کرنے کی اشیاء اور انجنیر نگ کی اشیاء وغیرہ کی صنعتیں۔

سوت کاتنے کا کام مہاراشٹرا، گجرات اور ٹامل ناڈو میں مرکوز تھا لیکن کپڑے بننے کی سرگرمیاں غیر مرکوز تھیں جسکی بناء پر کپاس، ریشم، زری اور ایمبر ائڈری کے کپڑے بننے میں ڈیزائنوں کا روایتی تنوع باقی رکھا جاسکا۔ ہندوستان میں عالمی معیار کا سوت کاتا جاتا ہے لیکن بننے کے اعتبار سے کم تر درجے کے کپڑے دستیاب ہوتے ہیں کیونکہ اس میں اعلیٰ درجہ کے دھاگے استعمال نہیں کئے جاتے۔کپڑا بننے کا عمل دستی کرگوں (ہینڈلوم)، پاورلوم اور کارخانوں میں انجام پاتا ہے۔

ہاتھ سے بنا کھادی کا کپڑا بنکروں کے لئے روزگار کا اہم ذریعہ ہے جو ایک گھریلو صنعت ہے۔ ہندوستانی سوت کے دھاگے جاپان کو برآمد کئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ریاستہائے متحدہ امریکہ، انگلینڈ، روس، فرانس، مشرقی یورپی ممالک، نیپال، سنگاپور، سری لنکا اور افریقی ممالک بھی ہندوستان سے کپاس کی اشیاء درآمد کرتے ہیں۔

☆ مہاتما گاندھی نے چرخہ کاتنے اور کھادی بننے پر کیوں زور دیا؟

**جوٹ (پٹ سن) کی صنعت:** ہندوستان خام جوٹ اور جوٹ کی اشیاء کا سب سے بڑا پیدا کار ہے اور برآمدی اعتبار سے بنگلہ دیش کے بعد دوسرا مقام رکھتا ہے۔ ہندوستان میں تقریباً 70 جوٹ کے کارخانے ہیں۔جن میں اکثر مغربی بنگال میں دریائے ہگلی کے کنارے 98 کلومیٹر طویل اور 3 کلومیٹر چوڑی پٹی پر پھیلے ہوئے ہیں۔

**ہگلی کی وادی میں ان صنعتوں کے مرکوز ہونے کے عوامل یہ ہیں۔** جوٹ کے پیداوری علاقوں کی قربت، سستا آبی حمل ونقل، ریلوں، سڑکوں اور آبی راہوں کا اچھا جال جو کارخانوں کے لئے خام مال کی فراہمی کا بہترین ذریعہ ہیں، خام جوٹ کے ترکیبی عمل کے لئے درکار وافر مقدار میں پانی کی دستیابی، مغربی بنگال اور متصلہ ریاستوں یعنی بہار، اڑیسہ اور اتر پردیش سے ملنے والے کم اجرتی مزدور وغیرہ۔کولکتہ ایک عظیم شہری مرکز ہے جو بنکوں، انشورنس اور جوٹ کی اشیاء کی برآمد کے لئے بندرگاہی سہولتیں فراہم کرتا ہے۔

جوٹ کی صنعت راست طور پر 2.61 لاکھ ورکروں کو روزگار فراہم کرتی ہے اور 40 لاکھ چھوٹے اور حاشیائی کسانوں کا سہارا ہے جو جوٹ اور Mesta کی کاشتکاری میں مصروف ہیں۔اس کے علاوہ بے شمار لوگ اس سے بالواسطہ طور پر جڑے ہوئے ہیں۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

جوٹ کی پہلی صنعت 1859ء میں کولکتہ کے قریب Rishra کے مقام پر قائم ہوئی۔ 1947ء میں تقسیم ملک کے بعد جوٹ کے کارخانے ہندوستان میں رہے جبکہ جوٹ کی پیداوار کا تین چوتھائی رقبہ بنگلہ دیش (جو اسوقت مشرقی پاکستان تھا) میں چلا گیا۔

اس صنعت کو بین الاقوامی بازار میں مصنوعی متبادلات (Synthetic) سے بنگلہ دیش، برازیل، فلپائین، مصر اور تھائی لینڈ کے جوٹ کی اشیاء سے مقابلہ درپیش ہے۔البتہ حکومت کی پالیسی کے سبب کہ جسکی وجہ سے جوٹ کی اشیاء کے ذریعہ پیکیجنگ (Packaging) کو لازمی قرار دیا گیا ہے ملک کے اندر جوٹ کی طلب میں اضافہ ہورہا ہے۔اس طلب کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ جوٹ کی اشیاء کی

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

پیدوار میں جدت اور تنوع پیدا کیا جائے۔2005ء میں قومی جوٹ پالیسی کا اعلان کیا گیا تھا جس کا مقصد پیداوار میں اضافہ کرنا، معیار کو بڑھانا، کسانوں کے لئے بہتر قیمت کو یقینی بنانا اور فی ہیکٹر پیداوار کی شرح کو بڑھانا تھا۔ جوٹ کی اشیاء کے اہم بازار ریاستہائے متحدہ امریکہ، کینیڈا، روس، متحدہ عرب امارات، انگلینڈ اور آسٹریلیا ہیں۔ عالمی سطح پر ماحول دوست اشیاء اور نباتی انحطاط پیدا کرنے والی اشیاء کے لئے پیدا ہونے والی فکر نے جوٹ کی اشیاء کے لئے ترقی کی راہیں کشادہ کر دی ہیں۔

**شکر کی صنعت(Sugar Industry)**: ہندوستان شکر کی پیداوار میں دنیا بھر میں دوسرا مقام رکھتا ہے لیکن گڑ اور کھانڈسری (اس صنعت میں استعمال ہونے والا خام مال) کی پیداوار میں پہلا مقام رکھتا ہے۔ ملک بھر میں تقریباً 460 شکر کے کارخانے ہیں جو اتر پردیش، بہار، مہاراشٹرا، کرناٹک، ٹامل ناڈو، تلنگانہ، آندھراپردیش اور گجرات کے علاوہ پنجاب، ہریانہ اور مدھیہ پردیش میں بھی پھیلے ہوئے ہیں۔ ساٹھ فی صد کارخانے اتر پردیش اور بہار میں ہیں۔ یہ صنعت موسمی نوعیت کی ہوتی ہے اور امداد باہمی شعبے کے لئے مناسب ترین ہے۔ کیا آپ اسکی وجوہات کی وضاحت کر سکتے ہیں؟


حالیہ برسوں میں جنوبی اور مغربی ریاستوں میں خصوصاً مہاراشٹرا میں کارخانوں کو قائم کرنے کا رجحان نظر آنے لگا ہے۔ کیونکہ یہاں پیدا شدہ گنے میں سکروز کا فیصد زیادہ ہوتا ہے۔ اور یہاں کی ٹھنڈی آب و ہوا کی وجہ سے گنے کو کچلنے کے لئے زیادہ وقت ملتا ہے۔ اس کے علاوہ ان ریاستوں میں امداد باہمی ادارے کافی کامیاب اور سرگرم ہیں۔ اس صنعت کے اہم مسائل میں صنعت کی موسمی نوعیت، قدیم اور فرسودہ پیداوار طریقے، گنے کو کارخانوں تک پہنچانے میں حمل و نقل کی تاخیر اور گنے کی پھوک (کچرا) کے استعمال کو بڑھانے کی ضرورت شامل ہیں۔

☆ شکر اور گڑ کے کارخانے کہاں پر قائم کرنا مناسب ہوتا ہے؟

## معدنیات پر منحصر صنعتیں (Mineral based Industries)

ایسی صنعتیں جو معدنیات اور دھاتوں کو خام مال کے طور پر استعمال کرتی ہیں معدنیات پر منحصر صنعتیں کہا جاتا ہے۔ کیا آپ اس قسم کی چند صنعتوں کے نام بتا سکتے ہیں؟

برصغیر ہند میں ارضیاتی ساخت کے لحاظ سے بے شمار معدنیات کے ذخائر موجود ہیں۔ لوہے اور فولاد کی صنعتوں کے لئے درکار معدنیات کے ذخائر جزیرہ نما ہند میں پائے جاتے ہیں۔




اس لئے لوہے اور فولاد کے کارخانے ایسے مقامات پر پھیلے ہوئے ہیں جہاں یہ معدنیات دستیاب ہیں۔ صنعتیں توانائی کے ذرائع پر بھی منحصر ہوتی ہے جو صنعتوں کے چلانے کے لئے نہایت لازمی ہے۔ توانائی کے روایتی ذرائع جیسے کوئلہ، پٹرولیم، گیس وغیرہ بھی ان ہی علاقوں میں دستیاب ہیں جو صنعتوں کو ان علاقوں میں مرکوز کرنے میں معاون ہوتے ہیں۔

**لوہے اور فولاد کی صنعت**: لوہے اور فولاد کی صنعت بنیادی صنعت کہلاتی ہے کیونکہ تمام صنعتیں چاہے وہ بھاری صنعتیں ہوں یا اوسط اور چھوٹی صنعتیں ہوں اپنے مشینوں کے لئے اس پر ہی انحصار کرتے ہیں۔ فولاد کا استعمال انجینئرنگ کی اشیاء، تعمیراتی اشیاء،

SCERT TELANGANA

دفاعی آلات،طبی آلات واوزار، ٹیلی فون، سائنسی ساز وسامان اور بے شمار اشیائے صارفین کی پیداوار میں ہوتا ہے۔


ایسی تمام اشیاء کی ایک فہرست تیار کیجئے جو آپ کے خیال میں فولاد سے بنائی گئی ہوں۔فولاد کی پیداوار اور اسکے استعمال کو اکثر ملک کی ترقی کا اشاریہ خیال کیا جاتا ہے۔لوہے اور فولاد کی صنعت ایک بھاری صنعت ہے کیونکہ اس میں استعمال کئے جانے والی تمام خام اشیاء اور تیار شدہ اشیاء بھاری اور کافی جسامت والی ہوتی ہیں اور انکے حمل ونقل پر کثیر اخراجات ہوتے ہیں۔خام لوہا، معدنی کوئلہ اور چونے کا پتھر اس کے لئے 4:2:1 کی نسبت میں درکار ہوتے ہیں۔اس کے علاوہ فولاد کو سخت بنانے کے لئے میگنیز کی تھوڑی سی مقدار بھی ضروری ہوتی ہے۔فولاد کی صنعتوں کو کہاں قائم کرنا مناسب ہوتا ہے؟ یہ بات یاد رہے کہ تیار شدہ اشیاء کو بازار اور صارفین تک پہنچانے کیلئے حمل ونقل کا کارکرد نظام بھی ضروری ہوتا ہے۔

آج 32.8 ملین ٹن فولاد کی پیداوار کے ذریعہ سے ہندوستان کو دنیا میں خام فولاد پیدا کرنے میں 9واں مقام حاصل ہے اور یہ نرم لوہا پیدا کرنے والا سب سے بڑا ملک ہے۔ایک بڑی مقدار میں فولاد کی پیداوار کے باوجود سالانہ فی کس استعمال صرف 32 کلو ہے۔

☆ ہندوستان میں فولاد کا فی کس استعمال کیوں کم ہے

**المونیم پگھلانے کی صنعت:** المونیم کے پگھلانے کی صنعت ہندوستان میں دوسری اہم دھاتی صنعت ہے۔یہ ہلکی ہوتی ہے۔اور یہ آہستہ آہستہ دھاتوں کے خراب ہونے میں مزاحم ہے۔اور ایک اچھی موصل برق ہے۔اور نرم دھات ہے۔اسے جب دوسری دھاتوں سے ملایا جاتا ہے تو وہ مضبوط ہوجاتی ہے یہ ہوائی جہاز' گھریلو برتن اور برقی تاروں کے بنانے میں کام آتی ہے۔یہ مختلف صنعتوں میں فولاد' تانبہ' جست اور سیسہ کے متبادل کے طور پر کام آتی ہے۔

ہمارے ملک میں 8 المونیم پگھلانے کے کارخانے ہیں۔جو کہ اڑیشہ (نیلکو اور بالکو) مغربی بنگال' کیرالا' اتر پردیش' چھتیس گڑھ' مہاراشٹرا اور ٹاملناڈو واقع ہے۔ہندوستان نے 2004 میں 600 ملین ٹن المونیم کی پیداوار کی ہے۔




باکسائیٹ اس دھات کو پگھلانے میں خام مال کی حیثیت سے استعمال ہوتا ہے جو وزن دار گہرے سرخ رنگ کی چٹان سے حاصل ہوتا ہے۔برقی قوت کی مسلسل فراہمی اور کم قیمتوں پر خام مال کی فراہمی اس صنعت کے قیام کے دو اہم عناصر ہیں۔

**کیمیائی اشیاء کی صنعت:** ہندوستان میں کیمیائی اشیاء کی صنعت بہت تیزی سے بڑھ رہی ہے۔اور جداگانہ نوعیت کی ہیں۔یہ GDP کا تقریباً 3 فی صد حصہ ادا کرتی ہیں۔یہ جسامت کے اعتبار سے براعظم ایشیاء میں تیسری بڑی صنعت ہے۔اور دنیا میں بارھواں مقام رکھتی ہے۔یہ بڑے اور چھوٹے پیمانے پر پیداواری یونٹس میں منقسم ہے اسکے

SCERT TELANGANA

نامیاتی اور غیر نامیاتی شعبوں میں تیز رفتار ترقی درج کی گئی ہے۔غیر نامیاتی کیمیائی اشیاء میں سلفیورک ترشہ جوکہ کھاد' مصنوعی ریشے' پلاسٹک' چپکانے والی اشیاء' رنگ بنانے کے کام آتا ہے۔اس کے علاوہ نائٹرک ترشہ' قلی' سوڈا جوکہ گلاس صابن اور کپڑے دھونے کے پاوڈر ہیر وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔اور کاسٹک سوڈا شامل ہیں۔یہ صنعتیں سارے ملک میں پھیلی ہوئی ہیں۔آپ کے خیال میں اسکی کیا وجہ ہوسکتی ہے؟

نامیاتی کیمیائی اشیاء بشمول پٹرولیم کی کیمیائی اشیاء جوکہ مصنوعی ریشے، مصنوعی ربر' پلاسٹک اور چھپوائی اشیاء ادویات وغیرہ بنانے میں استعمال ہوتے ہیں۔نامیاتی کیمیائی تنصیبات تیل صاف کرنے کے کارخانوں یا پٹرولیم کی کیمیائی اشیاء کے قریب واقع ہیں۔

کیمیائی اشیاء کی صنعت کے بڑے پیمانے پر صارف موجود ہیں۔بنیادی کیمیائی اشیاء کو دیگر کیمیائی اشیاء بنانے کے لئے مخصوص مراحل سے گذارا جاتا ہے۔جوکہ صنعتی' زراعتی یا راست طور پر صارفین کے بازاروں میں استعمال ہوتے ہیں۔

**کھاد کی صنعت:** کھاد کی صنعت ان مقامات کے اطراف مرکوز ہے جہاں نائٹروجن سے حاصل ہونے والی کھاد خاص طور پر یوریا' فاسفیٹ' کھادیں' اور امونیم فاسفیٹ جونائٹروجن فاسفیٹ اور پوٹاشیم کا مرکب ہیں۔ دستیاب ہوتے ہیں اور پوٹاش جوکہ مکمل طور پر درآمد ہوتی ہے کیونکہ ہمارے پاس تجارتی مقاصد میں استعمال ہونے والی پوٹاشیم کسی شکل میں بھی موجود نہیں ہے۔ہندوستان نائٹروجنی کھادوں کا ایک بڑا پیدا کنندہ ہے یہاں 57 نائٹروجنی کھاد تیار کرنے والے اور مرکب نائٹروجنی کھاد تیار کرنے والے یونٹ ہیں۔29 یوریا کے لئے اور 9 امونیم سلفیٹ بہ حیثیت اضافی پیداوار کے ہیں۔اور 68 دیگر چھوٹی اکائیاں ہیں جو سوپر فاسفیٹ پیدا کرتے ہیں۔تاحال 10 عوامی شعبے کی نگرانی میں اور ایک امداد باہمی شعبے میں ہیں جوکہ گجرات میں Hazira کے مقام پر ہے جسکی نگرانی فرٹیلائز کارپوریشن آف انڈیا کرتا ہے۔

سبز انقلاب کے بعد یہ صنعت ملک کے دوسرے حصوں میں بھی پھیل گئی۔گجرات ،ٹاملناڈو، اترپردیش، پنجاب اور کیرالا کھاد کی پیداوار کا آدھا حصہ سربراہ کرتے ہیں۔

**سمنٹ کی صنعت:** سمنٹ تعمیری کام جیسے گھروں کی تعمیر' فیکٹریوں' پلوں' سڑکوں' ہوائی اڈوں' ڈیم اور دوسری تجارتی عمارتوں کے لئے ضروری ہے۔اس صنعت کے لئے بہت زیادہ مقدار میں خام مال جیسے چُنی ،سلیکا، المونیا اور جپسم درکار ہوتے ہیں۔اسکے علاوہ کوئلہ اور برقی قوت اور ریل کا حمل ونقل بھی ضروری ہے۔

1904 میں چینائی میں سمنٹ کا پہلا یونٹ قائم کیا گیا۔آزادی کے بعد اس صنعت میں توسیع ہوئی۔1989 سے قیمتوں اور تقسیم پر قابو نہ رکھنے اور دیگر پالیسیوں کے نتیجے میں سمنٹ کی صنعت کو اپنی استعداد' طریقہ کار' ٹکنالوجی اور پیداوار میں بڑے قدم اٹھانے پڑے۔ہمارے ملک میں سمنٹ کے 128 بڑے پلانٹس اور 332 چھوٹے پلانٹس ہیں۔

☆ کس مقام پر سمنٹ تیار کرنے والے یونٹس کو کم لاگت سے قائم کیا جاسکتا ہے۔

☆ یہ صنعت ابتدائی طور پر گجرات میں اپنے کارخانے قائم کرچکی ہے جو خلیجی مما لک لے مارکٹ دسترس میں ہوتے ہیں معلوم کیجئے کہ ہندوستان کی دیگر ریاستوں میں یہ پلانٹ کہاں ہیں؟ انکے نام معلوم کیجئے۔

SCERT TELANGANA

معیاد میں بہتری نے سمنٹ کے لئے اندرون ملک کے علاوہ مشرقی اشیاء مشرقی وسطیٰ آفریقہ اور جنوبی ایشیاء میں منڈیاں فراہم کیں۔ یہ صنعت پیداوار کے ساتھ ساتھ برآمدات میں بھی بہتر مظاہرہ کررہی ہے۔ مناسب مقدار میں گھریلو طلب اور رسد میں اضافے کی کوشش کی جارہی ہیں تاکہ اس صنعت کو مفقود ہونے سے بچایا جاسکے۔

## آٹوموبائیل صنعت (موٹر گاڑیوں کی تیاری کی صنعت)


موٹر گاڑیاں مسافروں اور اشیاء کے حمل و نقل کا تیز ذریعہ ہیں۔ ٹرکس، بسیں، کاریں، موٹر سائیکل، اسکوٹر، تین پہیے والی گاڑیاں، اور دیگر ہمہ گیر افادیت والی گاڑیاں ہندوستان کے مختلف مراکز میں تیار کی جاتی ہیں۔ 1991ء میں معاشی پالیسیوں کو لبرلائز کرنے کے بعد کئی ملٹی نیشنل کمپنیوں نے ہندوستان میں آٹوموبائیل کارخانے قائم کرنے شروع کئے تاکہ وہ یہاں دستیاب ورکروں سے استفادہ کرکے اپنی برآمدات بڑھا سکیں۔ اسکی وجہہ سے ہندوستان میں آٹوموبائیل صنعت کے لئے مقامی بازار مل گیا۔ گاڑیوں کا کثیر استعمال ہوائی آلودگی کا باعث بننے لگا۔ ہندوستان میں موثر عوامی حمل و نقل کے نظام کے فقدان بھی یہاں موٹر گاڑیوں کے کثیر استعمال کی وجہہ ہوسکتی ہے۔

یہ صنعت، دہلی، گُڑ گاؤں، ممبئی، پونے، چینائی، کولکتہ، لکھنؤ، اندور، حیدرآباد، جمشید پور اور بنگلور کے اطراف واکناف میں واقع ہے۔

☆ آٹوموبائیل صنعت کے شروع کرنے کے لئے کن اہم امور کو مدنظر رکھنا چاہئے؟ بحث کیجئے۔

## الکٹرانک اشیاء اور مواصلاتی صنعت:

الکٹرانک اشیاء کی صنعت وسیع اشیاء کا احاطہ کرتی ہے۔ جیسے ٹرانسسٹر، ٹیلی ویژن، ٹیلی فون، سیلولار فون، پیجرس، ٹیلیفون، ایکسچینج، راڈارس اور کمپیوٹر وغیرہ۔ اس کے علاوہ مواصلاتی صنعت کے لئے درکار آلات وغیرہ بنگلور ہندوستان کے الکٹرانک اشیاء کے صدر مقام کے حیثیت سے ابھرا۔ الکٹرانک اشیاء کے دوسرے اہم مراکز ممبئی، دہلی، حیدرآباد، پونے، چینائی، کولکتہ، لکھنو اور کوئمبتور ہیں۔ 18 سافٹ ویر ٹکنالوجی کے مراکز ایک مقام سے بہ یک وقت کئی خدمات اور سافٹ ویر ماہرین کے لئے سہولت فراہم کرتے ہیں۔ اس صنعت کا سب سے بڑا اثر روزگاری کے مواقع فراہم کرنے پر پڑا ہے۔ 31 مارچ 2005 تک مواصلاتی صنعت نے ایک ملین سے زیادہ افراد کو روزگار سے مربوط کیا۔ آئندہ تین تا چار سالوں کے اندر اسکے آٹھ گنا بڑھنے کے امکانات ہیں۔ یہ اطلاع کافی ہمت افزاء ہے کہ اس میں 30 فی صد خواتین ملازم ہیں۔ یہ صنعت پچھلے دو تین برس سے بیرونی زرمبادلہ کی فراہمی میں بڑی حد تک حصے دار ہے۔ اسکی وجہ بیرونی افراد سے کام لینا ہے۔ جسے Business Processer Outsourcing کہا جاتا ہے ہندوستان میں مواصلاتی صنعت میں کامیابی کا کلیدی سبب مشینی کل پرزے




صفحہ 104 پرسافٹ ویئر ٹکنالوجی پارکس کی نشاندہی کرنے والا نقشہ دیکھیے اور رنگ بھریئے

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

(ہارڈ ویر) اور کمپیوٹر پروگراموں (سافٹ ویر) کی مسلسل ترقی ہے۔

اس حصے میں ہم نے مختلف اقسام کی اہم صنعتوں، انکی جغرافیائی تقسیم اوران کو مقامی بنانے کے عوامل وغیرہ کے بارے میں پڑھا ہے تاہم ان صنعتوں کی وجہ سے زمین، ہوا اور آبی آلودگی کا ماحولیاتی خطرہ درپیش ہے۔

**حسب ذیل جدول کو پر کیجئے۔ چند صنعتوں کے بارے میں آپ اپنے ٹیچر سے گفتگو کرنے کی ضرورت ہوگی**

| صنعت | وہ ریاستیں جہاں پر فی الحال یہ صنعت ہے | ان ریاستوں میں یہ صنعت کیوں مرکوز ہے |
|---|---|---|
| کیمیائی صنعت | | |
| کھاد کی صنعت | | |
| سمنٹ کی صنعت | | |
| آٹوموبائیل صنعت | | |

## حصہ ''ب''

### حکومت اور صنعتی ترقی ابتدائی سالوں میں:

ہندوستان میں چند بڑی فیکٹریاں حکومت کے زیر انتظام ہیں اور باقی دیگر فیکٹریوں کو خانگی کمپنیاں چلاتی ہیں۔ سرکاری اور خانگی فیکٹریوں کا اس قسم کا چلن ہندوستانی پارلیمنٹ کی پالیسی سازی کا نتیجہ ہے۔

بھاری صنعتوں کے قیام کے لئے کثیر سرمائے کی ضرورت کو پیش نظر رکھ کر اس وقت اس قسم کا انتظام کیا گیا تھا۔ جیسا کہ ہم نے دیکھا کئی صنعتوں کے وجود میں آنے کے لئے درکار ضروری اجزاء کی فراہمی نہایت اہم ہے۔ اس لیے یہ سمجھا گیا کہ حکومت بنیادی صنعتوں میں سرمایہ کاری کرسکتی ہے۔ جو خانگی صنعتوں کی توسیع میں معاون ہوگی۔ علاوہ ازیں اشیائے اصل کی صنعتوں کے قیام کے لئے کثیر سرمایہ اور طویل وقت درکار رہتا ہے۔ خانگی صنعتی گروپ یا گھرانے اس قسم کی صنعتوں میں سرمایہ کاری سے گریز کررہے تھے۔ مثال کے طور پر ایک برقی پلانٹ کو قائم کرنے کے لیئے پانچ سے 10 سال لگ سکتے ہیں۔ اس لیے حکومت کو اس کے انتظام کی ذمہ داری لینی پڑی۔

اسی طرح حکومت کو انفراسٹکچر سرگرمیوں یعنی سڑکوں کی تعمیر، حمل ونقل کی خدمات ریلوے اور، ہوائی راستوں کا انتظام، آبی سربراہی، گیس کی پیداوار، تیل اور پٹرولیم کی اشیاء کی پیداوار کی فراہمی کی ذمہ داری لینی پڑی۔

حکومت نے کئی تحدیدات بھی عائد کیں تا کہ چھوٹے پیداوار کنندون کی مدد کی جا سکے کئی صنعتی سرگرمیوں کو چھوٹے پیداوار کنندوں کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ مثلاً کپڑوں کے بعض مخصوص اقسام کو ہینڈلوم کے پیداکنندوں کے لیے مختص کیا گیا۔ چھوٹے پیمانے کی پیداوار اور دستکاری

SCERT TELANGANA

کی اشیاء جن کولوگ گھروں اور ورک شاپ میں تیار کر سکتے تھے' کو کارخانوں میں تیار کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔

حکومت نے قانون سازی کی جس کی رو سے بھاری فیکٹری کے قیام کے لئے حکومت سے قبل از وقت اجازت نامہ (لائسنس) لینا ضروری قرار دیا گیا۔ اس اقدام کا مقصد بہتر منصوبہ بندی اور تال میل پیدا کرنا تھا۔ حکومت مخصوص اشیاء کی پیداوار پر کسی ایک صنعتی ادارے کے تسلط سے چوکس تھی۔ ایسی حالت میں اس بات کا امکان ہوتا ہے کہ فیکٹری مالک مسابقت کی عدم موجودگی کی بنا پر اپنی اشیاء کی اونچی قیمت تعین کرے جو صارفین کے دشواری کا باعث بن سکتی ہے۔ اس کے لیئے حکومت نے فیکٹری میں پیدا ہونے والی اشیاء کی مقدار میں باقاعدگی پیدا کی۔ کچھ اشیاء کی قیمت فروخت بھی مقرر کی گئی۔

## مسائل کا ظہور

کئی سالوں سے یہ صنعتی پالیساں صنعتی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے لگی ہیں۔ صنعتوں کے قیام کے خواہشمند افراد کو کئی طریق کار سے گذرنا اور سرکاری دفاتر سے منظوری حاصل کرنے کے لئے کئی سال انتظار کرنا پڑتا ہے۔ انتظامی رکاوٹیں جیسے درخواست کی یکسوئی میں تاخیر نے رشوت خوری کی غیر صحت مندانہ روش کو فروغ دیا۔

لائسنسنگ سسٹم Licencing System کے غلط استعمال کے کئی واقعات رونما ہوئے لائسنس Licence ہمیشہ اہل ترین پیداوار کندوں کو نہیں دیئے جاتے تھے۔ ان کا انتخاب جانبدارانہ معاشی طور پر مستحکم اور سیاسی تعلقات رکھنے والے لوگوں کے حق میں ہوتا تھا۔ اس طرح بڑے اور اثر و رسوخ کے حامل افراد کو ایک نہیں بلکہ کئی لائسنس جاری کئے جاتے تھے۔ ان میں سے کچھ بے حد مختلف اور غیر متعلقہ اشیاء کے لئے ہوتے تھے۔ مثلاً ایک کپڑا تیار کرنے والا ادارہ سمنٹ فیکٹری کے لائسنس کا بھی مالک ہوتا گو کہ وہ سمنٹ کی پیداوار کے شعبے میں مخصوص اہلیت کا حامل نہیں ہے۔ 1970 اور 1980 کی دہائی میں ہندوستان میں کئی صنعتی گھرانے تمام اہم صنعتی اشیاء کے پیداواری لائسنس کے مالک تھے اور صرف چند نئے لوگ صنعتی میدان میں داخل ہو سکے۔

ان واقعات سے ان نئے باصلاحیت سرمایہ کاروں کا حوصلہ پست ہو گیا جو صنعتی پیداوار میں سرمایہ کاری کا خطرہ مول لینے اور جدید ٹکنالوجی کے ساتھ کام کرنے کے خواہشمند تھے۔



صنعتیانے کے تناظر میں ایک بڑی فیکٹری اور گھڑے بنانے کے پہیے کے درمیان ایک تصوراتی مکالمہ لکھئے۔

SCERT TELANGANA

جب حکومت نے مخصوص اشیاء کی قیمتوں پر کنٹرول کیا تو پیداوار کنندوں نے محسوس کیا زیادہ مقدار میں اشیاء کی پیداوار کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔اس کے برخلاف قیمتوں پر کنٹرول کا عمل اشیاء کی قلت کا باعث بنا۔مثلاً اسکوٹر خریدی کے لئے خریدار کو اسکوٹر بک کروا کے کئی سال کا انتظار کرنے کے بعد اسکوٹر حاصل ہوتی تھی۔ایسی قلت اہم بنیادی اشیاء کے لئے بھی عام تھی۔جیسے کوئلہ اور سمنٹ جس کی بناء پر دیگر اشیاء کی پیداوار میں غیر معمولی تاخیر ہونے لگی۔ان قلتوں کے لئے حکومت کی ہندوستانی صنعتوں پر کنٹرول پالیسی خصوصاً لائسینسنگ پالیسی Licencing Policy کو قصوروار ٹھہرایا جاتا تھا۔صنعت کاروں کا کہنا تھا کہ صنعت پر سے یہ پابندیاں ہٹائی جائیں تو پیداوار میں اضافہ اور قلت کا خاتمہ ہوگا۔

چھوٹے پیداوار کے لئے کئے گئے حفاظتی اقدامات کچھ حد تک ہی کامیاب رہے کیونکہ کئی بڑے پیداوار کنندے چوری چھپے چھوٹے پیداوار کنندے بن کر اشیاء کی پیداوار کرنے لگے۔

ہندوستانی صنعت کا دوسرا عمومی مسئلہ کچھ صنعتی اشیاء میں معیار کی کمی کا دیکھا گیا ہے۔مثلاً ہندوستان میں تیار ہونے والی اعلیٰ تقسیم کئی کاروں کا دنیا میں تیار ہونے والی دیگر کاروں سے تقابل کیا گیا تو ان کا معیار ہندوستانی کاروں سے نہ صرف اونچا تھا بلکہ قیمت بھی کم تھی۔معیار میں کمی کے لئے ہندوستانی صعنت میں مسابقت کی کمی کو ایک وجہ بتایا گیا۔حکومت کے کنٹرول کی بناء پر خانگی پیداوار کنندوں کے درمیان بھی مسابقت کا فقدان پایا گیا۔نئی فیکٹریوں کا قیام،نئی مشینوں کی خریدی،اور صنعتی اشیاء بشمول مشینوں اور خام مال کی درآمدات و برآمدات پر حکومت کا کنٹرول تھا۔خانگی پیداوار کنندوں کو ایسی سرگرمیوں کے لئے حکومت کی اجازت (لائسنس) ضروری تھی۔اہم صنعتی اشیاء کی قیمتوں کا تعین حکومت کرتی تھی۔پیداوار کنندوں اسی قیمت پر فروخت کرنے کا پابند تھا۔بہت لوگوں کا خیال تھا کہ حکومت کے کنٹرول کی وجہ سے ہندوستانی صنعت تیزی سے جدت اختیار کرنے سے قاصر تھی۔زیادہ قیمتوں پر اشیاء کی پیداوار ہو رہی تھی اور ان میں تکنیکی بہتری نہیں لائی جارہی تھی۔

حکومت کے تحت چلنے والے صنعتی اداروں کے لیے حکومت ہر سال ایک مخصوص رقم مختص کرتی ہے اور یہ امید کی جاتی ہے کہ طویل مدت میں یہ ادارے مستحکم ہو کر حکومت کی آمدنی کا ذریعہ بنیں گے۔تاہم ایسے کئی حکومتی صنعتی اداروں کو مسلسل حکومت سے مالی تعاون کی ضرورت پیش آنے لگی۔اور ان کی کارکردگی میں مداخلت بھی بڑھنے لگی۔جس کی بناء پر ان اداروں نے توقع کے برخلاف بہت کم کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

## صنعتوں کے لیے نئی پالیسی

1990ء میں ملک نے اس وقت تک کی صنعتی پالیسوں پر نظر ثانی اور ایک نئی صنعتی پالیسی کا اعلان کیا۔کئی سرگرمیاں جو صرف حکومت کے لئے مختص تھیں ان تمام کی اجازت خانگی صنعتوں کو دی گئی۔

حکومت نے قوانین میں نرمی کی تا کہ اشیائے صارفین کو دوسرے مما لک سے بھی درآمد کیا جا سکے۔ہندوستان میں صنعتی سرگرمیوں خصوصاً نئے صنعت کاروں کی حوصلہ افزائی کے لئے کئی سرکاری اصولوں میں آسانی پیدا کی گئی۔

سرکاری صنعتی کمپنیوں کی صلاحیت میں بہتری لانے کی غرض سے حکومت نے کچھ کمپنیوں کو فروخت کر دیا۔ایسی کمپنیوں کے تئیں




SCERT TELANGANA


حکومت کے مالی تعاون میں بھی کمی لائی گئی۔ان کمپنیوں کوآزادانہ فیصلے کرنے کی اجازت دیتے ہوئے حکومت نے مداخلت سے گریز کیا۔ دیگرممالک کی خانگی وسرکاری کمپنیوں کو ہندوستان میں اپنی فیکٹریوں کے قیام کی حوصلہ افزائی کی گئی۔تاکہ نئی ٹکنالوجی عام ہو۔اور زیادہ اشیاء بیرونی مارکٹ کوبرآمد کی جاسکیں۔

## صنعتی پالیسوں کا اثر:

صنعتی اداروں کی تعداد میں اضافہ ہوالیکن روزگار میں توقع سے کم اضافہ ہوااورادائیگی کا معیاردیکھا گیا۔آج تقریباً2 لاکھ بڑی صنعتیں جومنظّم صنعتی ادارے بھی کہلاتی ہیں۔اورتقریباً3 لاکھ چھوٹی صنعتیں (غیرمنظّم صنعتی ادارے) ہندوستان میں کارکرد ہیں۔ یہ بڑے اور چھوٹے صنعتی ادارے آج ہندوستان کے جملہ 460 ملین مزدوروں کے 1/5 حصے کوروزگارفراہم کرتے ہیں۔

مندرجہ ذیل Pie chart کو دیکھئے جس میں تین قسم کی معاشی سرگرمیوں روزگار کی فراہمی کوفی صدکی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے۔




نئی صنعتی پالیساں متعارف کرانے کے بعد صنعتی ترقی میں ایک اہم نکتہ چھوٹی فرموں کے رول کا زوال پزیر ہونا تھا۔کیونکہ فیکٹری اشیاء کی پیداوارکرنے کے لیے بڑی صنعتیں نمودارہوگئی تھیں۔

علاوہ ازیں ہندوستان میں صنعتی پالیسوں کا اہم مقصد صنعتی سرگرمیوں میں روزگار کی فراہمی میں اضافہ کرنا بھی ہے۔ فیکٹریوں میں برسرروزگارلوگوں کی تعداد میں اضافہ کوعموماً معاشی ترقی کی نشاندہی کرنے والے اہم عنصر کے طور پر دیکھا گیا ہے۔ ہندوستان میں کئی قوانین نافذ کئے گئے تاکہ صنعتیں' مزدوروں کواچھی اجرتیں، کام کی جگہ پرتحفظ، صحت اورطبی فوائدکی یقین دہانی فراہم کرسکیں۔ یہ خیال تھا کہ زیادہ سے زیادہ صنعتیں قائم ہوں گی۔تو بہت سارے مزدوراچھی اجرتیں پائیں گے۔مگرایسا نہ ہوسکا۔آزادی کے بعدسات دہائیوں کے باوجود صنعت کے شعبہ میں روزگار کے تناسب میں حسب توقع اضافہ نہ ہوسکا۔اس کے علاوہ چھوٹے صنعتی اداروں میں موجود غیرہنرمنداورغیرتربیت یافتہ مزدوروں کی بڑی تعدادکام کررہی ہے جوعموماً کم اجرتوں پر مامور ہےاورمحفوظ کام کا ماحول اورطبی سہولیات بھی انہیں میسرنہیں ہے۔


SCERT TELANGANA


خلاف توقع بڑی صنعتوں میں مزدروں کی جگہ ٹکنالوجی نے لے لی۔ زیادہ سے زیادہ مشینیں استعمال ہونے لگی۔ پیداوار خودکار طریقے سے ہونے لگی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بڑی فیکٹریوں میں زائد روزگار کے مواقع تقریباً صفر ہوگئے۔

☆ ان Pie charts کے ذریعہ آپ نے جن 3 معاشی سرگرمیوں میں روزگار کا مشاہدہ کیا ان میں کیا فرق ہے؟
☆ صنعتوں میں روزگار کی فراہمی میں تبدیلی کا کیا فیصد ہے؟
☆ اپنے ٹیچر سے مباحثہ کیجئے کہ کیا ہمیں صنعتوں سے روزگار میں نمایاں تبدیلی کی توقع تھی' جو پوری نہ ہوسکی؟


## فیکٹری اشیاء کی پیداوار میں مختلف سالوں میں اضافہ ہوا ہے۔


آپ کو یاد ہوگا کہ بنیادی صنعتوں کا قیام ملک کو صنعتیانے کی جانب ہندوستانی قیادت پہلا قدم تھا۔ ان صنعتوں کا قیام ان اشیاء کی پیداوار میں اضافہ کا باعث بنا۔ مندرجہ ذیل چارٹوں کو دیکھئے۔




SCERT TELANGANA




SCERT TELANGANA

پچھلی چھ دہائیوں میں کوئلہ لوہا اور دیگر اہم خام مال کی پیداوار میں ہی غیر معمولی اضافہ نہیں ہوا بلکہ اس بناء پر درمیانی اشیاء اور اشیائے صارفین کی پیداوار ہونے لگی مندرجہ ذیل ٹیبل کا مشاہدہ کیجئے جو ہندوستان میں پمپ سیٹس اور حمل ونقل کی گاڑیوں کی پیداوار کو ظاہر کرتا ہے۔آپ محسوس کریں گے کہ ہر شئے کی تیاری کا ایک الگ مقصد ہے۔چار مختلف Bar Die gram کھینچئے اوران اشیاء کی پیداوار میں اضافہ کے ممکنہ اثرات پر بحث کیجئے۔

جدول - 3 1950 تا 2011 گاڑیوں اور پمپ سیٹس کی پیداوار

| سال | تجارتی گاڑیاں (ملین) | موٹر سائیکل (ملین) | پمپس (برقی سے چلنے والی) (ملین) | ٹریکٹر (ملین) |
|---|---|---|---|---|
| 1950-51 | 9 | - | 35 | - |
| 1960-61 | 28 | 1 | 105 | - |
| 1970-71 | 41 | 97 | 259 | - |
| 1980-81 | 72 | 447 | 431 | 71 |
| 1990-91 | 146 | 1843 | 19 | 142 |
| 2000-01 | 152 | 3756 | 482 | 284 |
| 2010-11 | 753 | 10,527 | 3139 | 465 |

1۔ کیا آپ ان اشیاء کی پیداوار میں اضافہ کی چند مثالیں پیش کر سکتے ہیں؟ جنہیں مختلف فیکٹریاں کی اشیاء کی پیداوار کے لئے استعمال کرتی ہیں؟

2۔ پچھلے 30 سالوں میں پارچے کی پیداوار میں کیا اضافہ ہوا؟ اس کا کیا اثر ہوگا۔ کمرہ جماعت میں مباحثہ کیجئیے۔

3۔ چارٹ کا مطالعہ کیجئے جو سمنٹ اور لوہے کی پیداوار کو ظاہر کرتا ہے۔ ایک ٹیبل بنائیے، جو سال 81-1980 سے اب تک کے اضافہ کو ظاہر کرے۔ پیداوار میں اضافہ کے کچھ مثبت اور منفی اثرات پر بحث کیجئے۔

## ماحولیاتی نظام میں بڑھتے ہوئے مسائل اور آلودگی

صنعتوں میں پیداواری عمل کے لئے بجلی اور مختلف کیمیائی اشیاء کا استعمال ہوتا ہے۔ پیداوار کے دوران یہ صنعتیں بہت زیادہ دیگر مادے خارج کرتی ہیں۔ صنعتی علاقوں میں اس کی وجہ سے آلودگی پیدا ہو رہی ہے۔ اس سے متعلق ایک واقعہ جماعت نہم کی کتاب حیاتیات کے دسویں باب میں دیا گیا ہے۔



SCERT TELANGANA

## کلیدی الفاظ

1۔ نوآبادیاتی حکمرانی 2۔ اشیائے صارفین 3۔ بنیادی سہولیات
4۔ بنیادی اشیا کی صنعت 5۔ خود مکتفی ہونا 6۔ فی کس صرف 7۔ آزادیانہ

## اکتساب کو بڑھایئے

1۔ حکومت نے بنیادی صنعتوں کے قیام کی ذمہ داری کیوں لی؟
2۔ صنعتوں کا قیام مخصوص علاقوں میں کیوں ہوتا ہے؟
3۔ بنیادی اشیاء کی صنعتیں کیا ہیں؟ یہ اشیائے صارفین کی صنعتوں سے کس طرح مختلف ہیں؟
4۔ ان قصبات یا علاقوں کی فہرست بنایئے جہاں روایتی معدنی ذرائع پائے جاتے ہیں۔ اور ان ممکنہ صنعتوں کی نشاندہی کیجیے جن کو وہاں قائم کیا جاسکتا ہے؟


| سلسلہ نشان | معدنیات | قصبات/علاقے جہاں روایتی معدنی ذرائع پائے جاتے ہیں | اس علاقے میں کس قسم کی صنعتیں قائم کی جاسکتی ہیں۔ فہرست بنایئے |
|---|---|---|---|
| 1 | کچ دھات لوہا | | |
| 2 | کوئلہ | | |
| 3 | پٹ سن | | |
| 4 | خام تیل | | |
| 5 | قدرتی گیس | | |
| 6 | جنگلات | | |
| 7 | مینگنیز | | |
| 8 | باکسائیٹ | | |

5۔ 1990ء میں حکومت نے کئی علاقوں میں خانگی صنعتوں کی اجازت کیوں دی؟ جو پہلے حکومت کے لئے مختص تھے؟
6۔ مالیہ اور روزگار کے فروغ میں صنعتی ترقی کا کیا اثر ہے؟
7۔ صنعتی سرگرمیاں ماحولیاتی مسائل میں اضافہ کرتی ہیں'' بحث کیجئے
8۔ ماحولیاتی آلودگی کو روکنے کے لیے چند نعرے لکھئے
9۔ صفحہ 83 پر دوسرے پیراگراف کو پڑھ کر مباحثہ کیجیے۔
10۔ صفحہ نمبر 95 پر ہندوستان کے نقشے کا مشاہدہ کیجیے اور لوہے اور فولاد کے کارخانوں کی نشاندہی کیجیے؟

## منصوبہ

اپنے علاقے کے زراعت پر مبنی اور معدنیات پر مبنی ایک ایک صنعت کا انتخاب کیجئے۔
(i) وہ کونسی خام اشیاء استعمال کر رہے ہیں؟
(ii) تیاری کے عمل میں دیگر کونسی اشیاء کا استعمال ہوتا ہے جن پر حمل ونقل کی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے؟
(iii) کیا یہ صنعتیں ماحولیاتی نظام کے اُصولوں پر کاربند ہیں؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA





SCERT TELANGANA





یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21



SCERT TELANGANA



SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

باب
8

# ہندوستان میں خدمات کی سرگرمیاں

پچھلے اسباق میں آپ ہندوستان کی دواہم پیداواری سرگرمیوں زراعت اورصنعت کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ خدمت کی سرگرمیاں ایک اوراہم شعبہ ہے۔خدمات کی سرگرمی کیا ہے؟ ہندوستان میں خدمت کی سرگرمیوں کی کیا نوعیت ہے؟ یہ ملک کے لئے کس قدراہم ہیں؟اورہمیں کیاچیالنجس کا سامنا ہے؟اس باب میں ہم اس بارے میں پڑھیں گے۔

## خدمت کی سرگرمی کیا ہے؟

1 سروجنی ہسپتال میں ایک ڈاکٹر ہے۔ وہ وارڈوں میں گشت کرتی ہے۔مریضوں کی تشخیص کرتی ہے۔ دوائیں تجویز کرتی ہے۔اورانکی بہتری پرنظررکھتی ہے۔اصل میں ڈاکٹرسروجنی کیاپیدا کرتی ہے؟اشیاء کی صطلاح میں کچھ نہیں لیکن خدمات کی اصطلاح میں مریضوں کو شفاپانے اورصحت مندی حاصل کرنے میں مددکرتی ہے۔

2 سوندریا کی کرانہ کی دوکان ہے۔ یہ دوکان اس کے گھر کے سامنے کے حصہ میں ہے۔ وہ بچوں کواسکول بھیجنے کے بعد دوکان کھولتی ہے۔ اوررات دیر گئے تک چلاتی ہے۔اس کا شوہرشہر کی ہول سیل دوکانوں سے سامان خرید کراسکی مددکرتا ہے۔ بہ حیثیت تاجر وہ ایک خدمت فراہم کررہی ہے۔ یااپنے دوکان میں موجودسامان کوصارفین تک پہنچانے کا کام کررہی ہے۔

3 رمیش ایک کمپنی میں اکاونٹنٹ ہے۔ وہ کھاتوں کی جانچ کرتا ہے۔ادائیگیوں اور وصولوں کی تصدیق کرتا ہے۔کھاتوں کی بلوں سے مطابقت کویقینی بناتا ہے۔کھاتے لکھنااورانکی دیکھ بھال ہرتجارتی تنظیم کی ضرورت ہے۔

4 سمپت ایک چھوٹی ویان کا مالک ہے وہ ہرصبح مچھلی مارکٹ جاتا ہے جہاں کی عورتیں مچھلیاں خرید کرسمپت کی ویان سے اپنے علاقوں کو پہنچتی ہیں۔وہ مارکٹ سے مچھلی کی منتقلی کے لئے کرایہ لیتا ہے۔

یہ چاروں رمیش، سوندریہ، سروجنی،اورسمپت خدمات میں مصروف ہیں آپ کو پتہ چلے گا کہ انکی سرگرمیاں کسانوں، زرعی مزدوروں اور صنعتی مزدوروں سے مختلف (وینکٹا پورم جماعت ششم یا پیپرمل اورصنعتی مزدور جماعت ہفتم کے ابواب دیکھیے)

وہ دھان یا کپڑے کی طرح کوئی ٹھوس شئے پیدانہیں کرتے البتہ وہ کام کررہے ہیں جولوگوں اورتجارت کوخصوصی خدمات کی صورت میں درکار ہے۔یہاں خدمت کے معنی کئے گئے کام کی نوعیت ہے۔ یہ شئے کی پیداوار سے الگ ہے۔'خدمت' کام کے معنی میں کوئی مفت' یابلا قیمت یاخلوص و محبت کےتیئں کئے جانے والا کام نہیں ہے۔مندرجہ بالاتمام لوگوں نے اس کام کے ذریعہ پیسے کمائے یہ ان کاذریعہ معاش ہے۔



SCERT TELANGANA

زرعی اور صنعتی مصروفیات کے لئے خدمت کی سرگرمی نہایت ضروری ہے۔ دھان اور ترکاریوں کا کیا ہوتا اگر بیل گاڑیاں، ٹرک اور بسیس حمل ونقل کے لئے نہ ہوتیں۔ کوئی کیسے عمارت تعمیر کرسکتا ہے۔ جب فیکٹری سے سمنٹ کے تھیلے شہر کی دوکانوں میں پہنچانے ریل گاڑیاں نہ ہوتیں۔ اگر یہ چیزیں مارکٹ تک پہنچتی بھی ہیں تو انہیں خریدنے لوگوں کا گروپ چاہئے جو انہیں یا تو راست صارفین کو یا دیگر پیداوار کنندوں جیسے رائس مل، آئیل مل، وغیرہ کو فروخت کرتے ہیں۔ اس کا مطلب تجارتی مصروفیت خدمتی مصروفیت کا اہم حصہ ہے۔

زراعت یا صنعت کی طرح خدمات کی سرگرمیاں ایک شئے پیدا نہیں کرتیں بلکہ وہ خاص قسم کی خدمت کرتے ہیں۔ جس سے زراعت اور صنعتوں کو مدد ملتی ہے۔ اس کے علاوہ لوگوں کو درکار بہت ساری خدمات فراہم کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر بنک کاری اور مالیہ سے متعلقہ خدمات بنک عوام اور تجارتی اداروں کی ضرورت ہے۔ آپ اس بارے میں جماعت ہشتم میں زر اور بنک کاری کے باب میں پڑھ چکے ہیں۔ اسی سے مماثل سیل فون، انٹرنٹ اور تمام قسم کی ٹیلی کمیونیکیشن خدمات فراہم کی جاتی ہیں؛۔

ذیل میں خدمات کے سرگرمیوں کے 8 زمرے دیئے گئے ہیں۔ ان میں چند کو پر کیا گیا ہے اور کچھ چھوڑ دیئے گئے ہیں اپنے معلم سے گفتگو کرکے ان خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

1۔ **تعلیم۔ ادارے:** اسکول، کالج، یونیورسٹی ٹکنیکل ادارے اس زمرے کے تحت آتے ہیں۔ اس کا مطلب ان اداروں میں بہ حیثیت ٹیچر، تمام انتظامی عملہ جو کام کررہا ہے ان کی مصروفیات خدمات کا حصہ ہیں۔

2۔ **صحت اور طبی خدمات (اپنے ٹیچر سے بحث کرکے پر کیجئے)**

____________________________________________

3۔ **تجارت:** مختلف قسم کے فروخت کی مصروفیات ہول سیل اور ریٹیل طریقے کے ذریعے جو ہمارے مشاہدہ میں ہے۔ (اپنے ٹیچر سے بحث کرکے پر کیجئے) ____________________________________

4۔ **عوامی انتظامیہ:** گاؤں، دیہات کی پنچایت، ریاستی مرکزی حکومت کے زیر انتظام عوامی خدمات مثلاً پولیس اسٹیشن میں کام کرنے والے لوگ سرکاری محکموں کے دیگر مختلف کام جیسے ویلیج ایڈمنسٹریٹو آفیسرس، ریونیو انسپکٹرس، تحصلید ارا کاونٹنٹس، ٹائپسٹ، چپراسیاں، ڈرائیور وغیرہ۔

5۔ **دفاع:** بری، بحری اور ہوائی افواج کے تمام لوگ اور انکی مصروفیات

6۔ **مالیاتی مصروفیات:** بنک اور.......................(اپنے ٹیچر سے بحث کرکے لکھئے)

7۔ **شخصی خدمات:** گھریلو کام کرنے والے مزدور دھوبی، صفائی، رنگ سازی کی خدمت، حجامت، بیوٹی پارلرس، درزی کی دوکان، فوٹو اور ویڈیو اسٹوڈیو۔

SCERT TELANGANA

 یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

**8۔ مختلف انواع کی دیگر خدمات:** تفریح اور انفارمیشن ٹکنالوجی صنعت میں کام کرنے والے ،فلموں کی تیاری، ٹی وی سیریل،میڈیا،اخبار، ٹیلی ویژن چینل میں کام کرنے والے،اوراشتہاری ایجنسیاں بھی ان خدمات میں شامل ہیں۔


## شعبہ خدمات کی اہمیت اور کچھ چیالنجس:

ہندوستان جیسے کسی بھی ترقی پزیر ملک میں ترقیاتی پیش قدمیوں میں کئی کاروباری اداروں کا قیام شامل ہے۔اس میں انفراسٹکچر کے وسائل اور دیگر خدمات بھی شامل ہیں۔

پچھلے سبق میں آپ نے روزگار کے چارٹ کا مطالعہ کیا ہوگا۔ ہندوستان کے تمام ملازم پیشہ لوگوں کا 1/4 حصہ خدمات کی سرگرمیوں سے وابستہ ہیں۔خدمات کی ملازمتوں کا پھیلاؤ کیسے ہورہا ہے۔اسکی ایک ممکنہ وجہ لوگوں کی معیارزندگی میں بہتری ہوسکتی ہے۔لوگ جب بہتر آمدنی کمائیں گےان کے خرچ کرنے کے طریقے میں تبدیلی آئے گی۔ان کا رجحان خدمات پرمبنی مصروفیات پرخرچ کرنے کی طرف ہوگا۔جیسے تفریح' باہرکھانا' سیاحت' آیئے خدمات کے شعبے کی اہمیت بڑھانے والے چندعوامل کی جانچ کریں گے۔

## ٹکنالوجی میں تغیراور خدمات کی برآمد:

مسلسل تغیر پزیرٹکنالوجی' خدمات کے شعبہ کو چلانے والی قوتوں میں ایک ہے۔1990ء سے کمیونیکیشن ٹکنالوجی میں غیرمعمولی تبدیلی آئی ہے۔جس کے بارے میں آپ جماعت ہشتم میں پڑھ چکے ہیں۔Bussiness Process outsourcing کی وجہ سے بے شمار نوجوانوں کے لئے نئے اقسام کے روزگار کے مواقع پیدا ہوچکے ہیں۔BPOs مقامی لوگوں کا تقرر کرتے ہیں لیکن وہ مواصلاتی رابطے سے دنیا بھر کےلوگوں کوخدمات فراہم کرتے ہیں۔میٹروپالیٹین شہروں میں قائم انفارمیشن ٹکنالوجی کمپنیاں اعلی ماہرانجینئر وں کا تقرر کرتی ہے۔تاکہ دنیا بھرکی کمپنیوں کوخصوصی سافٹ ویرخدمات فراہم کرسکیں۔وہ بیرونی کمپنیوں سے پراجکٹ حاصل کرتے ہیں۔



شکل 8.1 : کال سنٹر

تفریحی صنعت مختلف پرنٹ میڈیا، فرموں' کیبل ٹیلی ویژن چینلوں میں کام کے لئے نوکریاں فراہم کرتی ہیں۔تقریباً تمام قصبات اور شہروں میں انٹرنٹ مراکزعوامی ٹیلی فون بوتھ کی دستیابی عام ہے۔ اشتہاری صنعت میں نئے روزگار کے مواقع پیدا ہورہے ہیں۔ کئی نئی سرگرمیاں بنکنگ اور بیمہ شعبوں میں پائی جاتی



SCERT TELANGANA

ہیں۔ یہ سب ٹکنالوجی میں تغیر کی بنا پر ممکن ہوا ہے۔

جدید خدمات کی صنعتیں جیسے انفارمیشن ٹکنالوجی، مالی، قانونی اور اکاؤنٹنگ خدمات کے لئے جدید ٹکنالوجی اور ماہر ورکروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ان شعبوں میں ملازمت کے مواقع کا فروغ خصوصاً دیہی نوجوانوں کے لئے تعلیم اور دیہی انفرااسٹرکچر کے میدان میں سرمایہ کاری پر منحصر ہوتا ہے۔

بڑے شہروں میں کئی ''کال سنٹر'' موجود ہوتے ہیں اگر لندن میں مقیم کوئی شخص اپنی بنک میں جمع رقم یا ہسپتال کے ریکارڈ کے بارے میں جاننا چاہتا ہوتو وہ ان معلومات کو ہندوستان میں واقع کسی کال سنٹر سے پا سکتا ہے۔

میں بہ حیثیت ماہر سافٹ ویر انجینئر پچھلے 3 سال سے کام کر رہی ہوں میری کمپنی میں باضابطہ تنخواہ پانے والے ملازمین 120 ہیں۔اس کا کاروبار 50 کروڑ روپیئے کا ہے۔چار دوستوں نے ملکر سات سال قبل اسے شروع کیا تھا۔میرے کئی ساتھی باقاعدہ بیرون ملک جاتے ہیں تاکہ مختلف امدادی خدمات اور مشاورت فراہم کریں۔میں اچھی تنخواہ پاتی ہوں۔لیکن مجھے کئی گھنٹوں تک کام کرنا پڑتا ہے۔

## تنظیم کی نئی شکلیں: ''آوٹ سورسنگ''

صنعتی شعبے میں ٹکنالوجی کے تغیر اور سخت مسابقت کی بناء پر کئی صنعتیں اپنی مصروفیات کے ایک بڑے حصے کو خدمات کے شعبے کی طرف منتقل کر چکی ہیں۔وہ یہ کام از خود نہیں کرتے بلکہ بیرونی لوگوں سے کراتے ہیں۔مثلاً چند سال پہلے تک اگر کوئی کمپنی سیکیوریٹی عملہ کا تقرر کرنا ہوتو لوگوں کا تقرر کر کے ان کو کمپنی سے تنخواہ ادا کیا کرتی تھی۔آج کل صنعتوں کی بڑی تعداد سیکیوریٹی عملہ آوٹ سورس (بیرونی افرادی تقرر) طرز پر تقرر کا کام سیکیوریٹی ایجنسیوں کو تفویض کر رہی ہے۔تاکہ اخراجات کم ہوں اور وہ ورکروں کو صحت، وظیفہ پروڈنٹ فنڈ کے مد میں رقم خرچ کرنے سے بچ جائیں۔کئی پیداواری کمپنیاں تحقیق اور ترقی، اکاونٹنگ، قانونی خدمات، صارفین کی خدمات، اور عوامی تعلقات کا کام آوٹ سورس کر رہی ہیں۔یعنی اس غرض سے بیرونی افراد کا معاہدہ کی بنیاد پر تقرر کر رہی ہے۔

## روزگار کے مواقعوں کا فقدان چنانچہ کم آمدنی کی خدمت کی سرگرمی میں مشغولیت:

کئی صنعتوں خصوصاً پارچہ اور دیگر صنعتوں کے بند ہونے سے ان فیکٹریوں کے مزدور چھوٹے کاروبار، واچ مین، اور دیگر کم آمدنی والے خدمات کے پیشے اختیار کرنے پر مجبور ہوگئے۔اسی منتقلی سے شہری علاقوں میں بیروزگاری وجود میں آئی۔دیہی علاقوں سے لوگ کام کرنے شہر آتے مگر وہاں وافر روزگار کے مواقع نہ ہونے سے یا تو واپس زرعی شعبہ کا رخ کیا یا کئی غیر ہنرمند کم آمدنی والے شعبہ خدمات میں روزگار سے جڑ گئے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA



میں ایک آٹو رکشا ڈرائیور ہوں، میں 10 سال قبل ورنگل آیا۔ میں دن میں آٹو رکشہ چلاتا ہوں رات کو سڑک کے کنارے رہتا ہوں، ہر شام مالک کو کرایہ ادا کرنا پڑتا ہے۔ سیکل رکشا سے میری کمائی مستقل نہیں ہے۔ کسی دن 250 روپے کماتا ہوں اور کسی دن بڑی مشکل سے 100 تا 150 روپیئے ان دنوں مسابقت زیادہ ہے اور اس علاقے میں سیکل رکشا کی تعداد میں اضافہ ہورہا ہے۔

☆ مندرجہ ذیل ٹیبل 1991 اور 2010 میں بڑی کاروباری اداروں میں مختلف خدمات کی مصروفیات میں تقرر کئے گئے مزدوروں کی تعداد (لاکھوں میں) کو ظاہر کرتا ہے۔ غور سے ٹیبل کا مطالعہ کیجئے اور سوالات کا جواب دیجئے۔

| خدمات کے شعبے کی سرگرمیاں | سرکاری ملازمتیں | | خانگی ملازمتیں | |
|---|---|---|---|---|
| | 1991 | 2010 | 1991 | 2010 |
| ہول سیل اور ریٹیل تجارت | 1.5 | 1.7 | 3 | 5.1 |
| حمل ونقل ذخیرہ اور کمیونیکیشن | 30.3 | 25.3 | 0.5 | 1.7 |
| مالیہ، بیمہ، اور رئیل اسٹیٹ وغیرہ | 11.9 | 14.1 | 2.5 | 15.5 |
| طبقاتی، سماجی اور شخصی خدمات | 92.3 | 90.5 | 14.9 | 21.4 |

☆ 2010ء میں کونسی خدمتی سرگرمی نے زیادہ روزگار فراہم کیا؟

☆ ان سالوں میں سرکاری ملازمتوں میں اضافہ ہوا یا کمی؟ اس دوران حکومت نے کس قسم کی ملازمتیں فراہم کیں؟

☆ خانگی شعبے میں کس قسم کی ملازمتیں لوگوں کو مل رہی ہیں؟

☆ سرکاری اور خانگی آجروں کی جانب سے فراہم کرنے والی ملازمتوں میں کیا فرق ہے؟

## انفارمیشن ٹکنالوجی کی ملازمتوں میں دباؤ



ان دنوں سافٹ ویر انجینئر بننا نوجوانوں کا خواب بن چکا ہے۔ ان خدمات کی ملازمتیں گھروں کو بہت سی آمدنی فراہم کرتی ہیں مگر ساتھ میں یہ نئی ملازمتیں یکسانیت، مختصر اوقات میں ہدف کی تکمیل کی پابندی، رات کی شفٹ میں کام کرنا وغیرہ کی وجہ سے دباؤ بھی پیدا کرتی ہیں۔

ایک IT پیشہ ور کا یہ بیان پڑھیئے۔

IT انفارمیشن ٹکنالوجی کی وجہ سے میرا طرز زندگی بہتر ہوا ہے۔ میرے پاس صرف 2 شرٹ اور 2 پتلون تھے۔ اب مجھے پتہ بھی نہیں ہے میرے پاس کتنے شرٹ ہیں۔ میں نے گنتی نہیں کی میں اچھے قسم کے کپڑے خریدتا ہوں۔ میں کیا خرچ کررہا ہوں اس بارے میں مجھے سوچنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یقیناً سافٹ ویر کام نے میری زندگی میں آرام بڑھایا ہے اس

SCERT TELANGANA

سے پہلے ہمارے گھر میں کئی مالی مسائل تھے جس سے میرے بھائی بہن ٹھیک طرح سے تعلیم نہیں پائے تھے۔اب میں خوش ہوں کہ میں اس مسئلے کوحل کرنے کے قابل ہوں لیکن یہ ایک میکانکی اور دباؤ سے بھری زندگی ہے اور سماجی زندگی نہیں ہے۔میرے وطن میں ہر طرف رشتہ داروں پڑوسیوں اور لوگوں کا ہجوم رہتا تھا۔جن سے ہم ملتے اور جن سے ہم اپنے دل کی بات کرتے مگر یہاں ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔

## آج کی پسندیدہ خدمت:

حالیہ دنوں میں زیر بحث خدمتی سرگرمیوں کی توسیع کے موضوع کو سمجھنا ہمارے لیے ضروری ہے۔مندرجہ ذیل دو کیس اسٹڈیز کا مطالعہ کرکے سوالوں کے جواب دیجئے۔

### پہلا کیس اسٹڈی: ریٹیل سرگرمیوں میں بیرونی راست سرمایہ کاری

2012ء میں حکومت نے غیرملکی اشیاء کی فروخت کے لیے بیرونی کمپنیوں کو اپنے ریٹیل تجارتی ادارے قائم کرنے کی اجازت دی ہے۔کچھ لوگوں نے اس پالیسی کی حمایت کی اور بہت لوگ اس پالیسی کی مخالفت میں بحث کررہے ہیں۔اس کی مخالفت کرنے والے کہتے ہیں کہ ابتداء میں کسان بڑے غیرملکی سوپر مارکٹ میں اپنی اشیاء کی راست فروخت پر راغب ہوسکتے ہیں۔لیکن یہ غیرملکی کمپنیاں جلد یا بہ دیر اپنی طاقت کا غلط استعمال کرتے ہوئے اشیاء کو بڑی مقدار میں خریدنے کے لیے کسانوں کو کم قیمتوں پر فروخت کرنے پر مجبور کریں گے۔

ذخیرہ اندوزی کی سہولتوں کے فقدان سے 20% تا 40% زرعی اشیاء ضائع ہوں گی اور یہ کوئی کم مقدار نہیں ہے جو نظرانداز کی جاسکے۔جب کسانوں کے معیار زندگی میں بہتری کی بات اٹھتی ہے اس ضائع ہونیوالی اشیاء کی مقدار کو کم کیا جاسکتا ہے اگر حکومت ذخیرہ اندوزی کی سہولیات مہیا کرائے جو آج صرف ملٹی نیشنل کمپنیوں کے پاس موجود ہے۔

یہ خیال کہ بڑے سوپر مارکٹ زرعی اشیاء کی تضیع کو ذخیرہ اندوزی کے آلات میں سرمایہ کاری کرکے کم کرسکتے ہیں۔دو طرح سے ناپسندیدہ ہے۔پہلے تو زرعی اشیاء کی تضیع کو بڑھا چڑھا کر بتایا جائے گا۔دوسرے بڑے ریٹیل تاجر جنہوں نے ذخیرہ اندوزی کی توقع کے مطابق سرمایہ کاری کرنے سے کترائیں گے روایتی اور چھوٹے ریٹیل شعبوں کی ملازمتیں ختم ہوجائیں گی۔اور وہ لوگ چھوٹے ریٹیل تاجروں کو چھوڑ دیں گے۔جس سے مارکٹ کی قوت چند ہاتھوں میں مرکوز ہوجائے گی۔

موافقین کا خیال ہے کہ FDI ریٹیل میں سرمایہ کاری سے کچھ کا فائدہ ہوگا کچھ کا نقصان جبکہ مجموعی طور پر فائدہ زیادہ ہونے سے نقصان کا تناسب کم ہوجاتا ہے۔مزید یہ کہ وقت کے ساتھ نقصان پانیوالے بھی فائدہ پائیں گے۔یہ دلیل دی گئی کہ پہلے بڑے اور درمیانی نوعیت کے کسانوں کو زیادہ فائدہ ہوگا۔جبکہ چھوٹے کسان اور بے زمین مزدوروں کو نقصان ہوگا۔تاہم بڑے مارکٹوں کی خریداری سے زرعی اشیاء کی طلب میں اضافہ ہوگا۔جس کے بدلے زرعی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔نتیجے میں مزدوروں کی طلب میں اضافہ ہوگا۔اور طویل مدت میں زرعی مزدوروں کی اجرتوں میں اضافہ ہوگا۔

آپ کو یاد ہوگا کہ آپ نے ششم جماعت میں پڑھا تھا کہ کس طرح دھان کے ہول سیل تاجر کسانوں کو قرض فراہم کرکے بدلے میں انکی اشیاء مارکٹ کی مقررہ قیمت سے کم دام میں خرید کر کسانوں کا استحصال کرتے ہیں۔غیرملکی ریٹیل تاجر بھی آپسی معاہدہ کے ذریعہ کسانوں کو ساہوکار سے کم شرح سود پر قرض فراہم کرسکتے ہیں کسانوں کے لئے یہ صورت بھی ناگوار ہوتی ہے لیکن نسبتاً ایک چھوٹا نقصان ہے،ملٹی نشینل کمپنیاں بہتر ذخیرہ اندوزی آلات کی موجودگی کی بناء پر زیادہ زرعی پیداوار خرید سکتی ہیں۔جو کسانوں کو زیادہ فائدہ مند ہوگا۔بہ نسبت ساہوکار کے لین دین کے۔

کیا آپ کے خیال میں اس مسئلہ کو حل کرنے میں حکومت کچھ کرسکتی ہے؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

## کیس اسٹڈی : 2 (حالیہ رپورٹ یہ کہتی ہے کہ ہندوستان صحت کے شعبہ میں ماہر انسانی وسائل کی شدید قلت کا سامنا کر رہا ہے:

صحت کے شعبہ میں ہندوستان 64 لاکھ سے زیادہ ماہر پیشہ وروں کی شدید قلت کا سامنا کر رہا ہے۔ تحقیق کے مطابق صرف اتر پردیش ہی میں 10 لاکھ صحت کی نگہداشت کرنے والے پیشہ وروں کی قلت ہے۔ ہندوستان میں 2011 میں 10,000 کی آبادی کے لئے ڈاکٹروں کی صرف چھ (6) تھی۔ اور نرسوں اور دایاؤں کی دستیابی 10,000 افراد کے لئے 13 تھی۔ ہندوستان میں آبادی کے لحاظ سے ڈاکٹروں کا تناسب 0.5:1000 ہے۔ دیگر ممالک سے اگر تقابل کرتے ہیں تو اسکا تناسب تھائی لینڈ میں 0.3، سری لنکا میں 0.4، چین میں 1.6 برطانیہ میں 5.4 اور متحدہ امریکہ میں 5.5 ہے۔

علاوہ ازیں 20 لاکھ ڈینٹل اسسٹنٹس (Dental Assistence) سے تعلق رکھنے والے ٹکنالوجسٹس، 18 لاکھ بازآبادکاری سے متعلق عملہ 9 لاکھ متفرق صحت کے کارندے اور 9 لاکھ جراحی و بےہوشی سے متعلق پیشہ وروں کا خلاء پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ 2.4 لاکھ میڈیکل ٹکنالوجسٹس، 2 لاکھ سرجیکل اور انٹروینشن ٹکنالوجی سے تعلق رکھنے والے پیشہ وروں، 1.3 لاکھ بصریات سے متعلق کارندوں، 62 ہزار میڈیکل لیباریٹری پیشہ وروں کی قلت پائی جاتی ہے۔

مختلف پیشہ وروں کی قلت کی وجہ سے تمام Cadres سے تعلق رکھنے والے صحت کے کارندوں، میڈیکل اور نرسنگ کالجوں، نرسنگ اور ANM (مددگار نرس اور دایاء) اسکولوں اور حلیف طبی اداروں کی تمام ریاست میں غیر مناسب تقسیم نظر آتی ہے۔ جن میں تعلیم اور معیار کا وسیع فرق پایا جاتا ہے۔ پیشہ وارانہ کالجوں اور اسکولوں کی غیر مناسب تقسیم اور پیداواری اہلیت اور معیاری تعلیم و تربیت میں عدم توازن پیدا کر رہی ہے جس کی وجہ سے صحت سے متعلق بہتر نتائج حاصل نہیں ہو رہے ہیں۔ حلیف طبی پیشہ وروں یا امداد طبی خدمت کے تربیت یافتہ افراد کو بااختیار بنایا جائے کیونکہ وہ ایسے علاقوں میں جہاں کوئی سہولت میسر نہیں ہے صحت کی خدمات کو بہتر بنانے میں انتہائی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں اور تبدیلی لانے والے قائدین کے طور پر ابھر سکتے ہیں۔

☆ غیر ملکی کمپنیوں کا ہندوستان میں ریٹیل دوکانات کا قیام آپ کی رائے میں کیسا ہے؟ آپ کے خیال میں وہ ہندوستان میں کیسے روزگار پیدا کر سکتے ہیں؟

☆ اپنے پڑوس کے ریٹیل دوکان کے مالکین سے بات کیجئے اور غیر ملکی ریٹیل دوکانات کے متعلق ان کی رائے پر جماعت میں بحث کیجئے۔

☆ ہندوستان میں غیر ملکی کمپنیوں کے قیام کے اجازت کی خوبیوں اور خامیوں کو فہرست کو دو کالم کا ٹیبل بنا کر لکھئے۔

☆ ہندوستان میں مزید طبی اداروں کے قیام کی ضرورت کیوں ہے؟

☆ آپ کی رائے میں نئے طبی ادارے کون قائم کر سکتے ہیں۔ خانگی یا عوامی شعبہ؟ کیوں؟

خلاصہ یہ کہ اس سبق میں ہم نے خدمتی سرگرمیوں کی اہمیت کا مشاہدہ کیا کہ یہ کس طرح ملک کی ترقی میں مدومعاون ہوتے ہیں۔ ہندوستان کے زرعی شعبے کے مزدوروں کو صنعتوں یا خدمتی سرگرمیوں میں منتقل کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کا مطلب خاطر خواہ تعداد میں روزگار کی فراہمی ضروری ہوگی۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ فیکٹریاں انفراسٹکچر سہولتیں، جیسے سڑکیں، دواخانے، تعلیمی ادارے قائم ہوں۔ ہمیں بہتر قسم کی زیادہ سڑکیں اور دیگر حمل و نقل کی سہولیات ذخیرہ اندوزی کی سہولیات، قرض کی سہولیات درکار ہیں۔ کئی صنعتی مصروفیات میں مسابقت کا سامنا کرنے کے لیے خدمتی سرگرمیوں پر انحصار کر رہی ہے، نئی صنعتی پالیساں بھی خدمات کی سرگرمیوں کی توسیع پر زور دی رہی ہیں۔

SCERT TELANGANA

## کلیدی الفاظ

1۔ کال سنٹر　　2۔ خدمتی سرگرمیاں　　3۔ بیرونی افراد سے معاہدہ روزگار (آوٹ سورسنگ)
4۔ اطلاعات کی ٹکنالوجی　　5۔ معاشی ترقی　　6۔ ریٹیل بیوپار

## اپنے اکتساب کو بڑھایئے۔

1۔ خدمتی سرگرمیوں کی اصلاح کا کیا مطلب ہے؟
2۔ پانچ خدمتی سرگرمیوں کی فہرست بنائے۔اور وجوہات بتایئے کہ ان کا شمار نہ زرعی مصروفیات اور نہ صنعتی مصروفیات میں ہوتا ہے؟
3۔ ایک ملک کی مجموعی ترقی کے لئے خدمتی سرگرمیوں کس طرح معاون ہیں؟
4۔ زرعی اور صنعتی مصروفیات کا خدمات سے کس طرح کا تعلق ہے؟
5۔ خدمات کے شعبہ کا فروغ دیرپا ہے؟ اور ہندوستان کو ایک دولت مند ملک بنا سکتا ہے؟ کیا آپ اس سے متفق ہیں؟
6۔ خدمات کے شعبے کی سرگرمیاں کیوں اہم ہوتی جا رہی ہیں؟
7۔ اگر زراعت وصنعت نہ ہو تو خدمتی مصروفیات ایک سطح کے آگے وسعت نہیں پائیں گی۔ وضاحت کیجیے۔
8۔ کس طرح خدمات کا شعبہ ہندوستان میں تعلیم یافتہ لوگوں کی بیروزگاری کو کم کرسکتا ہے؟
9۔ کیا آپ کے علاقے سے مزدوروں کا نقل مقام ہوا؟ نقل مقام کی وجوہات بتایئے؟
10۔ اس سبق کے صفحہ 97 پر دوسرے پیراگراف پڑھیے اور درج ذیل سوال کا جواب دیجئے۔
سوال 1۔ زراعت اور صنعتوں کے لئے کونسی خدمتی مصروفیات درکار ہیں؟
11۔ صفحہ 104 پر ہندوستان کے نقشہ کا مشاہدہ کرکے سافٹ ویر ٹکنالوجی کے مراکز کی نشاندہی کیجیے۔

## منصوبہ

مختلف شعبوں میں کام کرنے والے سات لوگوں سے گفتگو کیجئے۔ان کے کام کے بارے میں ایک تفصیلی رپورٹ یا پوسٹر تیار کیجئے۔
آپ انکے مقام رہائش اور ملازمت کے درمیان کیا تعلق محسوس کرتے ہیں؟

| سلسلہ نشان | شخص کا نام | کئے گئے کام کی نوعیت | زراعت/صنعت/خدمات |
|---|---|---|---|
| 1 | | | |
| 2 | | | |
| 3 | | | |
| 4 | | | |
| 5 | | | |
| 6 | | | |

ان شعبوں میں مندرجہ بالا افراد کی درجہ بندی کی وجوہات بیان کیجیے؟

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21



SCERT TELANGANA

باب
9

# مالیاتی نظام اور قرض

آپ جماعت ہشتم میں زر اور مختلف قسم کے بنک کھاتوں کے بارے میں پڑھا۔آپ کو پتہ ہوگا کہ لوگ مختلف ذرائع جیسے ان کے دوست، رشتہ دار، ساہوکار، بنک سے قرض لیتے ہیں۔ زرعی مزدور اپنے اجر سے قرض لیتے ہیں۔اور کم اجرت پر کام کرتے ہیں۔مختلف اقسام کے قرض ایک ملک کی مالیاتی نظام کا اہم جز ہیں۔ جو اہم رول ادا کرتے ہیں۔اس سبق میں ہم قرض کے نظام کی کچھ صورتوں کے بارے میں مطالعہ کریں گے۔

## 1۔ زر بطور بنک ڈپازٹ:

زر کی جدید شکلوں میں رائج الوقت کاغذ کے نوٹ، سکے اور بنک میں جمع رقم (ڈپازٹ) شامل ہیں۔آپ اس کے بارے میں جماعت ہشتم میں پڑھ چکے ہیں۔ بنک ڈپازٹس قبول کرتے ہیں اور ان پر سود بھی ادا کرتے ہیں۔اس طرح لوگوں کا پیسہ بنکوں میں محفوظ رہتا ہے۔اور سود بھی دیا جاتا ہے۔لوگوں کو یہ حق ہوتا ہے کہ بہ وقت ضرورت وہ جب چاہیں اپنی رقم نکال لیں۔ چونکہ بنک کے کھاتوں میں جمع ڈپازٹ طلب پر نکال سکتے ہیں اس لیئے انہیں ڈیمانڈ ڈپازٹ کہتے ہیں۔

ڈیمانڈ ڈپازٹ دوسری دلچسپ سہولت فراہم کرتے ہیں۔ یہ سہولت زر کی مخصوص خصوصیات (تبادلہ کا ذریعہ) ہیں۔آپ پڑھ چکے ہوں گے کہ ادائیگیاں نقدی کے بجائے چیک یا الکٹرانک ذرائع سے کر سکتے ہیں۔ چونکہ کوئی بھی نقد رقم یا ادائیاں چیک کے ذریعے کر سکتا ہے۔ اس لیے ڈپازٹ بھی کرنسی کے ساتھ جدید معیشیت میں زر کا حصہ ہیں۔

آپ کو یاد رہنا چاہیئے کہ بنک کیا رول ادا کرتے ہیں۔لیکن بنکوں میں ڈپازٹس کے لیے چیکوں کے ذریعہ ادائیگی بھی نہیں کی جاسکتی ہے زر کی جدید شکلیں کرنسی اور ڈپازٹ جدید بنکنگ نظام سے قریبی طور پر جڑے ہوتے ہیں۔

اس سارے نظام کی نگرانی حکومت کا ریزرو بنک آف انڈیا کرتا ہے حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ بنکوں میں موجود رقومات جو فلیسڈ ڈپازٹ اور ڈیمانڈ ڈیپازٹ کی شکل میں ہوتے ہیں پر عوام کے اعتماد کو بنائے رکھنے کے اقدامات کرے اور اس بات کو یقینی بنائے یہ رقومات سب کے استعمال کے لیے دستیاب ہیوں اور

☆ ڈیمانڈ ڈپازٹس کو زر کیوں کہا جاتا ہے؟

☆ بنک میں جمع ڈپازٹ کا بھی حکومت بیمہ کرتی ہے۔تفصیلات معلوم کیجئے؟

☆ کیا آپ سمجھتے ہیں فکسڈ ڈپازٹ کے طور پر کو بنکوں میں رکھی رقم زر کی طرح آسانی سے کام کرے گی۔ بحث کیجئے؟




SCERT TELANGANA

سب کے لیے قابل قبول ہوں۔ ریزرو بنک آف انڈیا اس نظام کے لئے رہنمایانہ خطوط جاری کرتی اور کارکردگی کا بھی معائنہ کرتی ہے تا کہ عوام کا اعتماد برقرار رہ سکے۔ اسی طرح حکومت کو چاہیے کہ وہ نوٹوں اور سکوں کو اچھی حالت میں کافی مقدار میں سربراہ کرے تا کہ لوگوں کو پیسے کے استعمال میں مسائل کا سامنا نہ ہو۔

## بنکوں کی قرض کی سرگرمیاں

بنک عوام کی طرف سے ڈپازٹ کی گئی جو رقم قبول کرتے ہیں۔ وہ اس رقم کا کیا کرتے ہیں؟ وہاں ایک دلچسپ میکانزم کام کرتا ہے بنک ڈپازٹ کی گئی رقم کی تھوڑی مقدار اپنے ساتھ بطور نقدی رکھتے ہیں۔ مثلاً آج کل ہندوستان کے بنک ڈپازٹ کی تقریباً 15% نقدی




**شکل 9.1: ایک بنک کے ذریعہ زر کا دائروی بہاؤ**

اپنے پاس رکھتے ہیں تا کہ ڈپازیٹرس کسی بھی دن رقم نکالنے آئیں تو انکی ضرورت پوری ہو سکے۔ چونکہ روزانہ کچھ لوگ نقد نکالنے آتے ہیں بنک اسی نقدی سے انہیں ادا کرنے کے قابل رہتا ہے۔ اسی طرح بنکنگ کا آغاز ہوا کیونکہ دنیا کے تمام بنک اپنے پاس تھوڑی نقدی رکھ کر طلب پر رقم ادا کرنیکا وعدہ پر قائم رہتے ہیں۔

بنک ڈپازٹ کی زیادہ تر رقم قرض کے لئے مختص کرتے ہیں۔ مختلف معاشی سرگرمیوں کے لئے قرض کی طلب بہت زیادہ ہے۔ ذیل میں ہم اس بارے میں تفصیل پڑھیں گے۔ بنک ڈپازٹس کی رقم لوگوں کو قرض دینے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اس طرح بنک اضافی رقم کے مالک (ڈپازیٹرس) اور رقم کے ضرورت مند (قرض دار)) کے درمیان کام کرتا ہے بنک قرضوں پر اونچی شرح سود عائد کرتے ہیں جبکہ ڈپازٹ پر کم شرح سود دیتے ہیں۔ قرض داروں کو عائد کئے جانے والے سود اور ڈپازیٹرس کو ادا کئے جانے والے سود کا فرق بنک کی آمدنی کا ابتدائی ذریعہ ہے

SCERT TELANGANA

☆ اگر یہ ایک وقت تمام ڈپازیٹرس اپنی رقم نکالنے بنک جائیں تو کیا ہوسکتا ہے؟

☆ جنہوں نے بنک سے قرض لیا ہے ان سے بات کیجئے۔ اور معلوم کیجیے کہ قرض لینے کا کیا مقصد تھا اور وہ بنک کس طرح رجوع ہوئے؟

☆ بنک مینیجر کا انٹرویو لیجیے وہ کونسے قرض دیتے ہیں۔ ایسی کوئی سرگرمیاں ہیں جن کے لئے بنک لون نہیں دیتا

☆ لوگ بنک کے علاوہ دیگر اداروں میں رقم ڈپازٹ کرتے ہیں۔ جیسے ہاوزنگ سوسائٹی، کمپنیاں، پوسٹ آفس کی اسکیمیں وغیرہ۔ بحث کیجئے کہ یہ بنک ڈپازٹ سے کس طرح مختلف ہے۔

## لوگوں کو قرض کیوں درکار ہوتے ہیں

ماضی کے مقابلے میں لوگوں کو قرض کی ضرورت بڑھ گئی ہے۔ اسکی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں۔ زراعت میں پہلے بہت سارے کام میں آنے والی چیزیں کسان خود فراہم کرتا تھا۔ جیسے ہل چلانے کے لیے اپنے جانور، کھیت میں کام کرنے کے لیے گھر کے افراد ہوتے ہیں۔ اور کھاد اپنے کھیتوں سے لاتا تھا۔ لیکن جدید طریقہ زراعت میں بیجوں کی خریدی، کھاد جراثیم کش ادویات ہل چلانے، دانے گاہنے فصل کی کٹائی اور کرایہ پر مزدوروں کی تعیناتی کے لئے رقم ادا کرنے کسان کو اپنے ہاتھ میں خاطر خواہ رقم رکھنا پڑتا ہے۔

بازار میں اشیائے صارفین کی بڑھتی ہوئی دستیابی اور مالیہ کے انتظام نے قرض کی فراہمی کے ذریعہ میں اضافہ کیا ہے۔ آج ہمیں کئی قسم کی اشیاء جیسے مخصوص غذائی اجناس، سے برتن، گھر کی اشیاء، فرنیچر وغیرہ تک سب قرض پر دستیاب ہیں۔ ان اشیاء کے تیار کنندے اور فروخت کنندے لوگوں کو خصوصاً ماہانہ آمدنی اور بنک کے کھاتہ داروں کو یہ اشیاء ادھار خرید کر ماہانہ ادائیگی کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ ٹیلی ویژن خریدنا چاہیں جسکی قیمت -/20,000 ہے۔ ابتداء کی رقم -/5000 ادا کر کے بقیہ رقم ایک سال یا دو سال میں ماہانہ قسطوں میں ادا کر سکتے ہیں۔ لوگ اسکول، کالج کی فیس ادا کرنے اور صحت کی خدمات کے لئے قرض لیتے ہیں۔ لوگ مقروض ہونے کی ایک بڑی وجہ طبی ضروریات بھی ہیں۔

کاروبار اور تجارت میں اضافہ جیسے ہوتا ہے۔ قرضوں کی ضرورت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ سرمایہ کاری کا ایک خاطر خواہ حصہ قرض کے مختلف ذرائع سے لگایا جاتا ہے۔ جس کا مقصد مالیہ پر ادا کرنے والے سود سے زیادہ نفع کمائیں۔ یہ حکمت عملی کس طرح کام کرتی ہے درج ذیل مثالوں میں جانچیں گے۔

## قرض کی دو مختلف صورتیں

تہوار اب سے دو مہینے دور ہے اور جوتے تیار کرنے والے انیل کو 3000 جوڑی جوٹے ایک مہینے میں تیار کر کے دینے کا آڈر بڑے تاجر سے ملتا ہے۔ بروقت پیداوار کے لئے انیل کو زیادہ کاریگر سینے اور چپکانے کے کام کے لئے حاصل کرنے پڑتے ہیں۔ نیا خام مال خریدنا پڑتا ہے ان تمام اخراجات کی پابجائی کے لئے انیل دو ذرائع سے قرض حاصل کرتا ہے پہلے چرم کے سپلائیر سے چرم فراہم کرنے کو کہتا ہے اور بعد میں ادائیگی کا وعدہ کرتا ہے۔ دوسرا قرض بڑے تاجر سے 1000 جوڑی جوتوں کی تیاری کے لئے پیشگی کے طور پر رقم حاصل کرتا ہے۔ اس وعدے کے ساتھ کہ ایک ماہ میں پورا مال فراہم کرے گا۔



SCERT TELANGANA

مہینے کے ختم پر انیل آرڈر کا مال فراہم کرنے کے موقف میں ہے۔ جس کے ذریعہ اچھا منافع حاصل کرتا ہے اور قرض لی ہوئی رقم بھی واپس کردیتا ہے۔ ہمارے روزمرہ کے کاروباری معاملات میں قرض کسی نہ کسی صورت میں شامل ہوتا ہے۔ قرض کے معنی ایک معاہدہ ہے جس میں قرضدار کو رقم اشیاء اور خدمات قرض پر فراہم کرتا ہے۔ جسے قرضدار مستقبل میں ادا کرنے کا وعدہ کرتا ہے۔ انیل پیداوار کے لئے درکا سرمایہ کی ضروریات کے لئے قرض حاصل کرتا ہے۔ یہ قرض اسے پیداواری اخراجات سے نمٹنے، بروقت پیداوار مکمل کرنے اور اپنی کمائی میں اضافہ کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اس طرح قرض اس صورتحال میں اہم اور مثبت کردار ادا کرتا ہے۔

سوہن ایک چھوٹا کسان ہے۔ جو 3 ایکٹرز مین میں مونگ پھلی اگاتا ہے۔ کاشت کاری کے اخراجات کے لئے ساہوکار سے قرض لیتا ہے۔ اس امید پر کہ فصل کی کٹائی سے اس کا قرض ادا ہوگا۔ موسم کے وسط میں فصل کیڑوں سے متاثر اور خراب ہوجاتی ہے۔ سوہن قیمتی کیڑا مار ادویات کا چھڑکاؤ کرتا ہے۔ جس کا معمول اثر ہوتا ہے۔ اب وہ سوہوکار کا قرض ادا کرنے سے قاصر ہے۔ سال مکمل ہونے تک اس کا قرض بڑی رقم کی شکل اختیار کرتا ہے۔ اگلے سال سوہن دوبارہ قرض لے کر کاشت کاری کرتا ہے۔ اس سال فصل معمول کے مطابق رہی جس کی کمائی لیکن اس سے حاصل ہونے والی آمدنی پرانا قرض ادا کرنے کے لیے ناکافی ہے اور وہ مزید قرض میں پھنس گیا ہے اس کو قرض کی ادائیگی کے لئے اپنی زمین کا ایک حصہ فروخت کرنا پڑا۔

دیہی علاقوں میں فصل کی پیداوار کے لئے قرض اہم ضرورت ہے۔ فصل کی پیداوار میں بیجوں کی قابل لحاظ قیمت، کھاد، جراثیم کش ادویات، پانی، الیکٹرسٹی اور آلات کی مرمت شامل ہے۔ ان سب کی خریدی اور فصل کی فروخت کے درمیان تین تا چار ماہ کا وقفہ ہوتا ہے کسان عام طور پر موسم کے آغاز پر قرض لیتے ہیں اور فصل کی کٹائی کے بعد ادا کردیتے ہیں۔ کاشت کاری سے حاصل ہونے والی آمدنی ہی قرض کی ادائیگی کا اہم ذریعہ ہوتی ہے۔

☆ مندرجہ ذیل ٹیبل کی خانہ پری کریں

| | انیل | سوہن |
|---|---|---|
| انہیں قرض کی ضرورت کیوں پڑی | | |
| اس میں کیا خطرہ تھا؟ | | |
| نتیجہ کیا نکلا؟ | | |

☆ فرض کیجئے انیل کو تاجروں سے آرڈر مسلسل حاصل ہوتے ہُس تو اس کی حالت 6 سال میں کیا ہوگی؟

☆ وہ کیا وجوہات تھیں جن کی بنا پر سوہن کی صورتحال پر خطر ہوگئی۔ درج ذیل عوامل پر بحث کیجئے۔ کیڑا مار ادویات، ساہوکار کا رول، موسم

سوہن کے معاملے میں فصل کی خرابی نے قرض کی ادائیگی کو ناممکن بنادیا اور اسے ادائیگی قرض کے لئے زمین کا ایک حصہ فروخت کرنا پڑا۔ قرض سوہن

SCERT TELANGANA

کی آمدنی میں بہتری پیدا کرنے کے بجائے مصیبت میں ڈال دیا۔قرض کے جال میں پھنسنے کی یہ ایک عام مثال ہے۔اس صورتحال میں قرض قرضدار کو ایسی صورتحال میں ڈھکیلتا ہے جہاں سے ادائیگی تکلیف دہ بن جاتی ہے۔

ایک صورت میں قرض آمدنی بڑھانے میں مدد کر کے آدمی کو پہلے سے بہتر وخوشحال بناتا ہے۔دوسری صورتحال میں فصل کی خرابی آدمی کو قرض کے جال میں پھنسا دیتی ہے۔اس کی حالت پہلے سے بدتر ہو جاتی ہے۔قرض کارآمد ہو سکتا ہے یا نہیں اس کا انحصار صورتحال میں پائے جانے والے خطروں اور نقصان کی صورت میں ہونے والے کسی تعاون پر ہے۔

☆ لوگ خورد نوش اور سماجی وثقافتی اغراض کے لئے قرض لیتے ہیں۔شادیوں میں دُلہا اور دلہن دونوں پر بھاری اخراجات در کار ہوتے ہیں۔جو دو خاندانوں کو قرض لینے پر مجبور کرتے ہیں۔کیا آپ سمجھتے ہیں آپ کے علاقے میں لوگ کسی اور وجوہات کیلئے قرض لیتے ہیں۔آپ اپنے والدین اور ٹیچرس سے معلومات حاصل کر کے جماعت میں بحث کیجئے

## قرض کی شرائط

ہر قرض کے معاہدہ میں اس بات کی صراحت ہوتی ہے کہ قرض دار قرض خواہ کو کس شرح پر سود معہ اصل ادا کرنے چاہیئے۔قرض خواہ ان قرضوں کے لیئے ضمانت کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ اگر قرضدار قرض ادا کرنے میں ناکام ہو جائے قرض خواہ ضمانت یا اثاثے فروخت کر کے اپنی قرض کی رقم حاصل کر سکتا ہے۔جائیداد کی ملکیت کے دستاویزات بنک ڈپازٹس، مویشی ضمانت کی چند عام مثالیں ہیں۔جو قرض لینے کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔

**ضمانت**

ضمانت ایک اثاثہ ہے جیسے زمین، گھر، گاڑی، مویشی، بنک میں جمع ڈپازٹ جو قرضدار کی ملکیت ہے جو قرض کی ادائیگی تک بطور ضمانت استعمال کی جاتی ہے۔



**شکل:9.2 : ضمانت کا تصور / منقولہ یا غیر منقولہ ملکیت**



SCERT TELANGANA

سیوا کامی ایک ٹیچر ہے اس نے گھر کی خریدی کیلئے بنک سے 5 لاکھ قرض حاصل کیا ہے۔ اس قرض پر سالانہ سود 12% ہے اور قرض ماہانہ اقساط میں دس سال کی مدت میں ادا کرنا ہے۔ قرض کی منظوری سے قبل اسے ملازمت و تنخواہ کی تفصیل کے دستاویزات بنک میں پیش کرنے پڑے۔ نئے گھر کے دستاویزات بنک نے بطور ضمانت اپنے پاس رکھے۔ جو سیوا کامی کے مکمل قرض معہ سود ادا کرنے پر واپس کئے جائیں گے۔

☆ قرض خواہ قرض دینے ضمانت کیوں مانگتے ہیں؟
☆ ضمانت کس طرح غریب آدمی کے قرض لینے پر اثر انداز ہوتی ہے۔
☆ قوسین میں موجود الفاظ سے ذیل کی خانہ پری کیجئے؟
قرض لیتے وقت قرض دار چاہتا ہے کہ شرح سود ...... (کم/زیادہ) ہو واپس ادائیگی کی شرائط ...... (آسان/مشکل) ہوں اور ضمانت اور دستاویزی لزوم۔ (کم/زیادہ) ہو۔

شرح سود، ضمانت، دستاویزی ضروریات اور ادائیگی کا طریقہ کار قرض کی شرائط کہلاتی ہیں۔ مختلف قرضوں کے لیے شرائط میں کافی تبدیلیاں پائی جاتی ہیں۔ قرض کی شرائط میں تبدیلی قرض دینے اور لینے والے کی نوعیت پر منحصر ہے۔ مختلف اقسام کے قرض کی شرائط میں ہونے والی تبدیلیوں کی مثالیں آگے کے سکشن میں دی گئی ہیں۔

## انتظام قرض کی کئی قسمیں - گاؤں کی ایک مثال

واسو ایک چھوٹا کسان ہے جسے 1.5 ایکٹرز مین پر کاشتکاری کے لئے قرض درکار ہے۔ پچھلے چند سالوں میں وہ گاؤں کے ایک زرعی تاجر سے ماہانہ 3% شرح سود یعنی سالانہ 36% سود پر قرض حاصل کرتا آرہا ہے۔ موسم فصل کے آغاز پر تاجر اسے کھیت کے لئے درکار آلات قرض پر فراہم کرتا ہے۔ جب فصل تیار ہوجاتی ہے قرض ادا کردیا جاتا ہے۔

قرض پر سود ادا کرنے کے علاوہ تاجر کسانوں سے تیقن لیتا ہے کہ وہ اپنی فصل اسے ہی فروخت کریں گے اسطرح تاجر کو رقم کی بروقت ادائیگی کا تیقن مل سکتا ہے۔ چونکہ فصل کی کٹائی کے بعد قیمتیں کم رہتی ہیں۔ تاجر کسانوں سے کم قیمت پر فصل خرید کر قیمتیں بڑھنے گے بعد فروخت کرتے ہوئے نفع کماتا ہے۔

ارون ایک کسان ہے اور 17 ایکٹرز مین کا مالک ہے کاشت کاری کے لئے بنک سے قرض پانے والے چند لوگوں مین ایک ہے۔ قرض پر سالانہ شرح سود 10% ہے۔ جو 3 سال میں کبھی بھی ادا کیا جاسکتا ہے۔ ارون کٹائی کے بعد فصل کا کچھ حصہ فروخت کرکے ادائیگی کا منصوبہ بناتا ہے پھر باقی بچی ہوئی فصل کو شہر کے قریب گودام میں ذخیرہ کرتا ہے۔ اور تازہ قرض کے لئے بنک میں درخواست سرد ذخیرہ اندوززی کی رسید کے عوض دیتا ہے کسان جو کاشت کاری کے لئے بنک سے قرض لے چکے ہیں۔ انہیں بنک یہ سہولت کی پیشکش کرتا ہے۔

SCERT TELANGANA

☆ اوپر کی مثالوں میں ذرائع قرض کی فہرست بنائیے۔
☆ مندرجہ بالا عبارت میں قرض کے مختلف استعمالات کو خط کشید کیجئے۔
☆ کیا ہر کوئی سستی شرح پر قرض پا سکتا ہے؟ کون لوگ ہیں جو ایسا قرض لے سکتے ہیں؟
☆ صحیح جواب پر (☞) نشان لگائیے؟

a) سالوں بعد رما کا قرض
- بڑھے گا
- اُتنا ہی رہے گا
- کم ہوگا

b) ارون بنک سے قرض پانے والے چند لوگوں میں سے ایک ہے؟ اس کی ایک وجہ ہے؟
- وہ تعلیم یافتہ شخص ہے
- بنک ضمانت کا مطالبہ کرتے ہیں جو ہر کوئی فراہم نہیں کر سکتا
- بنک قرض کی شرح سود تاجروں کی طرف عائد کئے جانے والا سود یکساں ہے۔
- بنک قرض پانے کے لیے کوئی دستاویزی کام درکار نہیں ہے

☆ آپ کے علاقے میں کچھ لوگوں سے بات کر کے وہاں انتظام قرض کے بارے میں دریافت کریں اور اپنی گفتگو ریکارڈ کیجئے۔ معلوم کیجیے کہ قرض کی شرائط میں فرق پایا جاتا ہے؟

رما ایک زرعی مزدور ہے جو پڑوس کے کھیت میں کام کرتی ہے۔ سال میں کئی مہینے رما بے روزگار رہتی ہے۔ روز کے اخراجات کی تکمیل کیلئے اسے قرض کی ضرورت پڑتی ہے۔ اچانک بیماری یا خاندان میں تقاریب کے اخراجات بھی قرض کے ذریعہ پورے کئے جاتے ہیں۔ قرض کے لئے رما کو اپنے آجر زمیندار پر انحصار کرنا پڑتا ہے وہ 5% سود ماہانہ عائد کرتا ہے۔ رما زمیندار کے لئے کام کر کے قرض ادا کرتی ہے رما کو کئی بار پچھلا قرض ادا کرنے سے قبل تازہ قرض لینا پڑتا ہے۔ فی الحال وہ زمیندار کو 5000 روپیئے ادا کرنا باقی ہے۔ اگرچہ زمیندار اس سے اچھی طرح پیش نہیں آتا وہ اس کے ہاں کام کرتی رہتی ہے کیونکہ وہاں اسے ضرورت پر قرض مل سکتا ہے۔ رما کا کہنا ہے کہ بے زمین لوگوں کے لئے قرض کا واحد ذریعہ زمیندار یا آجر ہی ہیں


☆ سیوا کامی، ارون، رما اور واسو کے درج ذیل تفصیلات پر غور کیجئے۔

| تفصیلات | سیوا کامی | ارون | رما | واسو |
|---|---|---|---|---|
| قرض کی رقم (روپیوں میں) | | | | |
| قرض کی میعاد | | | | |
| درکار دستاویزات | | | | |
| شرح سود | | | | |
| ادائیگی کا طریقہ کار | | | | |
| ضمانت | | | | |

SCERT TELANGANA

## ہندوستان میں قرض کے رسمی اور غیر رسمی ذرائع

مندرجہ بالا مثالوں میں ہم نے دیکھا کہ لوگ مختلف ذرائع سے قرض حاصل کرتے ہیں۔مختلف قسم کے قرضہ جات کی بہ آسانی رسمی وغیر رسمی شعبوں میں درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔ان میں اول الذکر بنکوں اور امداد باہمی کی جانب سے فراہم کئے جانے والے قرضے ہیں۔غیر رسمی قرض دینے والوں میں ساہوکار، تاجر، آجر، رشتہ دار، دوست وغیرہ شامل ہیں۔ Pie-chart میں آپ ہندوستان کے دیہی خاندانوں کے قرض کے ذرائع کا مشاہدہ کریں گے۔دیہی خاندانوں کو درکار ہر 100 روپے کے قرض میں 25 روپیۓ قرض تجارتی بنک فراہم کرتے ہیں۔ان بنکوں کے علاوہ دوسرا اہم اور سستا ذریعہ قرض امداد باہمی انجمنیں ہیں ان انجمنوں کی قسمیں جیسے کسانوں' دستکاروں کی امداد باہمی انجمنیں ہیں۔آپ غور کریں گے ہندوستان میں غیر رسمی قرض کا اہم ذریعہ ساہوکار ہیں۔



شکل 2003:9.3 کے مطابق ہندوستان میں دیہی خاندان کے لئے قرض کے ذرائع

مندرجہ بالا Pie چارٹ کی مدد سے 1961ء سے ڈاٹا کو ذیل ٹیبل میں مکمل کیجئے اور کمرہ جماعت میں بحث کیجئے۔

| قرض کے ادارے | ذریعہ قرض (% میں) | | | |
|---|---|---|---|---|
| | 1961 | 1971 | 1981 | 2003 |
| امداد باہمی اور تجارتی بنک | 10.3 | 24.4 | 58.6 | ؟ |
| سرکاری اور دیگر رسمی ذرائع | 5.5 | 7.3 | 4.6 | ؟ |
| رسمی اداروں کا جملہ قرض | ؟ | ؟ | ؟ | ؟ |
| ساہوکار | 62.0 | 36.1 | 16.1 | ؟ |
| تاجر | 7.2 | 8.4 | 3.1 | ؟ |
| زمیندار | 7.6 | 8.6 | 4.0 | ؟ |
| دوست اور رشتہ دار | 6.4 | 13.1 | 11.2 | ؟ |
| دیگر ذرائع | 0.8 | 2.1 | 2.4 | ؟ |
| غیر رسمی اداروں کا جملہ قرض | ؟ | ؟ | ؟ | ؟ |
| جملہ فیصد | 100 | 100 | 100 | 100 |

SCERT TELANGANA

بنک نہ صرف منافع بخش تجارتوں اورتاجروں بلکہ چھوٹے دستکاروں، چھوٹے پیمانے کے صنعتکاروں، چھوٹے قرضداروں وغیرہ کو بھی قرض فراہم کرے اس پہلو پر ریزروبنک آف انڈیا کی نظر ہے۔حالیہ دنوں میں RBI کے علاوہ NABARD قومی بنک برائے زراعت اور دیہی ترقی National Bank for Agriculture and Rural Developement ایک اور تنظیم ہے جو ہندوستان کے دیہی علاقوں میں قرض کے رسمی اداروں کو سہولیات فراہم کرتی ہے۔

اگر چہ بنک کے زرعی قرضوں کی رقم میں اضافہ ہورہا ہے تاہم کسانوں کے ایک قابل لحاظ تعداد کی ان تک پہنچ نہیں ہو پائی ہے۔ 2011ء میں ہندوستان میں 14 کرُوڑ کسان تھے ان میں سے صرف 5.3 کروڑ کسان ہی زرعی قرض کھاتوں کے مالک تھے۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ دوتہائی سے زیادہ کسانوں کی بنک قرض سہولتوں تک پہنچ نہیں تھی۔تقریباً ان 9 کروڑ کسانوں کا انحصار غیر رسمی ذرائع قرض جیسے ساہوکار اور تاجروں پر تھا۔جو بہت زیادہ شرح سود عائد کرتے ہیں۔جو آپ پچھلی مثالوں میں دیکھ چکے ہیں۔

### رسمی اور غیر رسمی قرض۔ کون کیا پاتا ہے؟

ایسی کوئی تنظیم موجود نہیں ہے جو غیر رسمی شعبے کے قرض خواہوں کی سرگرمیوں پر نظر رکھ کر باقاعدگی پیدا کرے۔ جو کسی بھی شرح سود پر قرض دیتے ہیں۔

ہندوستان میں رسمی اور غیر رسمی قرض خواہوں کے انداز کارکردگی میں کچھ بڑے فرق پائے جاتے ہیں۔ حالانکہ رسمی قرض خواہ حکومت خصوصاً ریزرو بنک آف انڈیا کے تدوین کردہ قوانین وضوابط پر عمل کرتے ہیں۔اور توقع کرتے ہیں کہ ان کے گاہک بھی اس طریقہ کار کی پابندی کریں گے غیر رسمی قرض دینے والے حکومت کے قواعد کی پابندی نہیں کرتے بلکہ وہ اپنے قواعد خود بناتے ہیں۔رسمی قرض خواہ کو حکومت کی توقعات پر اترنا پڑتا ہے۔ جو غیر رسمی قرض خواہ کے لیے ضروری نہیں۔ جب قرض دار معاہدہ کی شرائط کے مطابق قرض ادا نہ کرسکے تو رسمی قرض

### نئی پیش قدمیاں

دیہی علاقوں کے لوگوں تک مالیاتی ذرائع کی رسائی میں بہتری لانے ریزرو بنک آف انڈیا پیش قدمی کر چکی ہے۔ بنک دیہاتوں میں اپنی شاخوں یا اپنے تجارتی نمائندوں (Business Correspondents (BCs) کی مدد سے کام کرتے ہیں۔ تجارتی نمائندہ (BC) ایک مسلمہ بینک ایجنٹ ہوتا ہے۔ جو بنیادی بینکنگ خدمات جزوی (Micro) ATM ٹرمینل کے استعمال کے ذریعہ فراہم کرتا ہے۔ یہ تجارتی نمائندے دیہاتوں اور دوردراز کے ناقابل بیانی علاقوں کے عوام کو بینک کھاتے کھولنے، رقم کی بچت کرنے اور بینکوں کی قرض کی سہولیات سے استفادہ کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ان کھاتوں کو کھولنے کے لئے Bio-Metric Smart Card شناختی نظام کا استعمال کیا جاتا ہے۔

آدھار سے مربوط ادائیگی نظام

Adhaar Enabled Payment System (AEPS)

☆ AEPS ایک نئی خدمات کی پیشکش ہے جو نیشنل پیمنٹ کارپوریشن آف انڈیا (NPCI) کی جانب سے بینکوں اور مالیاتی اداروں کو ان کے متعلقہ تجارتی نمائندوں کے خدماتی مراکز آدھار نمبر کے استعمال کے ذریعہ کرتے ہیں۔

☆ جو بینک AEPS خدمات کی پیشکش کرتے ہیں ان کے کھاتہ داروں کو اپنا بینک کھاتہ آدھار نمبر سے مربوط کرنا پڑتا ہے۔

☆ کوئی بھی کھاتہ دار تجارتی نمائندہ مراکز پر مائیکرو ATM کے ذریعہ AEPS خدمات کا استعمال کرتے ہوئے آج کل مندرجہ ذیل چار سہولیات سے استفادہ کرسکتا ہے۔

a۔ رقم نکالنا (Cash Withdrawl)

b۔ رقم جمع کرنا (Cash Deposit)

c۔ جمع رقم کی جانچ (Balance Enquiry)

d۔ رقم کی منتقلی (Fund Transfer)

SCERT TELANGANA

خواہ قرض کی واپسی کے لئے غیر قانونی طریقے اختیار نہیں کر سکتے جبکہ غیر رسمی قرض خواہ کی تشدد آمیز غیر قانونی حربے استعمال کرتے ہیں۔ جس کے نتیجے میں قرضدار خودکشی تک کر لیتے ہیں۔

رسمی قرض خواہ کے مقابلے میں اکثر غیر رسمی قرض خواہ قرضات پر کافی اونچی شرح سود عائد کرتے ہیں۔ اگرچہ کئی ریاستوں میں ایسے قوانین ہیں جو غیر رسمی قرض خواہوں جیسے ساہوکاروں کو زیادہ شرح سود عائد کرنے سے عوام کا تحفظ کرتے ہیں۔ یہ قوانین ساہوکاروں کو زیادہ شرح پر سود عائد کرنے سے روکنے کے لئے نہ صرف کافی نہیں ہیں بلکہ اب تک ان کا نفاذ موثر طور پر نہیں ہو سکا ہے۔

زیادہ تر شرح سود پر قرض لینے کا مطلب ہے کہ قرضدار کی کمائی کا بڑا حصہ قرض ادا کرنے میں استعمال ہوتا ہے اور خود ان کے لئے کم رقم بچ جاتی ہے۔ کچھ صورتوں میں قرض کی اونچی شرح سود کا مطلب واپس ادا کی جانے والی رقم قرضدار کی آمدنی سے زیادہ ہو سکتی ہے اس کا نتیجہ بڑھتا قرض ہے۔ علاوہ ازیں کاروبار کے آغاز کے خواہشمند اونچی لاگت کی بناء پر ایسا نہیں کر پائیں گے۔

ان وجوہات کے بناء پر بنک اور امداد باہمی سوسائیٹیوں کو زیادہ قرض دینے کی ضرورت ہے۔ نتیجتاً لوگ سستا قرض مختلف ضرورتوں جیسے فصل اگانے' کاروبار کرنے' چھوٹے پیمانے کی صنعت کے قیام' نئی صنعت کے قیام اور اشیاء کی تجارت کے لئے حاصل کریں گے۔ اور آمدنی میں اضافہ ہوگا سب کے لئے قابل استطاعت قرضے ملک کی ترقی کے لئے اہم ہیں۔

امیر گھرانے رسمی قرض خواہوں سے سستا قرض حاصل کرتے ہیں۔ جبکہ غریب گھرانے غیر رسمی ذرائع سے قرض لے کر بھاری قیمت چکاتے ہیں۔

مندرجہ ذیل جدول بتلاتا ہے کہ 2003 میں کس طرح شہری خاندان دو ذرائع سے قرض لیتے ہیں (فیصد میں)۔ جدول کا بغور مشاہدہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے پیراگراف میں خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

| قرضدار گھرانوں کی تفصیل | رسمی قرض | غیر رسمی قرض | جملہ قرض |
|---|---|---|---|
| غریب گھرانہ | 15 | 85 | 100 |
| چند اثاثوں کا مالک گھرانہ | 47 | 53 | 100 |
| خوشحال گھرانہ | 72 | 28 | 100 |
| امیر گھرانہ | 90 | 10 | 100 |

مندرجہ بالا جدول شہری علاقوں کے عوام کے رسمی وغیر رسمی قرضوں کا فی صد ظاہر کرتا ہے۔ ان میں امیر اور غریب گھرانے شامل ہیں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ غریب گھرانوں کے ...... فی صد قرض کی ضرورت غیر رسمی ذرائع سے ہوتی ہے۔ ان کے رسمی ذرائع قرض کا حصہ صرف ...... فی صد ہے۔ اس کا تقابل امیر گھرانوں سے کیجئے۔ آپ نے کیا پایا؟ غیر رسمی ذرالیع سے ان کا قرض صرف ...... فی صد ہے؟ جبکہ ...... فی صد قرض رسمی ذرائع سے ہیں۔ ایسا رجحان آپ دیہی علاقوں میں پائیں گے۔

SCERT TELANGANA

☆ رسمی اور غیر رسمی ذرائع قرض میں کیا فرق پائے جاتے ہیں؟

☆ سب کے لئے واجبی شرحوں پر قرض کی دستیابی کیوں ہونا چاہیئے؟

☆ کیا غیر رسمی قرض خواہوں کی قرض کی سرگرمیوں پر نظر رکھنے کے لئے ریزرو بنک آف انڈیا کی طرح نگران کار ہونا چاہیئے؟ کیوں یہ کام بالکل مشکل لگتا ہے؟

☆ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ غریب ترین گھرانوں کے لئے رسمی شعبہ قرض میں کم حصہ داری تلنگانہ کے کسانوں کی مفلسی کا ایک عنصر ہے؟ بحث کیجئے۔

یہ تمام باتیں کیا ظاہر کرتی ہیں۔ پہلا یہ کہ رسمی ذرائع دیہی عوام کے جملہ قرض کی ضرورتوں کے صرف آدھے حصے کی تکمیل کرتے ہیں۔ بقیہ قرض کی ضرورتیں غیر رسمی ذرائع سے پوری ہوتی ہیں۔ غیر رسمی قرض خواہوں کے قرض بہت اونچی شرح سود کے ہوتے ہیں۔ جو قرضدار کی آمدنی بہ مشکل بڑھاتے ہیں۔اس لئے یہ ضروری ہے بنک اور امداد باہمی ان کے قرضوں میں اضافہ کرے۔خصوصاً دیہی علاقوں میں تاکہ غیر رسمی ذرائع قرض پر انحصار کم ہو۔

دوسرا یہ کہ جہاں رسمی شعبے کے قرضوں میں توسیع کی ضرورت ہے وہیں یہ بھی ضروری ہے ہر ایک ان قرضوں کو حاصل کرے۔ فی الحال امیر ترین گھرانے ہی رسمی قرض حاصل کرتے ہیں۔ جبکہ غریبوں کو غیر رسمی ذرائع پر منحصر ہونا پڑتا ہے۔رسمی قرض کی مساویانہ تقسیم بہت ضروری ہے تاکہ غریب افراد بھی سستے قرضوں سے استفادہ کرسکیں۔

## غریبوں کے لیئے سیلف ہیلپ گروپ۔

پچھلے سیکشن میں ہم دیکھ چکے ہیں کہ غریب گھرانے ابھی تک غیر رسمی ذرائع قرض پر منحصر ہیں بنک کے سستے قرض پانا غیر رسمی قرض لینے سے کہیں زیادہ مشکل ہے۔

بنک قرضوں کے لئے مناسب دستاویزات اور ضمانت درکار ہوتی ہے۔ضمانت کی عدم دستیابی غریبوں کو بنک قرضوں سے محروم کرنے کی ایک بڑی وجہ ہے۔ان کے پاس چند اثاثے ہیں جو بطور ضمانت رکھ سکیں۔ دوسری جانب غیر رسمی قرض خواہ جیسے ساہوکار قرضداروں سے شخصی طور پر واقف ہوتے ہیں اس لیئے بلا ضمانت قرض دینے کے لئے ہمیشہ رضامند رہتے ہیں۔ اگر ضروری ہو تو قرضدار پچھلے قرض ادا کئے بغیر ساہوکار سے رجوع ہوسکتے ہیں تاہم ساہوکار بہت اونچی شرح سود عائد کرتے ہیں معاملات کا انکشاف نہیں کرتے اور غریب قرضداروں کو ہراساں کرتے ہیں۔ان کے پاس اس قرض کو سستے دام پر پیداوار کی خریدی سے مربوط کرنے کے طریقے ہوتے ہیں۔ یا انہیں اپنے پاس مزدوری کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔

حالیہ سالوں میں سرکاری اور غیر سرکاری تنظیمیں (NGOs) غریبوں کو قرض فراہم کرانے کے کچھ نت نئے طریقے آزما چکے ہیں۔ یہ تصور دیہی غربا خصوصا خواتین کو چھوٹے سیلف ہلپ گروپوں میں (SHGs) میں منظّم کرنے اور انکی بچت کو اکٹھا کرنے کا ہے۔ایک مثالی سیلف ہلپ گروپ 15 سے 20 ارکان پر مشتمل ہوتا ہے جن کا تعلق عموماً ایک علاقے سے ہوتا ہے۔ جو مل کر پابندی سے بچت کرتے ہیں۔اور آپس میں اجلاس کرتے ہیں بچت فی رکن 25 روپیوں سے 100 روپیوں کے درمیان یا زیادہ ہوتی ہے۔ جو لوگوں کی قوت بچت پر منحصر ہوتی ہے۔ارکان ضروریات کی تکمیل کے لئے گروپ سے چھوٹے قرض لیتے ہیں۔ یہ گروپ ان قرضوں پر سود عائد کرتے ہیں۔ تاہم یہ ساہوکار کے سود سے کم ہوتا ہے۔



SCERT TELANGANA

ایک یا دو سال کے بعد اگر یہ گروپ بچت کرنے میں پابندر ہے تو بنک سے قرض کے حصول کا اہل بن جاتا ہے یہ بنک کا رابطہ تمام ارکان کو دستیاب قرض کی رقم میں اضافہ کا باعث ہوتا ہے قرض گروپ کے نام سے منظور کیا جاتا ہے جو قرضوں کی واپس ادائیگی کی یقین دہانی کراتا ہے۔ ارکان کا باہمی اعتماد اور دباؤ اسے ممکن بناتا ہے۔ قرض اور بچت مصروفیات کے زیادہ تر اہم فیصلے گروپ کے ارکان اجتماعی طور پر ذمہ دار ہوتے ہیں کسی رکن کی قرضوں کی عدم ادائیگی کو گروپ کے دیگر ارکان سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ اس خصوصیت کی وجہ سے سیلف ہلپ گروپ SHGs میں منظّم غریب خواتین کو قرض دینے بنک آمادہ ہو رہے ہیں۔ گو کہ وہ ضمانت نہیں رکھتے۔

ضمانت جو عموماً بنک رکھتی ہے ضروری نہیں ہے۔ ان قرضوں کا مقصد ارکان کے لئے خود روزگار مواقع پیدا کرنا ہے۔ مثلاً گروی رکھی ہوئی زمین چھڑانے، فعال سرمائے کے ضرورتوں (جیسے بیج، کھاد، خام مال، جیسے بمبو اور کڑے کی خریدی) تعمیراتی سامان کی خریدی، سلائی مشین، ہینڈلوم، مویشی وغیرہ کے حصول کے لئے ارکان چھوٹے قرض لیتے ہیں۔

اس کے علاوہ ''اپنی مدد آپ تنظیمیں'' (SHG) دیہاتی اور شہری غربا کے لئے کئی تنظیموں کا قیام عمل میں لا رہی ہیں۔ نہ صرف خواتین معاشی طور پر خود مکتفی بن رہیں ہیں بلکہ ان گروپس کی میٹنگوں کے ذریعہ سے صحت، تغذیہ، گھریلو تشدد جیسے مختلف سماجی مسائل پر مباحثہ ہوتا ہے۔

☆ بنک سے خود امدادی (SHG) گروپ کے ایک کارکن کا قرض کسی فرد کو دیئے گئے قرض سے کس طرح مختلف ہوتا ہے؟

☆ چند خود امدادی (SHG) گروپ اپنے کارکنوں کو اونچی شرح سود پر قرض دیتے ہیں؟ کیا یہ صحیح ہے؟ بحث کیجئے؟

☆ خود امدادی گروپوں کے متحدہ تنظیم کا کردار کیا ہوتا ہے؟ معلوم کیجئے؟

## مالیاتی خواندگی

مالیاتی خواندگی ایک ایسا عمل ہے جس میں کسی فرد کو مالیاتی معلومات، مالیاتی امور کی سمجھ، خسارے کو کم کرنے کے معلومات سے آراستہ کیا جاتا ہے۔ تا کہ ایسے مالیاتی فیصلے لئے جاسکیں جو مالیاتی تحفظ فراہم کرسکیں۔ آسان الفاظ مین یہ کسی کو مالیاتی امور کے متعلق معلومات سے آراستہ کرنے کی ایک کوشش ہے مالیاتی خوندا گی بہتر مالی منصوبہ بندی، مالی مقاصد کے حصول، دھوکہ دہی اور قرض کے جال سے محفوظ رکھنے میں مدد کرتی ہے۔ اسکا مقصد بچت کی عادت اور ان مالیاتی اشیاء کی سمجھ جو مالیاتی خدمات کو با اثر انداز میں استعمال کرنے اور بہتر انداز میں زر کا استعمال کرنے میں مدد کرتی ہے۔ مزید یہ کہ مالیاتی خواندگی، مالیاتی خدمات تک آسانی سے رسائی فراہم کرتی ہے۔

مالیاتی خواندگی کا مواد RBI کی ویب سائٹ (www.rbi.org.in) پر دستیاب ہے۔ مالیاتی خواندگی کا مواد بہت سارے مضامین کا احاطہ کرتا ہے جیسے (1) اصلی بنک نوٹوں کی خصوصات۔ اپنے ریزروبینک سے واقف ہوجائیے۔ (2)۔ کس طرح RBI عام آدمی کی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ (3)۔ ایسے ای۔میل اور ایس ایم ایس سے محتاط رہنا جو بیرون ملک سے بڑی رقومات کی پیشکش کرتے ہیں (4)۔ انٹرنٹ پر بینک کے کھاتے کی تفصیلات کے بارے میں احتیاط (5)۔ بینکوں میں دستیاب قرض کی اشیاء کی معلومات (6)۔ بینکوں میں بچت کیوں کی جائے (7)۔ شکایتوں کے ازالے کا انتظام (8)۔ بینکوں میں ہوئی شکایتوں کو دور کرنے کے لئے ایک عہدیدار کا تقرر (9)۔ غیر مشمولہ اداروں میں پیسہ جمع کرنے سے احتراز اور غیر لائسنس یافتہ ادارے سے محتاط رہنا۔ (10)۔ کھاتوں کی طمانیت (11)۔ کھاتوں کے انشورنس اور کھاتوں کی طمانیت کے ادارے کیا ہیں؟ مالیاتی خواندگی کتابچوں کی شکل میں دستیاب ہے اور ان

SCERT TELANGANA

ورقیوں میں جو RBI اور دوسرے بینک تیار کرتے ہیں۔ اسکے علاوہ RBI نے اسکولی طلباء کے لیئے مزاحیہ انداز میں مالیاتی خواندگی پر مواد تیار کیا ہے۔ جسے راجو اور پیسوں کا جھاڑ، کمار اور پیسوں سے متعلق پالیسی وغیرہ۔ یہ تمام RBI کی web site سے ڈاون لوڈ کئے جا سکتے ہیں، ان کے علاوہ شہری اور دیہی ان پڑھ افراد کے لئے (SLBC) اسٹیٹ لیول بینکرس کمیٹی آندھرا پردیش نے بنک میں بچت کے فوائد پر ایک سمعی سی ڈی تیار کی ہے۔

مالیاتی خواندگی مالیاتی شمولیت، صارف کا تحفظ اور آخر کار معاشی استحکام کا ایک اہم ذریعہ ہے مالیاتی شمولیت اور خواندگی کو شانہ بہ شانہ چلنے کی ضرورت ہے تا کہ عام مالیاتی اداروں کی طرف سے پیش کردہ فوائد کو عام آدمی سمجھ سکے۔ ہندوستان میں مالیاتی خواندگی کی ضرورت خواندگی کی نچلی سطح اور آبادی کا بیشتر حصہ عام مالیاتی نظام سے دور رہنے کے پیش نظر بہت زیادہ ضروری ہے۔ مالیاتی خواندگی حالیہ برسوں میں اہمیت کی حامل ہوگئی ہے۔ کیوں کہ مالیاتی بازار بڑی حد تک پیچیدہ ہوگئے ہیں اور عام آدمی کو صحیح فیصلے کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ اسکے علاوہ ہمارے ملک میں گھریلو بچت کی اونچی شرح کی وجہ سے مالیاتی خواندگی گھریلو بچت کی مہارت کو بڑھانے اور افراد کو ان کے مالیاتی مقاصد کو پورا کرنے کی صلاحیت کے لئے اہم رول ادا کرسکتی ہے۔

## کلیدی الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | Demand Deposit | 2۔ | معاشی سرگرمیاں |
| 3۔ | امداد باہمی سماجی ادارے | 4۔ | تجارتی بنک |
| 5۔ | قرض کے غیر رسمی ذرائع | | |

## اپنے اکتساب میں اضافہ کیجئے۔

1۔ اکثر غریب گھرانوں کی قرض کی ضرورتیں غیر رسمی ذرائع سے تکمیل پاتی ہیں؟ جبکہ امیر گھرانوں کا قرض کے غیر رسمی ذریعوں پر انحصار کم ہے۔ کیا آپ اس سے اتفاق رکھتے ہیں۔ اپنے جواب کی حمایت میں صفحہ 114 سے اعداد و شمار کا استعمال کیجئے؟

2۔ قرضوں کی اونچی شرح سود کس طرح نقصان دہ ہے؟

3۔ غریبوں کے خود امدادی اداروں (SHGs) کے پیچھے کونسا بنیادی تصور ہے؟ وضاحت کیجئے؟

4۔ بینک کے ایک عہدیدار سے گفتگو کر کے معلوم کیجئے کہ شہری علاقوں میں لوگ عام طور پر قرض کیوں لیتے ہیں؟

5۔ خود امدادی اداروں کے ذریعہ قرض اور بنک قرض کے درمیان فرق کیا ہے؟

6۔ غریبوں کے لیئے خود امدادی ادارے" کے عنوان کے تحت تیسرا پیراگراف پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوال کا جواب دیجئے۔

س: آپ کے مقام پر خود امدادی اداروں کی کارکردگی کیسی ہے؟

7۔ کسانوں کی ضروریات کی تکمیل کے لیے بنکوں کی فراہم کردہ خدمات کیا ہیں؟

## منصوبہ کام

آپ کے مقام پر کسانوں کے خودکشی کرنے کا کوئی واقعہ ہوا ہے؟ اگر ایسا ہوا تو وجوہات معلوم کیجئے اور ایک رپورٹ تیار کیجئے۔ اس مسئلے سے متعلق ایک اخبار کے تراشے کو شامل کرتے ہوئے کمرہ جماعت میں ایک بحث کا انعقاد کیجئے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

باب
10

# قیمتیں اور مصارف زندگی

آپ نے لوگوں کو قیمتوں کے بڑھنے اور اس سے ان کو درپیش ہونے والے مسائل کے بارے میں باتیں کرتے ہوئے سنا ہوگا۔ قیمتوں کے بڑھنے سے لوگ اس طرح کیوں فکرمند ہو جاتے ہیں؟ کیا قیمتیں تمام اشیاء کی بڑھتیں ہیں یا صرف چند اشیاء کی؟ کیا یہ تمام لوگوں پر یکساں اثر انداز ہوتی ہیں؟ اسی طرح کے چند مسائل پر ہم اس باب میں بحث کریں گے۔

## خاندانی بجٹ (موازنہ)

آپ کے والدین کسی کام کو کرتے ہوئے آمدنی حاصل کرتے ہوں گے وہ کھیتی باڑی، تعمیری کاموں، ترکاری بیچ کر یا کرانہ کا سامان بیچ کر، آفس میں کام کر کے، دکان یا فیکٹری وغیرہ میں کام کر کے پیسے کماتے ہیں۔ وہ گھر کے لئے سامان خریدتے ہیں یا گھر کی ضروریات کے لئے پیسے خرچ کرتے ہیں۔ بعض اوقات وہ دوسروں سے ادھار مانگتے ہیں۔ وہ ہمیشہ اپنے اخراجات کے لئے مناسب منصوبہ بندی کرتے ہیں اور اپنے پاس موجود پیسوں سے اپنی ضروریات کی تکمیل کا انتظام کرتے ہیں۔ اسی طرح آمدنی اور اخراجات کے توازن کو ہی بجٹ یا موازنہ کہتے ہیں۔

ہر ایک خاندان موازنہ یا بجٹ تیار کرتا ہے۔ یہ چاہے وہ تحریری ہو یا تخیلی۔ چلیئے ہم ایک خاندان جو ترکاری کے بازار میں ترکاری بیچتے ہیں ان کا بجٹ دیکھیں گے۔

**جدول-1 سوبماں کا بجٹ برائے ماہ جنوری 2013ء**

| آمدنی، وصولیات | | اخراجات | |
|---|---|---|---|
| ایک ماہ کی کمائی | 10,000 روپے | کھانے کی اشیاء | 3000 روپے |
| رشتہ داروں سے حاصل کیا ہوا قرض | 2500 روپے | کرایہ | 2000 روپے |
| | | اسکول کی فیس | 1500 روپے |
| | | ڈاکٹر کی فیس اور ادویات کیلئے | 2500 روپے |
| | | بس اور آٹو کا کرایہ | 1500 روپے |
| | | بجلی کا بل، موبائل فون اور روزانہ کے دیگر اخراجات | 2000 روپے |
| جملہ آمدنی | 12,500 روپے | جملہ اخراجات | 12,500 روپے |

مندرجہ بالا جدول میں سیدھے جانب سوبماں کے خاندان کی آمدنی بتلائی گئی ہے اور بائیں جانب ان کے اخراجات کو ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر آپ ان کے اخراجات کو جمع کریں تو جملہ اخراجات: 12500 روپے۔ جو کے ان کی آمدنی 10000 روپے سے زائد ہے اس طرح اپنے

SCERT TELANGANA

زائد اخراجات کی تکمیل کے لئے جب ان کی دختر بیمار پڑی تو ادویات کے اخراجات وغیرہ کی پابجائی کیلئے انہیں 2500 روپئے کا قرضہ اپنے رشتہ داروں سے حاصل کرنا پڑا' اس کو سیدھی جانب کے دوسرے کالم میں بتلایا گیا ہے۔ اس طرح سے ہر صاحب خانہ اپنا بجٹ تیار کرتا ہے اور اپنی آمدنی کے اعتبار سے اخراجات کرتا ہے۔

## قیمتوں میں تبدیلی کیسے خاندانی بجٹ کو متاثر کرتی ہے؟

پھر ایک بار سوبماں کے خاندانی بجٹ کو دیکھیں گے۔ سوبماں کے گھر کا مالک اگر اگلے مہینے گھر کے کرایہ میں 2500 روپئے تک اضافہ کردے۔ اسی وقت بس کے کرایوں اور پٹرول کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو تو اس کے خاندان کو 2000 روپئے ماہانہ کے حمل ونقل پر خرچ کرنا پڑے گا۔ نئی قیمتوں کی وجہ سے ضروریات زندگی کے خرچ میں 1000 روپئے تک مزید اضافہ ہوجائیگا۔ اس کا کنبہ بڑھتے ہوئے اخراجات کا انتظام کیسے کرے گا۔ اگر اس کی آمدنی میں اضافہ نہ ہوا تو؟ اگر اس کے پاس کچھ بچت کی رقم ہو تو اس کو وہ استعمال کرسکتے ہیں۔ نہیں تو وہ اپنے دوستوں یا رشتہ داروں سے قرض پر انحصار کرنا پڑے۔ مگر انہیں اس کو سود کے ساتھ ادائیگی کرنا پڑیگا۔ ہے نا؟

یہ بھی درست ہے کہ اگر ستیا نارائنا نے قرض اپنے بہت ہی قریبی دوستوں سے حاصل کرے تو اس کو سود ادا نہ کرنا پڑیگا۔ اگر وہ کسی ساہوکار کے پاس سے قرض لیتا ہے تو اس کو سود کے ساتھ ادا کرنا پڑیگا۔ اگر یہ سود 100 روپئے پر 3 روپئے شرح سود یا 3% شرح سود ہو تو ماہانہ 75 روپئے سود کی شکل میں زیادہ ادا کرنا پڑیگا۔ فرض کرو کے سوبماں کا کنبہ 6 مہینے کے بعد ادائیگی کے قابل ہوا تو اسکا مطلب' ان کو 2500 روپئے اور اس کے ساتھ 450 روپئے یعنی کے جملہ 2950 روپئے ادا کرنا ہوگا۔

ان کے اپنے بجٹ کو کنٹرول کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ان کے اخراجات میں کمی لاکر' اگر وہ اپنے آٹو رکشہ کے سفر میں کمی لاکر ماہانہ غذائی اشیا کی خریداری میں کمی لاکر یا موبائل فون کے اخراجات وغیرہ میں بھی کمی لاکر' اس طرح سے وہ اپنے اخراجات اور آمدنی کے درمیان ہم آہنگی لاسکتے ہیں۔ کئی اشیاء کے استعمال میں کمی لانے کی وجہ ان کا معیارِ زندگی گرسکتا ہے۔ یہ مصارف زندگی میں اضافہ کی وجہ سے ہوا ہے۔

متعین آمدنی والے افراد جیسے وظیفہ یاب یا یومیہ اجرت والے' مزدور' چھوٹے کاروباری' چھوٹی صنعتوں میں کام کرنے والے اور غیر سرکاری اداروں میں کام کرنے والے کم تنخواہ یافتہ ملازمین' وغیرہ یہ سب لوگ مسلسل قیمتوں کے بڑھنے سے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ اس کو افراطِ زر کہتے ہیں۔

افراط زر میں اضافہ سے ان لوگوں کی آمدنی میں اضافہ نہیں ہوتا اس لئے انہیں اپنی ضروریات میں زبردستی کٹوتی لانا پڑتا ہے۔ پہلے سے ہی ان افراد کی معیاری زندگی بہت کم ہوتی ہے۔ اب افراط زر ان کے مصارف میں اور کمی لاتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ غریبی کی جانب ڈھکیلے جاتے ہیں۔

عوام ہمیشہ قیمتوں میں اضافہ سے پریشان رہتے ہیں۔ کیونکہ جب قیمتوں میں اضافہ ان کی ضروریات پر اثر انداز ہوتا ہے اور انہیں ہر شئے کے لیے قیمت زیادہ ادا کرنا پڑتا ہے۔ پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ' بس اور آٹو رکشہ کے کرایوں میں اضافہ' سودا سلف' ترکاریوں اور دودھ کی قیمتوں میں اضافہ' ڈاکٹر کی فیس میں اضافہ اور بہت کچھ۔

☆ کل کا یوم اساتذہ منایا جارہا ہے جس کے لئے آپ کے جماعت کے ساتھیوں نے آپ کو 200 روپے دے کر بازار سے مٹھائی اور بسکٹ خریدنے کے لئے بھیجا جب آپ دوکان گئے تب پتہ چلا کے مٹھائی کے ڈبہ کی قیمت 60 روپے' اور بسکٹ کے ڈبہ کی قیمت 20 روپے ہے۔ اگر آپ 2 مٹھائی کے ڈبے خریدتے تب آپ باقی بچے پیسوں میں کتنے بسکٹ کے پیاکٹ خرید سکتے ہیں؟ آپ کتنے پیسے ادا کریں گے۔

☆ جب آپ مدرسہ واپس آئیں گے۔ تب آپ کے ساتھی کہیں گے کہ آپ کیوں اتنے کم پیاکٹس خرید کر لائے ہو؟ آپ کو چاہئے تھا کہ آپ ہر ایک کے 5 پیاکٹ لائے۔ آپ جب مٹھائی اور بسکٹ کے پیاکٹ کی قیمت بتلائیں گے تو وہ تعجب کا اظہار کریں گے۔ ان میں سے ایک یہ کہے گا کہ ہم نے پچھلے سال مٹھائی کے ڈبہ کے لئے 30 روپے اور بسکٹ کے پیاکٹ کے لئے 10 روپے ادا کیے تھے۔

☆ پچھلے ایک سال میں ایسا کیا ہوا؟ دونوں اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوا' اور آپ ان ہی 200 روپیوں میں دونوں اشیاء کی کم مقدار خرید سکے۔

☆ فرض کرو کے آپ کے ساتھی آپ کو کہیں گے کہ آپ اس سال بھی 5'5 پیاکٹس دونوں مٹھائی اور بسکٹ کے خریدیں تو آپ کو کتنے روپئے خرچ کرنا پڑے گا۔

☆ مٹھائی کے 5 ڈبوں کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپئے

☆ بسکٹ کے 5 پیاکٹ کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپئے

☆ آپ جملہ قیمت ادا کریں گے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپئے

☆ پچھلے سال کی بہ نسبت اس سال آپ نے کتنے زائد روپئے خرچ کئے؟

☆ روپئے کی طرف سے خریدے گئے اشیاء اور خدمات کی جملہ تعداد کو ہی روپئے کی قوت خرید کہتے ہیں۔ افراط زر کے دوران اصل آمدنی یا روپئے کی قوت خرید میں گراوٹ آتی ہے۔ مندرجہ بالا مثال کے اعتبار سے آپ پچھلے سال 5 مٹھائی کے ڈبوں اور 5بسکٹ کے پیاکٹوں کے لئے 200 روپئے خرچ کئے' مگر اس سال آپ ان دونوں اشیاء کی خریدی کے لئے پچھلے سال سے زائد ادا کرنا پڑیگا یا آپ ان دو اشیاء کی کم مقدار خریدنا پڑیگا۔ اس طرح:۔

☆ پچھلے سال: 200 روپئے = 5 مٹھائی کے ڈبے + 5 بسکٹ کے پیاکٹس

☆ امسال: 200 روپئے = 2 مٹھائی کے ڈبے + 4 بسکٹ کے پیاکٹس

☆ دوسرے الفاظ میں قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے 200 روپئے کی قوت خرید میں کمی واقع ہوئی۔ کیونکہ آپ نے مساوی قیمت میں دونوں اشیاء کی کم مقدار خریدی ہے۔

جب لوگ متعین آمدنی حاصل کرتے ہیں۔ تو وہ پچھلے کی طرح اب اتنی میں مقدار میں وہ اشیاء' حاصل نہیں کر سکتے۔ انہیں اپنے مصارف میں کمی لانا پڑیگا۔ اشیاء اور خدمات کی کم مقدار حاصل کرتے ہوئے۔ یہ ان کی معیاری زندگی پر اثر انداز ہوگا۔ معیارِ زندگی سے مراد ایک بہتر زندگی گذارنے کے لئے ضروری اشیاء اور خدمات کی ایک مناسب مقدار کو کہتے ہیں۔



SCERT TELANGANA

معیاری زندگی ایک کنبہ کی دوسرے کنبہ سے ایک قسم کے پیشہ سے دوسرے پیشہ کی' ایک آمدنی کے گروہ سے دوسرے گروہ کی اور ایک ملک سے دوسرے ملک کی الگ الگ ہوتی ہے۔ مثال کے طور متحدہ امریکہ میں ایک کار' ٹیلی ویژن اور موبائل فون کا حاصل ہونا معیارِ زندگی میں شمار نہیں کیا جاتا مگر ہندوستان میں ان اشیاء کے حامل افراد کی زندگی کو بہتر معیارِ زندگی تصور کیا جاتا ہے۔

بڑھتی ہوئی قیمتوں سے ہر کوئی متاثر نہیں ہوتا چند گروپس بڑھتی ہوئی قیمتوں سے متاثر نہیں ہوتے۔

- مرکزی یا ریاستی سرکاری ملازمین کو اضافی ادائیگی کی جاتی ہے' جس کو DA یا Dearness allowance کہا جاتا ہے' جب قیمتیں طئے شدہ فیصد میں بڑھتیں ہیں تو ان کی تنخواہ میں بھی اضافہ ہوتا ہے کیونکہ حکومت انہیں اور زیادہ DA ادا کرتی ہے۔ اس لئے ان کی تنخواہ میں بھی اضافہ افراط زر کے ساتھ اضافہ ہوتا ہے۔
- کاروباری افراد ضروریات زندگی کو دوبارہ اپنے فروخت کئے جانے والی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کر کے حاصل کر لیتے ہیں۔ مثال کے لئے اگر شکر کی قیمت میں اضافہ ہو تو مٹھائی گر بھی اپنی مٹھائی کی قیمتوں میں اضافہ کریگا۔ اور چائے بیچنے والا بھی ایک پیالی چائے کی قیمت میں اضافہ کریگا۔
- خدمات کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد جیسے' نائی' کپڑے دھونے والے' وکیل' ڈاکٹر قیمتوں میں اضافہ ہونے پر اپنی اپنی فیس میں اضافہ کرتے ہیں۔ وہ اپنی خدمات کا عوض اپنے گاہکوں' موکل مریضوں سے زائد قیمت وصول کرتے ہیں۔
- انتہائی امیر افراد' کارپوریٹ اداروں میں کام کرنے والے قیمتوں کے بڑھنے سے متاثر نہیں ہوتے۔

کام کرنے والے تمام افراد کو بڑھتی ہوئی قیمتوں کی آسانی سے تلافی نہیں حاصل ہوتی اس لئے' زرعی مزدور' تعمیری مزدور' صنعتی مزدور وغیرہ قیمتوں کے بڑھنے پر اپنے مالکوں سے اپنی مزدوری میں اضافہ کا مطالبہ کرنا ایک عام بات ہے۔ بعض اوقات' مزدوروں کی تنظیمیں اجرتوں میں اضافہ کا مطالبہ کرتے ہوئے ہڑتالیں بھی کرتی ہیں' اس صورتحال میں حکومت مداخلت کرتے ہوئے مالک اور مزدوروں کے درمیان مصالحت کرتے ہوئے اجرتوں میں مناسب اضافہ کرواتی ہے۔ بہت سے ذرائع روزگار کے لئے حکومت باقاعدگی کے ساتھ اجرتوں کا تعین کرتی اور اس پر وقفہ وقفہ سے نظر ثانی کرتی ہے۔ قیمتوں میں تبدیلی ہونے پر اور یہ امید کرتی ہے کہ مالک اپنے مزدوروں کو حکومت کی جانب سے طئے شدہ اجرتیں دیں گے۔

## افراطِ زر کی پیمائش کس طرح کی جاتی ہے؟

شروع میں ہم نے پڑھا کہ اشیاء کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کو افراط زر کہا جاتا ہے۔ مگر آپ نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ جب چند اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہو تو دیگر کی قیمتوں میں گراوٹ ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر موبائل فون کی قیمتوں میں کمی ہوئی۔ دیگر اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ اب کیا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ملک میں افراط زر ہوا یا نہیں؟

پھر سے فرض کرو' دیا سلائی کے ڈبہ کی قیمت میں اضافہ کیا حقیقت میں آپ کی ضروریات زندگی میں کمی آئیگی؟ مکان کے کرایہ سے یا پٹرول کی قیمت یا چاول اس کا تقابل کریں فرض کرو CD یا Compact Disk جو کے کمپیوٹر کے ڈاٹا کو محفوظ رکھنے کے استعمال میں آتی ہے کی قیمت میں کمی ایک مزدور جو کے کمپیوٹر کا استعمال کبھی نہیں کرتا کے بجٹ پر کس طرح اثر انداز ہوگی۔



SCERT TELANGANA

ایک صنعتی مشین کی قیمت میں اضافہ کس طرح عوام کی ایک بہت بڑی تعداد کے بجٹ کو بلا واسطہ متاثر کرتی ہے؟

☆ چند اشیاء اور خدمات کے نام لکھئے جن کو آپ کا کنبہ باقاعدگی کے ساتھ خریدتا ہے۔ان کی موجودہ قیمت اور پچھلے سال کی قیمت لکھئے۔ ان دونوں کے درمیان فرق کیا ہے؟اس کے لئے آپ اپنے والدین یا اساتذہ سے مدد لے سکتے ہیں۔

| سلسلہ نشان | اشیاء/خدمات | پچھلے سال کی قیمت | موجودہ قیمت | فرق |
|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | |
| 2 | | | | |
| 3 | | | | |
| 4 | | | | |

## قیمتوں کا تعین

قیمتوں میں تبدیلی کو ہم اعداد و شمار کے ذریعہ سے پیائش سکتے ہیں جس کو Price Index کہتے ہیں۔کسی ایک شئے کی قیمت میں تبدیلی دیگر تمام اشیاء یا خدمات کی قیمتوں کو متاثر نہیں کرتی ہیں۔تو پھر ہم کس طرح سے جملہ قیمتوں میں تبدیلی کو ناپ سکتے ہیں؟ ایک طریقہ یہ ہے کہ Index Number of Price کو استعمال کرتے ہوئے کیا جائے۔اسے مندرجہ ذیل طریقہ سے بنایا جاتا ہے۔

پہلے سال چنندہ اشیاء اور خدمات کی اوسط قیمت لی جاتی ہے جس کو بنیادی سال کہا جاتا ہے۔جس کو 100 نمبر دیا جاتا ہے۔اگر اوسطاً چنندہ اشیاء اور خدمات کی تمام قیمتیں پچھلے سال سے 25% فیصدی بڑھیں تو Price Index دوسرے سال کیلئے 125 ہوگا۔اگر اگلے سال ان اشیاء کی قیمتیں 20% فیصدی کے ساتھ بڑھیں پچھلے سال کے بہ نسبت' تو (Price Index)(20% of 125+125=150) 150 ہوگا

چلئے ہم اس کو ایک مثال کے ذریعہ سمجھیں گے۔مندرجہ ذیل جدول میں چاول اور کپاس کی قیمتیں دی گئی ہیں جو کہ حکومتی تنظیموں Minimum Supportprice کا حصہ ہیں۔جدول کو بغور پڑھیں اور سوالات کے جوابات دیں۔

جدول-2:۔ چاول اور کپاس کی (فی کنٹل) قیمت سال 2005-2011 کے دوران

| فصل | سال 2005-06 | 2006-07 | 2007-2008 | 2008-2009 | 2009-2010 | 2010-2011 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چاول | 600روپئے | 610روپئے | 775روپئے | 880روپئے | 980روپئے | 1030روپئے |
| کپاس | 1980روپئے | 1990روپئے | 2030روپئے | 3000روپئے | 3000روپئے | 3000روپئے |

i) 2005-06 سال کی قیمتوں کو اساس سال کے بطور لے کر چاول اور کپاس کے انڈیکس نمبر کو محسوب کیجئے۔

ii) چاول اور کپاس کے انڈیکس نمبر کو ظاہر کرنے والا ایک Line Diagram کھینچئے' سال کو X-axix پر رکھیں اور انڈیکس نمبر کو Y-axis پر رکھیں۔

iii) بحث کیجئے کہ مختلف سالوں میں خط کی بلندی کیسے بڑھی؟

SCERT TELANGANA

اشاریہ یا انڈیکس نمبر ہمیں یہ بتلاتے ہیں کہ اشیاء کے ایک گروہ کی جملہ قیمتوں میں ایک وقت کے درمیان ہونے والی تبدیلیاں کیا ہیں یہ ایک سال کے جملہ اشیاء کا تقابل۔ دوسرے سال میں ان ہی اشیاء سے کرتے ہیں۔ اس طرح سے Price Index Number میں طئے شدہ اشیاء کی قیمتوں میں ایک مخصوص وقت سے دوسرے وقت میں آنے والی تبدیلیوں کو دیکھا جاتا ہے۔ مثال کے لئے ہم گھریلو بجٹ کا تقابل اس سال سے پچھلے سال اور اس مہینے کا پچھلے مہینے سے کرسکتے ہیں دو سالوں کے درمیان قیمت کی سطح میں فرق فیصد' قیمتوں میں ایک سال کے درمیان اضافہ کو دکھاتا ہے۔

اس کا استعمال ایک جگہ کی قیمت کی سطح کا دوسری جگہ کی قیمت سے تقابل کرنے کے لیے کیا جاسکتا ہے۔ ہم تلنگانہ میں قیمت کی سطح کا تقابل دوسری ریاست سے کرسکتے ہیں' جیسے کرناٹک یا مہاراشٹرا سے۔

ویسے معاشی نظام میں کئی ایک ہزار اشیاء اور خدمات ہیں' ہم کو چاہئے کہ ان میں سے Price Index کے لئے چند کو منتخب کریں۔

Price Index نمبر کئی اقسام کے ہیں۔ اس کا انحصار اس گروپ کے صارفین پر ہوتا ہے جن کو لیتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہمارے پاس Wholesale price Index(WPI)' اور Consumer Price Index (CPI) ہے WPI میں جملہ اشیاء (اصل اشیاء اور اشیاء کے صارفین) اور ان کے ٹھوک قیمت میں تبدیلی شامل ہوتی ہے' CPI صرف اشیاء صارفین کے چلر (خوردہ) قیمتوں میں تبدیلی کو ناپتا ہے۔

ہندوستان میں کئی اقسام کے CPI کو حکومت کی جانب سے شائع کیا جاتا ہے۔

a) CPI صنعتی مزدوروں کے لئے

b) CPI غیر جسمانی محنت کرنے والے شہری مزدوروں کے لیے

c) CPI زرعی مزدوروں کے لئے

اتنے اقسام کے CPI ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ایک ہی قسم کی اشیاء کو مختلف خاندانوں کی جانب سے استعمال کرنا ضروری نہیں ہے۔ مثال کے طور پر شہر کے صنعتی مزدوروں کی جانب سے جو مختلف قسم کی اشیاء اور خدمات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ان ہی اشیاء اور خدمات کا استعمال ایک گاؤں کے زرعی مزدور استعمال کرنا ضروری نہیں ہے۔ ماہرین یا اونچے عہدوں پر آفس میں کام کرنے والے' بینک ملازمین یا (IT) آئی۔ ٹی کمپنیاں' زرعی مزدوروں کے مقابلے میں بالکل جداگانہ اشیاء کا استعمال کرتے ہیں۔

مختلف CPI`s کو حکومت کی جانب سے اپنے ملازمین کو دیئے جانے والے DA کا حساب کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ حکومت ہند کے قانون کے مطابق نظر ثانی شدہ مقررہ اجرت اور اس کے علاوہ ہندوستان میں غریبی کے اعداد و شمار کیلئے بھی CPI سے حساب لگایا جاتا ہے۔ ہندوستان میں' افراطِ زر کو عام طور پر WPI میں تبدیلیوں کی بنیاد پر ناپا جاتا ہے۔

## صارفین کی قیمتوں کے نرخنامے کو کس طرح تیار کیا جاتا ہے: How to Construct CPI

چلیئے ہم گھر چلانے کے استعمال میں آنے والے چند اشیاء کو لے کر ایک آسان Consumer Price Index تیار کریں گے۔

اس کے لئے ہم جدول 3 لیں گے۔ پچھلے مہینہ میں آپ کے والدین نے جن اشیاء کو خریدا ان کی قیمتوں کو لکھئے۔ ہم فرض کرتے ہیں کہ وہ اس مہینہ بھی وہی اشیاء اتنی ہی مقدار میں خریدتے ہیں۔ مگر وہی اشیاء اب مہنگی ہوں گی۔ کیونکہ اس مہینہ میں قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ اس جدول میں ہم نے چار اشیاء ان کی قیمتیں اور مقدار خریدلی ہیں پچھلے مہینہ کے ان اعداد و شمار کو ہم نے دوسرے اور تیسرے کالموں میں بتلایا



SCERT TELANGANA

ہے۔تب قیمت کومقدار سے ضرب' دینے سے ہم کو ہرایک شئے کا مکمل خرچہ حاصل ہوگا۔اُس کے بعد ہم تمام اشیاء کے مکمل اخراجات کو جمع کر کے کالم 4 کے آخری صف میں لکھا ہے۔•

اس طرح سے کالم 5 میں ہم نے اس مہینہ کی یکساں اشیاء کی قیمت کو بتلایا ہے' اس مہینہ کی مقدار خرید کو کالم 6 میں دکھایا ہے پھر سے ہم نے ہرایک شئے کی مقدار کو اس کی قیمت سے ضرب دیکر اس شئے کی خرید پر آنے والے مکمل خرچ کو کالم 7 میں بتلایا ہے۔اب جمع کرنے سے کالم 7 میں اس مہینہ کی چار اشیاء پر آنے والے مکمل اخراجات حاصل ہوں گے۔

جدول-3: Consumer price Index اشیاءصارف کے نرخنامہ کی تیاری

یہ ایک مثال ہے کہ کس طرح سے CPI تیار کیا جاسکتا ہے۔چلئے ہم آپ کی خاندان کی جانب سے خریدے گئے چاول' پیاز' دال اور گیاس سلینڈر کے خرچ کو جمع کریں گے۔

| 1 | 2 | 3 | 2x3=4 | 5 | 6 | 7=5x6 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اشیاء/خدمات | پچھلے مہینہ کی قیمت روپیوں میں | پچھلے ماہ کی مقدار | پچھلے ماہ کے جملہ اخراجات | اس ماہ کی قیمت | اس ماہ کی مقدار | اس ماہ کے مکمل اخراجات |
| 1 چاول فی کلو | 30روپے | 25 کلو | 750روپے | 40روپے | 25 کلو | 1000روپے |
| 2 پیاز فی کلو | 10روپے | 5 کلو | 50روپے | 20روپے | 5 کلو | 1000روپے |
| 3 دال فی کلو | 75روپے | 4 کلو | 300روپے | 85روپے | 4روپے | 340روپے |
| 4 گیاس سلینڈر | 400روپے | 1 | 400روپے | 410روپے | 1 | 410روپے |
| جملہ اخراجات | | | 1500روپے | جملہ اخراجات | | 1850روپے |

جدول 3 میں آپ نے کیا دیکھا؟ آپ کے کنبہ نے پچھلے ماہ چار اشیاء کو خریدنے کے لئے 1500 روپے خرچ کئے۔مگر اس ماہ ان ہی اشیاء کو خریدنے کے لئے آپ کے کنبہ نے 1850 روپے خرچ کئے۔چونکہ تمام اشیاء کی قیمتیں بڑھ گئیں تھیں۔پچھلے ماہ سے تقابل کرنے پر 350 روپے کا اضافہ ہوا۔یعنی کہ 350/1500x100=23% فیصد اضافہ ہوا۔

دیگر الفاظ میں پچھلے ماہ اس کنبہ نے تناسب میں 100 روپے خرچ کرے تو انہیں اس ماہ 123 روپے خرچ کرنا پڑا۔وہ تمام خاندان جو یکساں صارفین کے زمرے میں آتے ہیں ان کے بجٹ پر یکساں اثر پڑیگا۔ان تمام پر قیمت کا 23% فیصدی اثر پڑیگا۔CPI میں بھی اس طرح سے ایک کنبہ کی اہم ضروریات پر خرچ کئے جانے والے اخراجات کا حساب کیا جاتا ہے۔یہ اعداد وشمار آپ کے ضروریات زندگی کے اخراجات میں اضافہ کو ظاہر کرتے ہیں۔

اگر ان اشیاء کی قیمتوں کا پچھلے ماہ اوسط 100 روپے تھا' اب یہ بڑھ کر 123.37 ہوگیا۔اس کا مطلب یہ ہے کہ پچھلے ماہ کے تقابل میں ان چار اشیاء کی قیمتوں کی سطح میں 23.3% فیصد کا اضافہ اس ماہ درج کیا گیا۔


معاشی نظام میں کئی ہزار اشیاء اور خدمات موجود ہوتے ہیں جن کی قیمتیں بڑھتیں رہتی ہیں۔حکومت قیمتوں کے بڑھنے کی سطح کا تخمینہ مختلف وقفہ سے لگاتی ہے۔عموماً ہر ماہ اور ہر ہفتہ۔

SCERT TELANGANA

2009ء سے، حکومت نے ایک نئے اشاریہ New Index غذائی نرختامہ 'Food Price Index"(FPI) کا تخمینہ لگانا شروع کیا۔ یہ Index غذائی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کا تخمینہ لگاتا ہے۔ جس کو غذائی افراط زر یا Food Inflation کہتے ہیں۔ FPI میں غذائی اشیاء جیسے چاول، گیہوں، دالیں، ترکاریاں، شکر، دودھ، انڈے، گوشت، مچھلی اور تیار کئے جانے والے غذائی اشیاء جیسے خوردنی تیل وغیرہ کی تھوک قیمتوں کو شامل کیا جاتا ہے۔ سال 2011-12 کے دوران خوردنی تیل غذائی افراط زر کی وجہ بنا۔ اس سال کے دوران ہندوستان کے تقریباً 50% فیصد۔ خوردونی تیل کی مانگ کو خام پام تیل، سورج مکھی کا تیل، سویابین کا تیل اور ریفائنڈ پامولین تیل وغیرہ کی درآمد سے پورا کیا گیا۔ جب ان اشیاء کی قیمت کا عالمی سطح پر یعنی دوسرے ممالک جہاں سے ہم ان اشیاء کی درآمد کرتے ہیں اضافہ درج کیا گیا۔ ہندوستانی صارفین نے بھی بہت زیادہ قیمت ادا کی۔ جب سے حکومت نے بڑھتی قیمتوں پر کنٹرول کے اقدامات کئے کئی ایک تحقیقاتی مطالعہ جات کئے گئے۔ اس تحقیق میں یہ بات عیاں ہوئی کے لوگوں کے غذائی عادت واطوار میں نمایاں تبدیلی دیکھی گئی اس دوران عوام ترکاریوں، انڈوں، گوشت اور مچھلی کا استعمال زیادہ کرنے لگے۔ کسی بھی موسمی قلت کی وجہ سے قیمتوں میں اضافہ تب درج کیا جاتا ہے جب اس کی مانگ ہو۔ صارفین ان اشیاء کا استعمال زیادہ قیمت ادا کر کے بھی کرنا چاہتے ہیں۔ یہ ان کی روزمرہ کی غذا کا ایک حصہ ہوتے ہیں۔

## حالیہ قیمتوں میں اضافہ

سال 2009-11 کے دوران بہت سے بنیادی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ اس کو آپ مندرجہ ذیل خاکے میں دیکھ سکتے ہیں۔ اس خاکے کو بغور دیکھیں اور ذیل کے سوالوں کے جواب دیں۔




1۔ اگر ایک کنبہ سال 2008-09 کے دوران چاول فی کلو 50 روپئے سے خریدا تھا، تو سال 2011 میں اسی کو کتنا ادا کرنا پڑیگا؟

2۔ کن سالوں کے دوران دالیں کی قیمت میں قابل لحاظ اضافہ ہوا؟

3۔ کپاس کی قیمت میں کتنے فیصد کا اضافہ ہوا؟

4۔ کونسی شئے کی قیمتیں کم وبیش مستحکم رہیں؟

SCERT TELANGANA

آپ میں سے بہت سے اس بات سے واقف ہیں کہ پٹرولیم کی اشیاء جیسے پٹرول' ڈیزل اور مٹی کا تیل وغیرہ خام تیل سے حاصل کئے جاتے ہیں' جو کہ زیادہ تر بیرونی ممالک سے درآمد کیا جاتا ہے۔ بڑھتی ہوئی خام تیل کی قیمتیں' اس کے ساتھ دھاتوں اور کیمیکل کی قیمتوں میں اضافہ ہندوستان میں افراطِ زر کی وجہ بنتا ہے۔ افراطِ زر کے معنی ایک طویل عرصہ میں اشیاء اور خدمات کی قیمتوں میں عام اضافہ ہے۔ بنیادی طور ہندوستان میں صارفین کی اشیاء بنانے میں کام میں آنے والے خام مال کی قیمتوں میں اضافہ' صارفین کی اشیاء کی قیمتوں کی وجہ بنتا ہے۔

## قیمتوں میں باقاعدگی لانے میں حکومت کا کردار

جب عام افراطِ زر ہوتا ہے یعنی (ٹھوک نرخنامہ میں تیزی سے اضافہ)' یہ صنعتوں کے مالکین کے لئے اہم بات ہوگی۔ اگر غذائی افراط زر میں اضافہ ہوا تو یہ راست طور پر عام لوگوں کے معیاری زندگی پر اثر انداز ہوگا۔ اونچی سطحی افراطِ زر کے دوران' نہ صرف کم تنخواہ یاب ملازمین یا بندھی ٹکی متعین آمدنی والے افراد متاثر ہوتے ہیں بلکہ دوسرے افراد جو اپنی بچت کو زمین خریدنے' سونا یا دوسرے غیر پیداوار مقاصد میں استعمال کرنا چاہتے ہیں کیونکہ ان کی رائے کے مطابق افراط زر کی وجہ سے رقم کی قدر میں دن بہ دن کمی ہو رہی ہے۔

تمام معیشتوں میں ہمیشہ کچھ نہ کچھ افراط زر رہتی ہے اسی وجہ سے صارفین کو زیادہ قیمت ادا کرنی پڑے گی۔ اس کا راست فائدہ ان مزدوروں کو ہوگا جنہوں نے ان اشیاء کو بنایا ہے۔ اس طرح اس کو ہم ملک کی بہتری میں دیکھ سکتے ہیں۔

پیدا کنندگان کا اہم مقصد "زیادہ منافع کمانا ہوتا ہے" اس کے لئے وہ غیر قانونی طور پر کئی اشیاء خاص کر اشیائے ضروری کی قیمتوں میں اضافہ کرتے ہیں۔ اگر مزدوروں کی اجرتوں میں اضافہ نہ ہوا تو جو کہ وہ بھی ایک صارف ہیں' وہ لوگ بھی اشیا نہیں خرید سکتے ہیں۔ اگر ان اشیاء کا تعلق بنیادی اشیائے ضروری جیسے' چاول' گیہوں' دودھ وغیرہ سے ہو تو یہ عوام کے لئے بہت سی مشکلات کا باعث ہوگا۔

یہ چیز حکومت پر لازم ہے کہ وہ تاجرین میں باقاعدگی لائے اور ان پر قریبی نظر رکھے حکومت اس سلسلے میں کئی اقدامات کر رہی ہے۔ اگر آپ زراعت سے متعلق سبق کا اعادہ کریں گے۔ جس میں آپ نے سیکھا ہے کہ کس طرح حکومت نے فوڈ کارپوریشن آف انڈیا کے توسط سے کسانوں سے امدادی قیمت پر دھان اور گیہوں حاصل کیا۔ یہ پالیسی کسانوں ہی کی مدد نہیں کرتی بلکہ بازاروں میں دھان اور گیہوں کی قیمتوں میں باقاعدگی پیدا کرنے کے لئے حکومت کی مدد بھی کرتی ہے۔ اسی طرح حکومت مرکزی اور ریاستی سطح پر گنے کی قیمت مقرر کرتی ہے تاکہ امداد باہمی شکر کے کارخانوں میں شکر تیار ہو سکے۔ یہ بازار میں گنے کی قیمتوں میں باقاعدگی لانے کی طرف ایک قدم ہے۔

آپ نے آٹھویں جماعت میں عوامی نظام تقسیم (PDS) کے بارے میں پڑھا ہوگا۔ یہ غریب عوام کی غذا کے تحفظ کے سلسلے میں حکومت کا اہم کام ہے اور ساتھ ساتھ اشیاء ماتحیاج جیسے گیہوں، چاول، خوردنی تیل اور کیروسین کی قیمت کو باقاعدہ بناتی ہے۔ PDS اسکیم کے

تحت اشیاء کو بازاری قیمت سے کم قیمت پر فروخت کیا جاتا ہے۔ قیمت کے فرق کو حکومت برداشت کرتی ہے جس کو سبسیڈی کہتے ہیں۔ غریب عوام کو راشن کی دوکانوں سے اشیاء خریدنے کے ساتھ ساتھ یہ طریقہ بازار میں ضروری اشیاء قیمتوں کو واجبی رکھنے کے لئے مددگار رہوتا ہے ذخیرہ اندوزی کو روکنے، قیمتوں پر قابو رکھنے کے لیے حکومت اشیاء کی قیمتیں مقرر کرتی ہے اور تاجرین کو بازار میں اپنا اشیاء ان ہی قیمتوں پر فروخت کرنے کا لزوم رکھتی ہے۔

وہ لوگ جو مقررہ قیمتوں پر عمل نہیں کرتے مختلف قوانین کے ذریعہ حکومت پر ان پر جرمانے لگاتی ہے مختلف اشیاء جیسے کیروسین، ڈیزل، پٹرولیم گیس، طبعی گیس وغیرہ اسکی مثالیں ہیں۔ جن کی قیمتوں میں حکومت جزوی یا مکمل طور پر سبسیڈی دیتی ہے۔

جب کبھی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو ریزرو بنک آف انڈیا جو سارے ملک کے بینکوں کا نگران کار ہے معیشیت میں پیسے کے چلن کو کم کر دیتا ہے یہ بینکوں میں باقاعدگی لا کر کیا جاتا ہے جس میں بینکوں کو کم قرضے جاری کرنے اور عوام کو کم رقومات کے حاصل کرنے کو کہا جاتا ہے۔ RBI بشمول تمام بینکوں کے گراہکوں کے جمع شدہ رقومات پر سود کی شرح پر کنٹرول کرتا ہے۔ سارے ملک میں عوامی رقومات کم ہو جانے سے صرفے میں بھی کمی آجاتی ہے۔ جسکی وجہ سے اشیاء کی طلب گھٹ جاتی ہے اور قیمتوں میں کمی آجاتی ہے۔ تاہم RBI کی طرف سے کئے گئے اقدامات کے پر موثر ہونے میں وقت درکار رہوتا ہے۔ اس وقت جبکہ افراط زر خام مال کی قیمتوں کے بڑھنے سے ہو RBI کے اقدامات پر عمل آواری مشکل ہو جاتی ہے

جب حکومت رقم کی ریل پیل میں کمی لانے کا ارادہ کرتی ہے، اونچی آمدنی والے طبقے اور کئی اشیاء صارفین پر ٹیکس عائد کرتی ہے۔ یہاں پر حکومت کا ارادہ عوام کی قوت خرید میں کمی لانا ہے، جب عوام کو خرچ کرنے کے لئے کم رقم دستیاب ہوگی تو ان کے مصارف میں بھی کمی آئیگی۔ جس کی وجہ سے قیمتوں میں گراوٹ آئے گی۔

حکومت خود بھی درآمدات اور برآمدات کی پالیسی کے ذریعہ اشیاء ضروریہ کی قیمتوں پر کنٹرول کرتی ہے۔ مثلاً، جب غذائی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ درج ہو تو حکومت ان اشیاء کی برآمدات پر مکمل روک یا ان کی مقدار پر روک لگاتی ہے۔ جب کبھی اشیاء کی قلت ہو تو حکومت دوسرے ممالک سے حاصل کر کے بازاری قیمت سے کم قیمت پر مختلف سرکاری تنظیموں جیسے National Agricultural Co operative Marketing Federation of India Ltd (NAFED) اور دوسرے امدادی باہمی انجمنوں کے ذریعہ سے تقسیم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ حکومت ذخیرہ اندوزوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی بھی کرتی ہے۔



SCERT TELANGANA

## کلیدی الفاظ

1۔ معیارِ زندگی 2۔ افراطِ زر 3۔ اشیائے صرف کی قیمتوں کا نرخنامہ
4۔ ٹھوک نرخنامہ 5۔ Administrative Price mechanism قیمتوں کا حکومتی انتظام

## اپنے اکتساب کو بڑھائیے۔

1۔ قیمتوں میں باقاعدگی لانے کی کیوں ضرورت ہے؟
2۔ ایک پیداکنندہ/تاجر قیمت کا تعین کیسے کرتا ہے؟
3۔ معیارِ زندگی اور مصارف زندگی میں فرق کو بتلائیے۔؟
4۔ مصارف زندگی میں بڑھوتری سے سب سے زیادہ کون متاثر ہوتا ہے؟ اور کیوں؟
5۔ افراطِ زر کے دوران سب سے زیادہ کونسا طبقہ زیادہ آمدنی حاصل کرتا ہے؟
6۔ ٹھوک فروش نرخنامہ کس طرح سے صارف کی قیمتوں کے نرخنامے سے مختلف ہے؟
7۔ غذائی افراطِ زر کس طرح صارف کی قیمتوں کے نرخنامے سے مختلف ہے؟
8۔ صارف کے قیمت کا اعشاریہ کے (CPI) کے استعمالات کیا ہیں؟
9۔ CPI کی پیمائش میں درپیش کوئی پانچ مسائل کی فہرست بنائیں۔
10۔ چھٹے پیراگراف کے تحت دیئے گئے عنوان ''قیمتوں کی باقاعدگی میں حکومت کا رول'' پڑھیئے اور سوال کا جواب دیجئے؟
س: APM حکومت کی آمدنی کو کس طرح متاثر کرتا ہے؟ بحث کیجئے۔
11۔ کوئی بھی پانچ اشیاء یا خدمات جو آپ کے خاندان میں استعمال کی جاتی ہیں لیجئے اور ان پانچ اشیاء یا خدمات کی بنیاد پر آپ کے خاندان کے لئے ایک صارف کی قیمتوں کا نرخنامہ تیار کیجئے۔

| 1 | 2 | 3 | 4=2×3 | 5 | 6 | 7=5×6 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اشیاء / خدمات | گذشتہ ماہ کی قیمت روپیوں میں اس ماہ | گذشتہ ماہ کی مقدار | گذشتہ ماہ کے اخراجات | اس ماہ کی قیمت | اس ماہ کی مقدار | اس ماہ کے اخراجات |
| 1 | Rs: | | Rs: | Rs: | | Rs: |
| 2 | Rs: | | Rs: | Rs: | | Rs: |
| 3 | Rs: | | Rs: | Rs: | | Rs: |
| 4 | Rs: | | Rs: | Rs: | | Rs: |
| 5 | Rs: | | Rs: | Rs: | | Rs: |
| جملہ اخراجات: | | | Rs: | جملہ اخراجات | | |

صارف کی قیمتوں کا نرخنامہ:__________________%

گذشتہ ماہ کے مقابلے اس ماہ میں آپ کے اخراجات میں کتنی تبدیلیاں آئیں ہیں؟__________________

SCERT TELANGANA

12۔ بیان کے آگے صحیح یا غلط لکھیں:

a) افراطِ زر سے عوام کی معیار زندگی اونچی ہوگی

b) پیسے کی قدر اُس کے قوت خرید میں تبدیلی کے ذریعہ ظاہر ہوتی ہے۔

c) اخراجات میں تبدیلی سے وظیفہ یابوں کی زندگی کا معیار متاثر نہیں ہوتا۔

d) مرکزی ملازمین کے لئے قیمتوں میں اضافہ کی تلافی اضافہ تدریجی میں اضافہ کے ذریعہ کی جاتی ہے۔

e) WPI صرف اشیائے صرف کی قیمتوں میں تبدیلی کی سطح کی پیائش کرتی ہے

13۔ حسب ذیل جدول صنعتی اشیاء کی ٹھوک قیمتوں کی فہرست کو ظاہر کرتا ہے ایک لائن ڈائی گرام تیار کیجئے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔

| سال | کوئلہ | سوتی کپڑے | کیمیائی کھاد | سمنٹ | لوہا، اسٹیل اور فیرو دھاتیں |
|---|---|---|---|---|---|
| 2005 - 06 | 118 | 99 | 102 | 102 | 100 |
| 2006 - 07 | 118 | 97 | 104 | 119 | 105 |
| 2007 - 08 | 122 | 99 | 106 | 138 | 119 |
| 2008 - 09 | 151 | 103 | 107 | 139 | 137 |
| 2010 - 11 | 156 | 107 | 108 | 149 | 124 |
| 2011 - 12 | 165 | 115 | 117 | 151 | 136 |

a) کون سی شئے کے داموں میں ان برسوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا؟

b) کپاس اور کھادوں کے داموں کے اضافہ سست کیوں رہا اس کی وجوہات کیا ہیں؟

14۔ عوامی تقسیم (PDS) کی موثر عمل آواری کے لیے تجاویز پیش کرتے ہوئے آپ کے علاقے کے تحصیلدار کو خط لکھئے۔

SCERT TELANGANA

باب
11

# سرکاری بجٹ اور ٹیکس عائد کرنا

## حکومت کا رول:

جدید سماج میں حکومت کو متعدد اہم کام انجام دینے ہوتے ہیں۔ان میں روایتی کام جیسے ملک کا دفاع اور داخلی سلامتی کے کام بھی شامل ہیں۔

ان کے علاوہ حکومت ،اسکول، کالج، کتب خانے ،ہیلت سنٹر،ہسپتال، پوسٹ آفس اور مختلف اداروں کے قیام اور انھیں چلانے کی ذمہ دار ہے۔عوامی ٹرانسپورٹ نظام اور سڑک اور ریلوے انفرا سٹرکچر کی تعمیر اور دیکھ بھال اس کے ذمے ہے۔پانی،صفائی،الکٹریسٹی کے شعبے حکومت کے فعال کردار نبھانے کے متقاضی ہیں۔سہولیات جیسے حفظانِ صحت اور صفائی، الکٹریسٹی ، سرکاری ٹرانسپورٹ ، اسکول، کالج عوامی سہولیات کہلاتی ہیں۔

عوامی سہولیات کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ جب ایک بار یہ فراہم کی جاتی ہیں تو اس سے کئی لوگ مستفید ہوتے ہیں۔اس بارے میں آپ ہشتم میں پڑھ چکے ہیں۔مثلاً گاوں میں ایک اسکول کئی بچوں کو تعلیم یافتہ بناتا ہے۔اسی طرح کسی علاقے میں الکٹریسٹی کی سربراہی اس علاقے کے کئی لوگوں کے لیے کارآمد ہوتی ہے۔کسان کھیتوں کی آب پاشی کے لیے پمپ سیٹ چلاتے سکتے ہیں۔کارخانوں،دفاتر،دکانوں اور مارکٹوں کو چلانے کے لئے الکٹریسٹی توانائی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔طلبہ کو مطالعے میں آسانی ہوگی اور کئی لوگ چاہے گاوں کے ہوں یا شہر کے، سب کسی نہ کسی طرح اس سے مستفید ہوں گے۔یہ عوامی سہولتیں سب کو دستیاب ہونی چاہیے، وہ بھی مناسب اور واجبی قیمت پر۔ان کی فراہمی حکومت کے ذمہ ہے جس کے لیے وہ یہ کام خود کرسکتی ہے یا اس کا نظم کرواسکتی ہے۔

عوامی سہولتوں کی فراہمی کے علاوہ حکومت روزگار کی ضمانت کے بھی ذمہ دار ہے۔ کام کرنے کا حق اور دیہی علاقوں میں MGNREGA (مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار فراہمی کا قانون) کے بارے میں آپ پڑھ چکے ہیں۔اس قانون کی رو سے مزدوری کے کام، ہاتھوں سے کیے جانے والے کام کی فراہمی،مزدوں کو اجرت اور درکار سرمائے کی ادائیگی کی ذمہ داری حکومت پر لازم ہے۔عوامی نظامِ تقسیم کی دکانات میں سستی قیمتوں پر غذائی اجناس کی فراہمی کے اخراجات بھی حکومت برداشت کرتی ہے۔غریبوں کے لئے غذا کی ضمانت کے لیے یہ نہایت اہم ہیں۔

ماضی میں حکومت ہند بھاری صنعتوں جیسے بھاری انجینئرنگ، بجلی کی پیداواری،فولاد کی پیداواری اور پٹرول کی تخلیص وصفائی وغیرہ کی صنعتوں کے قیام میں اہم رول ادا کرچکی ہے،جس کے بغیر صنعتیانے کا تصور نہایت دشوار تھا۔آپ اس کتاب کے باب - 7 میں ان بنیادی صنعتوں کے بارے میں تفصیل سے پڑھ چکے ہیں۔

SCERT TELANGANA

☆ آپ نے اپنے شہر/گاوں/دیہات میں حکومت کو کیا رول ادا کرتے دیکھا ہے؟ بحث کیجیے۔

☆ آپ کے علاقے کے اخباروں کے مطالعے سے سرکاری اخراجات کی کچھ تفصیل اکٹھا کرکے فہرست بنائیے۔

☆ کیا آپ اندازہ کرسکتے ہیں کہ حکومت عوامی سہولیات اور دیگر سرگرمیوں کے لیے رقم کہاں سے حاصل کرتی ہے؟

**سبسڈی:**

وہ رقم جو حکومت کسی بھی تنظیم کو بعض اہم اشیا یا خدمات کی قیمت کم کرنے کے لئے ادا کرتی ہے مثلاً غذائی اجناس، کھادیں، ڈیزل وغیرہ تاکہ ان کی قیمت کم رکھی جاسکے۔ اور وہ قیمت سب کے لئے مناسب ہو

دیہی علاقوں میں کاشت کاری کے لیے آب پاشی پراجکٹس اور زرعی توسیعی کاموں پر حکومت کی جانب سے سرمایہ کاری، نہایت اہم ہے۔ حکومت کسانوں کو فیکٹری دام سے بھی کم قیمت پر کھاد فروخت کرکے ان کی مدد کرتی ہے۔ حکومت فیکٹریوں کو کچھ حد تک معاوضہ دیتی ہے تاکہ کھاد کی قیمت کسانوں کے لیے قابلِ استطاعت ہو۔ فیکٹریوں کو حکومت یہ رقم ادا کرتی ہے جو سبسڈی برائے کھاد ہے۔ اگر یہ نہ ہوتی تو فیکٹریاں بہت زیادہ قیمت وصول کرتیں۔ اسی طرح حکومت مختلف اشیا کی سبسڈی کے ذریعے پیداوار کنندوں کے نقصان کی تلافی کرتی ہے تاکہ قیمتوں کو قابل استطاعت بنایا جاسکے خصوصاً ان کے لیے جنھیں ان کی شدید ضرورت ہے۔ اسی طرز پر کیروسین، راشن دکانات کی غذائی اجناس اور ایل پی جی گیس سیلنڈرس پر سبسڈی دی جاتی ہے۔ ان دنوں یہ بات کافی زیر بحث ہے کہ یہ سبسڈی کتنی موثر اور مفید رہ چکی ہے۔ کیا یہ عوام کے لیے فائدہ مند ہیں؟ کیا انھیں منظّم کرنے کے بہتر طریقے ہیں؟ ایسے ہی کچھ موضوعات کا مطالعہ آپ اس باب میں کریں گے۔




تصویر: 11.1 چند سرکاری سرگرمیاں

مختلف رول نبھانے کے لیے حکومت کے پاس کافی رقم ہونی چاہیے۔ حکومت مختلف کاموں کے لئے درکار رقم کو عوام سے ٹیکسوں کی شکل میں وصول کرتی ہے جن کے بارے میں ہم اگلے سیکشنوں میں پڑھیں گے۔ وصول کیے جانے والے ٹیکس حکومت کی آمدنی کا ذریعہ ہیں۔ سرکاری اخراجات کی پابجائی کے لیے آمدنی کی ضرورت ہوتی ہے۔ وزیر فینانس کا پارلیمنٹ کے سامنے پیش کردہ سالانہ بجٹ آنے والے سال کے لیے حکومت کے پروگراموں کے متوقع اخراجات کو ظاہر کرتا ہے، جو یہ بیان بھی کرتا ہے کہ مختلف ٹیکسوں کی وصولی کے ذریعے ان اخراجات کی تکمیل کیسے کی جائے گی۔ اسی طرح ہر ریاستی اسمبلی میں ریاست کا سرکاری بجٹ پیش کیا جاتا ہے۔


SCERT TELANGANA

## حکومت کے اخراجات:

آیئے !حکومت ہند کے حقیقی اخراجات پر ایک نظر ڈالیں تا کہ معلوم ہو کہ حکومت عوام پر کیسے اور کتنی رقم خرچ کرتی ہے؟۔ سال 2011-12 میں حکومت نے تقریباً 23,00,000 کروڑ یا 23 لاکھ کروڑ خرچ کیے۔ یہ خطیر رقم دکھائی دیتی ہے اور بے شک یہ ایک خطیر رقم ہے۔ ہندوستانی معیشت کے جملہ خرچ کا 1/4 حصہ حکومت خرچ کرتی ہے۔ بقیہ 3/4 حصہ خانگی شعبے اور افراد کرتے ہیں جو غذا، تعلیم، سفر، پارچہ، مکانات، صحت، تفریح وغیرہ پر خرچ کرتے ہیں اور ایسے کاروبار جو پیداواری ہو یا خدمات سے متعلق ہوں انکو خام مال، مشینوں، دیگر اشیا، اجرتوں، ملازمین کی تنخواہوں، فروخت اور مارکٹنگ اور دیگر اخراجات کے لیے برداشت کرنے پڑتے ہیں۔

**2011-12 میں حکومت کے اخراجات**

**(مرکزی وریاستی)**




یہ pie-chart حکومت ہند کی جانب سے سال 2011-12 یعنی یکم اپریل 2011 سے 31 مارچ 2012 تک مختلف مدوں پر کیے گئے اخراجات کی رقم کے تناسب کو ظاہر کرتا ہے۔ یہاں حکومت سے مراد مرکزی حکومت اور تمام ریاستی حکومتیں ہیں۔ سال 2011-12 میں جملہ اخراجات کا 12% تعلیم، آرٹ اور ثقافت پر خرچ کیا گیا۔ جس میں ملازمین کی تنخواہیں، اسکولوں و کالج چلانے کا خرچ ساتھ ہی نئے اسکول کی عمارتوں کی تعمیر پر سرمایہ کاری، کتابوں، کمپیوٹر کی خریدی وغیرہ شامل ہیں۔ اسی طرح صحت وصفائی پر جملہ اخراجات کا 4% اور دیہی ترقی پر 4% خرچ کیا گیا

جب آپ pie-chart دیکھیں گے تو محسوس کریں گے کہ ترقیاتی سرگرمیوں پر خرچ کرنے کے علاوہ دیگر ضروری اخراجات جیسے انتظامیہ، وظیفہ، سود اور دفاع ہیں۔ یہ ترقی میں راست اشتراک نہیں کرتے مگر یہ بھی اہم ہیں۔ مختلف محکموں، پروگراموں اور ریاست کے اجزا (مقنّنہ، عاملہ اور عدلیہ) چلانے کے لیے پر اخراجات ہوتے ہیں۔ جو انتظامیہ کے اخراجات کہلاتے ہیں۔ سبک دوش سرکاری ملازمین کے لیے وظیفہ بھی حکومت ادا کرتی ہے۔ پھر سود کی ادائیگی کے اخراجات ہیں۔ چوں کہ حکومت ہند کو اخراجات کی پابجائی کے لیے قرض پر رقم لینی پڑتی ہے ،اسے پچھلے قرضہ جات پر سود ادا کرنا پڑتا ہے۔

صحت کے مقابلے میں دفاع پر حکومت کتنا خرچ کرتی ہے، اس کا دارومدار سرکاری پالیسی ترجیحات اور رائے عامہ پر ہے۔ ہر سال جس وقت بجٹ پیش ہوتا ہے، تو آپ نے دیکھا ہوگا کہ ان موضوعات پر میڈیا کی زیادہ توجہ ہوتی ہے گو کہ بجٹ کے خرچ کا فیصلہ زیادہ تر حکومت ہی کرتی ہے۔ اس ضمن میں حکومت اور صنعتی، زرعی گروپ، شہری سوسائٹی کے فعال افراد وغیرہ سے مشاورت کی جاتی ہے۔ عوام کے مختلف طبقات

SCERT TELANGANA

کی نمائندگی کرنے والے گروپ اظہارِ خیال کے ذریعے اپنے مطالبے اور ناراضگیاں حکومت کے سامنے رکھتے ہیں۔اس قسم کے دباؤ کے ذریعے ہی عوام سماجی شعبوں جیسے تعلیم ،صحت ،غذا کی سبسیڈی پر زیادہ سے زیادہ خرچ کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔

بجٹ کے معاملات میں حکومت پر روک لگانا قانون ساز کنٹرول کے ذریعے یقینی بنایا جاتا ہے۔ پارلیمنٹ اس میں پیش کئے جانے والے بجٹ کے مختلف موضوعات پر بحث و مباحثہ کرتی ہے اور حکومت کے مجوزہ اخراجات کو منظور کرتی ہے۔حکومت کو اخراجات کے لیے رقم حاصل کرنے کی اجازت پارلیمنٹ دیتی ہے۔اسی طرح کوئی ٹیکس عائد نہیں کیا جاسکتا تاوقتیکہ پارلیمنٹ قانون منظور کرے جس کی وہ مجاز ہے۔اس طرح دستوری ضروریات کے بموجب منتخبہ عوامی نمائندے بجٹ کی فیصلہ سازی میں ایک اہم رول ادا کرسکتے ہیں۔

☆ مندرجہ بالا سیکشن کی معلومات کی مدد سے غذائی سبسیڈی پر حکومت کا خرچ معلوم کیجیے۔ بحث کیجیے کہ یہ ساری رقم کس پر خرچ کی گئی اور اس کا کیا مقصد تھا؟

☆ اپنے ٹیچر کی مدد سے pie-chart میں دیئے اخراجات میں سے بعض کو پہلے سکشن میں دیئے گئے حکومت کے رول سے مربوط کرنے کی کوشش کیجئے۔

☆ سال 1947-48 میں آزاد ہندوستان کا بجٹ صرف 197 کروڑ تھا۔تب سے آج تک بجٹ میں بڑے پیمانے پر اضافے کی وجوہات کیا ہوسکتی ہیں؟

☆ آپ کے خیال میں پارلیمنٹ کو سرکاری بجٹ پر اختیار کیوں دیا گیا ہے؟

☆ کھاد کی سبسیڈی کم کرنے کے لیے حکومت مسلسل اقدامات کرچکی ہے۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ حکومت کھاد کی قیمتوں کو کنٹرول کرنا نہیں چاہتی۔کسانوں کو بازار سے اونچی قیمتوں پر کھاد خریدنا پڑتا ہے۔فی الحال کھاد پیدا کرنے والی کمپنیوں کو حکومت (معاوضہ) ادا کرتی ہے تاکہ سبسیڈی دینے پر ہونے والے نقصان کی تلافی کی جاسکے۔ایک بار کھاد کی سبسیڈی ختم ہوجائے تو سرکاری بجٹ میں دیگر اہم اخراجات کی گنجائش پیدا ہوتی ہے۔ کچھ لوگوں کی دلیل ہے کہ کھاد سبسیڈی چھوٹے کسانوں کے لیے فائدہ مند نہیں ہے۔ لیکن بڑے کسانوں کو حد سے زیادہ سبسیڈی استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔

☆ فرض کیجیے کہ آپ ایک کسان ہیں۔کھیت میں کھاد کا استعمال کرتے ہیں۔آپ کا دعویٰ ہے کہ کسانوں کو سبسیڈی پر کھاد کی ضرورت ہے۔اپنے دعوے میں آپ کیا دلیل دیں گے۔وزیر فینانس کو اس ضمن میں خط لکھیے۔

## محصولات یا ٹیکس:

محصولات حکومت کے لیے آمدنی کا اہم ذریعہ ہیں۔حکومت کئی قسم کے ٹیکس وصول کرتی ہے۔ان میں سے کچھ کے بارے میں آپ سن چکے ہوں گے جیسے Value added tax (VAT) یعنی اضافی قدر ٹیکس، سروس ٹیکس، اکسائز ڈیوٹی، انکم ٹیکس، جائیداد ٹیکس، کسٹمز ڈیوٹی وغیرہ۔ان ٹیکسوں کی عام طور پر دو زمروں میں درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔راست ٹیکس اور بالواسطہ ٹیکس۔



SCERT TELANGANA

## راست ٹیکس: Direct Taxes

ہم ان اشیا پر ٹیکس ادا کرتے ہیں جنھیں ہم خریدتے / استعمال کرتے ہیں۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ کس طرح پیدا کنندہ یا تاجر قطعی قیمتوں میں ٹیکس شامل کرتا ہے جسے صارفین کو ادا کرنا پڑتا ہے۔ جیسا کہ دورانِ پیدائش اشیا مختلف مراحل سے گزرتی ہیں۔ ہر مرحلے پر انھیں حکومت کو ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے۔ تاہم جملہ ٹیکس آخر میں صارفین پر ڈالا جاتا ہے۔ اس طرح اشیا اور خدمات پر ٹیکس بھی بالواسطہ ٹیکس کہلاتا ہے جسے صارفین بالواسطہ طور پر ادا کرتے ہیں۔

ان کے علاوہ اور بھی ٹیکس ہیں جو افراد پر یا ان کی آمدنی پر یا کمپنیوں اور تجارت سے کمائے ہوئے منافع پر راست عائد کیے جاتے ہیں۔ ان ٹیکسوں کو افراد یا ادارے راست حکومت کو ادا کرتے ہیں۔ لہٰذا انھیں راست ٹیکس کہا جاتا ہے۔

راست ٹیکسوں میں آمدنی ٹیکس اور کارپوریٹ ٹیکس دو اہم ہیں۔ جو کمپنیاں فیکٹری اور کاروبار چلاتی ہیں انھیں ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے۔ کمپنیاں یا کاروباری اشیا یا خدمات کی فروخت کے ذریعے رقم حاصل کرتی ہیں اسی رقم سے تمام اخراجات (خام مال، تنخواہیں وغیرہ) منہا کرنے کے بعد جو رقم بچتی ہے، کمپنی یا فیکٹری کا منافع کہلاتا ہے۔

اس منافع پر کارپوریٹ ٹیکس قانون کے مطابق ادا کرنا پڑتا ہے۔

انکم ٹیکس افراد کی شخصی آمدنی پر عائد کیا جاتا ہے۔ افراد کی آمدنی مختلف ذرائع سے ہوسکتی ہیں جیسے اجرتیں، تنخواہیں اور وظیفے۔ ایک فرد اپنی بینک میں رکھی رقم پر سود بہ طور آمدنی پاسکتا ہے۔ ایک شخص جائیداد پر کچھ آمدنی پاسکتا ہے۔ ذاتی گھر ہو تو گھر کا کرایہ بہ طور آمدنی کماتا ہے۔ ان تمام کو آمدنی میں شمار کیا جاتا ہے جس پر ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے۔

انکم ٹیکس ان پر عائد کیا جاتا ہے جو ایک مخصوص رقم سے زیادہ کماتے ہیں۔ جو کمائی ہوئی آمدنی کے کچھ فی صد کے طور پر عائد کیا جاتا ہے جن کی آمدنی اونچی ہے۔ انھیں آمدنی کا زیادہ تناسب بہ طور ٹیکس ادا کرنا پڑے گا۔

SCERT TELANGANA

## آمدنی پر ٹیکس وصول کرنے کا معقول طریقہ کیا ہے؟

(1) آپ نے سوچا ہوگا کہ ہر ایک یکساں ٹیکس ادا کرے تو بہتر ہوگا ان تین لوگوں پر غور کیجیے

| شخص | کام | ماہانہ آمدنی (روپیوں میں) | ماہانہ ٹیکس کی مقررہ (روپیوں میں) |
|---|---|---|---|
| جیوتی | یومیہ مزدور | 1,500 | 50 |
| آصف | ٹیچر | 8,000 | 50 |
| تنیش | تاجر | 30,000 | 50 |

کیا یہ درست ہوگا اگر ان تینوں اشخاص میں ہر ایک یکساں رقم ادا کرے؟ جیوتی اپنے بچوں کی پرورش بھی ٹھیک ڈھنگ سے نہیں کرسکتی تب بھی اس کا 50 روپے بہ طور ٹیکس ادا کرنا کیا درست ہے؟

(2) آپ سوچ سکتے ہیں کہ یہ زیادہ درست ہوتا اگر ہر شخص کو اپنی آمدنی کا مخصوص فی صد بہ طور ٹیکس ادا کرنے کو کہا جائے۔ فرض کیجیے ہر ایک نے 10% فی صد ٹیکس ادا کیا ہے۔ حساب کیجیے ہر شخص کو کتنا ادا کرنا پڑے گا؟

| شخص | ماہانہ آمدنی (روپیوں میں) | ماہانہ ٹیکس کی مقررہ (روپیوں میں) |
|---|---|---|
| جیوتی | 1,500 | |
| آصف | 8,000 | |
| تنیش | 30,000 | |

کیا یہ درست ہے؟ ابھی بھی جیوتی کی گزر بسر کے لیے ناکافی ہوگا۔ مکان کی مرمت کے لیے آصف کے پاس معقول رقم نہیں ہوگی۔ لیکن تنیش کے پاس تمام بنیادی ضرورتوں کے لیے بہت ساری رقم ہوگی چاہے اسے اس کی آمدنی کا 20% بہ طور ٹیکس ادا کرنا پڑے۔

(3) ٹیکس کو مزید معقول بنانے کے لیے پھر آپ کہہ سکتے ہیں کہ صرف وہی لوگ جو مخصوص رقم 7,000 سے زیادہ ماہانہ کماتے ہیں، ٹیکس ادا کرنا چاہیے۔ آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ دولت مند لوگ ان کی آمدنی کا بڑا تناسب بہ طور ٹیکس ادا کرے۔ مثال کے طور پر

| اگر آپ کماتے ہیں (روپیوں میں) | آپ بہ طور ٹیکس ادا کریں گے |
|---|---|
| 7,000 سے کم | 0% |
| 7,001 سے 15,000 | 10% |
| 15,001 سے 25,000 | 20% |
| 25,000 سے زیادہ | 30% |

اب حساب کیجیے ہر شخص کتنا ادا کرے گا؟

| شخص | ماہانہ آمدنی (روپیوں میں) | ماہانہ ٹیکس کی مقررہ رقم (روپیوں میں) |
|---|---|---|
| جیوتی | 1,000 | |
| آصف | 6,000 | |
| تنیش | 20,000 | |

کیا یہ درست رہے گا؟

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

## بالواسطہ ٹیکس: Indirect Tex

بالواسطہ ٹیکس اشیاءاور خدمات پر عائد کئے جاتے ہیں۔آپ نے دیکھا ہوگا کہ اشیاء پر ان کی اعظم ترین ریٹیل قیمت (MRP) کے ساتھ ''بشمول ٹیکسوں کے'' لکھا ہوتا ہے۔جس کا مطلب قیمت میں ٹیکس شامل ہے۔اسی طرح بہت سی خدمات جیسے ٹیلی فون اور موبائل فون خدمات کے لیے صارفین جو قیمت ادا کرتے ہیں اس میں ٹیکس شامل ہوتا ہے۔

آیئے ایک ٹیلی ویژن کی فروخت کی مثال کے ذریعے سمجھتے ہیں کہ کس طرح قیمت میں ٹیکس شامل کئے جاتے ہیں ۔تمام قدریں روپیوں میں ہیں۔

فرض کریں کہ ایک ٹیلی ویژن کی تیاری کی لاگت -/10,000 روپے ہوتی ہے۔اس میں پیدا کنندے کا منافع بھی شامل ہوتا ہے۔ فروخت کے وقت کمپنی -/1800 روپے ٹیکس ادا کرتی ہے۔ جو ٹی وی کی قیمت میں شامل کیا جاتا ہے۔صارف کی جانب سے ادا کی گئی حتمی قیمت (PriceFinal) میں لاگت، منافع اور ادا شدہ ٹیکس شامل ہوتا ہے۔ہم محصول اندازی کے طریقے اور اصولوں کے بارے میں مزید تفصیلات سے اگلے سیکشن میں واقفیت حاصل کریں گے۔


| | |
|---|---|
| تیاری کی لاگت بشمول پیدا کنندے کا منافع | -/10,000 روپے |
| ٹیکس | -/1,800 روپے |
| صارف کے لئے قیمت | -/11,800 روپے |

مختلف اشیاء پر حاصل کردہ منافع اور ادا کیا گیا۔ٹیکس مختلف ہوتا ہے۔اہم بات جو ہمیں یاد رکھنی چاہیے وہ یہ ہے کہ اکثر اشیاء اور خدمات کی قیمت میں ٹیکس کا عنصر شامل ہوتا ہے۔

جب اشیا کی قیمت میں ٹیکس شامل کیا جاتا ہے تو مخصوص اشیا کی مجموعی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے۔مثال کے طور پر سیکلوں کی تیاری کیلئے اسٹیل پائپ درکار ہیں۔اسٹیل کی تیاری کے لیے فیکٹری کو لوہا اور کوئلہ درکار ہے۔اگر لوہے پر اکسائز ڈیوی (ٹیکس) میں اضافہ ہوتا ہے تو اس کا اثر سیکلوں پر پڑے گا۔لوہے کی بنی تمام اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔چوں کہ اسٹیل یا فولاد کی تیاری کے لیے لوہا استعمال کیا جاتا ہے تو فولاد سے بنی ہوئی تمام اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔اس تناظر میں لوہے پر ٹیکس بڑھنے کے اثرات دوررس رہیں گے۔



SCERT TELANGANA




کئی دیگر فیکٹریاں بنیادی خام مال اور اشیا استعمال کرتی ہیں۔ ان پر بھاری ٹیکس عائد کرنے سے درمیانی اشیا پرمربوط ردِعمل ہوتا ہے اور تمام چیزیں جو اس شے سے جڑی ہوئی ہیں، کسی نہ کسی طرح متاثر ہوں گی۔

☆ ٹی وی کی مثال میں ٹی وی کی لاگت کا کیا تناسب صارف بہ طور ٹیکس ادا کرتا ہے؟

☆ کچھ بلوں کو جمع کیجیے جن میں ٹیکس کا ذکر ہو۔ مجموعی طور پر اشیا پر ٹیکسوں کی فہرست بنائیے۔ خدمات پر ٹیکسوں کی الگ فہرست اپنے ٹیچر کی مدد سے بنائیے۔ اگر دیگر قسم کے ٹیکسوں سے آپ کا واسطہ پڑا ہو ان کی نشاندہی کیجیے

☆ اگر دو لوگ ایک ہی قسم کی چیز تیار کرتے ہیں اور ان میں سے ایک ٹیکس ادا کرنے سے بچ نکلتا ہے تو کیا یہ درست ہے؟ کیوں؟

☆ اگر لوہے کے ٹیکس میں اضافہ ہوتا ہے تو اس کا اثر کونسی دوسری چیزوں پر پڑتا ہے۔ کچھ مثالیں دیجیے۔

## اضافی قدر کے طریقے کے مطابق اشیاء وخدمات ٹیکس (Goods and Services Tax)

ہندوستان میں GST 2017ء میں نافذ کیا گیا جس کے لئے کافی برسوں سے تیاریاں کی گئیں تھیں۔ حالیہ عرصے تک ہمارے ملک میں مختلف قسم کے بالواسطہ ٹیکس ہوا کرتے تھے۔ اشیاء کی پیداوار پر اکسائز ڈیوٹی نامی ٹیکس عائد کیا جاتا تھا۔ اشیاء کی فروخت پر سیلز ٹیکس ہوتا تھا اور خدمات کی فراہمی جیسے موبائیل خدمات، ہوٹل کی خدمات پر سرویس ٹیکس عائد تھا۔ GST کے نفاذ کی وجہ سے کئی ایک بالواسطہ ٹیکسوں کو بدل کر GST کے واحد نظام کو لاگو کیا گیا۔ اس نظام کے محصول کے ذریعے اشیاء وخدمات کی پیداوار اور فروخت دونوں کا احاطہ کیا گیا۔

پیداوار اور فروخت کے جدید طریقے کافی پیچیدہ ہیں اور کئی مرحلوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ پیداوار کے سادہ طریقوں میں بھی چند ایک مرحلے ضرور ہوتے ہیں اسکے بعد فروخت کا عمل ہوتا ہے اور ہر مرحلے میں کچھ نہ کچھ اضافی قدر شامل ہوتے جاتی ہے۔

مثال کے طور پر ایک بسکٹ کا کارخانہ دار ہے جو پیداوار کے لئے درکار خام مال غیر معیاری ذرائع سے حاصل کرتا ہے۔ وہ خام مال جیسے گیہوں کا آٹا، شکر وغیرہ خریدتا ہے جس پر کوئی ٹیکس ادا نہیں کیا جاتا ہے۔

فرض کیجئے کہ اس نے 450 روپے کی لاگت میں بسکٹ تیار کئے۔ اس لاگت میں خام مال، مزدوروں کی اجرت، تنخواہیں، آفس اور فیکٹری کا کرایہ شامل ہے۔ اگر وہ اس میں اپنا منافع 50 روپے جوڑتا ہے تو پیداوار کی کل قیمت 500 روپے ہو جاتی ہے۔ یہ اس کارخانہ دار کی قیمت فروخت ہے۔ وہ ان بسکٹوں کو ایک تاجر کو فروخت کرتا ہے۔ فروخت کرتے وقت پیدا کنندہ، تاجر سے مقررہ شرح کے مطابق GSTوصول کرتا ہے۔

اگر GST۔5% ہوتو بسکٹ کے پیدا کنندہ کو 25 روپے ٹیکس کے طور (500 روپے کا 5%) ادا کرنا پڑتا ہے جو وہ اس تاجر سے وصول کرتا ہے جو اس سے بسکٹ خریدتا ہے۔ پیدا کنندہ اس ٹیکس کو ہول سیل تاجر سے وصول کر کے حکومت کو ادا کرتا ہے۔ تاجر کو دی جانے والی رسید (Bill) اس طرح ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| بسکٹوں کی لاگت | ۔ | 500روپے |
| GST | ۔ | 25روپے |
| کل قیمت | ۔ | 525روپے |

ہول سیل تاجر کے لئے بسکٹوں کی قیمت خرید 500 روپے ہے۔ وہ تاجر سامان کا ذخیرہ کرتا ہے۔ دکان کا نظم اور کام کرنے والے ورکروں کو اجرت دیتا ہے۔ وہ ان بسکٹوں کو ایک ریٹیل تاجر کو 600 روپے میں فروخت کرتا ہے۔ اس قیمت میں ہول سیل تاجر کی تمام لاگتیں اور منافع شامل ہوتا ہے۔ اب 600 روپوں کو اسکے فروخت کی گئی اشیاء کی قیمت تصور کیا جائے گا۔ اگر 5% کی شرح سے GST سے 30 روپے ریٹیل تاجر سے وصول کرنا ہوتا ہے۔ اس لئے ریٹیل تاجر کو دی جانے والی رسید اس طرح ہوتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| بسکٹوں کی لاگت | ۔ | 600روپے |
| GST | ۔ | 30روپے |
| ریٹیلر کی قیمت | ۔ | 630روپے |

ہول سیل تاجر کو کتنا ٹیکس حکومت کو ادا کرنا ہوگا؟ یاد کیجئے کہ اس نے 25 روپے GST پہلے ہی ادا کر دیا ہے۔ جب اس نے بسکٹ کے پیدا کنندے سے بسکٹ خریدتے وقت جو قیمت ادا کی تھی اس میں 25 روپے GST شامل تھا۔ اب ان 25 روپوں کو جو اس نے پہلے ہی ادا کر دیئے تھے 30 روپیوں میں سے منہا کر دیا جائے گا۔ جو اسے حکومت کو ادا کرنا ہوگا۔ یعنی ریٹیلر سے 30 روپے وصول کئے جائیں گے لیکن 25 روپے واپس اسے کریڈٹ کئے جائیں گے کہ اس نے پہلے ہی یہ رقم ادا کر دی ہے۔ (اسے اِن پُٹ ٹیکس کریڈٹ کہتے ہیں) اس طرح وہ 5 روپے ہی حکومت کو ادا کرتا ہے۔

اسے ہم ایک اور طرح سے دیکھ سکتے ہیں۔ ہول سیل تاجر کے لئے شئے کی قیمت فروخت 600 روپے اور قیمت خرید 500 روپے ہے۔ یعنی اضافی قدر 100 روپے ہے۔ اضافی قدر سے مراد اشیاء وخدمات کی قیمت فروخت اور قیمت خرید کے درمیان فرق ہے۔ 5% کی شرح سے 100 روپے پر 5 روپے ٹیکس ہوتا ہے۔ یہ وہی رقم ہے جسے تاجر نے حکومت کو ادا کیا ہے۔ تاجر کی جانب سے حکومت کو اضافی



SCERT TELANGANA

قدر(100روپے) پرٹیکس ادا کیا گیا ہے نہ کہ کل قیمت(600روپے) پر۔ وہ ماڈخل(Inputs) جو پیداوار میں استعمال کئے گئے جن پر پہلے ہی ٹیکس ادا کیا گیا ہے۔ دوبارہ ٹیکس کے تحت نہیں آئیں گے۔ اس کے لئے تاجر کو سکٹ کے پیدا کنندے کی جانب سے جاری کی گئی رسید کو بطور ثبوت پیش کرنا ہوگا۔

ریٹیلر بسکٹ 600روپے میں خریدلاتا ہے اور 30روپے ٹیکس ادا کر چکا ہے۔ وہ اب بسکٹوں کو 700 روپیوں میں فروخت کرتا ہے تاکہ اس کا منافع اور اخراجات حاصل ہو سکے۔ اب صارف کے لئے جو رسید جاری ہوگی وہ اس طرح ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| بسکٹوں کی قیمت | - | 700روپے |
| GST | - | 35روپے |
| صارف کے لئے قیمت | - | 735روپے |

البتہ ریٹیلر کی جانب سے ادا کیا جانے والا ٹیکس وہ فرق ہوگا جو وصول کئے گئے ٹیکس( 35روپے) اور ادا کئے جاچکے ٹیکس(30روپے) کے درمیان ہوگا یعنی ریٹیلر 5روپے ٹیکس ادا کرے گا۔

1۔ پیدا کنندے کی جانب سے حکومت کو ادا کیا گیا ٹیکس ..............................................................
ہول سیل تاجر کی جانب سے حکومت کو ادا کیا گیا ٹیکس ..............................................................
ریٹیل تاجر کی جانب سے حکومت کو ادا کیا گیا ٹیکس ..............................................................
حکومت کو ادا کیا گیا کل ٹیکس ..............................................................
صارف کی جانب سے حکومت کو ادا کیا گیا ٹیکس ..............................................................

2۔ پیدا کنندے کی جانب سے دی گئی اضافی قدر ..............................................................
تاجر کی جانب سے دی گئی اضافی قدر ..............................................................
ریٹیلر کی جانب سے دی گئی اضافی قدر ..............................................................
فروخت کی گئی اشیاء کی کل قیمت ..............................................................

3۔ ذیل میں دئے گئے رسیدوں میں اشیاء خدمات کی قیمت اوران پر عائد کردہ GST کی شناخت کیجئے۔


TAX INVOICE
NAME: Mrs. SHEETAL
ADDRESS: VSP Hyd HYDERABAD TELANGANA
CUST STATE CODE:
CONTACT NO:
DOC NO
DATE
GSTIN
STORE STATE CODE
CIN
SINo | ITEM CODE | Description | HSN CODE | MRP | QTY | AMOUNT | DISCOUNT | Net Amount
NET TOTAL AMOUNT(INR)
ASSESSABLE VALUE
NET TAX
AMOUNT PAYABLE
AMOUNT IN WORDS: EIGHT HUNDRED and FIFTY ONE ONLY
CREDITCARD
POINTS EARNED ON: ENCIRCLE
LOYALTY NO.
CUSTOMER SIGNATURE
AUTHORIZED SIGNATORY
THE EXCLUSIVE TITAN SHOWROOM
Authorised Signatory
Plot No : 33, Prashanthnagar, Vanasthalipuram, Hyderabad - 500070. TOLL FREE : 1800-266-0123


MOHINI'S
Multi Cusine Restaurant
#3-6-342,Basheer Bagh
Ph:23224431,40041101
------------- TAX INVOICE -------------
Date : 01/02/19 Bill No. : 158068
T.No.: 21-B W. No. : 2

| Particulars | Qty | Rate | Amount |
|---|---|---|---|
| CD 250ML BOTTLE | 2 | 19.04 | 38.08 |
| CHI TIKKA MASALA(HALF) | 1 | 209.52 | 209.52 |
| BUTTER NAN | 2 | 28.57 | 57.14 |
| CHI BIRYANI | 1 | 219.14 | 219.14 |

Sub Total : 523.88
CGST @2.5% : 13.10
SGST @2.5% : 13.10
4/6/2 Total : 550
GSTIN - 36ABHFM8372M1ZK (02:25 PM)
SAC CODE - 996331
RESTAURANT

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

## جی ایس ٹی کا اثر

تین امور یہاں قابل ذکر ہیں۔

☆ رسائد (Bills)، GST میں کلیدی رول رکھتے ہیں۔ یہ ثبوت فراہم کرتے ہیں کہ خریدار نے اپنے Inputs پر GST ادا کیا ہے۔ دی گئی مثال میں تاجر اگر اپنی خریداری کا ثبوت فراہم نہیں کرتا تو اسے 5 روپے کی بجائے 30 روپے ٹیکس حکومت کو ادا کرنا ہوتا ہے۔ اسی طرح چلر فروش (Retailer) کو تاجر سے رسید کا مطالبہ کرنا ضروری ہوتا ہے تاکہ وہ اپنے ادا کردہ ٹیکسوں کا ثبوت دکھا سکے۔ GST نظام کے تحت ہر درمیانی فرد کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ اپنی خریداری کے Bills کا مناسب نظم کرے اور ٹیکس ادا کرے۔ اس طرح لوگ مقررٹیکس ادا کرتے ہیں اور ٹیکسوں کی ادائی سے بچ نکلنے کا رجحان کم ہو جائے گا۔

☆ حالانکہ ٹیکس پیدا کنندے اور تاجروں پر عائد ہوتا ہے مگر آخر کار اسکی ادائیگی صارف کو کرنی پڑتی ہے۔ صارف اکثر قیمتوں میں شامل ٹیکس سے ناواقف ہوتے ہیں کیونکہ اسے بالواسطہ طور پر صارف سے وصول کیا جاتا ہے۔ پیدا کنندے اور تاجر ٹیکس جمع کرتے ہیں اور اسے حکومت کو ادا کرتے ہیں جبکہ آخری صارف ہی ٹیکس کا بوجھ اٹھاتا ہے۔

ایک اور اثر یہ ہوتا ہے کہ سارے ملک کے لئے ایک ہی ٹیکس ہوتا ہے۔ GST کے تحت سارے ملک میں اشیاء وخدمات پر ٹیکس کی شرح یکساں ہوتی ہے۔ چاہے وہ کارخانے کے پڑوس میں ہی فروخت کی جائیں یا ہزاروں کلومیٹر دور کسی مقام پر فروخت کی جائیں، عائد کردہ ٹیکس کی شرح یکساں ہوتی ہے۔ اس سے قبل مختلف ریاستوں میں ٹیکسوں کی شرح میں ہوتا تھا۔ دوائیں اور موٹرسائیکل ایک ریاست کے مقابل دوسری ریاست میں سستی ہوتی تھیں۔ جس کے نتیجے میں ریاستوں کے درمیان غیر ضروری مسابقت ہوتی اور صنعتیں اور تجارت ایک دوسری ریاست کو منتقل ہوتے تھے۔ لوگ مقرر ٹیکس ادا کئے بغیر ایک ریاست سے دوسری ریاست کو اشیاء اسمگل کرتے تھے۔ اس کے علاوہ اشیاء کی ایک ریاست سے دوسری ریاست کو منتقلی کے لئے Entry Tax ہوا کرتا تھا جسے ریاستی سرحد پر وصول کیا جاتا تھا۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ ریاستی سرحدوں پر یا شہروں میں داخلے کے ناکوں (چیک پوسٹ) پر ٹرکوں کی طویل قطاریں ٹھہری ہوتی تھیں۔ GST کے تحت ان مسائل پر قابو پایا جاسکتا ہے اور اس کے ذریعے کافی وقت اور توانائی کی بچت ہوسکتی ہے۔

اس کے باوجود GST کو ابھی ایک طویل راستہ طے کرنا باقی ہے۔ مثال کے طور پر پٹرول اور ڈیزل، دو اہم ترین درمیانی اشیاء ہیں لیکن GST کے دائرہ کار سے باہر ہیں اور ان پر محصول پہلے کی طرح عائد کئے جارہے ہیں۔



SCERT TELANGANA

| یکم نومبر 2017 کو پٹرول اور ڈیزل پر سیلز ٹیکس کی شرح (فی صد میں) | | |
|---|---|---|
| ریاست | پٹرول | ڈیزل |
| آندھرا پردیش | 39 | 31 |
| تلنگانہ | 35 | 27 |
| چھتیس گڑھ | 29 | 27 |
| اڑیسہ | 26 | 26 |
| مہاراشٹرا | 43 | 23 |

کلاس میں بحث کیجئے۔

آپ کے خیال میں پٹرول اور ڈیزل پر واحد GST کی بجائے کئی بالواسطہ ٹیکسوں کو عائد کرنے کے کیا اثرات مرتب ہوں گے؟

آپ کے خیال میں آندھرا پردیش اور تلنگانہ میں پٹرول اور ڈیزل کے سیلز ٹیکس کی شرحوں میں فرق پر عوام نے کیا ردعمل ظاہر کیا ہوگا؟

آپ کو حیرت ہوگی کہ پٹرول اور ڈیزل پر ابھی تک GST کیوں نہیں ہے؟ پٹرول اور ڈیزل پر سیلز ٹیکس ریاستوں کے لئے آمدنی کا بہت بڑا ذریعہ ہیں۔اس لئے ریاستیں ان اشیاء پر اپنی مقررہ شرح سے ٹیکس وصول کرنے کے اختیار سے دستبردار ہونا پسند نہیں کرتیں۔ بہرحال ہر حکومت چاہتی ہے کہ وہ محاصل میں بڑا حصہ اپنے پاس رکھے اور اپنے متعینہ مقاصد کے لئے خرچ کرے۔GST کے برخلاف سیلز ٹیکس سے حاصل ہونے والی آمدنی مکمل طور پر ریاستوں کے کنٹرول میں ہوتی ہے اور اس میں مرکز کا کوئی حصہ نہیں ہوتا۔GST کو درپیش مسائل میں سے یہ ایک مسئلہ ہے جسے مستقبل میں قابو پانا باقی ہے۔

- کبیر، Electricals Jaya کو گیا۔ اس نے وہاں دیکھا کہ الکٹرک کی اشیاء پر تین شرحوں کے ٹیکس ہیں۔ جیسے مکسر، جوسر، استری اور دیگر اشیائے صارفین پر 28% GST عائد ہے۔ واٹر پیوریفائر پر 18% اور LED بلبوں پر 12% کی شرح سے GST عائد ہے۔ کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ایسا کیوں ہے؟
- ابتداء میں دی گئی Bills کا مشاہدہ کریں اور معلوم کریں کہ CGST اور SGST کیا ہے؟
- معلوم کریں کہ کیا اب بھی کسٹم ڈیوٹی عائد کی جاتی ہے؟

## پراجیکٹ ورک

مختلف رسائد (Bills) کو اکٹھا کیجئے اور اشیاء و خدمات کی فروخت پر عائد کردہ GST کو بتانے کے لئے ایک پوسٹر بنائیے۔ کیا کچھ اشیاء ایسی ہیں جو GST سے مستثنیٰ ہیں؟

SCERT TELANGANA

- GST مختلف شرحوں یعنی 5,12اور 28فی صد سے عائد کیا جاتا ہے۔ مارکٹ جایئے اور ہر شرح کے لئے دواشیاء کی مثالیں تلاش کیجئے۔ اور ایک جدول بنایئے۔
- چند پیدا کنندوں اور چند تاجروں سے گفتگو کیجئے۔ کیا آپ کے خیال میں مارکٹ کے ماحول میں تبدیلی ہوگی کیونکہ ٹیکسوں کی موثر وصولی ہوگی اور بہت کم اسے نظر انداز کیا جائے گا؟ اپنے خیالات کا اظہار دو پیرا گرافوں میں کیجئے۔

## ٹیکس عائد کرنے میں معقولیت

ٹیکس عائد کرنے میں کونسا طریقہ اپنانا چاہیے اس کا انحصار ان اقدار پر ہے جو سماج میں بہ حیثیت مجموعی پائے جاتے ہیں۔ کچھ حلقوں کا احساس ہے چند لوگ لاکھوں روپے کے مالک ہیں جب کہ دوسرے پیٹ بھر کھانے سے قاصر ہیں جو انصاف کے مغائر ہے۔ حکومت کو چاہیے امیروں سے زیادہ ٹیکس وصول کرے اور غریبوں سے ٹیکس وصول نہ کرے یا اقل ترین ٹیکس عائد کرے۔ اگر بہ حیثیت مجموعی سماج پسند کرے تو ان وصول شدہ ٹیکسوں کو بہتر مواقع کی فراہمی کے ذریعے غریب کی آمدنی بڑھانے اور حالات زندگی میں بہتری لانے پر خرچ کیا جاسکتا ہے۔ غور کیجیے کہ جیسا غریب کی آمدنی میں اضافہ ہوگا زیادہ ٹیکس وصول کیے جاسکیں گے۔

جیوتی، آصف اور تنیش کی مثال کی طرح دنیا کے بہت سارے ممالک میں حکومت اونچی آمدنی پانے والوں پر اونچی شرح پر ٹیکس عائد کرتی ہے۔ انکم ٹیکس کے قوانین کے مطاق اونچی آمدنی والے ٹیکس ادائیگی میں بڑا حصہ ادا کریں گے۔ جو لوگ کم خوش حال ہیں نہ صرف کم ٹیکس بلکہ ان کی آمدنی کا کم تناسب بہ طور ٹیکس ادا کرتے ہیں۔ اسی لیے راست ٹیکسوں کو ترجیح دی جاتی ہے لیکن ہندوستان میں جیسا کہ آپ نے پچھلے سیکشن میں پڑھا ٹیکس کا بڑا ذریعہ بالواسطہ ٹیکس ہے جو اشیا اور خدمات پر عائد کیا جاتا ہے۔ امیر ہو کہ غریب جب خریدی کرتا ہے تو ہر ایک کو ٹیکس کی یکساں رقم ادا کرنا پڑتا ہے۔ حالانکہ غریب لوگوں کو یہ جبری وصولی محسوس ہوتی ہے۔

اشیا اور خدمات پر ٹیکس عائد کرتے وقت امیر اور غریب کے درمیان تمیز کرنا مشکل ہو جاتا ہے تاہم ایک طریقہ ہے جس کے ذریعے کچھ اشیا کے درمیان تمیز کی جاسکتی ہے مثال کے طور پر اجناس، دالیں، ترکاریاں، کپڑا، کیروسین، پکوان گیس وغیرہ ایسی ضروری اشیا ہیں جنھیں امیر ہو کہ غریب سب خریدتے ہیں مگر غریب لوگ ان اشیا پر تقریباً تمام آمدنی خرچ کرتے ہیں۔ اور بعض اشیا اور خدمات ہیں جنھیں صرف امیر ہی خرید سکتے ہیں۔ کاریں، لیپ ٹاپ، ایرکنڈیشنر، رستوراں میں طعام وغیرہ غریب ان تعیّشات کے متحمل نہیں ہوسکتے۔ لہٰذا امیر اور غریب کے تمیز کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اشیائے ضروریہ پر ٹیکس نہ لگائے جائیں لیکن اشیائے تعیّشات پر ٹیکس لگائے جائیں (یاد رہے جنھیں ہم تعیّشات مان رہے ہیں حالاتِ زندگی میں بہتری وغیرہ کی صورت میں یہی اشیاء مستقبل میں ضروریات بن سکتی ہیں)۔

ایک مسئلہ یہ ہے چوں کہ بہت کم لوگ اشیائے تعیّشات خریدنے کی استطاعت رکھتے ہیں ایسے میں ان پر ٹیکس یا محصول عائد کرکے حکومت خاطر خواہ آمدنی نہیں پاسکتی۔

اشیا اور خدمات پر ٹیکس عائد کرتے وقت حکومت کو ذہن میں ایک اور بات ملحوظ رکھنی چاہیے۔ کئی ایسی اشیا ہیں جنھیں لوگ راست استعمال نہیں کرتے جیسے ڈیزل، اسٹیل، المونیم، مشینیں، ٹرک، ٹرک کے ٹائر وغیرہ۔ یہ اشیا دوسری اشیا کی تیاری یا حمل ونقل میں استعمال



SCERT TELANGANA

ہوتی ہیں۔ آپ متعدد مقامات کا تصور کر سکتے ہیں جیسے صنعتیں، فیکٹریاں اور تجارتیں جہاں ان کا استعمال ہوتا ہے۔لوگ انھیں راست خرید کر استعمال نہیں کرتے ۔

ہم دیکھتے ہیں کہ جب اشیا جیسے اسٹیل، ڈیزل وغیرہ پر ٹیکس میں اضافہ کیا جاتا ہے،تو یہ اضافہ ان اشیا کی لاگت میں اضافہ کرتا ہے جن سے یہ تیار ہوتی ہیں یا جن کی مدد سے ان کی حمل ونقل ہوتی ہے۔اس کی وجہ سے غریب جو اجناس یا کپڑا خریدتے ہیں ڈیزل یا اسٹیل پر ٹیکس کا کچھ حصہ ادا کرتے ہیں۔ جب ان چیزوں پر ٹیکس عائد کیا جاتا ہے تو دوسری اشیا کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں ۔اس لیے ہم اکثر لوگوں کو یہ کہتے ہوئے سنتے ہیں کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں اضافہ تمام اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کا باعث بنا مثلاً میوے، ترکاریاں، دال اور دیگر غذائی اشیا زیادہ مہنگے ہوں گے۔

اس وجہ سے ہر سال لوگوں یہ سوال ستایا کرتا ہے کن ٹیکسوں کو زیادہ بڑھانا چاہیے؟ اشیا پر ٹیکسوں کی وصولی زیادہ آسان ہے لیکن سوائے اشیائے تعیّشات کے۔اشیائے ضروری پر ٹیکس عائد کرنا غریبوں کو بڑے پیمانے پر متاثر کرتا ہے۔ ٹیکسوں کا عائد اور وصول کرنے کا اثر لوگوں کی زندگیوں پر بہت زیادہ ہوتا ہے۔ آمدنی پر ٹیکس کا زیادہ بوجھ امیروں پر پڑتا ہے۔ لہٰذا اسے زیادہ درست ہی کہا جاسکتا ہے۔ لیکن آمدنی پر ٹیکسوں سے ملنے والی رقم حکومت کے بھاری اخراجات کی تکمیل کے لیے ناکافی ہوگی۔ کسی بھی بجٹ میں ان تمام باتوں کو ملحوظ رکھنا پڑتا ہے۔اس بنا پر بجٹ کا کی پیش کشی کا وقت ہر ایک کے لیے بڑا اہم ہوتا ہے۔

### ٹیکسوں کی وصولی اور ادائیگی سے گریز کرنا:

حکومت مختلف قسم کے ٹیکسوں سے رقم حاصل کرتی ہے۔اس لیئے یہ فیصلہ کرنا ہوگا کتنی رقم ہر قسم کے ٹیکس

- ہم نے پڑھا حکومت کچھ اہم ٹیکسوں کو وصول کرتی ہے۔ دی گئی معلومات سے جدول کو پر کیجیے۔انکم ٹیکس 12%، کارپوریٹ ٹیکس 24%، کسٹمز ڈیوٹی 10%، اکسائز ڈیوٹی 16%، سرویس ٹیکس 5%، سیلز ٹیکس 23% دیگر بالواسطہ ٹیکس 10% حکومت کی طرف سے وصول کیے جانے والے ٹیکس

| ٹیکس | جملہ ٹیکسوں کا فی صد |
|---|---|
| راست ٹیکس | 36% |
| | |
| | |
| بالواسطہ ٹیکس | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| جملہ ٹیکس | 100% |

(1) کس قسم کے ٹیکس حکومت کے لیے آمدنی پیدا کرتے ہیں؟

(2) کرانتی کی آمدنی سالانہ -/1,75,000 ہے اور 3000 روپے انکم ٹیکس ادا کرتا ہے۔ کملیش کی سالانہ آمدنی 3,00,000 روپے سے 5,500 روپے انکم ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے۔

- زیادہ انکم ٹیکس کون ادا کرتا ہے؟
- کس کو آمدنی کا بڑا حصہ بہ طور ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے؟
- ایسی صورتِ حال میں اونچی آمدنی والا شخص آمدنی کا .................................. (کم / زیادہ / یکساں) حصہ ٹیکس میں ادا کر رہا ہے۔


SCERT TELANGANA

سے وصول کی جائے۔اس کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کوملحوظ رکھنا پڑے گا۔ کتنے لوگوں کوٹیکس ادا کرنا چاہیے؟ کیا یہ ٹیکس بہ آسانی وصول کیا جاسکتا ہے؟ یہ امیر اورغریب پرکس طرح اثر انداز ہوگا۔اس سے جڑا ایک اورسوال کیا عوام ٹیکس ادا کرتے ہیں یا گریز کر کے بچ نکلنا چاہتے ہیں۔

آپ جانتے ہیں کہ ہمارے ملک میں بہت سارے لوگ زراعت پر انحصار کرتے ہیں۔ان میں زیادہ تر چھوٹے اور اوسط درجے کے کسان ہیں۔اس کے علاوہ بڑے کسان ہیں جن کی آمدنی بہت زیادہ ہوتی ہے۔تاہم تمام قسم کے زرعی آمدنی کوٹیکس سے استثنیٰ حاصل ہے۔اسی طرح ملک میں لوگوں کا ایک بڑا طبقہ ہے جو تجارت، چھوٹی دکانات یا مزدوری کر کے کم آمدنی کماتا ہے۔ان لوگوں کی آمدنی انکم ٹیکس کی حد سے کم رہتی ہے۔اس طرح جو لوگ انکم ٹیکس ادا کر سکتے ہیں ان لوگوں کی تعداد بہت کم ہوتی ہے۔

کثیر آبادی میں سے ٹیکس ادا کرنے والوں کا یہ کم تر حصہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ ایک قابل لحاظ تعداد سے ٹیکس وصول کرنا باقی ہے۔سال 1997 میں 114 لاکھ افراد کی آمدنی کا حساب بہ غرض انکم ٹیکس کیا گیا جو ملک کے مختلف مقامات پر رہتے تھے۔انکم ٹیکس کی وصولی آسان نہیں ہے۔اس میں کئی رکاوٹیں ہیں۔کئی لوگ اپنی کی آمدنی کو ظاہر نہیں کرتے یا اصل سے کم بتاتے ہیں۔ یہ آمدنی جو چھپائی جاتی ہے Black money یا کالا دھن کہلاتی ہے۔

کئی فیکٹری مالکین امیر ساہوکار، تاجر جو خانگی تجارت کرتے ہیں، بہ آسانی کم آمدنی بتا سکتے ہیں البتہ ان کی آمدنی کا حساب آسان ہے جنھیں ماہانہ تنخواہ ادا کی جاتی ہے۔ان کی آمدنی پر راست ٹیکس ذریعے پر ہی منہا کیا جاسکتا ہے جہاں سے وہ تنخواہ پاتے ہیں لیکن کئی تنخواہیں پانے والے ملازمین آمدنی کے دیگر ذرائع چھپاتے ہیں۔ایسے لوگ چاہے مزدور ہوں، افسر، وزیر یا کلرک ہوں ہمیشہ ہی آمدنی صحیح طرز پر ظاہر نہیں کرتے۔ چوں کہ زرعی آمدنی پر ٹیکس نہیں ہوتا کئی لوگ ان کی آمدنی کو بہ طور اراضی آمدنی بتا کر ٹیکس سے بچ نکلتے ہیں۔

اس طرح کئی ٹیکس چوری کرنے والے ہیں اور کالا دھن وہ پیسہ ہے جس پر ٹیکس واجب الادا ہو چکا ہو مگر ادا نہیں کیا گیا جو بڑھتا جاتا ہے۔ کالے دھن کے ذخیرے پر روک لگانے کے لئے محکمہ انکم ٹیکس کئی لوگوں کے مکانات پر دھاوا کرتا ہے۔اس کے علاوہ محکمہ انکم ٹیکس نے لوگوں کو ٹیکس کی ادائی میں سہولت پیدا کرنے کے لئے آسان طریقے اپنانے کی کوشش کرتا ہے۔ان تمام کوششوں کے باوجود لوگوں کی ایک بڑی تعداد انکم ٹیکس ادا نہیں کرتی یا جتنا ادا کرنا چاہیے اس سے کم ادا کرتی ہے۔

دوسری جانب اشیا پر ٹیکسوں کی وصولی زیادہ آسان ہے، چوں کہ چند مقامات ہیں جہاں سے وصولی کی جاتی ہے، فیکٹریوں سے اکسائز ڈیوٹی، ایرپورٹ اور بندرگاہوں سے کسٹمز ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس تاجروں اور دکان داروں سے وصول کیے جاتے ہیں۔افراد کی جانب سے واجب الادا انکم ٹیکس سے تقابل کریں تو حکومت کے لیے فیکٹری کے ریکارڈ اور دکانوں کا حساب رکھنا نسبتاً آسان ہے۔

لیکن یہاں بھی ایسے لوگ ہیں جو حقیقی پیداوار سے کم بتا کر ٹیکس سے بچتے ہیں۔کئی لوگ سیلز ٹیکس سے بڑے پیانے پر بچ نکلتے ہیں مثلاً کچھ



SCERT TELANGANA

تاجر مناسب بلوں کو جاری نہ کر کے یا ان کے دفتری رجسٹروں میں حقیقی فروخت سے کہیں کم بتا کر سیلز ٹیکس سے بچ جاتے ہیں اس لیے VAT متعارف کرانے کا مقصد جسے اس باب میں ہم نے پڑھا ہے اشیا اور خدمات پر ٹیکس کی چوری کم کرنا ہے۔

## کلیدی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ سالانہ بجٹ | 2۔ کالا دھن | 3۔ VAT(Value Added Tax) |
| 4۔ کارپوریٹ ٹیکس | 5۔ راست ٹیکس | 6۔ بالواسطہ ٹیکس |
| 7۔ آمدنی کا ٹیکس (انکم ٹیکس) | 8۔ GST | |

## اکتساب کو بڑھائیے۔

1۔ حکومت کو بجٹ کی کیا ضرورت ہے؟ بجٹ میں ٹیکسوں کا ذکر کیوں کیا جاتا ہے؟

2۔ انکم ٹیکس اور اکسائز ڈیوٹی میں کیا فرق ہے؟

3۔ آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ اسٹیل، دیا سلائی، گھڑیاں، پارچہ جات، لوہا پر ٹیکس ادا کریں گے۔ ان میں سے کس پر ٹیکس کے بڑھنے سے اشیائے ضروریہ پر زیادہ اثر پڑے گا اور کیوں؟

4۔ عام غذائی اشیا جیسے اناج، دالوں، تیل کو سب استعمال کرتے ہیں۔ پھر یہ کیوں کہا جاتا ہے کہ ان پر ٹیکس عائد کرنے سے غریب لوگ شدید طور پر متاثر ہوں گے؟

5. عام غذائی اشیاء جیسے اجناس، دالیں، تیل وغیرہ کا استعمال سب کرتے ہیں پھر یہ کیوں کہا جاتا ہے کہ ان اشیاء پر ٹیکس عائد کرنے سے غرباء پر اس کا بہت زیادہ اثر پڑے گا؟

6۔ اشیا پر VAT ٹیکس چوری کو کیسے کم کر سکتا ہے؟

7۔ اکسائز ڈیوٹی اور کسٹمز ڈیوٹی میں کیا فرق ہے؟

8۔ کیا حالیہ عرصہ میں بس کے کرایوں میں اضافہ ہوا ہے؟ اگر ہوا ہے تو اس کی وجوہات جاننے کی کوشش کیجئے۔

9۔ ''راست ٹیکس'' کے عنوان والا پیراگراف پڑھیے۔ (انکم ٹیکس صرف ................ پر عائد کیا جاتا ہے) اور اس سوال کا جواب دیجیے: زیادہ آمدنی کمانے والے زیادہ ٹیکس کیوں ادا کرتے ہیں؟

10۔ ہمارے ملک کی معیشت پر کالے دھن کے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

## منصوبہ

کچھ صابن کے ڈبے، ٹوتھ پیسٹ، گولیوں کے پتے یا دوسری چیزیں لائیے جن پر MRP درج ہو۔ درج شدہ قیمت اور انھیں فروخت کی گئی قیمت پر بحث کیجیے۔ ریٹیل دکان داروں کو ملنے والے نفع کے بارے میں بھی بحث کیجیے۔

SCERT TELANGANA

باب
12

# جمہوری اور قومی انقلابات: سترھویں، اٹھارویں اور انیسویں صدی

## جدید دنیا۔ ایک تعارف

موجودہ دور میں ہم ایک ایسی دنیا میں زندگی گزار رہے ہیں جہاں کرہ ارض کے ہر حصے کے تمام ممالک ہر وقت ایک دوسرے سے مسلسل ربط میں ہیں۔ آپ کسی اخبار کے کھیلوں کے صفحے کو دیکھیں تو نظر آتا ہے کہ ہندوستانی ٹیمیں دنیا کے مختلف ملکوں کی ٹیموں سے کسی نہ کسی ملک میں کھیل رہی ہیں۔ اگر آپ اپنی روزمرہ کی استعمال کی اشیاء کو دیکھیں چاہے وہ ٹوتھ پیسٹ ہو یا موبائیل، بس ہو یا کھانے پینے کی اشیاء، تو آپ کو نظر آئے گا کہ ان میں سے کئی ایسی ہیں جو دور دراز ملکوں میں تیار کی گئی ہیں۔ ہم جو لباس پہنتے ہیں، ہم جو فلمیں دیکھتے ہیں یہاں تک کہ جو غذائیں ہم کھاتے ہیں وہ بھی آج کل عالمی رجحانات سے کافی متاثر ہوتی ہیں۔ ہمارے کسان جن قیمتوں پر ڈیزل یا کھاد وغیرہ خریدتے ہیں یا جس قیمت پر وہ اپنی پیداوار کو فروخت کرتے ہیں وہ بھی عالمی مارکٹ کی قیمتوں پر انحصار کرتی ہیں۔ ملٹی نیشنل کمپنیاں ہندوستان میں اپنے کارخانے اور دفاتر قائم کر رہی ہیں اور ہندوستانی کمپنیاں بھی دیگر ملکوں میں اپنے کارخانے اور دفاتر قائم کر رہی ہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ آج کل ہم ایسی دنیا میں زندگی بسر کر رہے ہیں جو ایک دوسرے سے کافی مربوط ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ انسانی تاریخ میں مختلف ملکوں کے لوگ کسی نہ کسی شکل میں ایک دوسرے سے ربط میں ہوتے تھے۔ لوگ زرخیز زمینوں کی تلاش میں یا قحط اور بیماریوں سے بچنے کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے تھے۔ ملاحوں نے سمندروں کو عبور کیا، سیاحوں، زائرین اور تاجروں نے بلند و بالا کوہستانوں، صحراؤں اور دریاؤں کو پار کیا تاکہ نئے لوگوں اور نئی زمینوں تک پہنچ سکیں۔ بادشاہوں اور افواج نے اپنی سلطنتوں کو وسیع کرنے کی خاطر نئے علاقوں کو فتح کیا۔ مذہبی علماء، اسکالروں اور فنکاروں نے بھی اپنے خیالات، تصورات اور تعلیمات کی ترویج و اشاعت اور نئے علوم کو سیکھنے کے لئے دور دراز مقامات کا سفر کیا۔ اس طرح دنیا کے مختلف ملکوں کے لوگوں کو ایک دوسرے سے واقف ہونے کا موقع حاصل ہوا۔ گذشتہ چند صدیوں کے دوران دنیا کے مختلف حصوں کے درمیان روابط بہت زیادہ بڑھ چکے ہیں۔ لہٰذا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ آج کل ہم ایک عالمی گاؤں (Global Village) میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ایک ایسا گاؤں جس میں ہر ایک دوسرے سے یا تو اچھی طرح واقف ہے یا پھر ایک دوسرے سے قریبی رابطہ کر سکتا ہے۔

لیکن دنیا کے ملکوں کے درمیان یہ رابطے اور قربتیں اسفار اور زیارتوں کی سادہ اور خوشگوار کہانی نہیں تھی۔ بلکہ دنیا کا یہ سفر جنگوں، فتوحات، غلام بنانا، لاکھوں لوگوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ کو جبری منتقلی، جنگلات اور دیگر قدرتی وسائل کی شدید تباہی، ایک ملک کا دوسرے پر تسلط، آزادی کے لئے جدوجہد اور جنگوں سے عبارت ہے۔

SCERT TELANGANA


جماعت نہم اور دہم میں ہم پڑھیں گے کہ یہ جدید دنیا کیسے وجود میں آئی، اس جدید دنیا کے اہم تصورات اور محرکات کیا ہیں اور ہم آج جس دنیا کا مشاہدہ کر رہے ہیں اس کو تشکیل دینے میں دنیا کے مختلف علاقوں نے کیسے شرکت کی۔

## مشغلہ-1

آیئے ایک سادہ سے مشغلے کے ذریعے اس بات کو شروع کرتے ہیں۔ اپنی جماعت کو پانچ یا چھ طلباء پر مشتمل چند گروپوں میں تقسیم کیجئے۔ ایک گلوب لیجئے جس میں دنیا کے براعظموں اور مختلف ملکوں کی نشاندہی کی گئی ہو۔ اگر آپ کو گلوب میسر نہ ہو تو دنیا کا نقشہ یا اٹلس استعمال کریں۔ ایک اخبار لیجئے اور اس کا ایک ایک صفحہ ایک گروپ کو دیجئے۔ ان صفحات میں موجود ساری خبروں کا مشاہدہ کیجئے اور ان ملکوں کے نام نوٹ کیجئے جہاں پر وہ واقعات پیش آئے ہوں جن کا ذکر خبروں میں ہے۔ گلوب یا نقشے پر ان ملکوں کی شناخت کیجئے اور ان براعظموں کی بھی شناخت کیجئے جن میں یہ ملک واقع ہیں۔ اسی طرح تمام اشتہارات پر غور کیجئے اور دیکھئے کہ ان میں کسی دوسرے ملک کا ذکر تو نہیں ہے۔ ایسے ممالک اور براعظموں کی بھی شناخت اسی طرح کیجئے۔

ان فہرستوں کو تمام گروپوں کے ساتھ شیئر کیجئے۔ اب ان ملکوں کے نام نوٹ کیجئے جن کا ذکر اخبار میں متعدد بار آیا ہو۔ دیگر نقشوں اور انٹرنیٹ کی مدد سے ان ملکوں کے بارے میں تفصیلات اکٹھا کیجئے۔ اور ہر گروپ کسی ایک ملک کی تفصیلات پر مشتمل ایک پوسٹر تیار کرے۔

SCERT TELANGANA




نقشہ-1 : دنیا کا نقشہ، جس میں اہم ملکوں کی نشاندہی کی گئی ہے

## تبدیلیاں جن کی وجہ سے جدید دنیا وجود میں آئی

لگ بھگ 1450ء سے ساری دنیا کے ارتباط میں تیز رفتاری سے اضافہ ہوا۔اس کے ساتھ ہی لوگوں کے کام کرنے، سوچنے اور حکمرانی کے انداز میں تبدیلیاں آئیں۔ان میں کئی تبدیلیوں نے جدید دنیا کی کلیدی خصوصیات کی ترقی کا ذریعہ بنیں۔مثال کے طور پر آج کل ہمارے استعمال کی اکثر اشیاء بڑے پیمانے پر کارخانوں میں مشینوں کے ذریعے تیار کی جاتی ہیں اور ہم انہیں مارکٹ سے خریدتے ہیں۔ یہاں تک کہ زراعت میں پیداوار اور اسکی مارکٹ میں فروخت کیلئے جدید طریقے اور مشینیں استعمال کرتے ہیں۔ یہ ایک بڑی تبدیلی کا نتیجہ ہے جسے ہم **''صنعتی انقلاب''** کے نام سے جانتے ہیں۔ دوسری تبدیلی یہ کہ موجودہ دور میں اکثر ملکوں میں بادشاہوں یا ملکاؤں کی حکومت نہیں ہے بلکہ جمہوری طور پر منتخب حکومتیں ہیں جو اپنے ملک کے عوام کے آگے جوابدہ ہوتی ہیں۔ یہ اس تبدیلی کا نتیجہ ہے جسے ہم **''جمہوری انقلاب''** کہتے ہیں۔تیسری اہم تبدیلی لوگوں کے طرز فکر اور دنیا کو سمجھنے کے انداز میں ہوئی۔موجودہ دور میں ہم لوگ سائنس، منطق اور دلیل کو اہمیت دیتے ہیں اور کسی کی بھی کہی ہوئی بات کو بغیر اس پر سوال کئے قبول نہیں کرتے۔ سائنسی طریقوں اور منطق کو استعمال کرتے ہوئے لوگ اپنے اطراف واکناف کی اشیاء، زمین، کائنات، زندگی، جسم انسانی، اپنے احساسات اور یہاں تک کہ خیالات کو بھی سمجھنے کی کوشش کررہے ہیں۔ یہ نتیجہ ہے اس تبدیلی کا جسے ہم **''سائنسی انقلاب''** کے نام سے جانتے ہیں۔

البتہ گذشتہ چند صدیوں کے دوران بعض ملکوں نے دنیا کے دوسرے ملکوں پر قبضہ کرنا اور ان کا استحصال کیا۔مثال کے طور پر ہندوستان ایک دور دراز یوروپی ملک برطانیہ کی نوآبادی بن گیا۔بعض یوروپی مما لک جیسے برطانیہ، فرانس، ہالینڈ اور اسپین وغیرہ نے افریقہ، ایشیاء، جنوبی اور شمالی امریکہ کے بڑے حصوں پر اپنا تسلط قائم کیا۔جس کی وجہ سے ان ملکوں میں رہنے والے لوگوں کی زندگیوں میں جبری تبدیلی واقع ہوئی۔ جسے **''نوآبادیت''** کا نام دیا گیا۔

نوآبادیوں کے عوام نے آزادی کے لئے جدوجہد کی اور جدید دنیا کی تاریخ اکثر ان ہی جدوجہدوں سے بھری ہے۔ دنیا کے تمام ملکوں میں غریب اور مظلوم عوام مساوی حقوق، مواقع اور محنت کے ذریعے دولت میں اپنی حصہ داری کے لئے جدوجہد کررہے ہیں۔آزادی، مساوات اور وقار کے لئے کی جانے والی یہ جدوجہدیں بھی جدید تاریخ کی اہم خصوصیات میں سے ایک ہیں۔

درج ذیل ابواب میں ہم ان تمام خصوصیات اور 1750 عیسوی کے بعد جدید دنیا کے قیام کا مطالعہ کریں گے۔

## ابتدائی جدید دور

1450ء اور 1750ء کے درمیان کا دور ابتدائی جدید دور کہلاتا ہے جس کے دوران دنیا کے مختلف حصوں میں مذکورہ بالا خصوصیات کی ترقی شروع ہوئی۔مثال کے طور پر ہندوستان، چین، عرب ملکوں کے تاجر کافی عرصے سے سمندری راستے کے ذریعے دیگر ملکوں کو سامان

SCERT TELANGANA

تجارت لے جایا کرتے تھے۔لگ بھگ 1492ء میں ایک اطالوی ملاح کرسٹوفر کولمبس جنوبی امریکہ پہنچ گیا اور موثر طریقے سے ایک براعظم کی دریافت کی جس سے اس وقت تک اکثر یوروپی ناواقف تھے۔جس کی وجہہ سے جنوبی اور شمالی امریکہ میں نوآبادیت کا آغاز ہوا۔اسی طرح ایک پرتگالی ملاح واسکوڈی گامانے 1498ء میں ہندوستان کا سمندری راستہ دریافت کیا اس نے افریقہ کا چکر کاٹتے ہوئے یہ سفر کیا۔اس راستے کی دریافت سے یوروپی جہازوں کو نہ صرف افریقہ کے علاقوں اور ہندوستان سے تجارت کی راہ ہموار ہوئی بلکہ وہ اسی سمندری راستے سے چین کا سفر کرنے لگے۔یہ تبدیلیاں دنیا کے تمام براعظموں کے درمیان تجارت ومبادلے کے میدان میں عظیم بلندیوں کو پہنچنے کا باعث بنیں۔جس کے نتیجے میں دنیا بھر میں متمول تاجروں کے ذریعے عظیم شہر وجود میں آئے۔تجارت کی ترقی اور پھیلاؤ بین الاقوامی بازاروں کے لئے زراعت اور صنعت وحرفت کی پیداوار میں اضافہ کا محرک بنا۔

اسی طرح کی ایک اور تبدیلی یہ واقع ہوئی کہ وسیع وعریض سلطنتوں اور شہنشاہیتوں کا عروج ہوا جن میں اقتدار چندلوگوں کے ہاتھوں میں مرکوز ہوتا تھا۔ان کے یہاں طاقتور فوجیں اور عہدیدار ہوا کرتے تھے جو ملک میں امن وامان کی برقراری اور ٹیکسوں کی وصولی کے ذمہ دار تھے۔ان شہنشاہوں نے چھوٹے مقامی بادشاہوں اور جاگیرداروں کو مقرر کرنے کی کوشش کی جنھیں خودمختاری دی جاتی تھی۔اسکی وجہہ سے ملکوں کا اتحاد ہوا اور عمومی انتظامی نظام کو ترقی حاصل ہوئی۔مثال کے طور پر ہندوستان میں مغلیہ حکومت نے ایک طاقتور مرکزی حکومت اور نظم ونسق کے نظام کو ترقی دی۔چین،ایران،ترکی اور یوروپ کے کئی علاقوں میں اسی طرح کی سلطنتیں قائم ہوئیں۔

ابتدائی جدید دور میں مختلف میدانوں میں عظیم ترقیاں ہوئیں خصوصاً سائنس (خاص کر علم فلکیات)،ریاضی،فلسفہ وغیرہ کے میدانوں میں۔اس دور میں چین،ہندوستان،عرب اور یوروپی ممالک کے سائنسدانوں کے مشاہدات اور تخمینوں کو جمع کیا گیا اوران کا مطالعہ کیا گیا۔گیلی لو جیسے عظیم سائنسدانوں نے کئی برسوں کی کاوشوں اور جدوجہد کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا کہ سورج شمسی نظام کا مرکز ہے اور زمین اور دیگر سیارے اس کے اطراف گردش کررہے ہیں۔عظیم ریاضی دانوں جیسے نیل کنٹھ سومیاجی،ڈیسکارٹیس،نیوٹن وغیرہ نے ستاروں اور سیاروں کی حرکات کا مطالعہ کرنے کے نئے طریقوں کو فروغ دیا۔

ابتدائی جدیددور کا تصور انسانی آزادی اور مساوات کے تصور سے مربوط ہے۔مختلف ملکوں میں اسکی مختلف شکلیں تھیں۔اس کا بڑا اثر عوام کی مذہبی فکر پر پڑا جسکی وجہہ سے عوام نے ہٹ دھرمی،تنگ نظری،مذہبی رہنماؤں کے تسلط اور قدیم مذہبی فکر کی رسوم پرستی کے خلاف بغاوت کی اور اس بات کے معترف ہوئے کہ تمام انسان بلاامتیاز پیدائش وسماجی مرتبہ خدا تک پہنچ سکتے ہیں۔فن کے میدان میں یہ تبدیلیاں انسانوں اور اپنے اطراف موجود دنیا کی حقیقی عکاسی کی صورت میں ظاہر ہوئی خصوصاً مصوری کے میدان میں۔ابتدائی جدید دور میں ہوئی ان تمام تبدیلیوں نے جدید دور کی عظیم ترقیوں کی راہ ہموار کی جن کے بارے میں آپ اب پڑھیں گے۔

SCERT TELANGANA

موجودہ دور میں ہم جمہوری طرز حکومت کے تصور سے واقف ہیں جس میں باقاعدہ وقفوں سے انتخابات ہوتے ہیں اور منتخبہ نمائندے قانون سازی کرتے ہیں اور حکومت چلاتے ہیں۔ایسی طرز حکومت میں تمام شہریوں کو بنیادی حقوق حاصل ہوتے ہیں۔تمام شہریوں کے ساتھ قانون مساوی سلوک کرتا ہے۔لیکن معلوم ہو کہ قدیم دور میں اس قسم کی جمہوری حکومتیں نہیں ہوا کرتی تھیں۔ملکوں پر بادشاہوں یا شہنشاہوں کی حکومت ہوا کرتی تھی۔ وہاں قانون بنانے کا اختیار بادشاہوں/شہنشاہوں کو ہی تھا۔سماج اعلیٰ اور ادنیٰ طبقات یا ذاتوں میں منقسم تھا۔جس میں ہر ایک کے علاحدہ علاحدہ مراعات اور ذمہ داریاں تھیں۔اس باب میں ہم پڑھیں گے کہ کیسے عوام نے جمہوری سیاسی نظاموں کو قائم کرنے کی جدو جہد کی اور سماجی مساوات کے مقصد کو حاصل کیا۔

یورپ کے دیگر ملکوں کی طرح انگلینڈ میں بھی 17ویں صدی عیسوی کی ابتداء میں بادشاہوں اور ملکاؤں (Queens) کی حکومت تھی۔ اس وقت انگلینڈ میں ٹیوڈر خاندان کی حکمرانی تھی اور پوپ رومن کیتھولک چرچ کا سربراہ ہوا کرتا تھا۔ ٹیوڈر بادشاہوں نے پوپ کی برتری اور اختیارات کو تسلیم کرنے سے انکار کردیا۔یہ ایک معنوں میں برطانوی قومیت کی ابتداء تھی کہ انگلینڈ کو پوپ اور رومن کیتھولک چرچ سے تسلط سے آزاد ہونا چاہیے۔اسی دوران پارلیمنٹ اور بادشاہ کے درمیان ایک نیا تنازعہ شروع ہوا کہ سلطنت میں ان دونوں میں کون زیادہ اختیارات کا مالک ہے؟ پارلیمنٹ میں زمینداروں اور تاجر طبقے کے نمائندوں کی اکثریت تھی اور کسی ٹیکس کو عائد کرنے اور قانون کی منظوری کے لیے بادشاہ کو پارلیمنٹ کی منظوری ضروری تھی۔آیئے دیکھتے ہیں کہ کس طرح اس تنازعہ سے انگلینڈ میں جمہوری حکومت کے قیام کی راہ ہموار ہوئی۔

> اگر ہم پر بادشاہوں کی حکومت ہوتی تو ہماری زندگیاں کیسے مختلف ہوتی تھیں؟
>
> ☆ اگر تمام لوگ قانون کے آگے مساوی رتبہ کے حامل نہ ہوں اور بعض کو دوسرے لوگوں کو قتل کرنے کا خصوصی حق ہو تو کیا ہوگا؟

## انگلینڈ۔خانہ جنگی اور شاندار انقلاب(Civil War and Glorious Revolution):

1603ء میں ٹیوڈر خاندان کی آخری ملکہ کے انتقال کے بعد اسٹیوارٹ خاندان کا جیمس اول انگلینڈ کا بادشاہ بنا۔وہ پسند نہیں کرتا تھا کہ پارلیمنٹ اس سے جواب طلب کرے۔اس کا ایقان تھا کہ بادشاہ کو مکمل اختیارات خدا کی طرف سے عطا ہوتے ہیں۔اس لیے بادشاہ کو حکومت کرنے کا الوہی حق حاصل ہوتا ہے۔اس لیے اس کا ماننا تھا کہ بادشاہ پر پارلیمنٹ کا کنٹرول نہ ہو۔



چارلس اول

جیمس اول کے بعد چارلس اول تخت نشین ہوا۔چارلس اول نے پارلیمنٹ کو تحلیل کردیا اور گیارہ سال تک بغیر پارلیمنٹ کے حکمرانی کی۔لیکن 1640ء میں اسے جنگوں کے لیے رقم کی ضرورت پڑی۔لہٰذا وہ خصوصی گرانٹ حاصل کرنے کے لیے پارلیمنٹ کو طلب کرنے پر مجبور ہوگیا۔ یہ پارلیمنٹ مسلسل 20سال 1640ء سے 1660ء تک جاری رہی۔اس لیے اسے طویل پارلیمنٹ کہا جاتا ہے۔

طویل پارلیمنٹ نے بادشاہ اور اسکے وزیروں کی مطلق العنانی پر کنٹرول کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس پارلیمنٹ نے چارلس اول کے وزیروں اور عہدیداروں کو سزائیں دیں۔اس نے بادشاہ کی قائم کردہ خصوصی عدالتوں کو برخواست کردیا۔ چارلس اول نے پارلیمنٹ میں داخلی اختلافات کا فائدہ اٹھانے



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

کی کوشش کی۔ پارلیمنٹ کے حامیوں اور بادشاہ کے حامیوں کے مابین خانہ جنگی کا آغاز ہوا۔ جو پانچ سال تک چلتی رہی۔ آخر کار چارلس اول کو شکست ہوئی اور 1649ء میں اسے پھانسی دے دی گئی۔ اور انگلینڈ ایک جمہوریہ بن گیا۔


البتہ جمہوری حکومت کا یہ تجربہ کامیاب اور مستقل ثابت نہ ہوا۔ 1688ء میں ولیم آرنج اور اسکی بیوی (چارلس اول کی نواسی) کو پارلیمنٹ نے انگلستان کے تخت کو قبول کرنے کی دعوت دی۔ اس نئے نظام حکومت میں وزراء پارلیمنٹ کو جوابدہ تھے اور بادشاہ کے اختیارات محدود کردئے گئے تھے۔ یہ انگلینڈ میں پارلیمانی جمہوریت کی ابتداء تھی۔ اب بادشاہ کا اختیار الوہی نہیں تھا بلکہ پارلیمنٹ کا عطا کردہ تھا۔ یہ تمام تبدیلیاں خون کا ایک قطرہ بہائے بغیر یا ایک بھی گولی چلائے بغیر لائی گئیں۔ اسی لیے اس کو **شاندار انقلاب یا غیر خونی انقلاب** کہا جاتا ہے۔

شاندار انقلاب نے بادشاہ یا قدیم زمینداروں کے اختیارات کا خاتمہ نہیں کیا، البتہ اس نے مختلف اکائیوں میں اختیارات کی تقسیم کے نظام کو تشکیل دیا۔ دھیرے دھیرے اختیارات ایوان عام (House of commons) کے ہاتھوں میں منتقل ہوگئے جو اوسط طبقے کی نمائندگی کرتا تھا۔

اس دور میں صرف صاحب جائداد افراد کو پارلیمانی انتخابات میں ووٹ دینے کا حق حاصل تھا۔ مختلف علاقوں میں نشستوں کی تقسیم آبادی کے اعتبار سے نہیں تھی۔ جس کے نتیجے میں کئی کم آبادی والے علاقوں کو زیادہ نشستیں حاصل تھیں جبکہ کئی کثیر آبادی والے علاقوں کو ایک بھی نشست نہیں دی گئی۔ انگلینڈ کے عام لوگوں نے ووٹ کے حق اور نظام میں تبدیلی کا مطالبہ کرنا شروع کیا۔ 1832ء میں رائے دہی کے حق کو مزید لوگوں تک وسعت دی گئی اور انتظامی نظام کی چند بے قاعدگیوں کو دور کیا گیا۔ اس طرح رائے دہی کا حق دھیرے دھیرے سماج کے تمام طبقات کو دیا گیا اور آخر کار 1928ء میں تمام بالغ افراد کو دیا گیا۔ بہرحال انگلینڈ میں پارلیمانی طرز کی حکومت بتدریج ارتقاء پائی۔

## امریکہ کی آزادی (American Independence) (1774-1789):

1492ء میں کولمبس کے براعظم امریکہ کو دریافت کرنے کے بعد 18ویں صدی عیسوی کے وسط میں انگلینڈ نے شمالی امریکہ کے مشرقی ساحل پر اپنی نوآبادیاں قائم کرلیں۔ امریکہ کی تیرہ ریاستیں انگلینڈ کی نوآبادیاں بن گئیں۔ ان میں سے اکثر پر انگلینڈ کے عوام کا قبضہ تھا جو انگلینڈ سے امریکہ آکر سکونت پذیر ہوگئے اور وہاں کاشتکاری، تجارت اور چھوٹے کارخانے چلانے لگے تھے۔ انگلینڈ کی پارلیمنٹ ان امریکی ریاستوں کی نوآبادیوں پر اپنے اختیارات چلاتی تھی لیکن ان ریاستوں کے عوام کو پارلیمنٹ کے انتخابات میں ووٹ دینے کا حق نہیں تھا۔


تھامس جیفرسن

1750ء کے عشرے تک امریکی کالونیاں زیادہ تر چھوٹے اور اوسط درجے کے کسانوں سے آباد تھیں جو زمینوں کے مالک بھی تھے اور خود ہی کاشتکاری بھی کرتے تھے۔ ان نوآبادیوں میں کثیر تعداد میں دستکار اور تاجر بھی تھے۔ البتہ ان نوآبادیوں میں ہندوستان یا یورپ کی طرح طاقتور زمیندار اور شاہی خاندان کے لوگ نہیں تھے۔ اس لیے وہاں عوام کے مابین کسی درجے میں مساوات موجود تھی۔ اس کے علاوہ وہاں کسی ایک مذہب کو مکمل غلبہ بھی نہیں تھا۔ حالانکہ لوگوں کی اکثریت عیسائیوں کی تھی لیکن وہ مختلف فرقوں سے تعلق رکھتے تھے اور اپنے اپنے چرچ رکھتے تھے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہاں کے کلیسا کے عہدیدار یورپ کے اہل کلیسا کے مساوی اختیارات اور سماجی مرتبہ کے حامل نہیں تھے۔ کئی مشہور امریکیوں

نے امریکہ میں سماجی مساوات کی ترغیب دی اور اسے قائم کرنے کی کوشش کی۔ان میں سے کئی جیسے ٹام پین اور تھامس جیفرسن نے سیاسی مساوات اورعوام کی آزادی فکر کے لیے سرگرم جدوجہد کی۔درحقیقت ان کی تحریروں سے ہمارے بعض عظیم قائدین جیسے جیوتی با پھولے کوترغیب ملی کہ وہ سماجی انصاف اور مساوات کے لیے جدوجہد کریں۔

برطانوی پارلیمنٹ اکثر و بیشتر ایسے قوانین منظور کرتی تھی جونوآبادیوں کے امریکی عوام سے زیادہ انگریز تاجروں اور کارخانوں کے مفاد میں ہوں۔اس لیے امریکی نوآبادیوں نے ''بغیرنمائندگی کے کوئی محصول نہیں'' کا نعرہ بلند کیا۔1774ء میں بارہ نوآبادیوں کے نمائندوں نے انگلینڈ کے خلاف احتجاج کرنے کے لیے فلاڈلفیا میں ایک کانگریس منعقد کی۔انہوں نے بادشاہ جارج سوم سے درخواست کی کہ ان کے سابقہ حقوق بحال کئے جائیں۔لیکن بادشاہ نے ایسا کرنے سے انکار کردیا اور نوآبادیوں کو کچلنے کی کوشش کی۔جس کے نتیجے میں برطانوی اور امریکی فوجیوں کے درمیان مسلح جھڑپیں شروع ہوئیں۔

دوسری کانگریس نے بھی کسی پرامن حل تک پہنچنے کی کوشش کی۔انہوں نے بادشاہ سے اپیل کی کہ انکی اجازت کے بغیران پر کوئی ٹیکس عائد نہ کیا جائے۔بادشاہ نے اس بات کو بغاوت قرار دیا اور اپریل 1775ء میں جنگ کا اعلان کیا۔آخرکار اکٹوبر 1781ء میں امریکیوں نے فرانس کی فوجی مدد سے اس جنگ میں فتح حاصل کی۔امریکہ کی جنگ آزادی کا اختتام 1783ء میں پیرس معاہدہ پر انگلینڈ کے دستخط کرنے کے بعد ہوا۔انگلینڈ نے امریکہ کی تیرہ نوآبادیوں کی آزادی کو تسلیم کرلیا۔

### امریکہ کی آزادی کا اعلان نامہ (The Declaration of American Independence):

آزادی کے اعلان نامہ کو 4/جولائی 1776ء کوفلاڈلفیا کی تیسری کانگریس کے دوران منظور کیا گیا۔تھامس جیفرسن اس اعلان نامہ کا اہم مصنف تھا۔اس میں اعلان کیا گیا کہ تمام انسان مساوی تخلیق کئے گئے ہیں اور خالق نے انہیں بعض حقوق عطا کئے ہیں جنہیں چھینا نہیں جاسکتا،جس میں حق زندگی ، آزادی اور خوشیوں کے حصول کا حق بھی شامل ہے۔1789ء میں ریاستہائے متحدہ امریکہ کی حکومت نے ایک جمہوری دستور کومنظور کیا۔یعنی اب ریاستہائے متحدہ امریکہ پر بادشاہوں کی حکمرانی نہیں ہوسکتی بلکہ عوام کے منتخب نمائندوں کی حکومت ہوگی۔

جمہوریہ (Republic): جہاں مملکت کا سربراہ جمہوری طریقے سے منتخبہ صدر ہوتا ہے نہ کہ بادشاہ۔

کانگریس (Congress): کسی گروپ کے ارکان یا نمائندوں کا رسمی اجلاس یا اجلاسات جس میں کسی معاملہ پر گفت وشنید ہوتی ہے۔

☆ انگلینڈ اور امریکہ کے انقلابات کے نتائج کا تقابل کیجئے۔کس نے حکومت کے بالکلیہ نئے اصولوں کی تشکیل کی کوشش کی؟

☆ کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ تھامسن جیفرسن کے بنائے ہوئے حقوق موجودہ نسل کے لیے ضروری ہیں؟ بحث کیجئے۔

### فرانسیسی انقلاب (French Revolution) :

1774ء میں لوئی سولہ فرانس کا بادشاہ بنا۔لوئی سولہ نے دیکھا کہ ملک کا خزانہ خالی ہے۔طویل مدتی جنگوں نے فرانس کے مالی وسائل کو کافی نقصان پہنچایا تھا۔اس کے علاوہ ورسیلز کے شاندار محل میں دربار کے انتظام کے اخراجات بھی کافی زیادہ تھے۔لوئی سولہ کی حکمرانی کے دور




SCERT TELANGANA

میں فرانس نے امریکہ کی نوآبادیوں کی انگلینڈ سے آزادی حاصل کرنے میں مدد کی کیونکہ انگلینڈ ان دونوں کا مشترکہ دشمن تھا۔اس جنگ نے مالی بدحالی کو اور بڑھادیا۔ریاست کو اپنی روزمرہ ضروریات کی تکمیل جیسے دربار کا نظم،فوج کا انتظام اور سرکاری ادارے یا جامعات چلانے کے لیے ٹیکسوں میں اضافہ کرنے پر مجبور ہونا پڑا۔اس کے باوجود وہ رقم ناکافی تھی۔

## سماجی ومعاشی حالات:

18 ویں صدی عیسوی میں فرانس کا سماج تین طبقوں میں منقسم تھا۔پہلا طبقہ اہل کلیسا کا تھا،دوسرا اشرافیہ اور امراء کا تھا اور تیسرا طبقہ سماج کے باقی افراد جیسے تاجر،وکلاء،کسان،مزدور اور غلاموں پر مشتمل تھا۔کسان فرانس کی آبادی کا 90 فیصد تھے۔لیکن ان میں بہت کم لوگوں کے پاس کاشتکاری کے لیے ذاتی زمینات تھیں۔تقریباً 60% زمین کے مالک اہل کلیسا اور تیسرے اسٹیٹ کے دولت مند ارکان تھے۔



اسٹیٹ کی سوسائٹیA Society of State

اعلیٰ درجے کے دو اسٹیٹس کے ارکان یعنی اہل کلیسا اور اشرافیہ کو سماج میں کئی مراعات حاصل تھیں۔ان میں سے سب سے اہم یہ تھا کہ انہیں ریاست کو کسی قسم کے ٹیکس دینے کی ضرورت نہیں تھی۔امراء کو بھی کئی جاگیرداری مراعات حاصل تھیں۔جن میں ایک یہ بھی تھا کہ کسان انہیں رقومات ادا کرتے اور کسانوں کو مجبور کیا جاتا تھا کہ وہ ان امراء کے گھروں،جائدادوں اور کھیتوں میں خدمات انجام دیں۔اس کے علاوہ انہیں فوجی خدمات اور سڑکوں کی تعمیر کے لیے بھی استعمال کیا جاتا تھا۔

چرچ کی جانب سے بھی کسانوں سے "Tithes" نامی ٹیکس وصول کیا جاتا تھا۔تیسرے اسٹیٹ کے تمام ارکان کو ریاست کو ٹیکس ادا کرنا پڑتا تھا۔ان میں راست ٹیکس بھی تھے جو "Taille" کہلاتا تھا اور کئی بالواسطہ ٹیکس بھی تھے جو روزمرہ کے استعمال کی اشیاء جیسے نمک،تمباکو وغیرہ بھی عائد کئے جاتے تھے۔اس طرح حکومت کی ساری کارکردگیوں کے لیے درکار سرمایہ تیسرے اسٹیٹ کی جانب سے ادا کردہ ٹیکس سے حاصل کیا جاتا تھا۔تیسرے اسٹیٹ کی تکالیف میں فصلوں کی ناکامی سے مزید اضافہ ہوجاتا تھا اور ان سالوں میں کسانوں اور غرباء کی تکالیف بہت زیادہ ہوگئی تھیں۔

Nobility۔اشرافیہ اور بیوروکریٹس (سرکاری عہدیداروں) کا گروہ۔


Tithes۔چرچ کی جانب سے کسانوں پر عائد کردہ ٹیکس۔جو زرعی پیداوار کا دسواں حصہ ہوتا تھا۔

Taille۔مملکت کو ادا کیا جانے والا راست ٹیکس

SCERT TELANGANA

## ابھرنے والا متوسط طبقہ اور مراعات کا اختتام:

اٹھارویں صدی عیسوی میں ابھر آنے والا یہ نیا سماجی گروہ مجموعی طور پر متوسط طبقہ کہلایا۔ انہوں نے بیرون ملک تجارت اور اشیاء کی تیاری مثلاً ریشم اور اوون کے ملبوسات سے اپنی دولت میں اضافہ کیا۔ تاجروں اور کارخانہ داروں کے علاوہ تیسری اسٹیٹ میں پیشہ ور افراد جیسے وکیل اور انتظامی عہدیدار بھی تھے۔ یہ تمام لوگ تعلیم یافتہ تھے۔ ان کا ایقان تھا کہ سماج کے کسی بھی گروہ کو پیدائشی طور پر مراعات حاصل نہیں ہونا چاہیے بلکہ ایک فرد کا سماجی مرتبہ اسکی اپنی صلاحیتوں کے اعتبار سے ہونا چاہیے۔ جان لاک، جین جیکس روسو جیسے مفکرین نے ایسے سماج کو تشکیل دینا چاہا جو سب کے لیے آزادی، مساوی قوانین اور مساوی مواقع پر مبنی ہو۔ جان لاک نے اپنی کتاب Two Treatises of Government میں اس نظریہ کی مخالفت کی ہے کہ بادشاہوں کو مکمل اختیارات حاصل ہوں۔ روسو نے اس تصور کو مزید فروغ دیا۔ روسو نے خیال پیش کیا کہ حکومت، عوام اور انکے نمائندوں کے درمیان سماجی معاہدہ (Social Contract) پر مبنی ہونا چاہیے۔ ماٹیسکو نے اپنی کتاب The Spirit of laws میں اختیارات کی تقسیم کے نظریے کو پیش کیا اس نے کہا حکومتی اختیارات مقنّنہ (قانون بنانے والی جماعت)، عاملہ (قانون کو نافذ کرنے والی جماعت) اور عدلیہ (انصاف کرنے والی جماعت) کے درمیان تقسیم کئے جائیں۔ انگلینڈ سے آزادی حاصل کرنے کے بعد امریکہ کی تیرہ نو آبادیوں نے اس طریقہ حکومت کو اپنایا۔ امریکی دستور اور اس میں دی گئی انفرادی حقوق کی یقین دہانی فرانس کے مفکرین کے لیے ایک بہترین مثال تھے۔



شکل 12.1 5 مئی 1789ء کو ورسیلز کے مقام پر منعقد ہونے والی اسٹیٹ جنرل رسم افتتاح

## انقلاب کا آغاز (The outbreak of Revolution)

جیکس لوئی ڈیوڈ کی بنائی ہوئی ایک بڑی تصویر۔ اس کو قومی اسمبلی میں آویزاں کرنے کے لیے بنایا گیا تھا 5 رمئی 1789ء کو لوئی سولہ نے نئے ٹیکسوں کو منظور کرانے کے لیے اسٹیٹ جنرل کا اجلاس طلب کیا۔ ورسیلز کے ایک شاندار محل میں اجلاس کے انتظامات کئے گئے۔ پہلے اور دوسرے اسٹیٹ نے فی کس 300 نمائندوں کو روانہ کیا، جو اجلاس میں آمنے سامنے قطاروں میں بیٹھے ہوئے تھے۔ لیکن تیسرے اسٹیٹ کی جانب سے آئے 600 نمائندوں کو پہلی اور دوسری اسٹیٹ کے قطاروں کے پیچھے کھڑے ہونے کو کہا گیا۔ تیسرے اسٹیٹ کی نمائندگی ان کے خوشحال اور تعلیم یافتہ ارکان کر رہے تھے۔ کسانوں، دستکاروں اور خواتین کو اجلاس میں شرکت کی اجازت نہیں دی گئی۔ البتہ ان کے مسائل اور مطالبات کو تحریر کرکے 40,000 درخواستوں کی شکل میں نمائندے اپنے ساتھ لے آئے تھے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

ماضی میں اسٹیٹ جنرل کی ووٹنگ میں ہر اسٹیٹ کو ایک ووٹ دینے کا حق تھا۔ اس وقت بھی لوئی سولہ نے چاہا کہ اسی اصول پر عمل کیا جائے۔ لیکن تیسرے اسٹیٹ کے ارکان نے مطالبہ کیا کہ اجلاس میں ووٹنگ مجموعی طور پر کی جائے جہاں ہر رکن کو ایک ووٹ کا حاصل ہو۔ یہ ایک جمہوری اصول تھا جسے مفکرین جیسے روسو نے اپنی کتاب سماجی معاہدے (Social Contract) میں پیش کیا تھا۔ جب بادشاہ نے اس تجویز کو مسترد کر دیا تو تیسرے اسٹیٹ کے ارکان احتجاج کے طور پر اجلاس سے باہر چلے گئے۔

### ٹینس کورٹ کا حلف

تیسرے اسٹیٹ کے نمائندوں نے یہ سوچا کہ وہی دراصل تمام فرانسیسی قوم کی نمائندگی کرنے والے ہیں۔ وہ 20/جون 1789ء کو ورسیلز کے ایک میدان میں ٹینس کورٹ کے ہال میں میرابو، ایب سائی آئس اور بیلی کی قیادت میں جمع ہوئے۔ انہوں نے خود کو قومی اسمبلی کی حیثیت سے اعلان کیا اور عہد کیا کہ وہ اس وقت تک وہاں سے واپس نہیں جائیں گے جب تک کہ فرانس کے لیے ایک دستور مرتب نہ کر لیں جس میں بادشاہ کے اختیارات کم کر دیے جائیں۔

جب قومی اسمبلی ورسیلز میں دستور کو مرتب کرنے میں مصروف تھی تو سارے فرانس میں ایک پریشانی اور تناؤ کی حالت تھی۔ شدید سردی کے



تصویر۔12.2۔ٹینس کورٹ کا حلف۔

موسم کی وجہ سے فصلیں تباہ ہو گئیں۔ جسکی وجہ سے روٹی کی قیمت بہت زیادہ ہو گئی۔ بیکری والوں نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے روٹی کی سپلائی کو ذخیرہ کرنا شروع کیا۔ بیکری کی دکانوں پر لوگ روٹی کی خاطر گھنٹوں انتظار میں کھڑے ہوتے۔ کافی عرصے انتظار کے بعد غصہ میں بھرے خواتین کے ہجوم دکانوں میں زبردستی گھس پڑے۔ اسی دوران بادشاہ نے فوج کو پیرس میں داخل ہونے کا حکم دیا۔ 14/جولائی کو مشتعل ہجوم نے زبردستی باسٹل کے قید خانے پر حملہ کر کے اسے تباہ کر دیا۔ یہ قید خانہ بادشاہ کی مطلق العنانیت کی علامت تھا۔ اس دن کو فرانس کے قومی دن کی حیثیت سے منایا جاتا ہے۔

باغی عوام کی طاقت اور غصہ کو دیکھتے ہوئے آخر کار لوئی سولہ نے قومی اسمبلی کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا۔ اس نے اس بات کو بھی منظور کر لیا کہ اب سے اسکے اختیارات پر ایک دستور کے ذریعے پابندیاں عائد کی جائیں۔ 4/اگست 1789ء کو قومی اسمبلی نے ایک قانون پاس کیا جس کے ذریعے جاگیرداری نظام اور اسکے عائد کردہ ٹیکسوں اور پابندیوں کو ختم کر دیا گیا۔ اہل کلیسا کی مراعات کو بھی برخواست کر دیا گیا۔ Titthes کو برخواست کر کے کلیسا کی ملکیت میں موجود زمینوں کو ضبط کر لیا گیا۔


SCERT TELANGANA

## فرانس میں دستوری بادشاہت کا قیام

قومی اسمبلی نے 1791ء میں دستور کے مسودہ کو تیار کرلیا۔اس کا بنیادی مقصد بادشاہ کے اختیارات کو محدود کرنا تھا۔اب یہ اختیارات کسی ایک فرد کے ہاتھوں میں مرکوز نہیں رہے۔انہیں اب مختلف اداروں یعنی مقنّنہ، عاملہ اور عدلیہ میں تقسیم کیا گیا۔اس سے فرانس ایک دستوری بادشاہت والا ملک بن گیا۔

1791ء کے دستور نے قومی اسمبلی کو قانون سازی کا اختیار عطا کیا۔لیکن تمام شہریوں کو ووٹ دینے کا حق نہیں تھا۔صرف سرگرم شہریوں کو ہی ووٹ دینے کا حق حاصل تھا۔سرگرم شہری سے 25 سال کی عمر والے وہ مرد تھے جو کسی مزدور کی تین دن کی اجرت کے برابر ٹیکس ادا کرتے تھے۔سرگرم شہری اپنے ووٹ کے ذریعے انتخاب کنندوں کی جماعت کا انتخاب کرتے تھے۔جسے قومی اسمبلی کو منتخب کرنے کا اختیار رہوتا تھا۔

انتخاب کنندہ بننے یا اسمبلی کا رکن بننے کے لیے ضروری تھا کہ امیدوار کثیر ٹیکس ادا کرنے والے طبقے سے ہو۔دستور کا آغاز مردوں اور شہریوں کے حقوق کے اعلامیے سے ہوتا ہے۔زندگی کے حق' تقریر کی آزادی' رات کی آزادی' قانون کی نگاہ میں برابری جیسے حقوق کو 'فطری اور ناقابل تنسیخ حقوق' تسلیم کیا گیا تھا۔اس کا مطلب یہ تھا کہ یہ حقوق ہر فرد کو پیدائشی طور پر حاصل ہوں گے اور کسی بھی صورت میں واپس نہیں لیئے جائیں گے۔شہریوں کے ان 17 فطری حقوق کا تحفظ کرنا حکومت کا فرض منصبی ہوگا۔




**1791 کے دستور کے تحت سیاسی نظام**

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

## مرداور شہری کے حقوق کا اعلان




1۔ لوگ آزاد پیدا ہوتے ہیں اور اپنے حقوق کے اعتبار سے آزاد اور مساوی ہوتے ہیں۔
2۔ ہر سیاسی تنظیم کا مقصد یہ ہے کہ وہ انسانوں کے قدرتی اور ناقابل تنسیخ حقوق کا تحفظ کرے۔ان میں آزادی، جائداد، سلامتی اور ظلم کے خلاف آواز اٹھانے کا حق شامل ہیں۔
3۔ اقتدار اعلیٰ کا سرچشمہ صرف قوم ہوتی ہے۔کوئی گروہ یا فرد کسی ایسے اختیار کا استعمال نہیں کر سکتا جس کی اجازت اسے عوام سے حاصل نہ ہو۔
4۔ آزادی سے مراد کسی ایسے کام کو کرنے کا اختیار ہے جو دوسروں کے لیے نقصان دہ نہ ہو۔
5۔ قانون کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ ایسی سرگرمیوں کی روک تھام کرے جو سماج کے لیے مضر ہوں۔
6۔ قانون دراصل عوام کی عمومی رائے کا اظہار ہے۔تمام شہریوں کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ قانون سازی کے عمل میں بہ ذات خود یا اپنے نمائندوں کے ذریعے شرکت کریں۔تمام شہری قانون کے آگے مساوی ہیں۔
7۔ کسی فرد کو غیر قانونی طریقہ سے ملزم قرار نہیں دیا جا سکتا، نہ ہی اسے گرفتار کیا جا سکتا ہے اور نہ حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔
8۔ ہر شہری کو اظہار خیال، تحریر اور اشاعت کی آزادی حاصل ہے۔لیکن ان آزادیوں کے غلط استعمال کی ذمہ داری قانوناً اسی پر عائد ہوگی۔
9۔ عوامی فوج کی تنظیم اور نظم و نسق کے اخراجات کے لیے ایک عام ٹیکس نہایت ضروری ہے۔اسے سارے شہریوں پر انکی آمدنی کے ذرائع کے اعتبار سے مساوی طور پر عائد کیا جائے گا۔
10۔ چونکہ جائداد کا حق ایک مقدس اور ناقابل تنسیخ حق ہے اس لیے کسی کو اس سے روکا نہیں جائے گا، سوائے اس کے کہ قانونی طور پر کوئی عوامی ضرورت پیش آئے۔اس صورت میں اس فرد کو مناسب معاوضہ پیشگی ادا کیا جانا چاہیے۔

(نوٹ:۔مذکورہ بالا فہرست مکمل نہیں ہے، بلکہ صرف دس منتخب نکات کو یہاں درج کیا گیا ہے)

SCERT TELANGANA

مصلحین کا خیال تھا کہ انقلاب کو جاری رہنا چاہیے کیوں کہ 1791ء کے دستور نے صرف سماج کے دولت مند طبقات کو ہی سیاسی حقوق عطا کئے ہیں۔لوگ سیاسی انجمنوں (کلبوں) میں جمع ہو کر حکومت کے پالیسیوں پر بحث کرنے اور اپنے لیے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنے لگے۔ان کلبوں میں سب سے کامیاب کلب جاکوبن کلب تھا، یہ نام پیرس میں ایک سابقہ پادری سینٹ جیکب کے نام پر رکھا گیا تھا۔
جاکوبن کلب کے ارکان کا تعلق سماج کے کم دولت مند طبقوں سے تھا۔ان میں چھوٹے دکاندار، دستکار، جیسے موچی، بیکرس، گھڑی ساز، پرنٹرس، دیگر ملازمین اور روزانہ اجرت پر کام کرنے والے مزدور شامل تھے۔ان کا قائد Maximilian Robespierre تھا۔

1792ء کے موسم گرما میں جاکوبن کلب کے ارکان نے پیرس میں بڑے پیمانے پر بغاوت کا منصوبہ بنایا۔ پیرس کے عوام غذائی اشیاء کی قلت اور قیمتوں میں اضافہ سے ناراض تھے۔ 10/اگست کی صبح کو پیرس کے لوگ Tuileries کے محل میں زبردستی داخل ہوگئے، بادشاہ کے محافظوں کا قتل کردیا اور بادشاہ کو کئی گھنٹوں تک یرغمال بنالیا۔ بعد میں قومی اسمبلی نے شاہی خاندان کو قید کرنے کا فیصلہ کیا۔ انتخابات منعقد کئے گئے۔ اس کے بعد سے 21 سال کی عمر یا اس سے زائد کے تمام مردوں کو دولت کے امتیاز کے بغیر ووٹ دینے کا حق عطا کیا گیا۔

اس منتخب کردہ نئی اسمبلی کو کنونشن کا نام دیا گیا۔ گرانڈٹس، جاکوبنس اور عوام اس نئی اسمبلی کے اراکین تھے۔ 21 ستمبر 1792ء کو کنونشن نے بادشاہت کو منسوخ کردیا اور فرانس کا ایک جمہوریہ کی حیثیت سے اعلان کیا گیا۔ آپ جانتے ہیں کہ ایک جمہوریہ سے مراد ایسی طرز حکومت ہے جہاں حکومت اور ملک کے سربراہ کا انتخاب عوام کرتے ہیں۔ لوئی سولہ اور میری انٹونیٹ کو عدالت نے غداری کے جرم میں سزائے موت دی۔

### دہشت کا دور

1793ء سے لے کر 1794ء کا عرصہ دہشت کے دور سے جانا جاتا ہے۔ رابس پائیر نے، جو جاکوبن کلب کا قائد تھا سخت نگرانی اور سزاؤں کی پالیسی پر عمل کیا۔ اس نے ان تمام افراد کو گرفتار کیا، قید میں ڈالا اور سزائیں دی جو اس کی نظر میں جمہوریہ کے دشمن تھے۔ ان میں سابقہ امراء اور اہل کلیسا، دیگر سیاسی پارٹیوں کے ارکان اور یہاں تک کہ خود اسکی پارٹی کے ارکان بھی تھے جو اس کے طریقہ کار سے اتفاق نہیں رکھتے تھے۔ اگر عدالت انہیں مجرم قرار دیتی تو ان کی گردنیں اڑا دی جاتیں۔


تصویر۔12.3۔ گلٹن

رابس پائیر کی حکومت نے اجرتوں اور قیمتوں کے حد کا تعین کرتے ہوئے قوانین منظور کئے۔ تمام لوگوں کو کھانے کے لیے روٹی اور گوشت کی بھی ایک مقدار متعین کردی گئی۔ کسانوں کو مجبور کیا جاتا تھا کہ وہ اپنی غذائی اجناس کی پیداوار کو شہروں کو روانہ کریں اور حکومت کی طے کردہ قیمتوں پر فروخت کریں۔ مہنگے سفید آٹے کے استعمال پر پابندی عائد کردی گئی۔ تمام شہریوں کو مساوی روٹی کھانے کے لیے کہا گیا، جو گیہوں کے آٹے کی بنی ہوتی تھی۔ چرچوں کو بند کردیا گیا اور انکی عمارتوں کو فوجیوں کے بیرکوں یا دفاتر کے لیے استعمال کیا جانے لگا۔ روبس پائیر نے اپنی پالیسیوں کو اتنی سختی سے روبہ عمل لایا کہ خود اسکی حمایت کرنے والے بھی اس سے پالیسیوں میں نرمی لانے کی مانگ کرنے لگے۔ آخرکار، جولائی 1794ء میں عدالت نے روبس پائیر کو مجرم قرار دیا، اسے گرفتار کیا گیا اور اس کی گردن اڑا دی گئی۔

## خواتین اور فرانس کا انقلاب

خواتین ابتداء ہی سے ان واقعات میں سرگرم شرکت کرتی رہی جنھوں نے فرانس کے سماج میں اہم تبدیلیاں پیدا کیں۔ ان خواتین نے امید کی کہ انکی سرگرم شرکت کی وجہہ سے انقلابی حکومت خواتین کی زندگیوں میں بہتری لانے کے اقدامات کرنے پر مجبور ہوگی۔ تیسرے اسٹیٹ کی اکثر خواتین کو زندگی بسر کرنے کے لیے کام کرنا پڑتا تھا۔ اپنی صدا بلند کرنے کے لئے خواتین نے اپنے خود کے سیاسی کلبس اور اخبارات کا آغاز کیا۔ ان کا اہم مقصد یہ تھا مردوں کو حاصل سیاسی حقوق خواتین کو بھی حاصل ہوں۔ 1791ء میں دستور نے انہیں غیر متحرک شہری بنایا۔ جس سے وہ مایوسی کا شکار ہوگئیں۔ انہوں نے ووٹ کے استعمال کا حق، اسمبلی کے لیے مقابلہ کا حق اور سیاسی عہدہ حاصل کرنے کے حق کا مطالبہ کیا۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

| | |
|---|---|
| 1781 | فرانس نے برطانیہ کے خلاف امریکی نوآبادیوں کی مدد کی |
| 1789 | اسٹیٹس جنرل کا اجلاس، نئے ٹیکسوں کی تجویز، ٹینس کورٹ کا عہد |
| 1791 | فرانس میں دستوری بادشاہت کا قیام، مرد اور شہریوں کے حقوق کا اعلان |
| 1793-1794 | دہشت کا دور |
| 1799-1805 | نپولین کی حکمرانی بحیثیت مشیر اول |
| 1806-1815 | بادشاہ کی حیثیت سے نپولین کی حکمرانی |
| 1815 | ویانا کانفرنس، |
| 1871 | فرانس ایک جمہوریہ بن گیا |
| 1871 | جرمنی کا اتحاد |
| 1871 | اطالیہ کا اتحاد |

فرانس کے انقلاب کا ایک خاکہ


ووٹ کے حق اور مساوی اجرتوں کے لیے خواتین کی تحریکیں آئندہ دو سو سال تک دنیا کے کئی ممالک میں جاری رہیں۔حق رائے دہی کی بین الاقوامی تحریک کے ذریعے انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے ابتداء میں ووٹ کے حق کے لیے جدو جہد جاری رہی۔انقلاب کے سالوں میں فرانسیسی خواتین کی سیاسی سرگرمیاں دنیا بھر میں خواتین کے لیے تحریک کا باعث بنیں۔ آخر کار 1946ء میں فرانس کی خواتین کو ووٹ ڈالنے کا حق دیا گیا۔

## نظامت کی حکومت: نپولین نے اقتدار حاصل کرلیا

قومی کنوینشن میں ایک دستور ترتیب دیا جو کہ ایک نظامت کی تشکیل کا سبب بنا جو کہ پانچ ارکان عاملہ پر مشتمل تھی۔تاکہ فرانس پر حکومت کر سکے۔یہ تمام ارکان نا قابل، رشوت خور اور عدم اتحاد کا شکار تھے۔انہوں نے عوام میں اپنی مقبولیت کو کھو دیا۔حکومتی خزانہ کالی ہو چکا تھا۔روپئے کی قدر سو فیصد تک گھٹ گئی تھی۔عوام جو مختلف سیاست میں الجھے ہوئے تھے ایسے قائد کی تلاش میں تھے جو کہ انقلاب کی حفاظت کر سکے اور ملک کی قیادت کر سکے۔نپولین بوناپارٹ جس نے فرانس میں متعدد فتوحات حاصل کیں تھیں ایسا شخص قرار دیا گیا جس پر امید کی جاسکے۔بلآخر نپولین نے ایب سائس کی مدد سے اقتدار حاصل کرلیا، اُس نے ایک نئی حکومت تشکیل دی جو کہ سفارت خانہ کہلائی اُس نے 1799ء سے 1804ء پانچ سال تک پہلے سفارت کار کی حیثیت سے حکومت کی بعد میں اُس نے اپنے آپ کو فرانس کا شہنشاہ قرار دیا اور آئندہ 10 سال 1805ء



SCERT TELANGANA




تصویر۔12.4: نپولین بونا پارٹ

سے 1815ء تک حکومت کی۔

سیاسی اور دستوری تبدیلیاں واقع ہوئیں کیوں کہ انقلابِ فرانس نے شہنشاہیت سے فرانسیسی عوام کو اقتدار کی منتقلی میں مدد کی، جب نپولین برسر اقتدار ہوا وہ پیچھے کی طرف ایک قدم تھا گو کہ اُس نے اقتدار بنالیا تھا لیکن وہ عوام کے جمہوری جذبہ کو نہیں نکال سکا۔

1815ء میں جب نپولین نے جنگ واٹرلو (water-loo) میں شکست کھائی فرانس میں دوبارہ شہنشاہیت کا احیاء ہوا۔ تشکیل حکومت میں یہ ساری تبدیلیوں کے ذریعہ سے آزادی کا فلسفہ مساوات اور بھائی چارگی کے جذبے نے عوام کے اندر تحریک پیدا کردی۔ ان فلسفوں نے فرانس اور تمام یورپ میں آنے والی صدی میں سیاسی تحریکات کی طرف راغب کیا۔ نپولین کے اقتدار میں فرانس عروج پر پہنچ گیا۔ اُس نے یورپ کے آسٹریا اور پروشیا کو شکست دی اس نے اسپین اور پرتگال کو شکست دی اور پرتگال پر قبضہ کرلیا۔ ان فتوحات کے ذریعہ سے نپولین شہنشاہ بن گیا۔ 1810ء تک ترک سلطنت اور برطانیہ کو چھوڑ کر تمام یورپ اُس کے ماتحت آ گیا۔

ساری شہنشاہی طاقتیں برطانیہ کی سرپرستی میں ایک معاہدے میں آ گئیں تا کہ نپولین کو شکست دی جا سکے۔ بہت کوششوں کے بعد یہ اتحاد 1815ء میں جنگ واٹرلو (water-loo) میں نپولین کو شکست دے سکا۔

اُسی سال ویانا کانگریس نے آسٹریا کے وزیر اعظم میٹرنک کی صدارت میں یورپ کے سیاسی ڈھانچے کو تبدیل کردیا۔ کئی سلطنتوں میں شہنشاہیت بحال کردی گئی۔ لوئی 18 کو فرانس کا بادشاہ منتخب کیا گیا۔ چارلس دہم کو اُس کا جانشین بنایا گیا۔ اُس نے فرانس کے امرا اور اہل کلیسا کے خصوصی حقوق کے احیا کی کوشش کی، اُس نے نمائندہ ایوان اور صحافت کی آزادی کو برخواست کردیا۔ غرض 1830ء میں انقلاب واقع ہوا اور اُس کے قریبی رشتہ دار لوئی فلپ کو بادشاہ مقرر کیا گیا۔ اور وہ اُن اصلاحات کو لانے میں ناکام رہا جو عوام چاہتے تھے۔ اُس نے مصلحین کے اجتماع کو اپنے خلاف سازش سمجھتے ہوئے ممنوع قرار دیا چونکہ احتجاج پرتشدد ہو گیا تھا۔ ایک اور انقلاب 1848ء میں شروع ہوا اور لوئی فلپ فرانس سے فرار ہو گیا۔ بعد میں انقلابیوں نے فرانس کو دوسرا جمہوریہ قرار دیا۔ گو کہ 1848ء میں شہنشاہیت ختم کردی گئی تھی۔ وہ نپولین سوم کے

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21




**نقشہ:2۔1815ءمیں کانگریس آف ویانا کے بعد یورپ کا نقشہ**

دور میں دوبارہ لادی گئیں۔لیون گیامبیٹا کی قیادت میں تیسری مرتبہ فرانس کو جمہوریہ قرار دیا گیا۔

## جرمنی کا اتحاد (Unification of Germany)

انیسویں صدی تک جرمنی کئی چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں منقسم تھا کسی زمانے میں وہ مقدس یونانی سلطنت کا حصہ تھے 1806ء میں فرانس کے حاکم نپولین نے انھیں فتح کیا اور ایک 39 سلطنتوں پر مشتمل رہائن وفاق کا قیام عمل میں لایا پہلی مرتبہ یہ سلطنتیں ایک حاکم کے زیر حکومت تھیں اسی لئے جرمنی کے لوگوں میں قومی نظریات تشکیل پا گئے۔وہ ایک قوم کی حیثیت سے رہنا چاہتے تھے اُس وقت جب آزادی پسند، قدامت پسند، اور محبّ وطن لوگوں نے قوم پرستی کا مزہ چکھا لیکن ویانا کانگریس نے نپولین کے زوال کے بعد سابق کی طرح ان سلطنتوں کا احیا کیا ایک چنگی محصول کی انجمن ''زولوویرین'' نے ان ممالک میں آزادانہ تجارت ورمعاشی تعاون کے سلسلہ میں چند اصول وضوابط مرتب کئے جرمن کی عوام میں اس کی وجہ سے اتحاد کا احساس ہوا یہ معاشی تعاون جرمنی کے اتحاد میں سیاسی اتحاد جو یکجا کرنے کے لیے پہلا قدم ثابت ہوا۔

☆ آپ یہ کس طرح سمجھ سکتے ہیں کہ نپولین کی فتوحات اُن ممالک میں قومیت پسندی کے اُبھرنے میں مددگار ثابت ہوئیں۔

SCERT TELANGANA

پروشیا جوکہ جرمن سلطنت کی سب سے بڑی سلطنت تھی اُس کے حکمران ولیم اول اور اُس کے نگران کار بسمارک نے 7 برسوں میں تین جنگوں کے ذریعہ سے جرمنی کے اتحاد کو ممکن بنایا ۔بسمارک نے ''لہو اور آہن'' کی پالیسی اختیار کی اُس نے تمام شہریوں کے لیے فوجی خدمات کو لازمی قرار دیا اُسنے فوجی قوت کو مضبوط کیا آسٹریا کو تنہا کر دیا، ہالینڈ اور فرانس کو اپنی سیاسی چالوں کے ذریعہ سے شکست دی۔



تصویر12.5:بسمارک

## ڈنمارک سے جنگ (War with Denmark)

بسمارک کو پروشیا میں قومی احساسات جگانے کا پہلا موقع ڈنمارک سے متعلق شیلزوگ اور ہولسٹین کے مسئلے سے حاصل ہوا۔ یہ دونوں ریاستیں جرمنی کے شمال میں ڈنمارک سے متحد تھیں انہوں نے گزشتہ 400 برسوں سے آزادانہ وجود کو برقرار رکھا۔ جرمنی کے عوام اُن دونوں ریاستوں کو اپنے قبضے میں رکھنا چاہتے تھے باوجود اس کے کہ وہ دشمن تھا بسمارک نے آسٹریا سے مدد کی درخواست کی ۔

آسٹریا اور پروشیا کی متحد فوجوں نے ڈنمارک کو شکست دی اور دونوں ہی آسٹریا اور پروشیا کی دیکھ بھال پر مامور تھے۔ اگست 1865ء میں آسٹریا کو ہولسٹین پر کنٹرول دیا گیا اور شیلزوگ پروشیا کو نظم ونسق کے لیے دیا گیا۔


## آسٹریا اور پروشیا کی جنگ (Austro - Prussian War)

بسمارک نے بہت ہی محتاط اور ماہرانہ انداز میں آسٹریا اور پروشیا کے درمیان جنگ چھیڑ دی وہ آسٹریا کو تنہا اور بنا دوستوں کے کر دینا چاہتا تھا۔ وہ پہلے ہی سے روس سے دوستی کر چکا تھا، اُس نے فرانس کے نپولین سے دوستی کی اور اُس سے آسٹریا اور پروشیا کی جنگ کی صورت میں غیر جانبداری کی درخواست کی اس کے بدلے میں بسمارک نے فرانس سے وعدہ کیا کہ وہ رہائن کی طرف فرانس کی توسیع کو قبول کرلے اس نے اطالیہ کی تائید حاصل کرلی تکہ وینیشیاء کو آسٹریا پر پروشیا کی فتح کی صورت میں اطالیہ کو دیا جا سکے۔

جب آسٹریا نے جرمن کے سامنے شیلزوگ اور ہولسٹین کا مسئلہ اٹھایا تو اُس پر بسمارک نے اعتراض کیا اور اس کو آسٹریا کی عہد شکنی سے تعبیر کیا اُس نے پروشیا کی افواج کو ہولسٹین میں روانہ کیا۔ آسٹریا نے پروشیا کو حملہ آور قرار دیتے ہوئے وفاقی اسمبلی کو کروشیا کے خلاف وفاقی فوج روانہ کرنے کی درخواست کی۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21




**نقشہ:3۔جرمنی کا اتحاد(1866ء ۔1871ء)**

3/جولائی 1866ء کو ایک جنگ چھڑی آسٹریا کو پروشیا کے ہاتھوں شکست ہوئی، آسٹریا کو پیچھے ہٹنا پڑا، ایک لاکھ پچاس ہزار آسٹریا کے سپاہیوں کو اطالیہ کے خلاف وینشیا کا دفاع کرنے کے لیے بھیجا گیا غرض افواج کی تقسیم ہونے کی وجہ سے سدووا میں اُسے شکست ہوگئی۔ کروشیا نے ویانا کی طرف پیش قدمی کی شیلز وگ، ہولسٹین، ہانوور ہیسی کیاسل، ہیسی ڈارم، اسٹاٹ اور فرینکفرٹ کو پروشیا میں ضم کر دیا گیا یہ تمام شمالی وفاقی جرمنی کے حصے تھے جنوب کی ریاستیں باویریہ، بیادن، رٹن برگ اور ہیسی ڈارم اسٹاٹ نے اپنی آزادی کو برقرار رکھا۔ یہ ریاستیں فرانس کے نپولین سوم سے خوفزدہ تھیں کو رہائن تک توسیع چاہتا تھا۔

## فرانس اور پروشیا کی جنگ (Franco - Prussian War)

نپولین سوم فرانس کے بادشاہ نے اپنی حالت کو کمزور پایا وہ آسٹریا اور کروشیا کے درمیان ہوئی جنگ سے فائدہ اُٹھانا چاہتا تھا اپنے آپ کو بچانے کے لیے نپولین سوم نے آسٹریا اور پروشیا کے درمیان ہوئی جنگ میں اپنی غیر جانبداری کا معاوضہ دینے کا مطالبہ کیا بسمارک نے نپولین سوم کو ایک مبہم وعدہ رہائن کی جانب توسیع کے بارے میں کیا لیکن بسمارک نے فرانس کو کسی معاوضہ کی پیشکش کا ارادہ نہیں کیا اب نپولین کے لیے ایک ہی راستہ کھلا ہوا تھا اور وہ تھا جنگ، بسمارک بھی فرانس سے جنگ کرنا چاہتا تھا اُس نے سوچا کہ فرانس جرمن اتحاد کو قبول اور برداشت نہیں کریگا، غرض بسمارک فرانس سے جنگ چاہتا تھا فرانس اور پروشیا جنگ پر آمادہ تھے حکومتیں بھی اُس جانب کام کر رہی تھیں۔ جنگ کی فوری وجہ اسپین کی جانشینی تھی۔

1863ء میں اسپین کے لوگ اپنے بادشاہوں سے اکتا گئے تھے۔ازابیلا اُس کے تخت سے اُتار دیا گیا اور اُسے لیو پولڈ کو پیش کیا گیا۔ جو کہ پروشیا کے بادشاہ کا قریبی رشتہ دار تھا۔جس کے لئے فرانسیسیوں نے شدید اعتراضات پیش کئے اُسی وجہ سے لیو پولڈ نے اس پیش کش کو ٹھکرا دیا لیکن نپولین سوم اس سے مطمئن نہیں تھا اور وہ پروشیا کے حکمران سے اسپین کی جانشینی کے معاملہ میں مداخلت نہ کرنے کا عہد لینا چاہتا تھا لیکن پروشیا کے بادشاہ نے نپولین سوم کی خواہش کو رد کردیا اور یہ سارا پیغام اُس نے ٹیلی گرام کے ذریعہ سے شہر ایمس سے بسمارک کو روانہ کیا جو کہ برلن میں مقیم تھا۔ ٹیلی گرام کے مواد کو بسمارک نے کچھ اس طریقہ سے تبدیل کردیا کہ وہ فرانس اور پروشیا کے عوام میں نفرت پیدا کرنے کا باعث بنا۔اس کا نتیجہ فرانس اور پروشیا کی جنگ کی صورت میں ظاہر ہوا۔ یہ جنگ 6 مہینے تک جاری رہی پروشیا کی افواج نے فرانس کے افواج کو شکست دے دی، نپولین سوم جو کہ کئی جنگوں میں شدید نقصان اُٹھا چکا تھا پروشیا کی افواج کو ایک لاکھ سپاہیوں کے ساتھ اپنے آپ کو سپرد کردیا۔

> ☆ بسمارک کی جانب سے بنائی گئی سیاسی چال کے کیا نتائج ہو سکتے تھے؟

فاتح پروشیائی فرانس کے صدر مقام پیرس میں داخل ہوئے اور انہوں نے متحدہ جرمنی کا اعلان کردیا اور ولیم اول کو متحدہ جرمنی کے پہلے بادشاہ کی حیثیت سے تاج پوشی کی۔فرانس اور پروشیا کی جنگ کا خاتمہ فرانکفرٹ معاہدے پر دستخط کے ذریعہ ہوا۔

اس معاہدے کی رو سے ایلس اور لورین جرمنی کو دیئے گئے غرض اس طرح سے جرمنی کا اتحاد 1871ء تک پائے تکمیل کو پہنچا۔

## اطالیہ کا اتحاد (Unification of Italy)


جرمنی کی طرح اطالیہ بھی چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں سیاسی طور پر منقسم ہونے کی طویل تاریخ رکھتا تھا۔اطالیہ کئی خاندانی ریاستوں کے علاوہ ہمہ لسانی ریاست ہبسبرگ میں منقسم تھا۔انیسویں صدی کے وسط میں اطالیہ سات ریاستوں میں منقسم تھا جن میں سے ایک سارا ڈینا پیڈ مونٹ بھی تھی جس پر ایک اطالوی شاہی خاندان حکومت کرتا تھا۔

شمال کا خطہ آسٹریائی ہبسبرگ حکومت کے تحت تھا، وسطی حصہ پر پوپ کی حکمرانی تھی اور جنوبی حصے پر اسپین کے بوربن بادشاہوں کا غلبہ تھا۔ اس وقت تک اطالوی زبان ایک مشترک شکل نہیں رکھتی تھی بلکہ کئی علاقائی اور مقامی اختلافات رکھتی تھی۔

1830ء میں جوزف میزنی نے اطالیہ کو ایک متحدہ جمہوری اطالیہ بنانے کی کوششوں کا آغاز کیا۔اس نے اپنے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے ایک خفیہ تنظیم بھی قائم کی جو نوجوان اطالیہ (Young Italy) کہلاتی تھی۔لیکن 1831ء اور 1848ء انقلابات ناکام ہوئے۔اس کا مطلب یہ تھا کہ اب سارا ڈینا پیڈ مونٹ ریاست اپنے بادشاہ وکٹر ایمانیول دوم کی قیادت میں جنگ کے ذریعے اطالیہ کے اتحاد کو مکمل کرے۔اس خطہ کے حکمران طبقے یہ خیال کرتے تھے کہ اگر اطالیہ کا اتحاد ہوجائے تو انہیں مزید سیاسی طاقت اور معاشی ترقی حاصل ہوگی۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21




نقشہ۔4: 1858ء میں اطالوی ریاستیں، اتحاد سے پہلے

SCERT TELANGANA

وزیراعظم کیاورجس نے اطالوی اتحادتحریک کی قیادت کی تھی فرانس سے ایک دانشمندانہ معاہدہ کیا جسے اُس نے تیار کیا تھا۔ جس کے نتیجہ میں سارڈینیا-پیڈمونٹ 1859ء میں آسٹریا کی افواج کوشکست دینے میں کامیاب ہوگئیں۔ 1860ء میں باقاعدہ افواج کے علاوہ ایک بڑی تعداد میں مسلح رضا کار جوکہ سرخ قمیض (red Shirts) کہلاتے تھے۔ جوزف گیری والڈی کی قیادت میں جنوبی اٹلی اور حکومت سسلی میں داخل ہوئے انہوں نے مقامی کسانوں کی مدد سے اسپینی حکمرانوں کو مار بھگایا جب فرانس 1870ء میں فرانس اور کروشیا کی جنگ میں اپنی افواج کوروم سے ہٹالیا تو وکٹر ایمانیول دوم نے اس پر قبضہ کرلیا اور اطالیہ کے اتحاد کو مکمل کیا۔ 1871ء میں وکٹر ایمانیول دوم نے خود کو متحدہ اطالیہ کے بادشاہ کی حیثیت سے اعلان کردیا۔

## کلیدی الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔شاندار انقلاب | 2۔ الوہی حق | 3۔حریت پسندی | 4۔ شہنشاہیت |
| 5۔قومیت پسندی | 6۔ اخوت | 7۔ مطلق العنانی | 8۔ تخیل پسندی (رومانیت) |
| 9۔ نظامت | | | |

## اپنی معلومات میں اضافہ کیجئے۔

1۔ مندرجہ ذیل کے بیان کے سیاق وسباق میں ملک کی نشاندہی کیجئے۔(برطانیہ،امریکہ،فرانس) ایسا انقلاب کے ذریعے پارلیمانی نظام متعارف کیا گیا۔

☆ ایسا ملک جہاں انقلاب کے بعد بھی بادشاہ کا کچھ کردار رہا۔

☆ ایسا ملک جہاں دوسرے ملک کے خلاف جنگ کی گئی تا کہ وہاں جمہوریت قائم کی جا سکے۔

☆ حقوق کا بل منظور کیا گیا

☆ بادشاہت کا تختہ اُلٹ دینے کی تحریک کی کسانوں نے قیادت کی۔

☆ مرد اور شہریوں کے حقوق کے اعلان نامہ کو اپنایا گیا۔

2۔ ان واقعات کو قلم بند کیجئے جن سے فرانس میں انقلابی احتجاج کی شروعات ہوئی؟

3۔ بنیادی حقوق پر سبق کی تکمیل کے بعد جمہوری حقوق کی ایک فہرست مرتب کیجئے؟ اور ان حقوق کی نشاندہی کیجئے جن سے ہم آج استفادہ کرتے ہیں اور جن کا ماخذ فرانسیسی انقلاب میں مضمر ہے؟

4۔ کیا آپ اس خیال سے متفق ہیں کہ عالمی حقوق کے اعلان میں تضادات ہیں؟

5۔ امریکی نو آبادیوں کو ''بغیر نمائندگی کے محصول کی ادائیگی نہیں'' کا نعرہ کیوں بلند کرنا پڑا؟

6۔ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ فرانسیسی انقلاب میں خواتین کا کردار کیا تھا؟

7۔ صفحہ نمبر 158 پر ''دہشت کا دور'' کے پیراگراف کا مطالعہ کرکے اپنے خیالات کا ظہار کیجیے۔

8۔ جرمنی کے اتحاد کے طریقہ کار کی مختصراً وضاحت کیجیے۔

9۔ یورپ کے نقشے میں انگلینڈ، فرانس، روس، آسٹریا کی نشاندہی کیجیے۔

## منصوبہ

1۔ امریکی اور فرانسیسی انقلاب میں کلیدی کردار ادا کرنے والی مختلف شخصیتوں کے بارے میں معلومات اکٹھا کیجئے۔ان میں کس شخصیت نے آپ کو زیادہ متاثر کیا ہے اور کیوں؟ اس پر ایک پیراگراف لکھئے۔



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

باب
13

# صنعتیانے کاعمل اور سماجی تبدیلی

1780 اور 1850 کے درمیان برطانیہ میں صنعت اور معیشت میں تبدیلی پہلا صنعتی انقلاب کہلائی۔ ''صنعتی انقلاب'' کا لفظ یوروپ کے اسکالروں فرانس میں جارج مشیلیت نے اور جرمنی میں فریڈرک انجیلس نے جرمنی میں استعمال کیا۔ برطانیہ میں پہلی مرتبہ یہ لفظ ایک فلسفی اور ماہر معاشیات آرنلڈ ٹائن بی (83-1852) نے برطانیہ میں 1820-1760ء کے دوران ہوئی صنعتی ترقی کی تبدیلیوں کو بیان کرنے کیلئے استعمال کیا۔

اس باب میں روئی اور لوہے کی صنعتوں میں تبدیلیوں کا نقشہ کھنچا گیا ہے۔ برطانیہ پر اس کے دور س اثرات مرتب ہوئے بعد میں یوروپی ممالک اور امریکہ میں اسی قسم کی تبدیلیاں واقع ہوئیں اس کا ان ممالک کے سماج اور معیشت اور ماباقی دنیا پر گہرا اثر پڑا بہر حال مختلف ممالک میں صنعتیانے کا عمل الگ الگ طرز پر ہوا جو وہاں کے تاریخی، سماجی اور جغرافیائی خصوصیات پر مبنی تھا۔



شکل 13.1 : صنعتی انقلاب کے وقت لندن کی صنعتیں

برطانیہ میں صنعتی ترقی کا ابتدائی دور نئی مشینوں اور ٹکنالوجی سے بہت زیادہ جڑا ہوا تھا اس چیز نے اشیاء کی پیداوار کو دستکاری اور ہینڈ لوم کی صنعتوں کے مقابلے میں بڑے پیمانے پر ممکن بنایا برطانیہ کی صنعتوں میں بھاپ کو طاقت کے ایک نئے ذریعہ کی حیثیت سے بڑے پیمانے پر استعمال کرنا شروع ہوا اس کے استعمال کا نتیجہ کشتیوں اور ریلوں کے ذریعہ تیز حمل و نقل کی شکل میں ظاہر ہوا۔ اس کے اکثر موجد اور تاجرین جنھوں نے یہ تبدیلیاں لائیں نہ ہی شخصی طور پر امیر تھے اور نہ ہی بنیادی سائنسی علوم جیسے طبعیات اور کیمیاء میں تعلیم حاصل کر چکے تھے۔

SCERT TELANGANA

☆ صنعتی انقلاب کے دوران خواتین اور بچوں کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

صنعتیا نے کا عمل کچھ لوگوں کے لئے بڑی خوشحالی بن کر آیا۔لیکن ابتدائی مرحلوں میں یہ لاکھوں لوگوں کی کم تر معیار زندگی اور ناقص کام کے شرائط سے مربوط تھا جن میں عورتیں اور بچے بھی شامل تھے ۔اس چیز نے احتجاج کی چنگاری بھڑکائی جس نے حکومت کو کام کے شرائط کو بہتر بنانے کیلئے قوانین کے وضع کرنے پر مجبور کردیا

## برطانیہ کیوں؟

برطانیہ پہلا ملک تھا جو جدید صنعتیا نے کے عمل سے گزرا۔مورخین سوال کرتے ہیں کہ 1750ء کی دہائی میں صنعتی انقلاب کی ابتداء برطانیہ سے کیوں ہوئی ؟ کن وجوہات کی بناپر برطانیہ صنعتیا نے کی طرف راغب ہوا؟اس کے لئے ہم کئی وجوہات کا ذکر کرسکتے ہیں۔



نقشہ۔1 :برطانیہ(انگلینڈ):لوہے کی صنعت

**i۔سیاسی استحکام اور متحدہ مارکٹ:** سترھویں صدی سے ہی برطانیہ سیاسی طور پر مستحکم تھا۔یہ ایک بادشاہت تھی جس کے تحت انگلینڈ، ویلز اور اسکاٹ لینڈ متحد تھے۔اس کا مطلب یہ ہیکہ سلطنت میں عام قوانین،ٹیکسوں کا نظام اور واحد کرنسی تھی۔ان وجوہات کی بناپر برطانیہ کے پاس ایک مارکٹ تھی جو مقامی عہدیداروں کی وجہہ سے منقسم نہیں تھی جو ان کے علاقوں سے گزرنے والی اشیاء پر مقامی ٹیکسوں کے عائد کرتے تھے اور نتیجتاً اشیاء کی قیمتیں بڑھ جاتی تھیں۔سترھویں صدی کے اختتام تک زر کو مبادلہ کے ذریعہ کے طور پر وسیع قبولیت حاصل ہوئی۔اس وقت تک عوام کا بڑا طبقہ اپنی آمدنی کو اشیاء کے بجائے اجرتوں اور تنخواہوں کی شکل میں حاصل کرنے لگا۔اس کی وجہہ سے لوگوں کو اپنی آمدنی کو خرچ کرنے کے وسیع راہوں کو منتخب کرنا،اور اشیاء کی فروخت کے لئے مارکٹ کو وسعت دینا ممکن ہوا۔سترھویں صدی کے اختتام تک برطانیہ میں ایک پارلیمانی حکومت قائم ہوچکی تھی جو تجارتی وصنعتی طبقات کے لئے سازگار تھی۔اس نے ایسی پالیسیاں شروع کیں جس کے سبب انگلینڈ میں تجارت وصنعت کا فروغ کی راہیں ہموار ہوئیں۔

**ii۔زرعی انقلاب:** 1600ء اور 1800ء کے درمیان انگلینڈ ایک ایسے عمل سے گزرا جو ''زرعی انقلاب'' کہلاتا ہے۔اس دوران بڑے زمینداروں نے کسانوں کی چھوٹے کھیتوں اور متصلہ گاؤوں کی عام زمینات کو حاصل کیا اور وہاں کاشتکاری کے نئے طریقوں اور جانوروں کی افزائش شروع کی تاکہ انہیں مارکٹ میں فروخت کیا جائے۔اس طریقے سے انہوں نے بڑی بڑی جاگیریں بنائیں اور غذائی پیداوار کو

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

بڑھایا۔ان وجوہات کی بنا پر بے زمین کسانوں اور عام زمینات پر اپنے جانوروں کو چرانے والے چرواہوں کو کسی اور جگہ روزگار کی تلاش کے لئے مجبور ہونا پڑا۔ان میں سے اکثر لوگ قریبی قصبات کو منتقل ہوئے۔

**iii۔قصبات، تجارت اور مالیات:** اٹھارویں صدی سے یوروپ کے کئی قصبات کے رقبے اور آبادی میں اضافہ ہوتا گیا۔ 1750 اور 1800 کے درمیان میں برطانیہ کے 11 شہر ایسے تھے جن کی آبادی دگنی ہوگئی۔جن میں سب سے بڑا شہر لندن تھا جو ملک کے بازاروں کا مرکز بنا تھا۔لندن نے عالمی اعتبار سے بھی اہمیت حاصل کر لی تھی۔وہ یوروپ، افریقہ، امریکہ اور ہندوستان کے درمیان تجارت کا مرکز بن گیا۔

دریاؤں کے جال اور سازگار خلیجوں کے حامل کٹے پھٹے ساحل کی وجہ سے انگلینڈ میں اشیاء کا بازاروں تک پہنچنا بہت آسان تھا۔ ریلوے کی شروعات اور پھیلاؤ تک دریائی راستوں سے حمل ونقل، زمینی راستوں کے مقابل سستا اور تیز رفتار تھا۔برطانیہ کی اکثر دریائیں قابل جہاز رانی تھیں (چھوٹے جہاز اور کشتیاں ان پر آسانی سے سفر کر سکتی تھیں) جن کے ذریعے بار برداری کا مال ساحل پر موجود بڑے جہازوں تک پہنچایا جاتا تھا۔

ملک کے مالیاتی نظام کا مرکز بنک آف انگلینڈ تھا جس کا قیام 1694 میں ہوا تھا۔1784ء تک انگلینڈ میں سو سے زائد صوبائی بنک قائم ہو چکے تھے۔اور آئندہ دس برسوں میں ان کی تعداد تین گنا ہوگئی تھی۔1820 کی دہائی میں صوبوں میں 600 سے زائد اور خود لندن میں 100 سے زائد بنک موجود تھے۔بڑی صنعتوں کے قیام اور انتظام کے لئے درکار مالیاتی ضروریات کی تکمیل ان بنکوں کے ذریعے ہوتی تھی۔

**iv۔نوآبادیاں:** اٹھارویں صدی کے وسط تک برطانیہ نے شمالی امریکہ میں بڑی وسیع نوآبادیاں قائم کر چکا تھا اور ہندوستان کے بڑے علاقوں پر اپنا اقتدار قائم کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔یہ نوآبادیاں برطانیہ کے صنعتی پیداوار کے لئے وسیع بازار فراہم کرتے تھے اور ساتھ ہی یہ نوآبادیاں برطانیہ کو خام مال جیسے کپاس اور غذائی اشیاء کی فراہمی کا ذریعہ بھی تھیں۔نوآبادیوں کی فتوحات اور ان سے تجارت کی وجہ سے برطانوی تاجروں اور بنکوں کو کثیر مقدار میں سرمایہ حاصل ہوا جسے صنعتوں میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔

صنعتیانے کی چند اہم شرائط کی تکمیل ضروری ہوتی ہے۔پہلی تو یہ کہ اس کے لئے دولت کا ایسے ہاتھوں میں مرکوز ہونا ضروری ہوتا ہے جو اسے پیداوار اور منافع کے لئے سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔جیسا کہ ہم نے پڑھا کہ اس طرح کا دولت کا ارتکاز زرعی انقلاب، نوآبادیوں کی فتح اور تجارت کے ذریعے ہوا تھا۔سرمایہ کاری کے لئے درکار سرمایہ برطانیہ میں بنکنگ کے اداروں کی ترقی کی وجہ سے مہیا ہونے لگا۔

دوسری یہ کہ ایسے ورکروں اور مزدوروں کی دستیابی جو کم اجرتوں پر کام کرنے کے لئے تیار ہوں۔دوبارہ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ کس طرح زرعی انقلاب نے دیہی آبادیوں کو روزگار کی تلاش میں قریبی قصبات کو پہنچنے پر مجبور کیا۔

تیسری یہ کہ پیداوار کی فروخت کے لئے مارکٹ ضروری ہے۔برطانیہ میں یہ سیاسی اتحاد کی وجہ سے فراہم ہوگیا تھا۔اور اسکے علاوہ کسانوں کے ذاتی ضروریات کے لئے کاشت کرنے کے رجحان کا خاتمہ ہوگیا تھا۔



SCERT TELANGANA

اب کسان ورکر کی طرح کام کرتے تھے اور اپنی ضرورت کی تمام اشیاء کو خود اپنے کھیتوں میں اگانے کے بجائے بازار سے خریدتے تھے۔نوآبادیوں کی وجہ سے بھی بازار دستیاب ہوئے۔


چوتھی یہ کہ صنعتیانے کے لئے سستے خام مال اور موثر حمل ونقل کا نظام درکار ہوتا ہے۔ ان تمام کے علاوہ ٹکنالوجی کی تیز رفتار ترقی اور پیداوار کے عمل میں جدید ٹکنالوجی کو استعمال کرنا ضروری ہوتا ہے۔اب ہم یہ دیکھیں گے کہ یہ کیسے ہوا۔

☆ اٹھارویں صدی میں برطانیہ میں اور دنیا کے دوسرے مقامات میں ہوئی ترقی پر مذاکرہ کیجئے کہ جس کی وجہ سے برطانیہ میں صنعتیانے کے عمل کی حوصلہ افزائی ہوئی؟

## ٹکنالوجی کی ترقی: کوئلہ اور لوہا، کاتنا اور بننا، حمل ونقل

### کوئلہ اور لوہا

صنعتیانے کے عمل میں لوہے اور فولاد کی ضرورت لازمی ہے اور کوئلہ کی ضرورت صرف توانائی کی تیاری کے لئے ضروری ہے بلکہ فولاد کی تیاری کے لئے بھی ضروری جز ہے۔انگلینڈ اس معاملہ میں خوش قسمت تھا کہ کوئلہ اور لوہا کی کچدھات اور مشینوں کی تیاری میں استعمال ہونے والے مادے بہت زیادہ مقدار میں اس کے پاس دستیاب تھے۔ یہاں تک کہ دیگر معدنیات سیسہ، تانبہ اور جست جو صنعتوں میں استعمال ہوتے ہیں، آسانی سے دستیاب تھیں۔البتہ اٹھارویں صدی تک قابل استعمال لوہا آسانی سے دستیاب نہیں تھا۔لوہے کو لوہے کی کچدھات سے خالص دھاتی مائع کی شکل میں حاصل کیا جاتا ہے جسے لوہے کی تکسید کا عمل کہا جاتا ہے۔صدیوں تک لکڑی کے کوئلہ کو دھاتوں کو پگھلانے کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔لیکن اس میں کئی دشواریاں تھیں۔جیسے لکڑی کا کوئلہ آسانی سے ٹوٹ جانے کی وجہ سے دور دراز مقامات کو منتقل نہیں کیا جاسکتا تھا۔دوسری دشواری یہ تھی کہ اس کی وجہ سے اعلیٰ درجہ حرارت پیدا نہیں ہوتا جس سے خراب قسم کا لوہا تیا ہوتا تھا۔تیسری دشواری یہ کہ کوئلہ کے حصول کے لئے جنگلوں کے درختوں کو جلانا پڑتا تھا ۔ جیسے جیسے جنگلات کا علاقہ گھٹتا جارہا تھا کوئلہ کی رسد کم ہوتی گئی۔



**شکل 13.2 : کول بروک ڈیل کے قریب لوہے کا پل جس کا نقشہ ڈاربی سومر نے بنایا**

برطانیہ کے لوہے کو پگھلانے والوں نے دنیا بھر میں خصوصاً ہندوستان میں دھاتی صفائی کے عمل کو قائم کیا۔آپ کو جانتے ہوں گے کہ اس دور میں ہندوستان کے لوہے کی دھات کی تکسید کرنے والے بہترین معیار کا فولاد تیار کرتے تھے۔

شراشائر کے ڈاربی جولوہے کی تیاری کے ماہروں کا خاندان تھا، نے ایک طویل عرصے کے مطالعے اور تجربات کے بعد فولاد کی تیاری کے طریقہ فروغ دیا تھا۔اس خاندان کی تین نسلوں (یعنی دادا، باپ اور بیٹے) جو ابراہم ڈاربی کہلاتے تھے نے پچاس سال کے عرصے میں لوہے کی تیاری کی صنعت میں انقلاب برپا کر دیا۔ یہ 1717-1677ء میں پہلے ابراہام ڈرابی کی ایجاد سے 1709ء میں شروع ہوا۔ یہ ایک آتشی بھٹی تھی جس میں ''کوک''، یعنی کوئلے سے گندھک اور غیر خالص مادے نکال کر استعمال کیا جاتا تھا جو کہ بہت زیادہ تپش فراہم کرتا تھا اس ایجاد سے یہ ہوا کہ بھٹیاں لکڑی کے کوئلے پر منحصر نہ رہیں۔ان بھٹیوں سے جو پگھلا ہوا لوہا نکلتا تھا وہ بہت عمدہ اور پہلے سے کافی مقدار میں نکلتا تھا۔

اس طریقہ کار کو مزید ایجادات کے ذریعہ سے بہتر بنایا گیا۔ ڈرابی دوم (1711-1768ء) بھٹی میں تپے ہوئے خاکہ لوہے سے ہتھوڑیوں سے پیٹا ہوا لوہا تیار کیا جو کہ کچھ حد تک سخت مگر ٹوٹا نہ تھا۔(1740-1823) میں ہنری کارٹ نے ایک ایسی بھٹی تیار کی جس میں پگھلا ہوا لوہا غیر خالص چیزوں سے چھٹکارا پاتا تھا۔اور گھومتی ہوئی چکی جو بھاپ کی قوت سے خالص لوہے کو سلاخوں میں تبدیل کرتی تھی اب لوہے سے تیار کردہ چیزوں کی کئی قسمیں بنانا ممکن ہو گیا۔روزمرہ کی چیزیں اور مشنری کے لئے لوہے سے بنی ہوئی مضبوط اشیاء بہ نسبت لکڑی سے بنی اشیاء سے بہتر تھیں۔لکڑی کے برعکس جس کو جلایا یا ٹکڑے کیا جاسکتا تھا۔لوہے کی طبعی اور کیمیائی خواص کو برقرار رکھا جاسکتا تھا۔

برطانیہ بہترین کوئلے اور اعلیٰ درجے کا خام لوہا رکھنے کی وجہ سے خوش قسمت تھا کیونکہ ایک ہی ندی کے طاسن میں اور اسی کی تہہ میں کوئلے اور لوہے کی پرت بھی موجود تھی۔اور یہی طاس بندرگاہوں سے قریب بھی تھے۔وہاں پانچ ساحلی کوئلے کے ذخائر تھے جہاں سے سیدھا وہ اپنی پیداوار کو کشتیوں میں ڈال سکتے تھے۔جس کے نتیجے میں جہاز سازی اور جہازوں کے ذریعہ تجارت میں اضافہ ہوا۔

برطانیہ لوہے کی صنعت نے اپنی پیداوار کو 1800ء سے 1830ء کے درمیان چار گنا کر دیا۔اس کی پیداوار سارے یوروپ میں سب سے زیادہ سستی تھی۔1820ء میں ایک ٹن لوہے کو بنانے کے لئے 8 ٹن کوئلہ درکار رہوتا تھا لیکن 1850ء تک اس کو 2 ٹن کے استعمال سے پیدا کیا جانے لگا۔ 1848ء تک برطانیہ نے ساری دنیا کے بنائے ہوئے تمام لوہے سے زیادہ لوہا پیدا کیا۔

☆ صنعتیانے کے عمل میں اعلیٰ درجے کے لوہے اور فولاد کی کیوں ضرورت ہوتی ہے؟ اپنی جماعت میں مباحثہ کیجئے؟

☆ آپ کے خیال میں خام لوہے اور کوئلہ کی کان کنی کو یکساں اہمیت کیوں حاصل ہوئی۔

☆ آپ کے خیال میں کہ ابتدائی صنعتی مراکز لوہے اور کوئلے کی کانوں کے قریب کیوں ہوا کرتے تھے۔؟

## روئی سے دھاگے اور کپڑے کی تیاری

برطانیہ کے لوگ ہمیشہ اون اور سن کے ریشے 'فلاکس' سے کپڑا بنا کرتے تھے سترھویں صدی سے اس ملک نے سوتی کپڑے کے گھٹے ہندوستان سے زیادہ قیمت پر درآمد کیئے تھے۔جیسے ہی ایسٹ انڈیا کمپنی کا سیاسی قبضہ ہندوستان کے حصوں پر ہوا۔تو وہ کپڑے کے ساتھ ساتھ خام روئی درآمد کرنے لگے جن سے برطانیہ میں دھاگے اور کپڑا بنا جانے لگا۔

☆ کوئی دو اہم دریافتیں لکھئے جس سے پارچہ کی صنعت کی میں نقلابی تبدیلیاں ہوئیں۔

SCERT TELANGANA

اٹھارویں صدی کی ابتدائی تک دھاگا بنانے کا کام بہت ہی سست اور محنت طلب تھا کہ ایک کپڑا بننے والے کو مصروف رکھنے کے لئے دس دھاگے بنانے والے (خاص طور پر خواتین) لوگوں کی ضرورت پڑتی تھی۔ اسی لئے دھاگا بنانے والے پورا دن کام میں مصروف ہوتے تھے تو کپڑا بننے والے بےکار بیٹھے دھاگے کے آنے کا انتظار کرتے تھے لیکن کئی ایک تکنیکی ایجادات نے روئی سے دھاگے اور دھاگے سے کپڑا بننے کے وقفے کو کامیابی کے ساتھ گھٹادیا۔ اس میں مزید مہارت پیدا کرنے کے لئے پیداوار آہستہ آہستہ بنکروں اور کپڑا بنانے والوں کے گھروں سے کارخانوں کو منتقل ہونے لگی۔




نقشہ نمبر2: برطانیہ میں روئی کی صنعت

1780 سے روئی کی صنعت برطانیہ میں صنعتیانے کے عمل کو کئی طرح سے ظاہر کرتی ہے۔ اس صنعت کی دو خاصتیں جو دوسری صنعتوں میں بھی دیکھی جاسکتی ہیں۔ خام روئی کو مکمل طور سے درآمد کرنا پڑتا تھا اور تیار شدہ کپڑے کے ایک بڑے حصے کو برآمد کردیا جاتا تھا۔ برطانیہ خام روئی کے ذرائع کے ساتھ ساتھ بازاروں پر قابض تھے۔ اس چیز نے نوآبادیت کے طریقہ کار کو قوت عطا کی۔

## بھاپ کی طاقت

بھاپ کی طاقت کو پہلی مرتبہ کان کنی کی صنعت میں استعمال کیا گیا۔ جیسے ہی کوئلے اور دھاتوں کی طلب میں اضافہ ہوا انہیں بہت زیادہ گہری کانوں سے حاصل کرنے کی کوشش تیز تر ہوگئیں۔ کانوں میں سیلاب آنے کا مسئلہ بہت نازک تھا۔ بھاپ کے انجن کانوں سے پانی نکالنے کے لئے استعمال ہوتے تھے۔ لیکن ان کی بناوٹ بڑے پیمانے پر استعمال کرنے کے لئے ناموزوں تھی

جیمس واٹ (1736-1819) ء کی ایجاد نے بھاپ کے انجن کو صرف پمپ کی شکل میں گھومنے کے بجائے فیکٹریوں میں استعمال ہونے


شکل 13.3 : جیمس واٹ کا بھاپ کا انجن


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

والی طاقتور مشینوں کو توانائی فراہم کرنے کے قابل بنادیا۔میاتھیو بولٹن (1728-1809) ءنامی دولتمند شخص کی مدد سے واٹ نے 1775ء میں برمنگھم میں انجن بنانے کا کارخانہ بنایا۔اس کارخانے سے جس میں واٹ کے انجن کی پیداوار تعداد میں مسلسل بڑھتے چلی گئی۔اٹھارویں صدی کے اختتام تک واٹ کے بھاپ کے انجن مائع کے دباؤ کی قوت سے چلنے والے انجنوں کی جگہ لینی شروع کردی تھی۔1840ء میں برطانیہ کے بھاپ کے انجن یوروپ کی بجلی کی طاقت کے ستر فیصد (70%) حصے کو تیار کرنے لگے۔

## حمل ونقل

خام مال اور تیار شدہ اشیاء کے حمل ونقل کی ضرورت نے برطانیہ میں سڑکوں کو بہتر بنانے اور نہروں کی کھدوائی میں اہم کردار ادا کیا۔ میک آدم نے سڑکوں کو پختہ بنانے کی راہ نکالی۔

ابتداء میں نہروں کی تعمیر کوئلے کو شہروں تک پہنچانے کیلئے کئی گئی۔اس کی وجہ یہ تھی کوئلہ کافی مقدار میں اور وزنی تھا اور نہروں کے مقابلے میں سڑک کے ذریعہ سے اس کا حمل ونقل بہت سست اور مہنگا تھا کوئلے کی طلب صنعتی توانائی اور گھریلو استعمالات کے لئے مسلسل بڑھ رہی تھی۔1761ء میں پہلی برطانوی نہر Worsley Canel(1761) جیمس برنڈلی (1716-1772) نے تعمیر کیا تھا اس کا مقصد کوئلے کے ذخیرے جو کہ ورسلی مانچسٹر کے قریب واقع تھے انہیں شہر کو پہنچانا تھا۔نہر کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد کوئلے کی قیمت آدھی ہوگئی ہزاروں کلومیٹر لمبی نہریں 1830ء تک بنائیں گئیں جو کم داموں میں اشیاء کے حمل ونقل کے لئے استعمال ہونے لگیں یہ زیادہ تر زمین داروں نے بنائیں تاکہ ان کی جائیداد کی قدر و قیمت بڑھ جائے۔

پہلا بھاپ سے چلنے والا انجن "Stephenson's Rocket" 1814ء میں منظر عام پر آیا۔ریلوے کے آمد ورفت ایک نئے ذریعہ کی حیثیت سے سال بھر دستیاب ہونے لگا جو کہ مسافروں اور اشیاء کو لیجانے والا سستا اور تیز رفتار ذریعہ تھا۔انہوں نے ان دو ایجادات کو آپس میں ملادیا یعنی لوہے کی پٹریاں اور بھاپ کے انجن 1760ء میں لوہے کی پٹریاں لکڑیوں کی پٹریوں کی جگہ استعمال ہونے لگیں تھیں۔

ریل کے راستوں کی ایجاد نے صنعتیانے کے عمل کو دوسرے مرحلے تک پہنچادیا۔پہلی ریلوے لائن نے 1825ء میں اسٹاکٹن اور ڈارلنگٹن کو آپس میں جوڑ دیا۔9 میل کا سفر دو گھنٹوں میں 5 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے طئے کیا گیا۔

1830ء میں دوسری ریلوے لائن سے لیورپول اور مانچسٹر کو جوڑ دیا گیا۔20 سال کے اندر ایک گھنٹے میں 30 تا 50 میل فی گھنٹہ کی رفتار عام ہوگئی۔1830ء میں نہروں کے استعمال سے کئی مسائل پیدا ہونے لگے۔بڑے کشتیوں کی زیادہ تعداد نے کئی نہروں میں رفتار میں کمی کردی۔نہروں میں واقع ہونے والے سیلاب یا سوکھا پڑنے سے انکے استعمال کی مدت محدود ہوگئی۔

SCERT TELANGANA

## موجد کون تھے؟

ان صنعتی تبدیلیوں کے لانے والے افراد کے بارے میں جاننا آپ کے لیے دلچسپی کا باعث ہوگا۔ ان میں کے چند تربیت یافتہ سائنسدان تھے۔ طبعیات اور کیمیائے جیسے علوم میں معلومات انیسویں صدی تک بہت کم تھی۔ اوپر بیان کی گئی ایجاد کے بعد اس میں بہتری آئی۔ چونکہ ان ایجادات کے لئے طبیعات اور کیمیاء کے قوانین جن پر وہ مبنی تھے ان کی زیادہ ضرورت نہیں تھی اس میں پیش رفت ذہین، قابل مفکرین کے مسلسل تجربات کی وجہ سے ہوئی انہیں برطانیہ میں ان چیزوں سے مدد حاصل ہوئی جو دوسرے یوروپی مما لک میں نہ تھیں 1760ء سے 1800ء کے درمیان درجنوں کی تعداد میں سائنسی رسالے اور سائنسی مقالے برطانیہ میں شائع ہوئے۔

چھوٹے قصبوں میں بھی معلومات حاصل کرنے کی طلب بڑھ گئی تھی۔ سوسائٹی آف آرٹس جو کہ 1754ء میں قائم کی گئی تھی اس نے ان سے بھی مدد ملی اس طلب کو پورا کیا۔

زیادہ تر ایجادات سائنسی معلومات سے زیادہ عزم، دلچسپی، اشتیاق، قسمت کے سبب ہوئی ہیں۔ چند موجد روئی کے صنعت سے تعلق رکھتے تھے۔ جیسے کہ جان کے (John key) اور جیمس ہرگرویس جو کپڑے کی پیداواری اور بڑھئی کے کام میں مہارت رکھتے تھے لیکن البتہ رچرڈ آکرائیڈ ایک حجام اور مصنوعی بال ساز (Wig Maker) تھا۔ سیمل کرمپٹن تکنکی طور پر ماہر نہیں تھا اور ایڈمینٹ کارٹ رائٹ نے ادب، طب اور زراعت کی تعلیم حاصل کی تھی اور ابتداء وہ پادری بننے کا آرزومند تھا اور صرف تھوڑا سی میکانکی علم رکھتا تھا۔

اس کے برعکس بھاپ کے انجن کے میدان میں تھامس ساوری ایک فوجی افسر، تھامس نیوک مین ایک لوہا وقفل ساز اور، جیمس واٹ، سارے کے سارے اپنی ایجاد سے متعلق کچھ معلومات رکھتے تھے۔ جان میٹکاف سڑکوں کا معمار تھا جس نے شخصی طور پر سڑکوں کے لئے زمینی سطحوں کا جائزہ لیا اور اس کی منصوبہ بندی کی، اصل میں ایک نابینا شخص تھا۔ نہروں کا معمار جیمس برینڈلی ایک ان پڑھ تھا جو کہ لفظ ''Navigation'' (جہاز رانی) کے ہجے نہیں کرسکتا تھا مگر غیر معمولی یادداشت، تخیل اور یکسوئی رکھتا تھا۔

## مسابقت، ٹکنالوجی میں تبدیلی اور ورکر

صنعتی انقلاب نے پیداوار کے ایک منفرد طریقے کی ابتداء کی۔ ہم نے پڑھا کہ مشینوں کے استعمال سے کارخانوں کو قائم کیا گیا جس میں مزدور کام کرتے تھے جنہیں کارخانے کے مالکوں نے رکھا ہوتا تھا۔ وہ دور دراز مقامات سے خام مال لاتے اور اپنی پیداوار کو فروخت کرنے کے لئے بھی دور دراز بازاروں میں لے جاتے تھے۔ اس طریقے سے وہ منافع کماتے تھے۔ البتہ وہاں کئی کارخانوں کے مالک ہوا کرتے تھے جو اس بات کے لئے کوشاں رہتے تھے کہ دوسروں کے مقابلے ان کے یہاں کم لاگت پر پیداوار حاصل ہو۔ اس لئے وہ بازار میں ایک دوسرے سے مسابقت کرتے تھے۔ قیمتوں کو کم رکھنے کی خاطر وہ خام مال، مشینوں اور ورکروں کی لاگت متناسب طور پر گھٹا دیتے تھے اور نئی ٹکنالوجی اور مشینیں استعمال کرتے تھے تاکہ پیداوار کو کم لاگت پر حاصل کریں۔ نئی مشینوں کے استعمال نے کارخانوں کے مالکوں کو اس قابل کردیا کہ وہ کم تعداد میں ورکروں کو استعمال کریں، لاگت کو گھٹا سکیں اور ساتھ ہی ساتھ پیداوار کے معیار کو بڑھا سکیں۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21


اس طرح کارخانوں کے مالکوں کو زیادہ مقدار میں پیداوار کو بازار میں فروخت کے لئے اپنے منافع کے ایک حصہ کو نئی ٹکنالوجی کو استعمال کرنے کے لئے سرمایہ کاری کرنا پڑا۔ طویل مدت میں اس کا اثر یہ ہوا کہ سماج میں ٹکنالوجی کی ترقی ہوئی۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ ورکروں کو اپنی نوکریوں سے ہاتھ دھونا پڑا اور دوسری جگہوں پر روزگار تلاش کرنا پڑا۔ اکثر کارخانوں کے مالک بازار کے لئے زیادہ پیداوار کرتے تھے جس کے نتیجے میں فاضل پیداوار ہوئی۔ جسے کوئی خریدنے کے لئے تیار نہ تھا۔ ان حالات میں مالک اپنی پیداوار نہیں فروخت کر سکتے تھے تا کہ ان کا لگایا ہوا سرمایہ واپس حاصل کر سکیں۔ اس لئے انہوں نے پیداوار روک دی اور ورکروں کو روزگار سے بے دخل کر دیا کہ مزید سرمایہ ضائع نہ ہو۔ ورکرس کو نئے روزگار تلاش کرنا پڑتا یا پھر وہ پرانے کارخانوں میں پیداوار کی طلب بڑھنے کا انتظار کرتے تا کہ وہاں دوبارہ روزگار حاصل ہو۔

اس طرح ہم دیکھ سکتے ہیں کہ پیداوار کے سرمایہ دارانہ نظام میں کارخانہ داروں کے درمیان مسابقت نے نہ صرف ٹکنالوجی کو فروغ دیا بلکہ ساتھ ہی ورکروں کو بے روزگار کر دیا۔ اکثر یہ بھی ہوتا ہے کہ نئی ٹکنالوجی نئے صنعتوں کے قیام کا باعث بنتی ہے جس کی وجہہ سے روزگار سے بے دخل کئے گئے مزدوروں کو روزگار حاصل ہوتا ہے۔ البتہ اگر نئی صنعتیں قائم نہ کی جا سکیں تو ورکروں کو بے روزگاری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

## تبدیل شدہ زندگیاں

اس زمانے میں افراد کے لئے یہ ممکن تھا کہ وہ اپنی صلاحیتوں سے انقلابی تبدیلیاں لائیں۔ اسی طرح بعض دولت مند افراد نے صنعتوں میں یہ سوچ کر پیسہ لگایا کہ وہ کئی گنا ہو جائے گا۔ ان میں زیادہ تر لوگوں کا سرمایہ کئی گنا بڑھ گیا۔ دولت کا اشیاء، آمدنی، خدمات، معلومات اور پیدائشی مہارت کی شکل میں ڈرامائی طور پر اضافہ ہوا۔

ان ہی دنوں میں انسانی اقدار میں غیر معمولی منفی رجحان پیدا ہو گیا تھا۔ اس کا اظہار بکھرے ہوئے خاندانوں، اپنی اہمیت کھو چکے شہروں اور کارخانوں کے اور بدترین شرائط کار سے ہوتا تھا۔



A B

تصویر: 13.4 A '1783' میں مزدوروں کے لئے تیار کئے گئے چھوٹے سے مکانات

B۔ ڈاربی خاندان کے مکانات (پینٹنگ - ولیم ویسٹ وڈ 1835ء)

SCERT TELANGANA

1750ء میں انگلینڈ میں 50,000 سے زائد آبادی والے شہر صرف دو تھے۔ جو بڑھ کر 1850ء میں 29 ہو گئے آبادی بڑھنے کی رفتار سے کافی تعداد میں مکانات کی سہولت' پانی کی نکاسی' صفائی ستھرائی' بڑھتی ہوئی شہری آبادی سے مناسبت نہیں رکھتی تھی۔ نو واردلوگوں کو کارخانوں سے متصل قصبوں کے پرہجوم گندہ بستیوں میں رہنے کے لئے مجبور کیا گیا۔ دولت مند مکین اپنے مکانات کو نواحی علاقوں میں منتقل کر کے اس حالت سے چھوٹکارہ پا گئے وہاں صاف ہوا اور محفوظ پینے کا پانی تھا۔

## مزدور طبقہ (کامگار)

1842ء میں ایک سروے کیا گیا جس سے پتہ چلا کہ کام کرنے والوں کی اوسط عمر شہر کے دوسرے سماجی طبقوں سے کم تھی جو برمنگھم میں 15 سال۔ مانچسٹر میں 17 اور ڈرابی میں 21 سال تھی۔ کئی لوگ نئے صنعتی شہروں میں کم عمری میں فوت ہو جایا کرتے تھے ان دیہاتوں کے مقابلے میں جہاں سے وہ آئے تھے۔ نصف بچے 5 سال سے زائد بھی زندہ نہیں رہے پاتے تھے۔ شہروں میں آبادی میں اضافہ دوسرے شہر سے آ کر بسنے والے افراد سے ہوا نہ کہ ان بچوں کی پیدائش سے جو وہاں کے موجودہ خاندانوں سے تھے۔

بنیادی طور پر اموات متعدی بیماریوں کی وجہ سے ہوتی تھیں جو کہ گندے پانی سے پھیلنے والی بیماریاں مثلاً ہیضہ' ٹائیفائیڈ یا اور ہوا سے آنے والی بیماریاں دق (TB) سے ہوتی تھیں۔ 1832ء میں 31 ہزار سے زائد افراد ہیضے کے پھوٹ پڑنے سے مر گئے۔ انیسویں صدی کے آواخر میں میونسپلٹی کے عہدیداران خطرناک حالات سے بے پرواہ تھے۔ ان بیماریوں کو سمجھنے اور علاج کرنے کے لئے لوگوں کو طبی معلومات سے واقفیت نہیں تھی۔

## عورتیں' بچے اور صنعتیانے کا عمل

صنعتی انقلاب سے عورتوں اور بچوں کے کام کرنے کے طریقہ کار میں اہم تبدیلیاں آئیں۔ اس سے قبل گاؤں کے غریب بچے گھروں یا کھیتوں میں کام کرتے تھے جو دن اور موسموں کے حساب سے تبدیل ہوتا تھا وہ اپنے والدین یا رشتہ داروں کی کڑی نگرانی میں کام کرتے تھے۔ اسی طرح عورتیں کھیتوں کے کام میں مشغول رہتی تھیں۔ وہ مویشیوں کو چراتیں' جلانے کے لیے لکڑی جمع کرتیں اور اپنے گھروں میں چرخوں سے دھاگے کاتتی تھیں۔

کارخانوں میں بلا وقفہ کئی گھنٹے ایک ہی طرح کے کام سخت نگرانی اور کڑی سزاؤں کے خوف کے تحت انجام دیا جانا بالکل مختلف تھا۔ خواتین اور بچوں کی کی کمائی مردوں کی قلیل تنخواہ میں اضافے کے لئے ضروری تھی' کیونکہ مشینوں کا استعمال عام ہونے سے چند ہی کام کرنے والوں کی ضرورت پیش آتی تھی۔ صنعتکار عورتوں اور بچوں کو کام پر رکھنے کو ترجیح دیتے تھے اس لیے کہ وہ اپنے کام کے سخت حالات پر بہت کم احتجاج کرتے تھے اور مردوں کے مقابلے میں کم مزدوری پر کام کرتے تھے۔

خواتین اور بچے بڑی تعداد میں لنکا شائر اور یارک شائر میں سوتی کپڑے کی صنعتوں میں روزگار سے وابستہ تھے' عورتیں ریشم' لیس سازی اور بُنائی کی صنعتوں میں کام کرتی تھیں اس کے علاوہ بچوں کے ساتھ میں برمنگھم میں دھاتوں کی صنعت میں بھی کام کرتی تھیں۔ مشین جیسے کہ روئی کاتنے کے چرخہ کو بچہ مزدوروں کو ان کی چھوٹی اور تیز حرکت کرنے والی انگلیوں سے استعمال کرنے کے قابل کا بنایا گیا تھا۔ بچوں کو کپڑوں کے کارخانوں میں کام دے جاتا تھا کیوں کہ وہ مشینوں کے درمیان کی تنگ جگہ میں آسانی سے حرکت کر سکتے تھے۔ طویل اوقات کار


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA



سے جس میں اتوار کو مشینوں کی صفائی بھی شامل تھی انہیں بہت تھوڑی سی تازہ ہوا یا جسمانی ورزش فراہم ہوتی تھی۔ بچے مشینوں میں اپنے بال پھنسالیا کرتے تھے یا اپنے ہاتھوں کو زخمی کرلیا کرتے تھے۔ تھکی ہوئی حالت میں نیند کی کیفیت سے مشینوں میں گرنے سے انکی موت واقع ہوجاتی تھی۔

کوئلے کی کانوں میں کام کرنا بھی خطرناک تھا۔ کانیں کھودنے کے دوران کبھی دھماکے ہوتے تھے اور زخمی ہوجانا ایک عام بات تھی۔ کوئلے کی کانوں کے مالکین کوئلے کی گہری کانوں کے تنگ راستوں میں جہاں بڑوں کا پہنچنا مشکل تھا بچوں کا استعمال کرنے لگے۔ نوجوان بچے بڑوں کا کام کرتے تھے۔ وہ کانوں سے کوئلہ منتقل کرنے والی گاڑیوں کو گزرنے کیلئے دروازے کھولتے اور بند کرنے کا کام کرتے تھے۔ اپنی پیٹھ پر بھاری کوئلہ لاد کر لے جاتے تھے۔

**تصویر 13.5: برمنگھم میں 1850 میں ایک خاتون بٹن کے کارخانے میں کام کرتے ہوئے۔ بٹن کی تجارت میں کام کرنے والوں کا دو تہائی حصہ عورتوں اور بچوں پر مشتمل تھا۔ مردوں کو ہفتہ بھر میں 25 شیلنگ عورتوں کو 7 شیلنگ اور بچوں کو ایک شیلنگ ایک ہی کام کے مقدار کے عوض میں دیئے جاتے تھے۔**

کارخانوں کے منیجر بچہ مزدوروں کو مستقبل میں کارخانوں میں کام کرنے کے لئے اہم تربیت قرار دیتے تھے۔ برطانیہ کے کارخانوں کے اعداد و شمار اس بات کے گواہ ہیں کہ تقریباً کارخانوں میں کام کرنے والے آدھے مزدوروں نے دس سال سے کم عمر میں کام کرنا شروع کیا اور اٹھائیس فیصد جب وہ 14 سال سے کم عمر کے تھے۔ خواتین نے کام کرکے معاشی آزادی تو حاصل کرلی اور اپنے وقار کو بلند کرلیا۔ لیکن اسکے عوض میں انہیں کام کرنے کے سخت قوانین کو سہنا پڑا۔ پیدائش کے وقت ان کے بچوں کی موت ہوجاتی تھی یا وہ بچپن میں انتقال کرجاتے تھے۔ صنعتی کام کی وجہ سے شہروں میں موجود گندہ بستیوں میں رہنے پر مجبور ہونا پڑتا تھا۔

☆ صنعتیانے کا عمل دو اہم اثرات جو عورتوں اور بچوں کی زندگی پر ہوئے بیان کیجئے؟

## جرمنی اور فرانس میں صنعتیانے کا عمل

اٹھارویں صدی کی ابتداء میں برطانیہ میں صنعتیانے کا عمل شروع ہوا جبکہ جرمنی اور فرانس میں 1850 اور 1870 تک صنعتی پیداوار کی شہرت نہ تھی۔ جیسا کہ آپ کو یاد ہوگا کہ جرمنی 1870ء تک متحد نہیں ہوا تھا اور فرانس جنگوں اور انقلابات کے پرآشوب دور سے گذر رہا تھا۔ برطانیہ کے برعکس جو کہ کئی نوآبادیات رکھتا تھا جرمنی اور فرانس میں نوآبادیات کے ذرائع کم تھے۔ اس لیے انہیں ان ناموافق اور پابجائی کرنا تھا۔

SCERT TELANGANA

☆ برطانوی شہروں اور قصبوں میں ابتدائی صنعتیا نے کے عمل کے اثرات پر بحث کیجئے اور ہندوستان میں اسی طرح کے حالات سے تقابل کیجئے۔؟

دونوں ممالک میں صنعتیا نے کے عمل میں 1830ء میں ''ریل کے راستوں' کی شروعات سے تیزی آ گئی۔ ریلوے کی آمد نے تجارت' مواصلات اور معاشی نمو کو تیز تر کر دیا۔ 1850ء تک مختلف جرمن ریاستوں نے برطانیہ کے مقابلے میں آدھا اور فرانس کے مقابلے میں دوگنی حد تک ریلوے تعمیر کر لی۔

پروشیاء نے رہائن لینڈ اور سلیشیاء (Ruhr علاقہ) میں موجود کوئلے کی عمدہ ذخیرہ اور بوہیمیاء میں موجود لوہے کے ذخائر کو فولاد کی صنعت کو قائم کرنے میں مکمل طریقے سے استعمال میں لایا۔ 1810ء میں ایسن کے مقام پر الفریڈ کرپ نے لوہے کا ایک چھوٹا کارخانہ قائم کیا۔ 1870ء تک کرپ ایسن ایک عظیم الشان کمپنی میں تبدیل ہو گیا۔ جس میں ہزاروں مزدور ریل انجنوں اور فوجیوں کے ہتھیاروں کی تیاری میں شامل ہو کر کرپ خاندان کی تقدیر کو سنوارنے میں مصروف ہو گئے۔ 1866ء میں ورنر سیمینس نے الکٹرک ڈائمنو کی ایجاد کی جس سے ایک نئی برقی صنعت کی بنیاد پڑی جس میں جرمنی ساری دنیا میں سرفہرست رہا۔ 1870ء میں فرانس کی شکست اور 1871ء میں متحدہ جرمنی کے وجود میں آنے سے صنعتیا نے کے عمل میں اور تیزی آ گئی کیونکہ سیاسی طور پر متحد جرمنی فرانس سے حاصل کئے ہوئے لورائن میں موجود لوہے کے ذخائر کا پورا پورا استعمال کر سکتا تھا۔

## بچہ مزدوری کے شرائط

1816ء میں برطانوی پارلیمنٹ کی ایک کمیٹی نے بچہ مزدوری بدترین حالت کے شواہد کو جمع کیا۔ درج ذیل میں دی گئی معلومات ایک سوتی کارخانے میں عارضی طور پر کام کرنے والے ماہر نے فراہم کی۔ اس کمیٹی نے اس سے اس کی فیاکٹری میں بچہ مزدوروں کی حالت کے تعلق سے سوالات کیئے۔

**1) کس عمر میں انہیں کام پر رکھا جاتا تھا؟**

جواب:۔ لندن سے جو بچے آتے تھے انہیں آٹھ یا دس یا سے تقریباً پندرہ سال کی عمر میں لیا جاتا تھا۔

**2) کتنی مدت تک انہیں زیر تربیت رکھا جاتا تھا؟**

جواب:۔ بیس سال کی عمر تک

**3) اوقات کار کیا تھے؟**

جواب: صبح 5 بجے سے لے کر شام میں 8 بجے تک

**4) کیا دن میں پندرہ گھنٹے روزانہ کے مستقل اوقات کار تھے؟**

جواب: ہاں

**5) جب کام کرنے والے مشینوں کی درستی یا روئی کی فراہم کرنے کے انتظامات میں کام روک دیتے تھے تو بچوں کو بے کار رہنے کے وقت کی پابجائی کرنا پڑھتا تھا؟**

جواب:۔ ہاں

**6) کیا بچے بیٹھ کر کام کرتے تھے یا کھڑے ہو کر؟**

جواب: کھڑے ہو کر

**7) کیا سارا وقت کھڑا ہو کر کام کرتے تھے؟**

جواب:۔ ہاں

**8) کیا کارخانے میں بیٹھنے کی جگہ تھی؟**

جواب:۔ نہیں! میں نے انہیں کئی مرتبہ کام کے بعد کارخانے کے فرش پر سوتا ہوا پایا۔

**9) کیا کوئی بچے مشینوں سے زخمی ہوئے؟**

جواب:۔ ہاں۔ کئی مرتبہ


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

جرمنی میں صنعتیانے کا عمل جرمن حکومت کی وجہ سے سہولت بخش ہو گیا جس نے صنعتوں کے لئے بڑے پیمانے پر منڈیوں کو فراہم کیا اور سڑکوں، ریلوے کی تعمیر کانوں کی ترقی میں سرمایہ بھی لگایا۔ جرمن فوج کو بڑی تعداد میں ہتھیار کی ضرورت تھی۔ اس لیے بڑی صنعتوں نے ہتھیار بنانے کی صنعت کو فوقیت دی۔ حکومت نے مزدور طبقے کی تحریک کو سختی سے نمٹا اور ساتھ ساتھ مزدوروں کے لئے کئی سماجی فوائد اور انشورنس فراہم کیا۔ اس چیز نے کارخانوں کے مالکین کو اپنے مزدوروں پر کنٹرول فراہم کیا اور وہ انہیں کم اجرت دینے لگے۔

☆ جرمنی اور فرانس میں صنعتیانے کے عمل کا موازنہ کیجئے؟ ان میں پائے جانے والے فرق اور یکسانیت کی نشاندہی کیجئے۔

☆ آپ کے خیال میں فرانس صنعتی ترقی میں پیچھے کیوں تھا؟

☆ کن عوامل نے جرمنی کو صنعتی میدان میں انگلینڈ اور فرانس سے آگے بڑھنے میں مدد دی؟

امریکہ اور برطانیہ میں ہوئی تکنیکی ترقی سے جرمنی کی صنعت نے بھی فائدہ اٹھایا۔ انہوں نے نئی ٹکنالوجی کو راست طور پر مستعار لیا جسے دوسرے ممالک نے ایک طویل عرصے میں بنایا تھا۔ اس کے لئے انہیں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی ضرورت پڑی جس کو انہوں نے بڑے بینکوں سے حاصل کیا۔ جرمن صنعتوں نے بڑے پیمانے پر اکائیوں کو قائم کیا۔ جنہوں نے برطانوی صنعتوں کو انکی جسامت اور وسعت سے بھی پیچھے کر دیا۔

ابتداء میں جرمنی میں صنعتوں کے قیام کے لئے برطانیہ کی مسابقت کو اہم شعبہ جات جیسے پارچہ اور مشینوں کی تیاری کی صنعتوں وغیرہ میں تسلیم کرنا پڑا۔ بہرحال جلد ہی جرمنی نے لوہے اور فولاد، کیمیائی اشیاء اور برقی صنعتوں کو فروغ دیا۔ جو کہ نئی نسل کی صنعتیں کہلائیں اور برطانیہ کو ان میدانوں میں پیچھے چھوڑ دیا۔ بیسویں صدی کی ابتداء تک جرمنی نے طاقتور صنعتی بنیادیں قائم کیں اور برطانیہ کو بہ حیثیت یوروپ کی ایک عظیم صنعتی طاقت کے چیلنج دینے لگا۔ برطانیہ اس وقت زیادہ تر کوئلے کی پیداوار میں مصروف تھا جبکہ جرمنی نے فولاد کی پیداوار میں زیادتی کی۔ برطانیہ اور فرانس کے لئے یہ بات پریشان کن تھی کہ صنعتی پیداوار کا بڑا حصہ جرمنی فوجی اور بحری طاقت میں اضافہ کرنے کے لئے استعمال کر رہا تھا۔

اس کے برعکس صنعتیانے کے عمل میں فرانس سست تھا۔ انیسویں صدی کے اختتام تک بھی وہ ایک دیہی ملک تھا جہاں عوام کی اکثریت زمین کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر ہل چلایا کرتی تھی۔ مختلف چیزیں تیار کرنے والے مالکین نے شہروں میں فیکٹریوں کو قائم کرنے کے بجائے دیہاتی مزدوروں کو گھر پر کام دینا فائدہ مند سمجھا۔ 1850ء کے بعد اس طرح کے دیہاتی پیداوار میں زوال شروع ہوا جس کی وجہ سے

### کرپ خاندان: The Krupp Family

کرپ خاندان نے دنیا کی عظیم ترین ہتھیاروں کی فیاکٹری قائم کی۔ یہ پہلا کارخانہ فیلڈ گن کی تیاری کے لئے مخصوص تھا۔ 1887ء تک اس نے چھیالیس مختلف ملکوں کو ہتھیاروں کی سربراہی کی۔ پہلی جنگ عظیم کے دوران کرپ کے کارخانوں نے جرمنی کی بری فوج کے لئے بندوقیں بنائیں۔

کرپ خاندان نے 1933ء کے انتخابات میں جرمنی کے جنرل ہٹلر کا ساتھ دیا ہے۔ جیسے ہی نازی جرمنی نے پڑوسی ممالک پر قبضہ کیا الفریڈ کروپ نے نئی زمینوں پر قبضہ کر لیا تاکہ اور زیادہ نئے کارخانے قائم کر سکیں۔ ان میں سے اکثر کارخانے نازیوں کے بے گار کیمپوں میں موجود غلام مزدوروں کو اپنے کارخانوں میں استعمال کرتے تھے۔



SCERT TELANGANA

لوگوں کے لئے معاشی مشکلات' پیدا ہوگئیں۔شہروں میں زیادہ کام مشینوں کے ذریعہ انجام دیا جانے لگا صرف نازک کام جو ہاتھ سے ہوسکتا تھا وہ دیہاتی کا مگاروں کو دیا جاتا تھا۔فرانس میں صنعتیا نے کا زیادہ تر عمل ریلوے اور سڑکوں کے پھیلے ہوئے جال کی وجہ سے تھا اس لیے 1860ء کے بعد اس کی صنعتی اشیاء کے لئے ایک بڑی منڈی کا وجود عمل میں آیا۔

فرانس نے بھی بینکوں کو ترقی نہیں دی جو کہ بڑی مقدار میں صنعتکاروں کو سرمایہ قرض کے طور پر دیا کرتے تھے۔جس کے نتیجے میں اکثر فرانسیسی اشیاء کے تیار کرنے والے خاندانی ذرائع پر منحصر تھے۔جس کی وجہ سے وہ چھوٹی کمپنیوں کی حد تک ہی رہے۔اس چیز نے انہیں نئے خیالات اور ٹکنالوجی کو قبول کرنے میں کافی حد تک پیچھے کر دیا۔

بھاری صنعت جو کہ لوہے اور کوئلے پر منحصر تھی فرانس میں سست رفتاری کے ساتھ آگے بڑھ رہی تھی کیوں کہ اس کے پاس کوئلے کے اچھے ذخائر نہیں تھے اور اُسے مہنگے درآمدات پر منحصر ہوتا پڑتا تھا۔غرض فرانسیسی صنعتیا نے کا عمل اشیاء صارفین پر مرکوز تھا جیسے پارچہ جات جو کہ بنیادی طور پر چھوٹے پیمانے کی صنعت تھے۔یہ جرمنی اور برطانیہ کے صنعتی حالات کے برعکس تھا جہاں بھاری صنعتیں عروج پر تھیں

## اہم الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ صنعتیانا | 2۔ Transformation | 3۔ صنعتی انقلاب |
| 4۔ بھاپ کی قوت | 5۔ Hydreulic Power | |

## اپنی معلومات کو بڑھایئے۔

**خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پر کیجئے۔**

1۔ نیچے دیئے گئے عنوانات پر صنعتی انقلاب کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہر ایک پر دو دو جملے لکھئے۔

a) ٹکنالوجی (b) سرمایہ کاری اور پیسہ (c) زرعی انقلاب (d) حمل ونقل کا نظام

2۔ صنعتی انقلاب کے دوران ایجادات سے متعلق کونسی چیز کو آپ خاص سمجھتے ہیں؟

3۔برطانوی خواتین کی مختلف طبقات کی زندگیاں صنعتی انقلاب سے کس طرح متاثر ہوئیں؟

4۔ کنالوں یا نہروں اور ریل سے حمل ونقل کے کیا فوائد ہیں؟

5۔ برطانیہ میں صنعتی انقلاب کے دوران لوہے اور کپڑے کی صنعتیں کن مقامات پر مرکوز تھیں نشاندہی کیجئے؟

6۔ صنعتی انقلابات کے دوران ہونے والی ایجادات کا ایک جدول تیار کیجئے۔

7۔ صفحہ 176 پر ''مزدور طبقہ'' کے پیراگراف کو پڑھ کر مباحثہ کیجیے۔

## منصوبہ

معاشی میدان میں صنعتی انقلاب کے نتائج بیان کیجئے اور اپنی جماعت میں ایک رپورٹ پیش کیجئے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

باب
14

# سماجی اور احتجاجی تحریکیں

صنعتیانے اور قومی ریاستوں کے وجود میں آنے سے لوگوں کی زندگیوں میں بنیادی تبدیلیاں آئیں۔ جیسے ان کے کام کرنے کا طریقہ ضروریات زندگی کے لیے ان کے حقوق اور وقار، ان کے اپنے کام اور پیداوار سے ان کا رشتہ، ان کے خاندان اور پڑوس وغیرہ تعلق میں تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ یہ تبدیلیاں بہت سے لوگوں کے لیے خاص طور پر غریب کسانوں، دستکاروں اور صنعتی مزدوروں کے لیے ایک پر وقار و محفوظ زندگی کے خاتمے کے مترادف تھیں۔ انھیں اب سینکڑوں اور ہزاروں دیگر کاریگروں کے ساتھ بے رحم نگران کار تنظیمیں کے تحت کام کرنا پڑ رہا تھا۔ انھیں نہ تو پیداوار کا علم تھا اور نہ ہی اس بات کا علم کہ انھیں کب اور کیسے کام کرنا ہوگا۔ کم اجرت، اور ملازمتوں کی غیر مستقلی نے ان میں بے انتہا عدم اطمینان پیدا کر دیا تھا۔ حالات خاص طور پر اس وقت اور بھی تکلیف دہ ہوئے جب کارخانے کے مالکان نے مزدوروں کی اجرتوں میں کٹوتی اور ان کی تعداد میں کٹوتی کی یا پھر ان کے کام کے بوجھ میں اضافہ کیا۔



شکل 14.1: لندن کے مفلوک الحال لوگوں کی ایک گلی فرانس کے مصور ڈورے (1876) کی بنائی ہوئی تصویر

صنعتیانے کے ابتدائی دہائیوں پر انقلاب فرانس (94-1789) کے پیدا کردہ نئے سیاسی رجحانات کا اثر دیکھا جا سکتا ہے۔ آزادی مساوات اور عوامی بھائی چارگی کی تحریکوں نے اجتماعی تحریک کے امکانات روشن کئے۔ ان تحریکوں نے 1790 کے دہے کی فرانسیسی پارلیمانی اسمبلی جیسے جمہوری اداروں کی تخلیق کی اور اشیائے ضروریہ (مثلاً روٹی) کی قیمتوں کو قابو میں لاتے ہوئے بدترین جنگی صعوبتوں پر روک لگائی۔

صنعتیانے کی وجہ سے فنکاروں اور دانشوروں کو بھی شدید تکلیف پہونچی زرعی یا دست کاری اور دیہی گروہی زندگی انسانی قدریں فنا ہوگئیں۔ احساسات و جذبات کے مقابلے میں منطق، سائنس وٹکنالوجی کے رجحان کا حاوی ہونا اور بڑے پیمانے پر صنعت کاری کے اثرات نے غربت و گندگی میں زندگی گزارنے والے مزدوروں کی سوچ پر گہرے نقوش چھوڑے۔ معاشیات و سماجی تاریخ کا مطالعہ کیا تاکہ وہ صنعت کے چیا لجنس کو سمجھ سکیں جب کہ چند دیگر نے شاعری اور مصوری کی طرف توجہ دی تاکہ متبادل صلاحیتوں کو حاصل کر سکیں۔

صنعت کاری نے نئے سماجی گروہوں کو بھی جنم دیا جو چاہتے تھے کہ وہ سماج میں ایک اہم رول ادا کریں جہاں صنعت کاری نے سرمایہ کاری و بڑے زمینداروں کو اقتدار اور رسوخ بخشا وہیں اس نے مزدور طبقے کی تحریکوں کو منظم بھی کیا۔ مزدوروں نے اپنی طاقت کا احساس کیا کہ وہ متحد ہوکر مکمل معیشیت کو ساکن و جامد کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ انقلاب فرانس اور سوشلزم کے تصورات سے بھی متاثر ہوئے۔ اسی طرح عورتیں جو اس وقت تک صرف گھروں تک ہی محدود ہوا کرتی تھیں۔ باہر نکل آئیں ان کا مطالبہ تھا کہ انھیں بھی سماج، معیشت، سیاست اور تہذیبی امور میں مساوی رتبہ و رول ملنا چاہیے۔ اپنے اس مقصد میں پیش رفت کرنے کے لیے انھوں نے بسا اوقات سوشلزم اور جمہوری قومیت جیسی تحریکوں میں حصہ لیا۔

اس باب میں ہم چند ایسے واقعات کا مطالہ کریں گے اور سمجھنے کی کوشش کریں گے کہ کس طرح انہوں نے جدید دنیا بالخصوص ہندوستان کو متاثر کیا ہے۔

☆ آپ کے خیال میں آزادی، مساوات وعوامی بھائی چارگی کے تصورات احتجاجی تحریکوں کی ترغیب میں کس طرح مددگار ثابت ہوئے ہوں گے؟

☆ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ اکیسویں صدی میں عوام ان تینوں تصورات سے کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو چکے ہیں؟

☆ کیا آپ اپنے اطراف کسی ایسی سماجی تحریک کو دیکھتے ہیں جو آج بھی ان تصورات سے متاثر ہے۔

## انگلینڈ میں مزدوروں کی ابتدائی تحریکیں۔

انگلینڈ کے کارخانوں میں کام کی سختیوں کے خلاف سیاسی احتجاج بڑھتا جا رہا تھا۔ مزدوروں نے حق رائے دہی کے لیے تحریک چلائی۔ حکومت نے نئے قوانین کے ذریعہ مزدوروں کے حق احتجاج کو مسترد کر دیا۔

انگلینڈ ایک لمبے عرصہ تک 1792ء سے 1815ء تک فرانس کے ساتھ جنگ کرتا رہا۔ جس کے نتیجہ میں انگلینڈ اور یورپ کے درمیان تجارت معطل رہی۔ کارخانوں کو بند کرنا پڑا جس کی وجہ سے بے روزگاری بڑھتی رہی اور اشیائے خورد ونوش جیسے روٹی اور گوشت کی قیمتیں اوسط مزدوری سے بہت اونچی ہو چکی تھیں۔ 1795ء میں پارلیمنٹ نے دو قوانین پاس کئے جن کی رو سے تقاریر کے ذریعہ عوام کو مشتعل کرنا، تحریر کے ذریعہ نفرت پیدا کرنا بادشاہ کی عدول حکمی، دستور و حکومت کی خلاف ورزی کو غیر قانونی قرار دیا گیا اور پچاس سے زائد لوگوں کے اجتماع پر امتناع عائد کیا گیا۔ اس کے باوجود Old Corruption کے خلاف احتجاج جاری رہا۔ یہ اصطلاح مطلق العنان، اور پارلیمنٹ کو حاصلہ مراعات کے لیے استعمال ہوتی تھی۔ اراکین پارلیمنٹ، زمیندار، صنعت کار اور پیشہ ور مزدوروں کو حق رائے دہی عطا کرنے کی مخالفت کر رہے تھے وہ corn laws کی تائید کر رہے تھے جو سستی غذائی درامدات کو اس وقت تک روک سکتے تھے جب تک کہ برطانیہ میں ان کی قیمتیں یک مخصوص سطح تک نہ پہنچ جائیں۔ جیسے جیسے شہروں اور کارخانوں میں مزدوروں کی تعداد بڑھنے لگی انھوں نے اپنے غصہ اور مایوسی کا اظہار احتجاج کے مختلف طریقوں سے کرنا شروع کیا۔ 1790ء کے دہے سے روٹی یا غذا کے لیے ملک بھر میں دنگے ہونے لگے۔ روٹی غریبوں کی مستقل غذا تھی اور اس کی قیمت ہی ان کے معیار زندگی کا تعین کرتی تھی۔ غذا کے

☆ آپ یہ کیوں سمجھتے ہیں کہ مزدوروں نے Cornlaws کی مخالف اور زمین داروں نے ان قوانین کی تائید کی ہوگی۔

☆ ہندوستان میں بھی ایسے قوانین ختم کیے جا رہے ہیں جو ہمارے کسانوں کو سستی زرعی اشیا کی درآمدات کی مسابقت سے بچاتے ہیں۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ ایسی درآمدات ہمارے ملک کے غریب عوام کو فائدہ پہنچاتی ہیں؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

ذخائر پر قبضہ کیا گیا اور اسے نفع کے لالچی تاجروں کی مقررہ قیمتوں کے برخلاف اخلاقی طور پر مناسب اور قابل ادائیگی قیمتوں پر فروخت کیا جانے لگا۔ ایسے دنگے اگرچیکہ جنگ کے بدترین سال 1795 میں بہت زیادہ ہوئے لیکن یہ 1840ء کے دہے تک بھی بدستور جاری رہے۔

خستہ حالی کی ایک اور وجہ وہ عمل تھا جو الحاق Enclousre کہلاتا تھا۔ جس کے تحت 1770ء کے دہے سے سینکڑوں چھوٹے فارمس (کھیتوں) کا بڑے زمینداروں کے بڑے فارمس (کھیتوں) میں شامل کیا جاتا تھا۔ غریب دیہی خاندان اس عمل سے بہت زیادہ متاثر ہوئے تھے اور انھوں نے صنعتوں کی طرف رخ کرنا شروع کیا۔ لیکن کپاس کی صنعت میں مشینوں کے استعمال نے ہزاروں بنکرون کو بے روزگاری اور غربت میں ڈھکیل دیا۔ کیوں کہ ان کی محنت مشینوں کے مقابلے میں بہت سست رفتار تھی۔ 1790ء کے دہے سے بنکروں نے اپنے لیے جائز اقل ترین مزدوری کا مطالبہ شروع کیا جس کو پارلیمنٹ نے مسترد کر دیا۔ جب مزدوروں نے ہڑتال کی تو انھیں طاقت کے استعمال سے منتشر کیا گیا۔ مایوسی کے عالم میں لنکا شائر میں بنکروں نے power looms کو تباہ کر دیا کیوں کہ ان کے خیال میں یہی ان کے روزگار کی تباہی کے ذمہ دار تھے۔

☆ آپ کے خیال میں مشینوں کو توڑنے کا عمل کس حد تک مزدوروں کے لیے مدگار تھا؟

☆ حکومت نے ایک ایسا قانون نافذ کیا جس میں مشینوں کو توڑنے کے لیے سزائے موت تجویز کی گئی تھی۔ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ یہ منصفانہ قانون تھا؟

☆ جب نئی مشینیں کارخانے میں لائی جاتی ہیں تو چند مزدور بے روزگار ہوجاتے ہیں۔ آپ کے خیال میں ایسا کیوں ہوتا ہے؟ کیا ایسے طریقے بھی ہوسکتے ہیں جن سے بے روزگاری پیدا کیے بغیر ٹکنالوجی کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔

یارک شائر میں روایتی انداز میں ہاتھ سے اون تراشنے والے کسانوں نے تراشنے کے اوزار تباہ کرڈالے۔ 1830ء کے دنگوں میں زرعی مزدوروں کے روزگار کو Threser سے خطرہ لاحق ہوگیا تھا۔ فسادیوں نے ان مشینوں کو تباہ کرڈالا۔ ان میں سے 9 کو پھانسی دیدی گئی اور 450 کو مجرم قرار دے کر آسٹریلیا بھیج دیا گیا۔


## LUDDISM مشین بے زاری

کرشماتی شخصیت جنرل Ned Ludd کی زیر قیادت 1811-17 میں اٹھنے والی تحریک جو Luddism کہلاتی ہے۔ احتجاج کی ایک اور مثال ہے۔ Luddism مشینوں پر محض ایک روایت پسندانہ حملہ نہیں ہے بلکہ اس کے شرکاء اقل ترین اجرت، عورتوں اور بچوں کی محنت پر کنرول، اور مشینوں کی آمد کے نتیجے میں بے روزگار ہونے والے مزدورں کے لیے روزگار کا مطالبہ کرر ہے تھے اور وہ یونین بنانے کے حق کا مطالبہ کرر ہے تھے تا کہ وہ قانونی طور پر اپنے مطالبات پیش کرسکیں۔ اپنے حقوق و مطالبات منوانے کے لیے جن مزدوروں کے پاس اب بھی طاقتور ٹریڈ یونین نہیں تھی وہ مشینوں اور ذخائر کو تباہ کرنے کی دھمکی دیتے ہوئے کارخانے کے مالکوں سے لڑر ہے تھے۔ کئی ایک معاملوں میں کارخانے کے مالکوں نے مزدوروں سے بات چیت کرنے اور انھیں بہتر سہولیات مہیا کرنے کے لیے رضامندی ظاہر کی۔ مزدوروں اور کئی ایک متوسط طبقہ کے افراد جیسے دوکانداراور ماہر دست کاروں کے خیال میں مشینیں غیر ضروری تھیں اور لوگوں کے روزگار کو ہتھیانے کے لیے متعارف کی جارہی تھیں اس لیے اس قسم کے احتجاجیوں کو سماج کی طرف سے بڑی تائید ملی کئی جگہوں پر ''ریڈیکل ورکرس'' نے جنرل Ludd کے نام سے مسلسل مظاہرہ کیئے اور چند دوسرے مقامات پر مخفی انجمنیں بھی تھیں جو منصوبہ بند اور مربوط مہم چلا رہی تھیں۔



SCERT TELANGANA

## اشتراکیت/(سوشلزم)



شکل - 14.2 : 1812 میں مشین بے زار افراد مشینوں کو تباہ کرتے ہوئے

اگرچیکہ Luddisom کو حکومت اور فوج پسپا کررہی تھی لیکن ایک نیا نظریہ فروغ پا رہا تھا جس کا مقصد مزدوروں کو ایک نیا سماجی مقصد دینا تھا یہی نظریہ سوشلزم کہلاتا ہے۔سوشلزم کیا ہے؟ یہ ایک نظریہ ہے جو خانگی ملکیت کی مخالفت کرتا ہے اور قدرتی وسائل پر عوامی ملکیت و اختیار کی وکالت کرتا ہے۔سوشلسٹ نظریے کے مطابق افراد کو چاہئے کہ وہ کوئی بھی کام انفرادی طور پر نہیں بلکہ باہمی تعاون و اشتراک سے انجام دیں۔اس کے علاوہ ہر وہ چیز جو افراد پیدا کرتے ہیں سماجی پیداوار ہوتی ہے جو کوئی کسی شئے کی پیداوار میں تعاون کرتا ہے وہ اس پیداوار میں حصہ کا حق دار ہوتا ہے۔ سماج کو بحیثیت مجموعی پیداوار کا مالک ہونا چاہئے یا کم ازکم اراکین سماج کے مفاد کے لیے اسے اس پیداوار پر کنٹرول ہونا چاہئے۔

اس طرح سوشلزم سرمایہ دارانہ نظام کی ضد ہے جس میں پیداوار کے وسائل پر خانگی افراد کی اجارہ داری ہوتی ہے۔یہ خانگی افراد یا ادارے طے کرتے ہیں کہ بازار کے لیے کیا چیز پیدا کی جائے اور اس پیداوار میں کس کی حصہ داری ہو۔سوشلسٹوں کی شکایت یہ ہے کہ سرمایہ دارانہ نظام میں دولت و اقتدار یقینی طور پر غیر منصفانہ اور استحصالی انداز میں محض چند افراد کے ہاتھوں میں مرکوز ہوجاتی ہے۔دولت مند سماج میں اپنا دبدبہ قائم کرنے کے لیے اپنی دولت کا استعمال کرتے ہیں چوں کہ یہ لوگ دولت مند ہوتے ہیں اس لیے وہ انتخاب کرسکتے ہیں کہ انھیں کہاں اور کیسے زندگی گزارنی ہے اور انتخاب کی یہ آزادی غریب افراد کے مواقعوں کو محدود کردیتی ہے جو جس کے نتیجہ میں انفرادی آزادی اور مواقعوں میں مساوات جیسی اصطلاحیں دولت مند افراد کے لیے بے معنی ہوتی ہیں جبکہ غریب دولت مند افراد کے حکم کے غلام ہوتے ہیں۔سوشلسٹوں کے خیال میں حقیقی آزادی اور حقیقی مساوات کے لیے ضروری ہے کہ وسائل پر جو سماج کی خوشحالی کی بنیاد ہیں سماج کا اختیار رہو۔

سوشلسٹ نظریہ کے حامی افراد کا ماننا ہے کہ حقیقی مسابقت اس وقت تک ممکن نہیں ہوتی جب تک وسائل کی مساویانہ تقسیم نہ ہو۔ورنہ دولت منداور صاحب اختیار افراد کسی بھی طرح حالات کو اپنے حق میں جھکا لینے کی طاقت رکھتے ہیں۔

سوشلزم کے چند عوامل پچھلے دور کے مفکرین جیسے افلاطون اور تھامس مور کے نزدیک بھی دیکھنے کو ملتے ہیں۔یہ نظریات جب انقلابِ فرانس کے نظریات سے ہم آہنگ ہوئے تو انھیں اور بھی تقویت حاصل ہوئی۔

SCERT TELANGANA

بابیف Babeuf اور چند دوسرے انقلابیوں نے شکایت کی کہ آزادی، مساوات، اور بھائی چارہ جیسے عوامل کے حصول میں انقلاب ناکام ہوا۔ بابیف کہتا ہے کہ مکمل مساوات کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ خانگی جائیداد پر امتناع ہو اور جائیداد اور اس کے ثمرات پر پابندی ہو۔ اس کے ان ہی نظریات کے سبب اسے حکومت کا تختہ پلٹنے کی سازش کرنے کے الزام میں سزائے موت دی گئی۔ تاہم اس کے نظریات آنے والی نسلوں کو صنعتی نظام کے خلاف تحریک دیتے رہے۔




**خاکہ 14.3: میگزین سے لیا گیا پوسٹر جو مزدوروں میں بیداری پیدا کرنے کے لیے جاری کیا گیا۔**


فرانس میں سینٹ سائمن Saint Saimon نامی ایک اور قدیم سوشلسٹ مفکر گذرا ہے اس نے وکالت کی کہ مرکزی منصوبہ بندی کے ذریعے پیداواری وسائل پر عوام کا کنٹرول ہونا چاہیئے۔ جس میں سائنسداں، صنعت کار اور انجینئرس قبل از وقت سماجی ضروریات کا اندازہ قائم کرتے ہوئے ان کی تکمیل کے لیے سماجی توانائیوں کو بروئے کار لاسکیں۔

ایسے مفکرین انگلینڈ مین بھی منظر عام پر آئے جو "صنعتی انقلاب کا گھر" سمجھا جاتا ہے۔ یہاں ایک Owen نامی ایک چھوٹا صنعت کار مزدوروں کی حالت اور سرمایہ داروں کی دولت مندی سے متفکر ہوا۔ اس نے امداد باہمی والے گاؤں کی تعمیر کی ترغیب دی جہاں ہر چیز پر مشترکہ ملکیت ہو اور عوام باہمی تعاون سے کام کریں اور محصلہ پیداوار کو آپس میں تقسیم کرلیں۔ تاہم یہ تصورات محض خیالی بن کر رہ گئے کیونکہ صنعتی پیداوار کو عظیم پیمانے پر اضافہ ہونے اس پر عمل نہ ہوسکا۔

کارل مارکس اور فریڈرک اینجلس نے سوشلزم کے نئے نظریہ کی داغ بیل ڈالی۔ یہ نظریہ ان کے صنعتی پیداوار میں سرمایہ کاری کے مطالعہ پر مبنی تھا۔ ان کا استدلال تھا کہ سرمایہ دارانہ نظام تاریخ میں ایک ترقی پذیر قوت بھی ہے اور ایک استحصالی نظام بھی ہے جو سرمایہ داروں اور مزدوروں کو یکساں طور پر انسانی اقداروں سے دور کرتا ہے۔ یہ ترقی پذیر ہے کیوں کہ اس کی وجہ سے دنیا میں صنعتی تغیر ممکن ہوسکا اور پیداواری صلاحیت کو ابھارا گیا تاکہ ہر ایک کی ضروریات کی تکمیل ہوسکے۔

یہ نظام استحصالی ہے اس لحاظ سے کہ سرمایہ دارانہ نظام مزدوروں سے سخت کام لیتا ہے اور ان کی زندگی کو دشواریوں میں ڈال دیتا ہے۔ اور اس محنت کا پھل سرمایہ دار حاصل کرلیتے ہیں۔۔ مارکس کا خیال ہے کہ صنعتی پیداوار سے ممکن نہیں کہ لوگ چھوٹے پیمانے پر ایک ساتھ رہ کر کام کریں بلکہ انہیں اپنی بنیادی ضروریات کی تکمیل کے لیے بے شمار لوگوں کے ساتھ متحد ہوکر کام کرنا چاہیے۔ لہٰذا پیدوار کوئی ایک خاندان یا گاؤں کا معاملہ نہیں بلکہ پورے سماج کا معاملہ ہوگا۔ اس نظام نے انسانوں کو بے انتہا اختیارات دیئے تاکہ وہ مشترکہ مفاد کے لیے کام کرتے ہوئے اپنی زندگی کو بہتر بناسکیں۔

SCERT TELANGANA



کارل مارکس

مارکس اور اینجلس کا اعتراض تھا کہ پیداوار کے لیے کارخانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی اپنی کوئی جائیداد نہیں لیکن وہ ہمیشہ پیداوار کے لیے ضروری اور لازمی ہیں۔ پھر بھی ان کا (مزدوروں کا) استحصال کیا جاتا ہے۔ تاکہ سرمایہ داروں کے نفع میں اضافہ جاری رہ سکے۔ اس لیے مزوروں کو مجبور کیا جائے کہ وہ بہتر اجرتوں کے لیے اور سرمایہ دارانہ نظام ہی کے خاتمہ کے لے لڑیں۔ اگر مزدور تمام کارخانوں اور وسائل کو اپنے ہاتھ میں لے لیں اور انھیں ایک مشترکہ مفاد کے لیے لائیں تو یقیناً ایک نیا اور مساوات سے پر سماج قائم ہو سکے گا۔ اس نے کہا کہ مزدور آپس میں متحد ہو جائیں اور سرمایہ داروں کو نکال پھینکیں جیسا کہ لوگوں نے فرانسیسی انقلاب کے دوران بادشاہوں اور جاگیرداروں کو اکھاڑ پھینکا تھا۔ مزوروں کو چاہیے کہ ریاستی وسائل کی ذمہ داری سنبھالیں اور مزدور ریاست قائم کریں جو کہ تمام کارخانوں اور زمین و جائیداد کی مالک ہو اور اجتماعی مفاد کے لیے منصوبہ بند طریقے سے پیداوار کا انتظام کرے۔



فریڈرک اینجلس

مارکس اور اینجلس کے نظریات نے 19 ویں صدی عیسوی کے اختتام تک ریڈیکل مفکرین کے ذہن پر نہ صرف گہرا اثر ڈالا بلکہ 20 ویں صدی عیسوی میں بڑے سماجی تحریکوں کا محرک بنے۔ اسی دوران کئی ایک ریڈیکل مفکرین نے مارکس کے کئی ایک مسائل پر مخالفت کی اور انھوں نے نئے نظریات پیش کیے جسے لاقانونیت یا نراجیت (Anarchism) کہا جانے لگا۔

سوشلزم اپنے ابتدائی دنوں میں ہی ہندوستان آیا۔ سوامی وویکانند خود بھی سوشلزم کے تصورات سے متاثر ہوئے جو ان دنوں یورپ اور امریکہ میں پھیل رہے تھے جب انھوں نے ان براعظموں کا دورہ کیا۔ جیسے جیسے قومی تحریک طاقتور ہوتی گئی کئی ایک قوم پرست بھی سوشلزم سے متاثر ہوتے رہے۔ ہندوستانی قوم پسندوں کو 1917ء کے روسی کمیونسٹ انقلاب سے ترغیب ملی خاص طور پر اس وقت جب انقلابی حکومت نے یہ اعلان کیا کہ وہ ہر قومی مقصد کی تائید کرے گی۔ کئی رہنما جیسے ایم این رائے، بھگت سنگھ، جواہر لال نہرو وغیرہ سوشلزم کے پرجوش حامی تھے۔ جیسے جیسے ہندوستان کے شہروں میں صنعتی پیداوار میں اضافہ ہوتا گیا کئی ایک رہنماؤں نے مزدوروں کی ٹریڈ یونین بناڈالیں۔ یہ رہنما بھی مارکسزم سے متاثر تھے اور 1920 ہی میں انھوں نے ہندوستان میں کمیونسٹ پارٹی کی بنیاد ڈالی۔

☆ مارکسی سوشلزم Luddism سے کس طرح مختلف ہے؟

☆ مارکس نے صنعتی پیداوار کو اعلیٰ اور ضروری کیوں تصور کیا؟

☆ مارکس اور ابتدائی سوشلسٹوں میں اہم فرق کیا تھا؟

## خواتین کی تحریک

عہدِ وسطیٰ اور ابتدائی عہد جدید کے دوران دنیا کی تمام خواتین پر بشمول یوروپ کے مردوں کی اجارہ داری قائم تھی۔ انھیں جائیداد یا شہری حقوق جیسے ووٹ وغیرہ دینے کا حق نہیں تھا۔ خواتین زیادہ تر گھریلو کام جیسے پکوان، بچوں کی پرورش اور گھر میں موجود بڑوں کا خیال رکھنا اور مردوں کے کام میں ہاتھ بٹانے تک محدود تھیں۔ اس صورتحال میں تبدیلی صنعتیانے کی وجہ سے آئی جب خواتین نے زیادہ تعداد میں صنعتوں

SCERT TELANGANA

میں کام کرنا شروع کیا۔اس طرح خواتین کام اور کمانے کے لیے گھروں سے باہر نکلیں اورانہوں نے اپنی الگ پہچان بنائی اور سماج میں اپنے کردار کو ثابت کیا۔انہوں نے کہا کہ تمام انسان مساوی ہیں کے اصول پر زور دینا شروع کیا چاہے وہ مرد ہو یا عورت۔

جب 1791ء میں فرانسیسی انقلابیوں نے مردوں کے حقوق نامہ کو تیار کرنے لگے،تب بہت سی فرانسیسی خواتین اس کے خلاف احتجاج کرنے لگیں اور ایک علحدہ خواتین کے حقوق نامہ بنایا۔اس میں اعلان کیا کہ ''عورتیں آزاد پیدا ہوئی اور وہ بھی مردوں کے برابر حقوق رکھتی ہیں''۔ سماجی امتیاز صرف عام ضرورت پر منحصر ہے۔تمام شہری بشمول خواتین کے تمام عوامی عہدوں، دفاتر اور نوکریوں کے لیے صلاحیتوں کے اعتبار سے اہل ہیں، اور کوئی دوسرا امتیاز نہیں برتنا چاہیے یقیناً یہ اعلان نامہ فرانسیسی اسمبلی میں منظور نہیں ہوا۔امریکہ اور یوروپ کی خواتین کی تحریک کے مقاصد یہ تھے کہ خواتین بھی مردوں کے مساوی سمجھی جائیں اور انہیں ووٹوں کے ذریعے حکومت میں حصہ لینے اور عوامی عہدوں کو حاصل کرنے کا حق وغیرہ دیا جائے۔

1830-1870ء کے دوران آبادی کے تمام طبقات کو ووٹ ڈالنے کے حق کی تحریک زور پکڑی، کئی مما لک جیسے انگلینڈ، میں زیادہ تعداد میں خواتین باہر نکل کر ووٹ کا حق مانگنے لگیں انہیں حق رائے دہی کی موافق خواتین "Women's Suffragists" کہا گیا۔انہوں نے احتجاجی مظاہرے، میٹنگس منعقد کیں اور اخبارات وغیرہ میں لکھا اور پارلیمنٹ سے اپیل بھی کی۔1917ء میں روسی انقلاب نے سب سے پہلے خواتین کے تمام حقوق کو منظوری دی۔انگلینڈ میں چند خواتین کو 1918ء کو ووٹ ڈالنے کا حق دیا گیا اور 1928 میں تمام بالغ خواتین کو حق دیا گیا۔آہستہ آہستہ بعد میں تمام جمہوری مما لک نے اس کو قبول کیا۔

اس طرح خواتین جب عوامی معاملات میں حصہ لینے لگیں۔تو جلد ہی وہ اس حقیقت سے واقف ہوئیں کہ خواتین کے ساتھ عدم مساوات اب بھی جاری ہیں۔ چاہے وہ تعلیم کے میدان میں ہو یا صحت یا حق جائیداد یا نوکری کے میدان میں بہت سی خاتون مصنفین جیسے Virgiaia woolf نے لکھا کہ کس طرح سے مرد خواتین پر اجارہ داری قائم کرتے ہیں اور خواتین کس طرح خود ان کی آلہ کار بنتی ہیں۔دوسری جنگ عظیم کے بعد خواتین کی تحریکوں کے ایک نئے دور کی ابتداء ہوئی۔جن میں تمام شعبہ حیات میں خواتین کو مساوی حقوق دلانے پر زیادہ توجہ مرکوز کی گئی انہوں نے تہذیبی اور سیاسی عدم مساوات کے خلاف تحریکیں چلائیں۔اس تحریک نے خواتین کو عورت اور مرد کے درمیان طاقت کے عدم مساوی تقسیم پر غور کرنے میں مدد دی۔۔اگر نسوانی تحریک کے پہلے دور نے بنیادی حقوق جیسے حق رائے دہی پر توجہ مرکوز کی،تو نسوانی تحریک کے دوسرے دور نے مساوات کے دیگر پہلو، جیسے زندگی کے تمام شعبہ جات بشمول تعلیم اور صحت میں امتیاز کو ختم کرنے پر زور دیا۔

آپ نے پڑھا کہ 19ویں صدی کے ہندوستان میں سماجی مصلحین نے کس طرح سے جدوجہد کے ذریعہ سے کئی ایک غیر انسانی رسم ورواج جیسے ستی، بچیوں کی پیدائش پر ان کا قتل، زندگی بھر بیوہ کی زندگی گزارنے پر مجبور کرنا وغیرہ کو ختم کرنے کی کوشش کی اور خواتین کو جدید تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دی۔تعلیم میں اضافہ سے، خواتین اس قابل ہوئیں کہ وہ عوامی زندگی میں حصہ لیں اور اپنی جیسی خواتین کو منظّم کرسکیں۔اس کی وجہ سے ہندستان میں بھی خواتین کی تحریک کو ترقی حاصل ہوئی۔

خواتین نے قومی تحریک میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور رہنماؤں، خاص طور پر گاندھی جی نے تحریک میں خواتین کی اہمیت پر زور دیا۔



SCERT TELANGANA

ہزار ہا خواتین آزادی کی تحریک میں شامل ہوئیں اور قوم پرستوں کی مدد کی۔ جس کے نتیجہ میں جب ہندوستان آزاد ہوا تو خواتین کو مردوں کے برابر قانونی مساوات دی گئی۔ اس کے ذریعے جائیداد وغیرہ کے قوانین میں بھی عدم مساوات کو ختم کر دیا گیا۔

باوجود اس کے کہ قانونی طور پر مساوات حاصل کر لی گئی لیکن ساری دنیا بشمول ہندوستان کے حقیقی مساوات کی منزل اب بھی بہت دور ہے۔ اور خواتین کی تحریک کی نئی لہر اس کی وجوہات سمجھنے اور اس کے علاوہ حقیقی اور موثر مساوات حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

## کلیدی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ سوشلزم/(اشتراکیت) | 2۔ Luddism | 3۔ طوائف الملوکی/لاقانونیت |
| 4۔ تحریک حقوق نسواں | 5۔ سرمایہ داریت | 6۔ انقلابی |

## اپنے اکتساب کو بڑھائیں

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کونسے بیان صنعتی مزدوروں کی زندگی سے متعلق صحیح ہیں؟ جو غلط بیانات ہیں ان کو درست کریں۔

☆ صنعتوں پر مزدوروں کا کنٹرول ہوتا ہے۔

☆ مزدوروں کی زندگی کے حالات آرام دہ تھے

☆ کم اجرتیں مزدوروں میں بے اطمینانی پیدا کرنے کی چند وجوہات میں سے ایک وجہ تھی۔

☆ صنعتیانے کے دوران جذبات اور احساسات پر زیادہ زور دیا گیا۔

☆ رومان پسند مصنفین اور فن کاروں نے فطرت سے قریب جیسے لوک کہانیوں اور لوک گیتوں میں تشریح کی گئی اقدار کو نمایاں کیا۔

2۔ مزدوروں کو اس وقت درپیش مسائل کی فہرست بنائیں اگر وہ مسائل ابھی بھی موجود ہوں تو ان پر بحث کریں۔

3۔ سرمایہ داریت اور اشتراکیت میں تقابل کرتے ہوئے ایک پیراگراف لکھیں۔

4۔ مساوات کے حصول کے لیے مزدوروں اور خواتین کی تحریکات نے جو کوشش کیں ان میں یکسانیت اور فرق کیا تھا؟

5۔ ایک پوسٹر بنائیں جس میں آزادی، مساوات اور انصاف کے تصور (مزدوروں اور خواتین کے سیاق وسباق میں) پیش کریں۔ ان مواقعوں کی نشان دہی کریں جہاں ان تصورات کی خلاف ورزی کی جاتی ہے۔

6۔ دنیا کے نقشے میں ان مقامات کی نشاندہی کیجیے جہاں احتجاجی تحریکیں واقع ہوئیں؟

7۔ صفحہ 187 کے آخری پیراگراف اور صفحہ 188 کے پہلے پیراگراف کو پڑھیے اور تبصرہ کیجیے؟

## منصوبہ

کیا آپ اپنے اطراف واکناف ایسے سماجی احتجاجی تحریکیں دیکھتے ہیں؟ اس تحریک کے قائدین سے انٹرویو لیں اور ایک رپورٹ تیار کر کے اپنی جماعت میں پیش کریں۔

SCERT TELANGANA

باب
15

# افریقہ۔ایشیاء اور لاطینی امریکہ میں نوآبادیت

## ابتدائی نوآبادیت اور یوروپ کی وسعت:

نیچے دیئے گئے دنیا کے نقشہ کو دیکھئے۔یہ اس دنیا کو بتلاتا ہے جس کی یوروپیوں کو 600 سال قبل جانکاری تھی۔



1400ء کا دنیا کا نقشہ جو Genoese کہلاتا ہے

600 سال قبل دنیا کے لوگ بہت کم سفر کرتے تھے۔وہ لوگ گھوڑوں یا اونٹوں کی پیٹھوں پر یا چھوٹی کشتیوں یا پانی کے بڑے جہازوں جو صرف سمندروں میں چلتے تھے' سفر کرتے تھے۔لوگوں اور ممالک کے درمیان رابطہ میں اضافہ تاجروں ذریعے ہوا جو کے بدیسی اشیاء کی خرید اور ان کی اونچی قیمتوں پر فروخت کرنے کے لیے سفر کرتے تھے۔چین سے ریشم اور چینی برتن' کاٹن کے پارچہ جات' لوہا اور مصالحہ جات ہندوستان سے' عرب ممالک سے میوے اور عطریات' یوروپی ممالک سے شراب وغیرہ ساری دنیا کی چنندہ اشیاء تھیں۔تاجر عام طور پر ان کی سونے اور چاندی کے عوض خرید و فروخت کرتے اور بھاری نفع حاصل کرتے تھے۔اتنا زیادہ کے کچھ لوگ بادشاہوں سے زیادہ امیر ہوتے تھے۔

جو گجرات، کونکن، مالابار اور کارومنڈل ساحل سے تعلق رکھنے والے ہندوستانی تاجروں اور ملاحوں نے دور دراز مقامات سے وسیع تجارت کی۔انہوں نے چین، مشرقی ایشیاء، بحر احمر کی بندرگاہوں اور مشرقی افریقہ سے تجارت کی۔ان ملاحوں نے بحر عرب اور خلیج بنگال کو عبور کرنے کے لئے مانسونی ہواؤں کو استعمال کیا۔

بہت سارے تجارتی راستے جو 1400ء میں یوروپ اور ایشیاء کو ملاتے تھے مسلم مملکتوں کے زیر کنٹرول تھے۔خاص کر ترکی کی مملکت Ottoman سلطنت عثمانیہ جو یوروپی عیسائی طاقتوں سے مسلسل حالت جنگ میں رہتی تھی۔اٹلی کے باشندوں نے عرب کے تاجروں سے ایک مفاہمت کی جس سے عرب باشندے براعظم ایشیاء کی اشیاء سکندریہ (مصر

☆ وہ کونسے براعظم تھے جن سے تاجرین بالکل ناواقف تھے؟
☆ وہ کونسے براعظم تھے جن کے ساحلی علاقوں کا انہیں پتہ تھا؟ لیکن اندرونی علاقوں سے ناواقف تھے؟

SCERT TELANGANA

میں ) میں لاکر اٹلی کے باشندوں کوفروخت کرنے لگے۔ جیسے ہی یوروپی ممالک کی حکومتوں اورتاجروں کوجیسے ہالینڈ' اسپین' پرتگال اور برطانیہ اس تجارت کی اہمیت کاعلم ہوا ان لوگوں نے اطالوی تاجروں کے زیرکنٹرول علاقوں کے راستوں سے ہٹ کر ہندوستان اورچین کے تیز اور آسان راستے دریافت کرنا چاہا۔ مثلاً پرتگالی ہندوستان کو پہنچنے کیلئے افریقہ کے گرد راستہ کی دریافت چاہتے تھے۔ اسپینی چاہتے تھے کہ اگر ممکن ہوسکے تو بحیرا وقیانوس کوعبور کرکے ہندوستان پہنچ سکیں۔ وہ لوگ اس کے لئے تجربہ کار ملاحوں کو پانی کے جہاز اورسمندری سفر کے دوسرے ذرائع دے کر قسمت کی بازی لگائی۔ اس سے کرسٹومرکولمبس کے ذریعے 1492ء میں وسطی امریکہ کی اور 1498ء میں واسکواڈی گاما کے ذریعے ہندوستان کے بحری راستوں کی دریافت کا آغاز ہوا۔ کولمبس اسپین کی رانی کیلئے کام کررہا تھا جبکہ واسکوڈی گاما پرتگالی بادشاہ کیلئے۔ فوری بعد برطانوی اور ولندیزی حکومتیں بھی اپنے ملاحوں کو ان علاقوں کے لیے روانہ کیں۔

☆ آپ کیوں سمجھتے ہو کہ 1400ء میں دوسرے یوروپی ممالک جیسے پرتگالی اور اسپینوں کے برخلاف اطالوی باشندے ایشیاء سے تجارت پرکنٹرول کررہے تھے

☆ پرتگالی اور اسپینی ہندوستان اور جنوب مشرقی ایشیاء پہنچنے کیلئے دوسرے راستوں کی جستجو میں کیوں تھے۔؟

## امریکہ میں یوروپی نوآبادیت:۔

کولمبس وہاں لنگرانداز ہوا جو آج جنوبی امریکہ کے ساحل کے جزائر ویسٹ انڈیز کہلاتے ہیں۔ وہ سمجھا کہ وہ ہندوستان پہنچ گیا اور مقامی لوگوں کو انڈینس کہہ کر پکارا۔ (اسلئے امریکہ کے اصل باشندے آج بھی مقامی انڈینس کہلاتے ہیں) یہ لوگ سیدھے سادھے قبائلی لوگ تھے جو سیاحوں کا استقبال کرتے اور انہیں روٹی اور پناہ فراہم کرتے تھے۔ جبکہ اسپینی باشندے اس کے بدلے انہیں غلام بناتے اور لوٹ مار مچاتے۔ انہیں غلام مزدوروں میں تبدیل کرکے اناج اگانے اورسونے کی کان کنی کا کام لیتے۔ آخرکار جزائر کے سارے مقامی لوگ ہلاک ہوگئے یا کردیئے گئے۔

کولمبس کے بعد حکومت اسپین نے متعدد بحری بیڑے امریکہ کوفتح کرنے اور تباہ تاراج کرنے کے لئے روانہ کیا وہ مقامی بادشاہوں کی مدد سے سونے اور چاندی کی کانیں اور بڑی مقدار میں قیمتی دھاتوں کی دریافت کرنے توقع رکھ رہے تھے۔ Cortez ایک اسپینی فاتح نے ایک مہم کے ذریعہ لوگوں کے قتل عام اور Mexico کولوٹنے کی مہم قیادت کی۔ آخرکار اس نے مقامی بادشاہ کو قتل کرکے میکسیکو کی آزادانہ حکومت کا خاتمہ کردیا۔ اسی طرح Pizzaro نامی دوسرے فاتح نے پیرو Peru کولوٹ مار کرکے فتح کرلیا۔




تصویر 15.1: کولمبس رانی کے سامنے 1843 میں ایمانیول گاٹ لیب کا ایک تخیلی خاکہ


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

برطانوی قوم نے بھی پیش قدمی کرتے ہوئے شمالی امریکہ کے مشرقی ساحل کے متوازی برطانوی کسانوں کی نوآبادیات قائم کیئے۔ مقامی امریکی باشندوں نے یوروپیوں سے دوستانہ ماحول میں مدد اور تعاون کو بڑھاوا دیا۔ یہ وہ وقت تھا جب برطانیہ میں چھوٹے کسان' زمینداروں کی جانب سے اپنی زمینوں سے بے دخل کردیئے جارہے تھے۔ یہ بے شمار کسان شمالی امریکہ کو نقل مکانی کرکے وہاں بودوباش اختیار کرنا چاہتے تھے۔ان لوگوں نے زبردستی مقامی امریکیوں کو ان کی زمین سے بے دخل کرکے انہیں پیچھے ڈھکیل دیا اور انہیں ہلاک بھی کردیا۔

جیسے ہی امریکہ کے قدرتی وسائل کی خبر یوروپ کے لوگوں تک پہنچی زمین کے بھوکے افراد کا ایک بڑا گروہ امریکہ کیلئے نکل پڑا انہوں نے مقامی لوگوں کو نکال باہر کرکے ان کی زمینیں ہڑپ کرلیا۔

جب ابتدائی خون خرابہ اور لوٹ مار ختم ہوا۔تو یوروپیوں نے امریکہ میں مقیم رہ کر وہاں کے قدرتی وسائل کا استحصال کرنا چاہا۔جس کے لئے انہیں کام کرنے کیلئے تابع دار مزدوروں کی ضرورت تھی۔انہیں اندازہ تھا کہ امریکیوں کو آسانی سے غلام نہیں بنایا جاسکتا۔اس لئے انہوں نے بڑی مقدار میں افریقی غلاموں کو جو افریقہ کے پسماندہ علاقوں سے پکڑے گئے تھے لانا شروع کیا (خاص کر پرتگالی) تاجر اوران کے ایجنٹ یہ کام کرتے تھے یہ افریقی غلام امریکہ کو بہت غیر انسانی حالات میں لائے گئے اور بڑے زمینداروں اور دوسروں کو فروخت کیئے گئے۔اس طرح 15 سے 20 ملین افریقی غلاموں کو زبردستی امریکہ لایا گیا اور انہیں گنے' مکئی تمباکو اور کپاس کے کھیتوں میں کام پر لگایا گیا۔ان کی پیدا کی ہوئی پیداوار کو مختلف ممالک بشمول برطانیہ اور فرانس میں بھاری نفع سے فروخت کیا گیا۔




**شکل 15.2 :ایک خاکہ جس میں 292 غلاموں کو پانی کے جہازوں کے نچلے حصے میں خفیہ طور پر رکھا گیا**


## لاطینی امریکہ:۔

تین سو سال 1500ء سے 1800ء کے دوران زیادہ تر وسطی اور جنوبی امریکہ اسپین اور پرتگال کے زیر تسلط آ گیا۔اسپینی اور پرتگالی زبانیں لاطینی زبان سے ماخوذ سمجھی جاتی ہیں اس لیے یہ ممالک لاطینی امریکہ کے ممالک کہلائے۔اس براعظم کے آدھے سے زیادہ اصل باشندے یوروپیوں کی لائی ہوئی بیماریوں سے ہلاک ہوئے یا کردئے گئے۔بڑی مقدار میں یوروپ کے لوگ وہاں مقیم ہوگئے اور افریقہ سے غلاموں کو بھی خریدا آج کل ان ممالک کے باشندے ملی جلی قومیت والے ہیں یعنی اسپینی اور پرتگالی نوآبادکاریوں اور افریقی غلاموں کی نسل کے

SCERT TELANGANA

لوگوں کی ایک بڑی تعداد یوروپی کی نسل ہیں جنہوں نے Indian یا افریقیوں سے شادی کی۔

☆ جنوبی امریکہ کے 1800ء کے نقشہ کو دیکھ کر ان ممالک کی شناخت کیجئے جو مختلف طاقتوں کے زیر تسلط تھے




نقشہ 2: جنوبی امریکہ 1800ء

ہم نے دیکھا کہ بڑی تعداد میں مقامی Indians ہلاک کئے گئے ۔ بہت سارے قبیلے گھنے جنگلوں میں زندگی گزارنے لگے جبکہ دوسرے قبیلے اسپین کے تسلط میں آ گئے۔ ان پر بھاری ٹیکس عائد کیا گیا۔ اور انہیں اسپینی افراد کے فارمس اور معدنی کانوں میں مزدوری کرنا پڑا۔ ان کی بہت ساری منادر کو تباہ کیا گیا اور انہیں رومن کیتھولک مذہب میں تبدیل کر دیا گیا۔ 17ویں اور 18ویں صدی میں جنوبی امریکہ میں Indians کی جانب سے کئی بغاوتیں ہوئیں لیکن انہیں بے رحمی سے کچل دیا گیا کیونکہ ان کے پاس ہتھیار اور گولہ بارود کی کمی تھی اور اسپینی اس سے لیس تھے۔

اسپینیوں کے زیر حکومت بہت سارے ممالک میں سارے اختیارات سپریم کونسل میڈرڈ (اسپین کا دارالخلافہ) کے ہاتھوں میں مرکوز تھے۔ یہ کونسل نوآبادیت پر حکمرانی کیلئے اسپین سے اعلیٰ عہدیدار اور امراء کو منتخب کرتی تھی۔ نوآبادیت پر حکمرانی کرنے کیلئے کیتھولک گرجا گھر بھی اہم کردار ادا کرتے تھے۔ اسکے علاوہ وہاں پر اسپین کے نوآبادکار موجود تھے جو وہاں کی زمین اور معدنی کانوں پر تسلط رکھتے تھے۔ ان میں کچھ بڑے زمیندار جن کی بڑی قطعہ اراضی Haciendas (ہسپانوی زبان بولنے والے ممالک میں زرعی اراضی معہ مکان) ہوا کرتی تھی۔ Haciendas ہزاروں ایکڑ اراضی کے قطعہ ہوتے تھے جو تانبہ اور چاندی کی کانوں، زرعی زمینوں، چراگاہوں اور کارخانوں پر مشتمل ہوتے تھے۔ یہ زمینداروں کی ملکیت ہوتے تھے جو چپراسیوں، Indians اور افریقی غلاموں سے کام لیتے تھے۔ ان کے علاوہ عارضی اسپینی بھی موجود تھے جو چھوٹے کسانوں اور مویشی چرانے لوگوں کی طرح مقیم تھے۔ جبکہ عارضی مقیم اسپینی باشندوں کا نوآبادیت کے انتظامیہ میں کوئی کردار نہیں تھا بلکہ اسے یوروپ سے اسپینی چلاتے تھے۔

☆ آپ کیوں سمجھتے ہو کہ اسپینی نوآبادکاروں کو حکومت کی نوآبادیات میں اہم عہدوں پر نہیں فائز کیا گیا تھا؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

وقت کے دھارے کے ساتھ اسپین کے زمینداروں اور کسانوں نے ان مما لک میں صنعت وتجارت کوفروغ دیکر بھاری مقدار میں زرعی پیداوار جیسے شکر اور گوشت کے علاوہ کچھ دھاتیں جیسے قلعی (Tin) اور تانبہ برآمد کئے ۔

اسپینیوں کے ذریعے نوآبادیات کی معیشتوں کو اس طرح کنٹرول کیا گیا وغیرہ یوروپ کہ سستے مزدوروں اور قدرتی وسائل کا حصول ہوتا رہے اور کبھی بھی اندرونی ترقی کی جانب توجہ نہیں دی گئی ۔نوآبادیاتی طاقتیں چاہتی تھیں کہ تجارتی روابط پر ان کی اجارہ داری رہے۔ ۔ان اجارہ داری مراعات کو یقینی بنانے کیلئے نوآبادیاتی طاقتوں نے ان نوآبادیوں کی جبراً سماجی ومعاشی صورت گری کی گئی ۔

نوآبادیوں کو مجبور کیا گیا کہ وہ تجارتی فصلیں جیسے گنا‘ تمباکو یا کپاس کی کاشتکاری کوفروغ دیں جو حاکم مما لک کو فروخت کئے گئے ۔ان کوصنعتوں کوفروغ دینے یا دوسرے مما لک سے تجارت کی اجازت نہیں دی گئی ۔کم دام پر بڑے پیمانے پر تجارتی فصلوں کو اگانا بڑی اراضی پر جبری مزدوروں کی وجہ سے ممکن تھا۔ان زمینات کے مالکین کو جدید طرز کی پیداوار یا کاشتکاری کیلئے کوئی ضرورت نہیں تھی ۔کیونکہ ان کے پاس سستے جبری مزدوروں کی رسد (Supply) تھی ۔

مقامی امراء کے ذریعے جمع شدہ منافع کو بجائے پیداوار کی سرمایہ کاری اور بچت کے‘ اشیائے تعشیات کی نمائش کیلئے استعمال کیا گیا۔ جس سے ایک نامساوی زرعی سماجی ساخت کو تقویت ملی ۔جس کے سبب لوگوں کی اکثریت غربت میں مبتلا ہوگئی ۔

نوآبادیاتی نظام نے نوآبادیاتی معیشت پر بھی تسلط قائم کیا۔نوآبادیاتی مما لک میں سخت قوانین اور دوسرے سماجی کنٹرول کے اقدامات قائم کئے گئے ۔یہاں تک کہ چھوٹی سی چھوٹی صنعتوں جیسے کیلوں (Nails) کی تیاری پر پابندی تھی ۔تاکہ نوآبادیوں کی مصنوعی طریقہ پر انحصار میں اضافہ ہوتا رہے۔اس طرح نوآبادیاتی کنٹرول سے نوآبادیوں کی ایک قسم غیر ترقی یافتہ حالت کے لیے مجبور کیا انہیں پیداواری شعبوں میں سرمایہ کاری سے روک کر خود انہیں ترقی سے روکا گیا۔

☆ آپ نے جماعت ہشتم میں نظام کی ریاست کے زمینداری نظام کے بارے میں پڑھا ہے ۔مملکت نظام کی ریاست کے زمینداری نظام اور جنوبی امریکہ کے Haciendas کا تقابل کیجئے ۔دونوں میں آپ کیا مشابہتیں اور فرق پاتے ہیں۔

☆ لاطینی امریکہ کی نوآبادیوں کے حسب ذیل لوگوں کی شکایات کو ضبط تحریر میں لائیے۔

1۔ اسپینی نوآبادکار جو Haciendas کے مالک ہیں۔
2۔ اسپین کے چھوٹے کسان جو امریکہ میں بس گئے ۔
3۔ مقامی امریکی
4۔ افریقی غلام جو لاطینی امریکہ میں بس گئے ۔

اسپینی نوآبادیات کے لوگ بشمول پرانے اسپینی باشندوں نے خود پر اسپینی امراؤں کے مسلط کردہ کنٹرول کو ناپسند کیا اور لاطینی امریکہ میں 1810ء سے اسپین کے خلاف بغاوت کا ایک سلسلہ پھوٹ پڑا۔وہ شمالی امریکی نوآبادیات کے ذریعے آزادی کے اعلامیہ اور فرانسیسی انقلاب سے بہت متاثر ہوئے ۔1816 سے 1826ء کے درمیان بہت سارے لاطینی امریکہ کے مما لک آزاد ہوئے ۔سائمن بولیور نے انقلابی فوجوں کی قیادت کی جسے سیاہ غلاموں اور چھوٹے کسانوں کے علاوہ یوروپ کے عوام کی مدد حاصل تھی جنھوں نے فرانسیسی انقلابی خیالات سے متاثر ہوکر جمہوریت اور آزادی کی حمایت کی ۔اس فوج نے وینیز ولا کو آزادی دلائی دوسری انقلابی فوج سان مارٹن

SCERT TELANGANA

کی قیادت میں چلی Chile، پیرو 'اورارجنٹینا کو 1817ء تک آزادی دلائی اور برازیل جو پرتگال کی ایک نوآبادی تھا 1822ء میں آزاد ہوا۔ اس طرح جنوبی امریکہ کے بڑے حصے سے یوروپی طاقتوں کی نوآبادیاتی حکومت ختم ہوگئی۔



شکل 15.3: موجودہ پیرو میں ماچوپیچو نامی عبادت خانہ جوانکا قبیلے سے تعلق رکھتا تھا

1820ء تک ریاست ہائے متحدہ امریکہ ایک بڑی معیشت اور سیاسی طاقت بنکر ابھرا' اس نے اپنے اثر کو استعمال کر کے کسی بھی یوروپی طاقتوں کو جنوبی امریکہ پر کنٹرول قائم کرنے سے باز رکھنا چاہا۔ امریکی صدر جیمس منرو (James Muroe) نے منرو اصول (Munroe Doctrine) مدون کیا جس کی رو سے کسی بھی یوروپی ملک کو امریکی براعظموں میں نوآبادت تعمیر کرنے کی اجازت نہیں تھی اور ریاست ہائے متحدہ بھی یوروپ کے دوسرے براعظموں کے نوآبادیات کے معاملات میں مداخلت نہیں کریگا۔ نیچے دی گئی 1823ء کی امریکی صدر منرو (Munroe) کی تقریر کا ایک اقتباس پڑھیئے۔

امریکہ کے لیے یہ بالکل درست وقت ہے کہ ان امور کو جو ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے حقوق اور مفادات پر مشتمل ہوں اپنا اصول بنالے اور امریکی براعظموں میں آزادی اور حریت پسندی ہے اس لیے یورپی طاقتوں کو اس بات کی اجازت نہیں ہوگی کہ وہ امریکہ کے علاقوں کو مستقبل میں نوآبادیوں کی حیثیت دیں۔

آپ نوٹ کر سکتے ہیں کہ صدر منرو امریکی نوآبادیات کے حق آزادی کی وکالت نہیں کر رہا تھا۔ بلکہ امریکیوں کے حقوق اور دلچسپیوں کو بیان کر رہا تھا۔ جبکہ یہ بتلاتا ہے کہ یوروپی طاقتوں کو کسی بھی امریکی ملک میں نوآبادیات بنانے پر غور نہیں کرنا چاہیئے مگر کسی بھی امریکی ملک کو امریکہ میں نوآبادیت بنانے کی اجازت ہے۔

برطانیہ جس کا ایک طاقتور بحریہ تھا اس نے منرو کے اصول کی تائید کی۔ برطانیہ جسے علم تھا کہ امریکی نوآبادیات کسی بھی یوروپی ملک کے سیاسی کنٹرول کے تابع نہیں ہیں اس لئے وہ برطانیہ سے آزادانہ طور پر تجارت کر سکتے اور اسکی صنعتی اشیاء کو خرید سکتے ہیں۔

حالانکہ اس طرح راست نوآبادیاتی حکمرانی کا خاتمہ ہوگیا پھر بھی پرانی نوآبادیاتی حکمرانی کے کئی باقیات باقی رہے۔ اس طرح لاطینی امریکہ کے مما لک میں ایک ایسا سماجی نظام تھا جو ایک طرف بہت بڑے زمینداروں اور دوسری طرف بڑی تعداد میں غلاموں' نصف غلاموں اور غریب چھوٹے کسانوں پر مشتمل تھا اور غریب انڈین قبیلوں کے دیہات بھی تھے۔

صنعت اور تجارت پر زمینداروں کا تسلط تھا جو اس کی ترقی میں بہت کم دلچسپی دکھاتے تھے کیونکہ انہیں جبری مزدوروں کے استحصال


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

میں کافی آمدنی حاصل ہوجاتی تھی ۔اس طرح کئی صورتوں میں پرانے نوآبادیاتی نظام نے لاطینی امریکہ کے ممالک کو متاثر کرنے کا سلسلہ جاری رکھا ترقی یافتہ ممالک جیسے برطانیہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ' پر انحصار سے بہت اونچی سطح کی سماجی اور معاشی عدم مساوات اور زمینوں کی ملکیت کی عدم موجودگی کی وجہ سے غربت نے ان ممالک کی پسماندگی کو برقرار رکھا۔

☆ آپ کیوں سمجھتے ہو کہ نوآبادیات سے آزادی حاصل کرنے کے باوجود لاطینی امریکہ کے ممالک غیر ترقی یافتہ رہے۔

☆ کن صورتوں میں Munroe کے اصولوں نے لاطینی امریکہ کی آزادی کی حفاظت کی؟ کیا اس نے ان کی آزادی کو محدود کردیا۔

☆ Munroe کے اصول سے برطانیہ نے کسطرح فائدہ حاصل کیا۔

## ایشیاء میں یوروپی نوآبادیاتی نظام:۔

ایشیاء کے بہت سارے ممالک جیسے ہندوستان' چین اور جاپان کئی طریقوں سے لاطینی امریکہ سے مختلف تھے۔کئی ایشیائی ممالک مالدار کسانوں کی آبادی سے گنجان تھے۔اور طاقتور سلطنتوں کے زیر حکمرانی تھے جن کے پاس بڑی بڑی فوجیں تھیں اسطرح یوروپی طاقتوں نے جب بھی مغلیہ سلطنت پر حملہ کرنا چاہا انہیں کئی بار مغل فوجوں نے شکست دی۔البتہ یوروپیوں نے کچھ بندرگاہوں جیسے گوا پر اپنی طاقت قائم کر کے سمندری تجارت پر کنٹرول حاصل کیا۔مثلاً 16 ویں صدی میں پرتگالیوں نے بحر ہند میں سمندری مملکت ( Seaborne Empire) قائم کرلی۔وہ سارے پانی کے جہاز جو بحر عرب' بحیرہ ہند اور خلیج بنگال سے ہو کر گزرتے تھے انہیں پرتگالیوں کو ایک خاص خراج ادا کرنا پڑتا تھا ورنہ انہیں حملہ کر کے لوٹ لیا جاتا تھا۔

سمندر پر پرتگالیوں کے تسلط کو آخر کار دوسرے یوروپی طاقتوں جیسے ہالینڈ اور انگلینڈ نے ختم کردیا جو ایشیاء کو تجارت کیلئے پہنچ رہے تھے۔1600-1602ء میں ہالینڈ اور انگلینڈ نے ایشیائی ممالک سے تجارت کرنے کیلئے اپنی ذاتی ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کئے۔ یہ کمپنیاں ایشیائی ممالک کی پیداوار جیسے کپاس' اور ریشمی کپڑے' مصالحہ جات' لوہا وغیرہ خریدنے میں سرگرم رہتے تھے جس کی یوروپی ممالک میں بہت مانگ تھی اور بہت زیادہ منافع حاصل ہوتا تھا۔مثلاً ولندیزیوں (Dutch) کے پہلے سمندری سفر نے سرمایہ کاری پر 400% منافع دلایا۔

**(ولندیزی) ڈچ:** ہالینڈ کے باشندے ولندیزی کہلاتے ہیں۔آج کل ہالینڈ کا سرکاری نام نیدرلینڈ ہے

یوروپی کمپنیوں نے ہندوستان' افریقی ممالک اور انڈونیشیاء کے مختلف بندرگاہی شہروں میں تجارتی مراکز قائم کئے۔ان میں سے کچھ جیسے ہالینڈ نے انڈونیشیاء کے بندرگاہی شہروں پر سیاسی تسلط بھی قائم کرلیا۔

فوری بعد یوروپ میں ان کمپنیوں کی سرگرمیوں پر اعتراضات فروغ پائے یہ کمپنیاں ہندوستان کو قیمتی دھاتیں جیسے سونا' چاندی دے کر یہاں کی اشیاء خریدتیں تھیں۔اس طرح ہالینڈ اور انگلینڈ کے دولت کی نکاسی ہورہی تھی۔ایسا محسوس کیا گیا کے اس تجارت کے نتیجے میں ہندوستان یوروپی ممالک کی طرح دولت مند ہوجائیگا۔اس لیے کمپنیوں پر دباؤ بڑھا کہ ان کی تجارت کے لیے مالی وسائل ایشیاء کے ممالک سے حاصل کریں۔

SCERT TELANGANA

ولندیزی کمپنیوں نے اس تبدیلی کا جواب انڈونیشیاء جیسے ممالک کی بڑی اراضیوں کو فتح کر کے دیا جس وقت وہاں طاقتور سلطنتیں نہیں تھیں۔ انہوں نے مقامی لوگوں کو دباؤ ڈالا کہ وہ اپنی پیداوار سستے داموں پر کمپنی کو فروخت کریں جس کی اجارہ داری بھی تھی اور وہ دوسرے ملکوں کو ان سے تجارت کرنے کی اجازت نہیں دیتے تھے اٹھارویں صدی میں ولندیزی حکومت نے کمپنی کو بے دخل کر کے انڈونیشیاء' پر راست حکمرانی قائم کی۔ اس وقت ڈچ حکومت گہرے معاشی بحران کا شکار تھی اور انڈونیشیاء کو آمدنی کے ذرائع کے طور پر استعمال کرنا چاہتی تھی۔ ولندیزیوں نے مقامی لوگوں کو مجبور کیا کہ وہ ٹیکس کے بجائے پیداوار جیسے کافی ' شکر اور مصالحہ جات ادا کریں۔ یہ بین الاقوامی بازاروں میں فروخت کیا گیا جس سے بھاری منافع حاصل ہوا۔ ولندیزی حکومت کا 25 فیصد موازنہ ان منافعوں سے حاصل ہوا۔ جس کے سبب مقامی لوگوں کو ناقابل بیان مشکلات پیش آئی جو ضروری غذائی اجناس نہیں اگا سکے یا تجارتی پیداوار سے کم از کم قیمت بھی حاصل نہیں کر سکے۔ جس کے نتیجے میں قحط و افلاس پھیل گیا۔ انہوں نے کئی بغاوتوں میں سر اٹھانے کی کوشش کی لیکن انہیں بے دردی سے جانوروں کی طرح کچل دیا گیا۔ یہ پالیسی خود ہالینڈ کے کئی لوگوں کی تنقید کا نشانہ بنی۔



شکل 15.4 : ولندیزی شاہی تصویر جو 1916 کے ایسٹ انڈیز کے ولندیزیوں کو بتاتی ہے جس میں تحریر ہے کہ بورینو' ساترا' انڈونیشیاء کے جزائر ڈچوں کے لیے قیمتی ہار کی طرح ہیں۔

آخر کار حکومت نے 1870ء میں پیداوار کے جبری حصول کے نظام کا خاتمہ کیا۔ اس نے ولندیزی سرمایہ کاروں کی انڈونیشاء میں باغات لگوا کر سرمایہ کاری کرنے کی ہمت افزائی کی جس میں ایک ہی کاشت (جیسے ربڑ' کالی مرچ یا گنا) زیادہ لگائی جاتی اور ولندیزی باغبانوں کے ذریعے ان کا انتظام کیا جاتا۔ ولندیزیوں نے کافی' چائے' CoCoa (اس کے بیج سے مشروب بنایا جاتا ہے) تمبا کو اور ربر کو متعارف کیا اور زمین کا ایک بڑا حصہ باغات بن گیا۔ باغات میں نصف جبری مزدور منتظموں کے تحت کام کرتے تھے۔ جس میں سے زیادہ تر دور دراز ممالک جیسے ہندوستان سے لائے جاتے تھے۔ باغات کی پیداوار مالکین کے ذریعے بین الاقوامی بازاروں خاص کر یوروپ میں فروخت کی جاتی تھی انہوں نے ٹن اور پٹرولیم کی کان کنی پر بھی سرمایہ کاری کی۔ ان اشیاء کی حمل و نقل میں سہولت کیلئے حکومت نے ریلوے اور ٹیلی گراف وغیرہ پر بھاری سرمایہ کاری کی۔ انڈونیشائی ولندیزیوں نے دنیا کی Quinine ملیریا کی دوا اور کالی مرچ کی پیداوار کا رسد کا ایک بڑا حصہ' ایک تہائی ربڑ' ایک چوتھائی ناریل کی پیداوار 1/5 واں حصہ چائے' شکر' کافی اور تیل پیدا کیا۔ ولندیزی ایسٹ انڈیز کے اس منافع نے ہالینڈ کی صنعتی ترقی کو فروغ دے کر دنیا کی ایک عظیم نوآبادیاتی طاقت بنا دیا۔ اس طاقت کا خاتمہ جاپان کے ذریعے 1939ء تا 1945ء کی دوسری عالمی جنگ کے دوران ہوا۔ دوسری عالمی جنگ کے بعد انڈونیشاء ہندوستان کے ساتھ آزاد ہوا۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

## ہندوستان میں نوآبادیاتی وسعت:

آپ نے پچھلی جماعتوں میں ہندوستان میں انگریزوں کی فتوحات کے بارے میں پڑھا ہے۔ یہاں آپ کی یاددہانی کیلئے فتوحات کے چند اہم مراحل پیش ہیں۔ 15ویں صدی کی ابتداء میں پرتگالیوں نے چند بندرگاہوں جیسے گوا پر اپنا تسلط قائم کرلیا۔ 16ویں صدی کے اختتام پر دوسری یوروپی طاقتوں نے تجارتی منڈیاں قائم کر کے ہندوستان سے تجارت شروع کی۔ جب تک مغلیہ سلطنت طاقتور تھی کوئی یوروپی طاقت ہندوستان میں سیاسی طاقت قائم کرنے کی جسارت نہیں کرسکی۔ 17ویں صدی میں جیسے ہی مغلیہ سلطنت کا زوال ہوا یوروپی طاقتوں نے دھیرے دھیرے ساحلی علاقوں میں سیاسی اثر جمانا شروع کیا۔ ان کی شروعات جنوبی ہندوستان سے ہوئی۔ جہاں انگریز مدارس پر فرانسیسی پانڈیچری پر تسلط حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ یہ لوگ آپس میں شدید لڑائی بھی کیا کرتے تھے اور چاہتے تھے تاکہ ہندوستان پر تجارتی اجارہ داری قائم کرے۔ 1757ء میں آخرکار انگریز بنگال کے نواب کو شکست دینے میں کامیابی حاصل کر کے سیاسی تسلط قائم کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ جس کے نتیجہ میں ہندوستان میں انگریزی حکومت کی بنیاد پڑی۔ کمپنی نے بنگال کی آمدنی کا استعمال ہندوستانی اشیاء کی خریداری' کے لیے کیا اور اپنے سیاسی اثر ورسوخ کی مدد سے ہندوستانی فنکاروں' کسانوں اور تاجروں سے بہت سستے دام میں اشیاء کی خریداری کی۔ اس سے کمپنی کو بھاری منافع کمانے میں مدد ملی۔


## چین:

ہندوستان کی طرح چین بھی دنیا کا ایک کثیر آبادی والا ملک اور طاقتور شہنشاہیت تھی یہ ہندوستان کے مشرق میں تھا اس لیے یوروپی اقوام نے جس طرح لاطینی امریکہ اور انڈونیشیاء کو فتح کیا چین پر اپنا تسلط قائم نہیں کرسکے۔ چینی حکمران یوروپیوں کو اپنے ملک میں آزادانہ تجارتی اجازت کے خطرہ سے باخبر تھے اور انہیں صرف ایک شہر میں مخصوص تاجروں سے تجارت کی اجازت دی۔ یہاں تک کہ انہیں مملکت میں حرکت کی اجازت نہیں تھی اور وہ اپنے رہائش گاہوں میں محصور تھے۔ اس طرح ارباب نے یوروپی تاجروں سے لاحق خطرے کو کم کرنے کی کوشش کی۔ یوروپی تاجروں نے چینی ریشم اور چائے میں زیادہ منافع پایا لیکن چینی کسی بھی یوروپی شئے کو ناپسند کرتے تھے۔ اس لئے انہیں ادائیگی کیلئے سونا اور چاندی استعمال کرنا پڑا۔ جیسا کہ ہم نے پہلے دیکھا ہے کہ یوروپ میں اس پالیسی پر مخالفت ہوئی تھی کیونکہ اس سے یوروپ کی قیمتی دھاتوں کی نکاسی ہورہی تھی۔ یوروپی تجارت نے ایک چیز پر زیادہ توجہ دی جس کی چین میں زبردست مانگ تھی مگر یہ ہندوستان میں پیدا ہوتی تھی۔ یہ تھا افیون' انگریزوں نے ہندوستانی کسانوں کو بڑی مقدار میں افیون کی پیداوار کرنے کی ہمت



شکل 15.5 : برطانوی بحریہ پہلی افیون کی جنگ میں

SCERT TELANGANA



تصویر-15.6: واٹرکلر کی ایک تصویر۔ جسکا عنوان "1840ء کے مکاؤ اسٹریٹ کا منظر" مکاؤ چین کی ایک بندرگاہی شہر تھا جہاں یورپیوں کو تجارت کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔

افزائی کی اور ان سے یہ بہت سستے داموں میں خریدا۔ غیر قانونی طور پر چین کو افیون برآمد کی گئی اور وہاں فروخت کی گئی اس کے عوض یوروپیوں نے ریشم اور چائے خرید کر یوروپ میں فروخت کیا۔ اس طرح انہیں چینیوں کو چاندی کی صورت میں ادائیگی نہیں کرنی پڑتی تھی۔ جیسے ہی افیون کی غیر قانونی برآمد میں اضافہ ہوا۔ چین کے حکمرانوں نے یوروپی تاجروں سے ساری تجارت روک لی اس شہر سے بھی جس کی انہوں نے اجازت دی تھی۔ اسی کے نتیجے میں جنگیں شروع ہوئیں جسے افیون کی جنگ کہتے ہیں۔ جو برطانیہ اور چین کے درمیان 1842 تا 1839ء اور 58-1987 لڑی گئیں۔ یوروپ کی دوسری طاقتوں نے بھی اس میں برطانیہ کا ساتھ دیا۔ برطانیہ کے ہاتھوں چین کی شکست ہوئی۔ جس سے غیر منصفانہ معاہدات کا سلسلہ شروع ہوا۔ ان معاہدایت کی رو سے برطانیہ کو بغیر کسی پابندی کے تجارت کی اجازت دی گئی اور انگریزوں کو چین میں تجارتی منڈیاں قائم کرنے کی اجازت دی گئی جس میں صرف انگریزی قانون نافذ ہوتا تھا۔ برطانیہ نے چین کو سب سے زیادہ پسندیدہ قوم کا درجہ دینے پر مجبور کیا جس کے مطابق کسی بھی ملک کو اگر کوئی بھی رعایت دی جاتی تو خود بخود اس کا اطلاق برطانیہ پر بھی ہوتا تھا۔

اس کے ساتھ چین کی آزادی کا نقصان شروع ہوا حالانکہ 1911ء تک بادشاہی حکومت کا سلسلہ چلتا رہا۔ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ہندوستان یا لاطینی امریکی ممالک کے برخلاف چین کسی بھی یوروپی طاقت کے راست زیر تسلط نہیں رہا۔ لیکن اس سے غیر منصفانہ معاہدات کے ذریعے ان کی خواہشات کی تکمیل کروائی گئی جو چین کو ان شرائط کو قبول کرنے پر مجبور کئے جو یوروپی ممالک کے حق میں تھے۔ اس طرح چین کو یوروپی ممالک کو بھاری تاوان ادا کرنا پڑا' جیسے ان کو آزادانہ تجارتی حقوق' کم از کم درآمدی محصول رکھنا۔ سرزمین چین پر یوروپی طاقتوں کے قیام کا نظم جس میں ان کے قانون وغیرہ نافذ تھے نہ کہ چین کے۔ جب چینی حکومت ملک کے روزمرہ نظم و نسق کو چلانے کی ذمہ دار تھی تو معیشت یوروپیوں کے زیر تسلط آ گئی تھی جو اب اپنی پیداوار کو چین میں فروخت کر سکتے تھے اپنی صنعتوں کیلئے کم داموں پر خام مال خرید سکتے تھے۔ اور ساتھ ہی ساتھ اس بات کو یقینی بناتے تھے کہ مقامی صنعتیں چین میں فروغ نہ پانے پائیں۔

آپ کو یاد ہوگا کہ چین سے تجارت کرنے والا برطانیہ ہی واحد ملک نہیں تھا۔ بلکہ دوسرے یوروپی ممالک جیسے فرانس' جرمنی' روس وغیرہ نے بھی چینی حکومت پر دباؤ بنایا کہ چین کے کچھ حصے کو ان ممالک کے مخصوص اثر والا علاقہ کے طور پر تسلیم کیا جائے جہاں پر انکا داخلہ آزادانہ رہے نہ کے دوسرے ممالک کا۔ یہ ایک طرح سے چین کو زیر اثر رہا تقسیم کرنا تھا۔ اس طرح چین معاشی اور سیاسی اعتبار سے کسی ایک ملک کے تسلط میں نہیں رہا بلکہ کئی یوروپی ممالک کے یہ یوروپی ممالک کے ساتھ ایک نئی طاقت شامل ہوئی جو خود ایشیاء میں ابھری وہ ملک جاپان تھا۔ 1868ء میں جاپان میں سیاسی انقلاب آیا اور تیز صنعتیانے اور جدیدیانے کا پروگرام شروع ہوا۔ جاپان بھی

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

ایک ایسی نوآبادیت کی تلاش میں تھا جہاں اسے سستے داموں میں خام مال حاصل ہوسکے اور اسکی صنعتی پیداوار کی فروخت ہوسکے۔اس نے 95-1894ء میں چین کے خلاف جنگ چھیڑ دی اور اسے مجبور کیا کہ وہ اپنا بہت سارا علاقہ جاپان کو دے اور تاوان جنگ ادا کرے۔
اس طرح جاپان اور کئی یوروپی طاقتوں نے چین پر اپنا رسوخ دکھایا اسی لئے چین کو نیم نوآبادی تصور کیا جاتا ہے۔اور نہ کہ کسی مخصوص ملک کی مکمل نوآبادی۔

☆ مغربی ممالک کو چین سے برآمد کی جانے والی اہم پیداوار تھی______________
☆ وہ پیداوار جو مغربی ممالک چین میں فروخت کرنا چاہتے تھے تھی______________
☆ وہ ایشیائی ملک جس نے چین کی تجارت کو متاثر کرنے کی کوشش کی وہ تھا_______________

## افریقہ میں نوآبادیاتی نظام:

تقریباً19ویں صدی کے وسط تک یوروپی ممالک نے افریقہ میں نوآبادیاتی اقتدار کے قیام میں بہت کم دلچسپی دکھائی۔ 16ویں سے 19ویں صدی کے ابتداء کے درمیان اسے غلاموں کے ذریعہ کے طور پر استعمال کیا گیا جو امریکہ میں بیچے جاتے تھے۔ کچھ طاقتیں برطانیہ وغیرہ نے افریقی ساحلوں پر Cape of Good Hope جیسے علاقوں کو ہندوستان اور چین کو جانے والے پانی کے جہازوں کی رسد کی بحالی کے اڈوں کے طور پر استعمال کیا ان طاقتوں کا ماننا تھا کہ تجارت کے معاملے میں نوآبادیاتی طاقتوں کو دینے کیلئے افریقہ کے پاس وسائل وغیرہ بہت کم ہیں۔


**دریافتیں**:۔ یوروپیوں نے افریقہ کو''تاریک براعظم'' کے نام سے موسوم کیا۔کیونکہ ان کے پاس براعظم کے اندرونی علاقوں کے بارے میں کم معلومات موجود تھیں۔سارا براعظم ایک تنگ ساحلی علاقے کے ساتھ اونچے سطح مرتفع پر واقع تھا۔بہت ساری ندیاں سطح مرتفع سے بہتی ہوئی تنگ گھاٹیوں اور سیدھے ڈھلان والے آبشاروں سے ہوتے ہوئے ساحل کو پہنچتی تھیں۔اس لیے یوروپی تاجر اندرونی علاقوں کو چھوڑ دیتے تھے۔19ویں صدی کے دوران اور خاص کر 1850ء کے بعد یوروپی ممالک نے تحقیقی ٹیم کو افریقہ کے اندرونی حصوں پر سیاحت کیلئے روانہ کیا تاکہ وہ علاقوں کے نقشے تیار کریں۔قدرتی خصوصیات جیسے دریا' پہاڑ' معدنی وسائل' جنگلات' پیداوار اور وہاں رہنے والے لوگوں کے بارے میں معلومات اکٹھا کئے گئے۔ان لوگوں نے ان قیمتی معلومات کو منصوبے بنانے کیلئے استعمال کیا تاکہ ان اندرونی علاقوں کو فتح کرکے نوآبادیاں قائم کرسکیں۔یوروپی مہم جو افراد(Explorers) میں سب سے مشہور David Living Stone اور H.M. Stanley تھے ان دونوں نے برطانیہ کی جانب سے جنوبی افریقہ اور وسطی افریقہ کے ایک بڑے علاقہ کی نقشہ بندی کی 1850ء اور 1860ء میں رچرڈ برٹن' جان اسپیک اور جیمس گرانٹ نے عظیم وسطی جھیلوں اور دریائے نیل کے منبع کا پتہ چلایا۔19ویں صدی کے اختتام پر یوروپیوں نے دریائے نیل کے منبع سے اس کا نقشہ کھینچا۔نائجر' کانگو اور زامبیزی دریاؤں کے راستوں کا پتہ لگایا اور افریقہ کے قیمتی وسائل سے واقف ہوئے۔اس میں سے متعدد سیاحوں کا تعلق عیسائی گرجا گھروں سے بھی تھا جو افریقہ میں عیسائیت کی تبلیغ میں بہت دلچسپی رکھتے تھے۔

1850 کے بعد یوروپ کے مختلف ممالک جیسے برطانیہ' فرانس' بلجیم' جرمنی' اٹلی وغیرہ میں صنعتیانے کو فروغ ہوا ان ممالک نے جان پر کھیل کر اپنی پیداوار کیلئے افریقہ میں مارکٹ تلاش کئے۔انہوں نے یہ بھی محسوس کیا کہ افریقہ میں کئی قسم کے صنعتی خام مال


SCERT TELANGANA

1913ء کے افریقہ کے نقشہ پر نظر ڈالیے اور افریقہ میں یوروپی طاقتوں کے نوآبادیاتی قبضہ کے پھیلاؤ کو دیکھے۔
افریقہ کے جدید نقشہ سے اس کا تقابل کیجئے۔
افریقہ کے بڑے ممالک کی فہرست تیار کیجئے اور ان کے نام کے آگے ان ممالک کا نام لکھئے جس کی وہ نوآبادی تھے۔

| جدید ملک | 1913ء میں نوآبادیاتی طاقت |
|---|---|
| جنوبی افریقہ | |
| مصر | |
| نائجیریا | |
| گھانا | |
| لیبیاء | |
| الجیریاء | |
| انگولا | |
| کانگو | |




نقشہ:3 آفریقہ - 1913

جیسے تانبہ، ٹن، ربر، پام آئیل، کپاس، چائے، کوکوا وغیرہ موجود ہیں۔ یوروپی تیارکنندوں نے افریقہ کو ان کی پیداوار کیلئے ایک وسیع منڈی کی حیثیت سے دیکھا۔ اس میں سے بہت سے ممالک جیسے جرمنی اور اٹلی میں قومی اتحاد اور صنعتیا نے ہوئی۔ اور یہ ممالک اب زیادہ نوآبادیات کو حاصل کر کے اپنی مملکت کی طاقت کے قیام میں یوروپ کی دوسری طاقتوں سے برتری حاصل کرنا چاہتے تھے۔ افریقہ زیادہ آبادی اور قدرتی وسائل والا واحد براعظم تھا جو یوروپ کی نوآبادیات کیلئے بچا تھا۔

**آفریقہ کے لیے رسہ کشی:** اس سے مراد یوروپی ممالک کی وہ جدوجہد جس کے ذریعہ وہ افریقہ میں اپنی نوآبادیاتی علاقے بڑھانا چاہتے تھے

درحقیقت 1870ء میں افریقہ کے لیے رسہ کشی شروع ہوئی۔ 1870ء میں افریقہ کا 10% حصہ ہی نوآبادیات کے زیر اثر تھا۔ اور چالیس سال کے اندر تقریباً سارا براعظم، ایتھیوپیا اور ایک دو چھوٹے ملکوں کے علاوہ نوآبادتی تسلط کے تحت آگیا تھا (ایتھوپیا نے ایک جنگ میں اٹلی کو فیصلہ کن شکست دیا اس طرح وہ ایک یوروپی فوج کو ہرانے والی غیر یوروپی مملکت بن گیا۔

جیسے جیسے وقت گزرتا گیا یوروپی طاقتوں کے درمیان نوآبادیات اور علاقوں کے لیے رسہ کشی زور پکڑتی گئی اور زیادہ عرصہ تک پرامن طریقے سے گفت وشنید کے ذریعے ان تنازعات کو حل نہیں کیا جاسکا۔ اس طرح پہلی عالمی جنگ 1914 میں پھوٹ پڑی جو انسانیت کے لئے اب تک کی جنگوں میں سب سے ہولناک تھی۔


لیوپولڈ دوّم

## نوآبادیت کا تجربہ (چند مطالعات)

### کانگو:

1869 میں بلجیم کے بادشاہ لیوپولڈ دوّم نے خفیہ طور پر اسٹانلی سیاح کو کانگو کے علاقے میں ۔۔۔ جہاں اس نے کئی افریقی ممالک کے سربراہوں سے معاہدے کئے اور انہیں اپنے علاقے حوالے کرنے کے لئے آمادہ کیا۔ کتنگا (katanga) کے بادشاہ کو قتل کر کے اس نے مفتوحہ کی مملکت کو اس علاقے میں


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
CERT TELANGANA

ملا لیا۔1882 تک لیوپولڈ کا افریقی قبضہ 2,300,00 s.q مربع کلومیٹر تک یعنی بلجیم سے تقریباً75 گنا تک بڑھ گیا۔اور یہ کانگو کی آزاد مملکت کہلائی ۔ لیوپولڈ دوم نوآبادی کا شخصی مالک تھا اور یہ ربر اور ہاتھی دانت کے ذریعہ کے طور پر استعمال ہوتی تھی۔ کانگو کی آزاد مملکت نے نوآبادیاتی عوام پر جبری مزدور اور قتل عام کے ذریعے دہشت کی حکومت مسلط کی تھی۔ گاؤں کے ہر فرد کو ربر کا ایک کوٹہ سپلائی کرنے پر مجبور کیا جاتا اور جو سپلائی کرنے میں ناکام ہوتا تھا اس کے ہاتھ کاٹ دیئے جاتے تھے۔ 1885 سے 1908 کے درمیان تک ایک اندازے کے مطابق 16 ملین مقامی باشندوں میں سے 8 تا10 ملین تک ہلاک ہوئے۔ لیوپولڈ نے دولت کا ایک ڈھیر جمع کرلیا جس کا ایک حصہ وہ بلجیم کی کئی تعمیری سرگرمیوں پر صرف کرتا تھا۔ اس پر ساری دنیا، بشمول بلجیم میں عوامی تنقیدیں ہوئی اور حکومت بلجیم پر دباؤ ڈالا گیا کہ وہ کانگو پر سے بادشاہ کی شخصی حکمرانی کا خاتمہ کرے۔ اور کانگو کو بلجیم پارلیمنٹ کے زیر حکومت لائے۔



IN THE RUBBER COILS.

شکل 15.7: 1906ء میں پنچ میں کانگولی شہری اور لیوپولڈ کو دکھاتے ہوئے ایک کارٹون شائع کیا گیا۔ جسے ''ربر کے کوائیلس'' میں بندھا ہوا دکھایا گیا۔ استعماریت پسندی کے تحت کانگو میں ربر کو بطور پودے کے متعارف کروایا گیا۔

پڑوسی فرانسیسی کانگو میں بھی اس طرح کی کیفیت رونما ہوئی بہت سارے وسائل کو نکالنے کا کام رعایتی کمپنیوں کے ذریعے طے پاتا تھا۔ اس سفاک طریقے کار سے وہاں آبادی کو 50% ہلاک ہوگئی۔

## جنوبی افریقہ:

انگریزوں نے کیپ آف گڈ ہوپ (cape of good hope) میں ایک آوٹ پوسٹ قائم کیا تھا تاکہ وہاں سے گزرنے والے پانی کے جہاز کچھ دیر آرام کرکے غذائی اشیاء کی رسد دوبارہ حاصل کرلیں۔ کچھ ولندیزی کسان اس علاقہ میں کاشتکاری کرنے اور گزرنے والے جہازوں کو اپنی پیداوار فروخت کرنے کے لئے آباد ہوگئے تھے۔ یہ لوگ مقامی افریقی عوام سے متصادم ہوگئے جنہیں یہ ان کی سرزمین سے نکال باہر کرنا چاہتے تھے۔ یہ لوگ بوئرس Boers کہلاتے تھے۔ جب انگریزوں نے اس علاقہ پر اپنا تسلط بڑھانا شروع کیا تو Boers اس سے غیر مطمئن ہوگئے اور دوسرے علاقوں کو ہجرت کرگئے اور آزاد جمہوریتیں قائم کرلی۔ 1869 اور 1886 میں جب ان علاقوں میں سونے اور ہیرے کی کانیں دریافت ہوئیں تو بڑی تعداد میں یوروپ افریقہ اور ہندوستان سے لوگ جنوبی افریقہ کو ہجرت کئے اور چاہتے تھے کہ وہاں کی معدنی دولت حاصل کریں۔ اب انگریزی حکومت Boers کی آزادی کو ختم کرکے وہاں کے معدنی علاقوں میں انگریزی اقتدار قائم کرنا چاہتی تھی۔ ان لوگوں نے اس علاقے کو حاصل کرنے کے لئے دو خونریز جنگیں لڑیں جو آج جنوبی افریقہ کہلاتا ہے۔ ان جنگوں کا اختتام 1902 میں ہوا اور انگریزوں نے جنوبی افریقہ کے سارے علاقوں کو اس کے ایک یونین میں ضم کردیا۔ اس وقت جنوبی افریقہ کی ملی جلی آبادی یوروپی مہاجر (اصل انگریز اور ولندیزی) سیاہ افریقی، ہندوستانی اور چینی پر مشتمل تھی۔ انگریزوں نے ایک ایسے حکومتی نظام کو ترقی دی جو یوروپیوں کی تائید کرتا تھا۔ جنکی 20% آبادی

SCERT TELANGANA

تھی اوروہ سفید فام کہلاتے تھے اور انہیں حق رائے دہی دیا گیا او رسیاہ فام افراد کے خلاف امتیاز برتا گیاجو آبادی کا 75% حصہ اور ہندوستانی تقریباً 5% تھے مقامی افریقیوں پر بھاری ٹیکس عائد کئے گئے اور انہیں ایک چھوٹے سے الگ تھلگ علاقے کے حدتک محدود کردیا گیا تا کہ کسی دوسرے علاقے میں زمین حاصل نہ کرسکے جوسفید فام افراد کے لئے مخصوص تھے۔اس طرح سفید فام تقریباً 90% اراضی پر قابض تھے۔متعدد امتیازی قانون پاس کئے گئے



شکل 15.8 بوئرس کی جنگ کا منظر

جس سے سیاہ فام اور ہندوستانیوں کو وہاں پر بسنے والے انگریزوں کے فارمس اور معدنی کانوں میں کام کرنا پڑتا تھا۔ان کے آزادانہ گھومنے،انجمنیں بنانے،اوراپنی شکایات کا اظہار کرنے کے شہری حقوق بھی نہیں دئے گئے۔نسلی بنیاد پرآبادی کی اکثریت کے خلاف امتیاز کی یہ پالیسی اپارتھائیڈ پالیسی کہلاتی ہے۔اس کیلئے افریقی لوگ پوری 20ویں صدی تک لڑتے رہےاورآخرکار یہ عمل 1994 میں اختتام کو پہنچا۔

آپ نے دیکھا ہوگا کے 1400ء کے بعد سے سارا امریکہ،افریقہ،ایشیاءاورآسٹریلیاءیعنی سوائے یورپ کے سارے براعظم یوروپی طاقتوں کےنوآبادیات بن گئے یہ لوگ ان ممالک اورلوگوں پراپنا سیاسی اور معاشی تسلط قائم کئے ہوئے تھےاوران کی زندگیوں کو بدل دیا تھا۔تاہم انہوں نے تمام نوآبادیوں کوکنٹرول کرنے کے لیےایک ہی طریقہ کارنہیں اپنایااور نہ ہی ہرجگہ کے نتائج یکساں تھے۔آپ نے دیکھا کہ کس طرح امریکہ میں مقامی آبادی کا ایک بڑا حصہ ہلاک کیا گیا اورانہیں لوٹ مارکر کے غلام بنایا گیا۔کس طرح یوروپی وہاں بس گئے۔کس طرح وہ لاکھوں لوگوں کودوسرے براعظموں جیسےافریقہ سے غلاموں کی طرح امریکہ میں بسانے کے لئے لے آئے۔اورآپ نے یہ بھی دیکھا ہوگا کہ کیسے انہوں نے ہندوستانیوں پراپنا تسلط قائم کرلیالیکن انہیں ہلاک نہیں کیا یہاں تک کہ غلام بھی نہیں بنایا۔اور نہ ہی یوروپی بڑی تعداد میں ہندوستان میں بس گئے۔بجائے اس کے وہ انہوں ہندوستان کے قدرتی وسائل پرزرعی ٹیکس،کم دام پرخام مال کی خریدی اورساتھ ہی ساتھ ان کی صنعتی پیداوار کی ہندوستان میں فروختی کے ذریعے اپنا تسلط قائم کرلیا۔اس کے نتیجے میں ہندوستانی فنکاراور کاشتکار غربت وافلاس کا شکار ہوگئے۔ان میں سے لاکھوں لوگ قحط میں مارے گئے اور لاکھوں لوگ جنوب مشرقی ایشیاء،ویسٹ انڈیز،افریقہ کے باغات میں بندھوامزدوروں کی طرح کام کرنے کے لئے چلے گئے۔یوروپی اقوام چین پربھی مکمل سیاسی تسلط قائم نہیں کئے بلکہ اپنااثر قائم کیا تا کہ وہاں آزادانہ تجارت کرسکیں۔

یوروپی طاقتوں نے اس طرح نوآبادیاتی لوگوں کی معاشی،سماجی زندگیوں کواس طرح بدل دیا کہ انہیں یوروپی طاقتوں کے مفادات کی تکمیل ہوسکےلیکن ساتھ ہی ساتھ وہ لوگ آزادی کے نئے خیالات؛جمہوریت اورقومیت کے جذبہ کونوآبادیات تک پہنچنے سے



SCERT TELANGANA

نہ روک سکے۔ان خیالات نے نوآبادیاتی عوام کو ایک نئی طاقت اور شناخت دی جس سے وہ نوآبادیاتی نظام کے خلاف لڑنے اور آخرکار آزادی حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے۔

## کلیدی الفاظ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ نوآبادیت | 2۔ لاطینی امریکہ | 3۔ ترکی سلطنت | 4۔ سمندری دریافتین |
| 5۔ نسلی امتیاز | 6۔ Haciendas (ہسپانوی زبان بولنے والے ممالک میں زرعی اراضی معہ مکان) | | |
| 7۔ منرو نظریہ | 8۔ افیون کی جنگیں | | |

## آپ کے اکتساب کو بڑھایئے

1۔ نوآبادیاتی نظام میں تجارت نے اہم کردار ادا کیا؟ کیا آپ اس سے متفق ہیں؟ کیوں؟

2۔ مختلف ممالک میں مقامی لوگوں کی زندگیوں کو نوآبادیت نے کس طرح متاثر کیا۔کاشتکاری کی ہوئی فصلیں/ مذہب/ قدرتی وسائل کا استعمال کے سلسلے میں تین براعظموں کے لیے کوئی دو خیالات لکھیے۔

3۔ ہندوستان، چین اور انڈونیشیاء پر نوآبادیاتی حکومت کے Nature کا تقابل کیجئے۔آپ کے ان کے درمیان کیا فرق پاتے ہیں

4۔ دنیا کے نقشے میں پرتگالی، ڈچ، برطانیہ اور فرانس ممالک کی نوآبادیوں کی نشاندہی کیجئے اور مختلف رنگوں سے بھریئے۔

## منصوبہ

اگر آپ برطانیہ کے شہری ہوتے، تو کیا آپ نوآبادیت کی تائید کرتے؟ بحیثیتِ ہندوستانی شہری ہونے کے کیا آپ نوآبادیت کی تائید کرینگے یا نہیں؟ تفصیلی طور پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

SCERT TELANGANA

باب
16

# نوآبادیاتی نظام کا اثر ہندوستان میں

آٹھویں جماعت میں ہم نے پڑھا ہے کہ کس طرح نوآبادیاتی پالیسیوں کا اثر تلنگانہ اور آندھراپردیش کے جنگلات پر پڑا۔ اس باب میں ہم اس بات کو سمجھیں گے کہ کس طرح جنگل، صنعتوں اور مزدوروں سے متعلق نوآبادیاتی پالیسیاں ملک کے مختلف رہنے والے لوگوں کی زندگیوں پر اثرانداز ہوئیں۔

## برطانوی راج سے پہلے جنگلات کا استعمال

عرصۂ دراز سے آدی واسی اور دیہاتی لوگ جو جنگل میں اور اس کے آس پاس رہتے تھے وہ جنگلوں سے اپنی روزمرہ زندگی میں کام آنے والی بہت سی چیزیں حاصل کرتے تھے۔ ایک طرح سے وہ جنگل کے مالکین کی طرح تھے۔ وہ جنگلوں کا استعمال شکار اور جڑوں کے جمع کرنے کے لیے کرتے تھے اس کے علاوہ پھل و پھول جڑی بوٹیاں اور اپنے جانوروں کے لیے چارہ حاصل کرتے تھے۔ چند مقامات پر وہ درختوں کو کاٹ کر جلا دیتے تھے تا کہ وہاں فصلوں کی کاشت کرسکیں۔ اپنے گھر بنانے اور اوزار بنانے کے لیے لکڑی کاٹا کرتے تھے۔ وہ یہ چیزیں اپنی ذاتی استعمال کے لیے بناتے تھے۔ اگر انھیں جنگل کی پیداوار فروخت کرنا ہوتا تو صرف اس لیے کہ وہ دوسری چیزیں بازار سے خرید سکیں جیسے نمک اور لوہا وغیرہ۔ وہ جنگل سے حاصل ہونے والی لکڑی اور دیگر اشیاء کو منافع کمانے کے لیے فروخت نہیں کرتے تھے۔

کسانوں اور قبائلی لوگوں کے جنگل کا ایک بڑا حصہ کھیتوں کے لیے صاف کرنے کے باوجود زمین کا بڑا حصہ جنگلوں کے تحت باقی رہا۔ کسان اور آدی واسی جو ان جنگلوں کے استعمال کرے تھے ان کی حفاظت بھی کرتے تھے۔ جب انھیں لکڑی درکار ہوتی تو وہ پرانے درختوں کو کاٹ دیتے تھے اور نئے درختوں کو اگنے دیتے تھے۔ وہ جنگل کے بڑے حصے کو بے دریغ نہیں کاٹا کرتے تھے بلکہ تھوڑے سے حصہ کو کاٹتے تا کہ جنگلات ضائع نہ ہوں۔



تصویر 16.1: آندھراپردیش کے جنگلات

☆ ایسے چار جملوں کو خط کشیدہ کیجئے جو برطانوی دور سے پہلے آدی واسیوں کی حالت اور ان کے جنگلات کو استعمال کرنے کے طریقے بتاتی ہو۔

TELANGANA

وقتاً فوقتاً جنگل میں رہنے والے لوگ بادشاہوں اور شہنشاہوں کو ہاتھی دانت، جانوروں کی کھالیں اور شہد وغیرہ کے قیمتی تحفے دیا کرتے تھے جو جنگلوں کی زمین پر ہل چلاتے تھے کبھی کبھار ٹیکس بھی ادا کر دیا کرتے تھے۔ اکثر آدی واسی درختوں کو کاٹ کر کھیتی باڑی کیا کرتے تھے جسے ''جھمنگ طریقہ زراعت'' بھی کہا جاتا ہے۔ جب تک جنگلات کے رہنے والوں سے سلطنتوں کے تحفظ و سلامتی کا مسئلہ نہیں ہوتا تھا اس وقت تک بادشاہ یا شہنشاہ ان کے لیے جنگلات کے استعمال سے متعلق قانون نہیں بناتے تھے۔ کئی صدیوں تک آدی واسی جنگل میں امن و آشتی کے ساتھ رہتے تھے۔ اس سے اپنی روزمرہ زندگی کی اشیاء کو حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ جنگلات کی دیکھ بھال بھی کرتے تھے۔

## برطانوی حکومت کے دوران جنگلات کا استعمال کس طرح کیا جاتا تھا؟

برطانوی راج کے دوران حالات میں تبدیلی آ گئی۔ اس وقت ممبئی اور کولکتہ جیسے شہر ابھر رہے تھے اور حکومت سارے ملک میں ہزروں کلومیٹر پر مشتمل ریلوے لائن ڈلوا رہی تھی۔ بڑی بڑی کشتیاں تیار کی جا رہی تھیں اور کانوں کا افتتاح عمل میں آ رہا تھا۔ ان تمام چیزوں کے لیے لکڑی کی ایک بڑی مقدار درکار تھی اس لیے لکڑی کی تجارت میں تیزی سے اضافہ ہوا۔

## ریلوے لائن کے لیے لکڑی کے تختوں کا استعمال

1879ء میں ہندوستان میں تقریباً 8 ہزار کلومیٹر پر مشتمل ریلوے لائن تھی۔ 1910 تک 50 ہزار کلومیٹر سے زائد ریلوے لائن بچھائی گئی۔ ہر سال قریباً ایک کروڑ لکڑی کے تختوں کی ضرورت ان نئے ریلوے لائنس کو بچھانے کے لیے ہوتی تھی۔



تصویر 16.2: چٹگانگ کے پہاڑی علاقہ میں دریائے کسالانگ میں بہتے ہوئے بانس کے پتوار

sleepers: لکڑی کے تختے ریل کی پٹریوں کے درمیان بچھائے جاتے تھے تاکہ وہ پٹریوں کو سیدھے رکھ سکیں۔

لکڑی کے تختوں کے لیے لکڑی ہمالیہ اور ترائی کے علاقوں کے جنگلات سے کاٹی جاتی تھی۔ بڑی مقدار میں لکڑی کی کٹوائی عمارتیں بنانے، کانیں کھدوانے اور کشتیاں تیار کرنے کے لیے کی جاتی تھی۔ یہ کام کرائے پر لئے گئے مزدوروں کے ذریعہ سے ہوتا تھا۔ لکڑی کے تاجر اور جنگلات کے گتے دار انھیں کام دیا کرتے تھے۔

برطانوی حکومت اور برطانوی کمپنیاں اس تجارت سے کافی فائدہ اٹھانے لگیں۔ حکومت جنگلات کی کٹوائی کے لیے ٹھیکیداروں کے واسطے ہراج کا انعقاد کیا کرتی تھی۔ ٹھیکیدار اس ٹھیکے کو حاصل کرنے کے لیے بھاری رقم ادا کرتے تھے۔ اسی لیے حکومت ان ٹھیکوں کے ذریعہ سے بہت سارا پیسہ کماتی تھی۔

## جنگلات خطرے میں۔ اور نئے درخت اگانے کی ضرورت

جیسے ہی لکڑی کے کاروبار میں اضافہ ہوا برطانوی حکومت پریشان ہوگئی کہ مستقبل میں ریلوے، کشتیوں اور گھروں کی تعمیر کے لیے انھیں لکڑی کہاں سے فراہم

☆ کیا آپ نے کبھی لکڑی کے تختوں کو ریلوے لائن بچھانے کے لیے استعمال کرتے ہوئے دیکھا ہے؟ دور حاضر میں ان لکڑی کے تختوں کے بجائے کیا استعمال کیا جا رہا ہے۔ بحث کیجیے کہ یہ متبادل انتظام کیوں ہو رہا ہے؟

SCERT TELANGANA



شکل 16.3 : مئی 1897ء میں چھوٹانا گپور مقام پر سنگھ بھوم جنگلات میں لکڑی کے شہتیروں کو لکڑی کے تختوں میں تبدیل کرتے ہوئے۔
آدی واسیوں کو محکمہ جنگلات کٹوائی اور ریلوے لائنوں کے لیے ہموار تختے تیار کرنے کے لیے اجرت پر لیا کرتا تھا۔لیکن انھیں ان درختوں کو اپنے گھر بنانے کے لیے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاتی تھی۔

ہوگی اگر جنگلات اس تیزی سے کٹنا شروع ہوجائیں؟ حکومت نے محسوس کیا کہ لکڑی کی مسلسل رسد کو یقینی بنانے کے لیے کچھ کرنا چاہئے۔

برطانوی حکومت نے فیصلہ کیا کہ جو جنگلات کاٹ دیئے گئے انکی جگہ نئے درخت اگائے جائیں لیکن حکومت ان درختوں کو اگانے میں دلچسپی نہیں لے رہی تھی جو عوام کے لیے فائدہ مند تھے جیسے آم نیم وغیرہ درخت۔وہ صرف ان درختوں کو اگانا چاہتے تھے جس مانگ بہت زیادہ ہو۔اسی لیے انھوں نے ساگوان اور پائن کے درختوں کو کٹے ہوئے جنگلات کی جگہ اگانا شروع کیا۔

## حکومت کے ذریعہ محکمہ جنگلات کا قیام

1864ء میں حکومت نے محکمہ جنگلات قائم کیا۔جنگلات کے محکمہ نے اپنے لگائے ہوئے درختوں کی حفاظت کے لیے نئے قوانین وضع کئے۔ان قوانین کے ذریعہ سے انھوں نے اس بات کو یقینی بنایا کہ قدیم جنگلات مکمل طور سے ختم نہ ہوں بلکہ انھیں احتیاط سے کاٹا جائے۔یہ قوانین اور اصول حکومت کو جنگلات پر قابو پانے میں معاون ثابت ہوئے۔محکمہ جنگلات نے محسوس کی کہ جنگلوں میں اور اس کے آس پاس رہنے والے لوگوں سے جنگلات کی حفاظت کی جانی چاہیے۔

## آدی واسی بغاوتیں

ہم نے دیکھا کہ کس طرح آدی واسی کسان جو جنگل میں رہتے تھے برطانوی راج میں حالت ابتر تھی۔مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ کے قبائلی جیسے بائیگا، مریہ گونڈ اور بھیل۔تلنگانہ اور آندھرا پردیش اور اڑیسہ کے قبائلی جیسے کویا، ریڈی اور کولم، اپنے قدیم طریقہ زراعت کو زیادہ عرصہ تک جاری نہ رکھ سکے۔انھیں محکمہ جنگلات یا ٹھیکے داروں کے مزدور بن کر رہنا پڑاتا۔یا انھیں مہاجن یا کسان جو باہر سے آئے تھے ان کے بندھوا مزدور بن کر رہنا پڑا تھا۔

ان مقامات میں جہاں ریلوے اور سڑکوں کی سہولت تھی بیرونی مقامات سے آنے والے افراد کے لیے آدمی واسیوں کے مقامات میں رہائش اختیار کرنا آسان ہوگیا وہ ان کی زمینوں پر قبضہ کررہے تھے۔محکمہ جنگلات کے اختیارات میں بھی اضافہ ہوا۔عوام پر جرمانے عائد کرنا، چھوٹی غلطیوں کے بہانے انھیں مارنا پیٹنا۔ان کے گھروں میں زبردستی داخل ہوکر ان کی چیزیں لے لینا، عورتوں سے بدسلوکی۔رشوت ستانی، بے گار کیمپ قائم کرنا یہ ساری چیزیں اس وقت عام ہوچکیں تھیں۔

ان بدتر حالات میں آدی واسیوں نے کئی مقامات پر احتجاج کیا۔احتجاج کے دوران انھوں نے کئی پولیس چوکیوں، محکمہ جنگلات کی



SCERT TELANGANA

چوکیوں اور مہاجنوں کے گھروں کو جلا دیا۔ کئی مقامات پر انھوں نے سارے جنگلات کو آگ لگادی۔ اس قسم کے احتجاج جھارکھنڈ کے آدی واسیوں، سنتھل نے 1856ء میں شروع کیا۔ 1880 اور 1922ء میں آندھراپردیش کے کویا آدی واسی، 1910ء میں بستر کے ماریا اور مریا آدی واسی 1940ء میں گونڈ اور کولم کے آدی واسیوں نے کئے۔

## سنتھل آدی واسیوں کی بغاوت


ابتداء سے ہی جھارکھنڈ کے آدمی واسیوں سنتھل نے برطانوی حکومت کے خلاف مزاحمت کی اور احتجاج جاری رکھا۔ 1855 سے 1856 کے دوران سنتھل آدی واسیوں نے بڑے پیمانے پر بغاوت کا علم بلند کیا جس میں انھوں نے زمینداروں قرض دینے والوں کو لوٹنا اور قتل کرنا شروع کیا۔ سنتھل آدی واسیوں نے یہ اعلان کر دیا کہ برطانوی راج کا خاتمہ ہو چکا ہے اور وہ ایک آزاد ریاست تشکیل دے رہے ہیں۔ لیکن سنتھل آدی واسی صرف تیر کمان سے لیس تھے اور وہ برطانوی بندوق بردار فوج کے آگے ٹک نہ سکے۔ ایک خوفناک جنگ کے اختتام پر 15 ہزار سنتھل آدی واسی مارے گئے اور آخر کار ان کی بغاوت کو کچل دیا گیا۔

## برسا منڈا کی رہنمائی میں بغاوت

1874 اور 1901ء کے درمیان چھوٹا نا گپور سطح مرتفع جو موجودہ جھارکھنڈ ریاست ہے۔ منڈا آدی واسیوں نے ایک نوجوان رہنما برسا کی قیادت میں برطانوی حکومت کو ختم کرنے کے لیے جمع ہوئے۔ لوگ برسا کو خدا کا درجہ دیتے تھے اور اس کے ہر لفظ پر عمل کرتے تھے۔ وہ اس بیرونی حکومت کا خاتمہ چاہتے تھے جس نے زمینداروں کی مہاجن اور عدالتوں کی پشت پناہی کی جنھوں نے منڈا آدی واسیون کو ان کی زمینوں اور جنگلات پر ان کے حقوق چھین لیا تھا۔ آخر منڈا باغیوں کو دبا دیا گیا اور ان کے رہنماؤں کو گرفتار کرکے انھیں جیل میں قید کر دیا گیا۔ برسا منڈا کی 1900ء میں جیل میں موت واقع ہوگئی۔ البتہ حکومت نے چھوٹا ناگپور کے آدی واسیوں کے حقوق کی حفاظت کے لیے قانون سازی کی ضرورت کو محسوس کیا۔

## کماؤں کے جنگلات میں بغاوت (1921-1922ء)

اترکھنڈ کے کماؤں علاقہ میں کسانوں نے اس بات پر محکمہ جنگلات سے تعاون کرنے پر انکار کر دیا کہ حکومت نے جنگلات پر ان کے حق سے انھیں محروم کر دیا۔ انھوں نے علانیہ طور پر محکمہ جنگلات کے قوانین کی خلاف ورزی کی۔ ٹھیکے داروں کے زیر استعمال جنگلات کو نذر آتش کرنے کی کوششیں کی گئیں۔ لوگوں نے محکمہ جنگلات کے لیے بطور جبری مزدور کام کرنے سے انکار کر دیا۔ ان تحریکات کی بناء پر برطانوی حکومت کو اپنی پالیسی تبدیل کرنا پڑا۔ انھوں نے ایسے نئے قوانین بنائے کہ جس کی رو سے بیرونی افراد آدی واسیوں کی زمین نہیں خرید سکتے تھے۔



الوری سیتارا ماراجو کی تصویر

## الوری سیتارا ماراجو

الوری سیتارا ماراجو 4 جولائی 1897ء کو ضلع وشا کھا پٹنم کے ایک گاؤں پانڈرنگی میں پیدا ہوئے۔ انکی والدہ کا تعلق وشا کھا پٹنم سے تھا اور ان کے والد بھیماورم کے قریب موگالو کے رہنے والے تھے۔ وہ راجمندری کے ایک جیل میں سرکاری فوٹوگرافر تھے۔ راجو کے والد کا انتقال اس وقت ہوا جب کہ وہ اسکول میں پڑھتے تھے۔ انھوں نے اپنے چچا کی تربیت میں پرورش پائی جن کا نام رام چندر راجو تھا۔

SCERT TELANGANA

مدراس فارسٹ ایکٹ 1882ء کے نافذ ہونے پر قبائلی لوگوں کی جنگل میں آزادانہ نقل وحرکت پر پابندی عائد کردی گئی اور انھیں ان کے روایتی طریقہ زراعت پوڈو کے کرنے سے روک دیا گیا۔ راجو نے آندھراپردیش کے اضلاع مشرقی گوداوری اور وشاکھاپٹنم کے سرحدی علاقے میں احتجاجی تحریک شروع کی۔ بنگال میں انقلابیوں کے حب الوطنی کے جذبے سے متاثر ہوکر راجو نے چنتا پلی، راما پوچاورم، دمنا پلی، کرشنا دیوی پیٹ، راجاو مانگی، ادانیگلا، نرسی پٹنم اور اناورم کے پولیس اسٹیشنوں پر دھاوا بول دیا۔ راجو اور اس کے ساتھیوں نے حملے کرتے ہوئے بندوقیں اور اسلحہ چرالیا اور کئی برطانوی فوج افسروں کا قتل کردیا جس میں دمنا پلی کے قریب ہلاک کیا گیا ''اسکاٹ کاورڈ'' بھی شامل ہے۔

دسمبر 1922 میں برطانوی حکومت نے سوندرس کی سرکردگی میں پیگڈاپلی کے قریب آسام رائفلز کو تعینات کیا۔ راجو اس وقت تک روپوش ہوچکے تھے۔ چار ماہ بعد دوبارہ منظر عام پرآئے اور اپنی لڑائی جاری رکھی۔ ملو دورا اور گنم دورا کی رہنمائی میں قبائلی رضا کاروں نے تیر کمانوں کو کا استعمال کرتے ہوئے انھیں مزید طاقت عطا کی۔

دسمبر 1922ء سے قریب ایک سال تک برطانوی افواج کی کارروائی جاری رہی۔ بالآخر انگریزوں نے چنتا پلی کے جنگل میں راماراجو کو پھانس لیا۔ مپا گاؤں کے قریب کو یور گاؤں میں 7 رمئی 1924 کو انھیں رائفل سے گولی ماردی گئی۔

## کومرم بھیم

عادل آباد کے ایک دیہات شنکر پلی میں کومرم بھیم پیدا ہوئے۔ ان کے والد محکمہ جنگلات کے ایک حملے میں مارے گئے جب ان کی عمر 15 سال کی تھی۔ بھیم اور ان کا خاندان منڈل کیری میری کے ایک گاؤں سرداپور کو منتقل ہوگئے۔



جب وہ اپنی زندگی Jhum کاشتکاری کے ذریعہ گذار رہے تھے صدیقی نامی ایک جاگیردار جو نظام کا مخبر تھا اس نے بھیم کی زمین پر قبضہ کرلیا۔ بھیم نے غصہ میں صدیقی کا قتل کردیا اور پولیس سے بچنے کے لئے آسام میں جا کر چھپ گیا۔ اس نے پانچ سال تک چائے' کافی کے باغات میں مزدوری کی۔ اس کو مزدور کی تحریکات کا تجربہ ہوگیا۔ اس نے پڑھنا' لکھنا سیکھا۔ Komaram Sooru جو اس کا قریبی دوست اور مخبر تھا کے ذریعے وہاں کے حالات کی جانکاری حاصل کی۔ نظام حکومت کے خلاف لڑی جانے والی تحریک جو بر وشاکھاپٹنم میں الوری سیتا راماراجو نے اور برسامنڈا نے نظام کی حکومت کے خلاف شروع کی تھی وہ اس سے متاثر تھا۔ اس وقت نظام کی حکومت نے جانوروں کے چرنے اور آگ کی لکڑی جمع کرنے پر ''بمبر ام'' نامی ٹیکس عائد کیا آدی واسی کومرم بھیم کے دیئے ہوئے پیغام' جل' جنگل اور زمین سے متاثر ہوئے تاکہ ٹیکس کے خلاف بغاوت کرسکیں۔ اور قبائلی لوگوں کے حقوق اور آزادی کے لئے لڑسکیں۔ عادل آباد میں تقریباً 12 گاؤں زمین کے لئے لڑنے کے لئے تیار ہوگئے۔ گونڈ اور کویا کے نوجوانوں کو لے کر بھیم نے ایک گوریلا فوج بنائی اس نے آدی واسیوں کو جمع کیا اور ہتھیار چلانے کی تربیت دی۔ آخرکار بدر کامل کے موقع پر بھیم جوڑے گھاٹ میں نظام کی فوج سے لڑتے ہوئے مارے گئے۔ ان کی موت کے بعد نظام نے قبائلی لوگوں کی زندگی پر تحقیق کرنے کے لئے ہائی مین ڈروف کو مقرر کیا۔

SCERT TELANGANA

# برطانوی حکومت کی صنعتی پالیسی



تصویر16.4:کلکتہ کے مارواڑی تاجروں کی بیٹھک

1850ء میں ہندوستانی کپڑے کی چند مِلز سب سے پہلے ممبئی اور اسکے بعد احمد آباد میں قائم کی گئی تھیں۔اس طرح ہندوستان میں بھی مشینوں پر کپڑا بنایا جانے لگا۔چند پڑھے لکھے لوگوں اورفیاکٹری مالکین نے مطالبہ کیا کہ برطانیہ سے آنے والے کپڑوں پر ایک مخصوص محصول عائد کیا جائے تا کہ ہندوستان میں تیار ہونے والے کپڑے کے لیے ایک محفوظ مارکٹ ہو۔وہ مخصوص محصول برطانوی کپڑوں کو مہنگا کردے گا اوراس سے ہندوستانی کارخانوں میں تیار کئے ہوئے کپڑے کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

آپ یہ جانتے ہیں کہ برطانیہ میں حکومت نے ہندوستانی بنکروں کے بنائے ہوئے کپڑوں پر ایک مخصوص محصول عائد کردیا تا کہ برطانوی پارچہ صنعت کو مدد مل سکے لیکن حکومت نے ہندوستان میں برطانوی کپڑں پر اس قسم کے محصول کو عائد کرنے سے انکار کردیا جو ہندوستانی پارچہ صنعت کو مدد دے سکے۔حکومت پر برطانوی تاجرین اور فیاکٹری مالکین کا اس قدر دباؤ تھا کہ وہ ان کے مفادات کے خلاف کچھ نہیں کر سکتے تھی۔

1896ء میں ہندوستان میں برطانوی حکومت کی آمدنی میں شدید کمی ہوئی۔حکومت نے ان پہلوؤں پر غور کرنا شروع کیا جس سے ان کی آمدنی میں اضافہ ہو۔ایسی مشکل گھڑی میں حکومت نے برطانیہ سے ہندوستان آنے والے کپڑوں پر 3.5 فیصد ٹیکس عائد کردیا۔اس ٹیکس کی وجہ سے برطانوی کپڑے کی فروخت متاثر نہ ہونے پائے اس کے لیے انھوں نے اسی طرح کا ٹیکس ہندوستان میں تیار کئے ہوئے کپڑوں پر بھی عائد کردیا۔

یہ ٹیکس ہندوستانی عوام اور برطانوی حکومت کے درمیان ایک لمبے تنازعہ کی شکل اختیار کر گیا۔ہندوستانی کارخانے میں بنی ہوئی اشیاء پر محصول عائد کر کے حکومت نے واضح کر دیا کہ وہ اصل میں برطانوی کارخانوں کے مفادات کی حفاظت کرے گی۔ہندوستان میں اس ٹیکس کے تعلق سے مسلسل مخالفت جاری رہی اوراس کو برخواست کرنے کا مطالبہ ہوتا رہا۔

حکومت کے عدم تحفظ کے باوجود ہندوستان میں پارچہ جات، دھاگے، شکر، پٹ سن، کاغذ، دِیا سلائی اور سمنٹ وغیرہ کے کارخانوں کا قیام عمل میں آیا۔البتہ ان کارخانوں میں 1914ء کے بعد ہی تیز رفتار ترقی ہوئی۔

☆ ''محفوظ مارکٹ'' سے کیا مراد ہے؟ بحث کیجئے؟

☆ ہندوستانیوں نے ہندوستان آنے والی برطانوی اشیاء پر محصول عائد کرنے کا مطالبہ کیا۔کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ مطالبہ جائز تھا؟ کیا برطانوی حکومت نے برطانوی اور ہندوستانی صنعتوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا

SCERT TELANGANA

## پہلی جنگ عظیم کے دوران ہندوستانی صنعت



تصویر 16.5: دہلی میں بینکرس کی ایک قدیم تصویر

1914 سے 1918ء میں پہلی جنگ عظیم کے دوران ہندوستان میں بیرونی اشیاء کی آمد میں بہت حد تک کمی واقع ہوگئی تھی۔ اس کی ایک وجہ یہ تھی کہ باربرداری کے جہاز جنگ سے متعلق کاموں میں مصروف کردیئے گئے اس لیے جہازوں کی قلت ہوگئی۔ یورپ کی فیکٹریوں میں جنگی سامان تیار کئے جارہے تھے اس لیے بہت کم اشیاء ہندوستانی منڈیوں کے لیے دستیاب تھیں۔

ان حالات میں ہندوستانی کارخانے اپنی اشیاء کو بھاری مقدار میں فروخت کرنے لگے۔ اس بھاری مقدار میں ہوئی فروخت سے متاثر ہوکر صنعتوں میں تیزی سے ترقی ہونے لگی۔ جنگ کے اختتام پر ہندوستانی کارخانوں اور نئے قائم کردہ صنعتوں کے لیے بڑی تعداد میں یورپ سے مشینیں خریدی گئیں۔ ہندوستانی صنعتکاروں نے شدت کے ساتھ حکومت سے یہ مطالبہ کیا کہ حکومت بیرونی اشیاء پر محصول عائد کرے تاکہ ہندوستانی اشیاء کی فروخت مستقبل میں بھی بڑے پیمانے پر جاری رہے۔

کئی وجوہات کی بنا پر حکومت کو یہ مطالبہ قبول کرنا پڑا۔ 1917ء کے بعد کئی بیرونی اشیاء پر یکے بعد دیگرے محصول عائد کئے گئے جس کے نتیجے میں ہندوستان میں قائم کردہ کارخانے تیزی سے ترقی کرنے لگے۔

☆ پہلی جنگ عظیم کے دوران ہندوستانی صنعتوں میں تیزی سے ترقی کیوں ہوئی؟

## آزادی کے وقت ہندوستانی صنعت کے مسائل

ایک طویل جدوجہد کے بعد ہندوستانی صنعت کو برطانوی حکومت سے تھوڑی سی مدد حاصل ہوئی۔ پھر بھی ایک بڑی تعداد میں کارخانے، بینک، کشتیاں وغیرہ یورپی لوگوں کے ہاتھوں میں تھے' نہ کہ ہندوستانیوں کے ہاتھ میں۔ یورپی ہونے کے ناطے ان کمپنیوں سے انھیں کئی فوائد حاصل ہوئے۔ برطانوی حکومت کے مختلف افسروں اور ذمہ داروں تک ان کی پہنچ آسان تھی۔ جب کہ ہندوستانیوں کے لیے ان تک پہنچ آسان نہ تھی۔ تمام بیرونی تجارت یورپی کمپنیوں کے ہاتھ میں تھی۔ اسی لیے انھیں مالیہ کی کمی کا سامنا نہیں تھا۔

یورپیوں کے اثر ورسوخ کے باوجود ہندوستانی صنعتکار بڑی حد تک آگے بڑھے مثال کے طور پر ہندوستانی صنعتکاروں کی کپڑوں کی

SCERT TELANGANA

صنعت پر گرفت تھی۔ ہندوستانی صنعتکاروں کی کامیابی کی مثال جمشید جی ٹاٹا نامی صنعتکار کا جمشید پور میں فولاد کی صنعت کا قیام ہے۔

ہندوستانی صنعت کاروں کو حکومت کی طرف سے بیرونی اشیا پر محصول کی شکل میں جو مدد مل رہی تھی وہ اہم تھی لیکن ناکافی تھی۔ انھیں کئی ذرائع اور سہولتیں جیسے ریلوے، سڑکیں، بجلی، کوئلہ اور لوہے وغیرہ درکار تھیں۔ بہرحال برطانوی حکومت ان چیزوں کی ترقی پر مناسب توجہ نہیں دے رہی تھی۔



**تصویر 16.6: ہندوستانی صنعت کاروں میں سے چند عظیم صنعت کار جے این ٹاٹا، آر ڈی ٹاٹا، سر آر جے ٹاٹا اور سر ڈی جے ٹاٹا۔**

ہندوستانی صنعت کاروں کو اپنی مشینیں باہر سے خریدنا پڑتا تھا۔ مشینیں تیار کرنے والی صنعتیں ہندوستان میں شروع نہیں ہوئی تھیں۔

صنعت کی ترقی کے لیے سائنسدانوں، انجینئروں اور فنی ماہرین کی مدد درکار تھی۔ تمام سطحوں پر پڑھے لکھے کامگاروں کی ضرورت تھی۔ لیکن ہندوستان میں تعلیم کو مناسب اہمیت نہیں دی جاتی تھی۔ صنعتی ترقی کے لیے غیر ملکیوں پر منحصر ہونا پڑتا تھا کیوں کہ ہندوستانی سائنسدانوں اور انجینئروں کی تعداد بہت کم تھی۔

ہندوسانی صنعت کے مفادات کو آگے بڑھانے کے لیے برطانوی دور میں صنعتکاروں کی کئی تنظیمیں تشکیل دی گئیں۔ ان میں سے اہم ترین (FICCI) فیڈریشن آف انڈین چیمبرس آف کامرس اینڈ انڈسٹریز تھی۔ یہ تنظیمیں صنعتکاروں کے مسائل کو حکومت تک پہنچاتی تھیں۔

ہندوستان میں برطانوی حکومت کے اختتام اور ہندوستانیوں کی آزادانہ حکومت کی تشکیل کے بعد حالت تبدیل ہوگئے۔ ہندوستانی حکومت نے صنعتوں کی ترقی کی حوصلہ افزائی کے لیے بہتر انداز میں منصوبہ بندی کی۔

☆ برطانوی دور حکومت کے دوران ہندوستان میں کونسی صنعتیں قائم ہوئیں؟

☆ آزادی کے وقت ہندوستانی صنعتوں کی ترقی میں کیا مشکلات پیش آئیں؟

# ہندوستانی صنعتوں میں مزدور

## صنعتی قصبات شہر اور مزدوروں کی آبادیاں

1850ء سے مشینوں پر منحصر صنعتیں ہندوستان میں قائم ہونی شروع ہوئیں۔ سب سے بڑی صنعت دھاگہ کاتنے اور کپڑا بننے کی صنعت تھی۔ 1905ء میں 2.25 لاکھ کے قریب مزدور پارچہ صنعت سے وابستہ تھے۔ 1.5 لاکھ پٹ سن اور 1 لاکھ مزدور کوئلے کی کانوں کی صنعتوں سے وابستہ تھے۔

ضرورت مند کسان، مزدور اور ہنرمند افراد روزگار کی تلاش میں دیہاتوں سے شہروں کا رخ کرنے لگے۔ ان کے ساتھ یا ان کے بعد ان کے رشتہ دار، پڑوسی اور دوست احباب آنے لگے۔ شہروں میں مزدوروں کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا۔ کارخانوں کے اطراف واکناف

SCERT TELANGANA

جھونپڑیاں اور مزدوروں کی آبادیاں بسنے لگی۔ ہندوستان کے کئی شہر جیسے کانپور، ممبئی، احمد آباد، کولکتہ اور چینائی بڑے صنعتی شہر بن گئے۔

## کام کرنے کے شرائط

ابتدائی مرحلہ میں صبح طلوع آفتاب سے کام شروع ہوکر آفتاب کے غروب ہونے تک جاری رہتا تھا۔ صبح کا اجالا پھیلنے سے پہلے مزدور نیند سے بیدار ہوکر لمبی قطاروں میں کارخانوں کا رخ کرتے تھے۔ جن میں مرد، عورتیں اور بچے بھی شامل تھے۔

ایک مرتبہ جب وہ مشینون پر کام میں لگ جاتے تو رکنے کا کوئی سوال نہ تھا۔ ان کے کھانے کے لیے بھی کوئی مخصوص وقت نہیں دیا جاتا تھا۔ اپنے اوقات کار سے پندرہ تا بیس منٹ کے لیے وہ کھانے کا وقفہ لیتے تھے اور اس دوران اپنے ساتھی مزدور کو اپنے کام کی دیکھ بھال کے لیے مقرر کرتے تھے۔ کھانے کے لیے کوئی مخصوص جگہ کا انتظام نہ تھا۔

سارا دن، گرمی رطوبت، آوازیں، گردوغبار اور کارخانے کے گھٹن والے ماحول میں گزر جاتا تھا۔ جب سورج غروب ہوجاتا اور اندھیرے میں دیکھنا ناممکن ہوجاتا اسی وقت مشینیں روک دی جاتیں اور کام ختم کردیا جاتا تھا۔

اس طرح سے کئی مہینوں کام چلتا رہتا تھا۔ یہاں تک کہ ہفتہ واری تعطیل کا بھی اہتمام نہ تھا۔ صرف اہم عیدوں اور تہواروں کے موقعوں پر کارخانوں کے مالکین چھٹی دیا کرتے تھے۔

بہر حال سال کے پورے دنوں میں کام کرنا ممکن نہ تھا۔ بیماری، گھریلو مصروفیات کے لیے بھی وقت نکالنا ضروری تھا۔ کام کی یکسانیت سے لوگ اکتا جاتے اور تھک جاتے تھے۔ جب کبھی کوئی مزدور کام کے لیے نہیں جاتا تو اسے اس دن کی اجرت سے ہاتھ دھونا پڑتا تھا۔

ان دنوں اجرت پیدا کردہ اشیاء کے تناسب سے دی جاتی تھی۔ مالکین نے یہ شرط رکھی کہ جتنا آپ بنائیں اتنا ہی آپ پائیں گے، کبھی کبھار مشینوں میں خرابی پیدا ہوجاتی تھی یا خام مال کی فراہمی میں تاخیر ہوجاتی یا وہ ناکافی ہوتیں ایسی صورت میں مل مالکین باوجود اس کے کہ اس میں مزدوروں کا قصور نہیں ہوتا ان کی اجرت میں سے رقم منہا کردیتے تھے۔ غرض مزدور ہر ماہ کوئی مقرر کردہ آمدنی نہیں پاسکتے تھے۔

اتنا ہی نہیں بلکہ کارخانے کے مالکین مزدوروں کو مہینے کے اختتام پر مکمل ادائیگی نہیں کرتے تھے۔ آئندہ ماہ تک کے لیے وہ کچھ رقم روکے رکھتے تھے۔ ایسے حالات میں مزدور کام چھوڑ جانا چاہیں تو وہ ایسا نہیں کرسکتے تھے کیوں کہ ان کے پچھلے مہینوں کی اجرت ان کے مالکین کے پاس پھنسی ہوئی ہوتی تھی۔

وہاں ان پر کئی جرمانے بھی لگائے جاتے تھے۔ مالکین چھوٹی چھوٹی باتوں کو بنیاد بناکر ان پر جرمانے عائد کرتے تھے۔ اگر وہ تاخیر سے آتے یا کپڑے پر دھبے لگتے یا مالک یہ سمجھتے کہ مزدور سنجیدگی سے کام نہیں کررہے ہیں تو ان پر جرمانے لگتے تھے اور رقم کو ماہانہ اجرت سے کاٹ لیا جاتا تھا۔

سارے مزدوروں کو جن میں مرد، عورتیں، اور بچے شامل تھے ان ہی شرائط پر کام کرنا پڑتا تھا۔ گرما میں 14 گھنٹے اور سردیوں میں 12 گھنٹے لیکن 1880ء میں ایک نئی بات ہوئی۔ کارخانوں میں برقی بلب لگائے گئے۔ روشنی کی مدت میں اضافہ ہونے پر اوقاتِ کار میں بھی اضافہ ہوا۔ سورج کے غروب ہونے کے بعد بھی کام کو روکنے کی ضرورت نہ تھی۔ ہر مزدور سے دن میں 15 گھنٹے کام لینا ایک عام بات ہوگئی

SCERT TELANGANA



تصویر 16.7: مرد، عورتیں اور بچے کارخانوں کی طرف قدم بڑھاتے ہوئے۔

کام کے انجام دینے میں کئی سختیاں برداشت کرنا پڑتا تھا لیکن ان میں سب سے زیادہ تکلیف دہ چیز ملازمت کی طمانیت کا نہ ہونا تھا۔ اگر کوئی کارخانہ نقصان میں چل رہا ہوتا تو اس کے مالک چند مزدوروں کو آسانی سے کام سے نکال دیتے تھے اور جو کام کر رہے ہوتے تھے انکی اجرت میں کمی کر دی جاتی تھی

اگر کارخانہ نفع میں ہوتا تو کیا مالکین اجرت میں اضافہ کرتے؟ نہیں ایسا کبھی نہیں ہوتا تھا۔

ابتدائی ایام میں ہندوستانی کارخانوں میں

- ☆ مزدوروں کے لیے کام اور آرام سے متعلق کیا قوانین بنائے گئے تھے؟
- ☆ اجرت کی ادائیگی کے متعلق کیا قوانین بنائے گئے تھے۔؟
- ☆ کن وجوہات کی بناء پر مزدوروں کی اجرت میں سے کمی اور کٹوتی کی جاتی تھی؟

## مزدوروں کی جدوجہد

مزدوروں نے انصاف سے عاری اوقاتِ کار کے خلاف جدوجہد کی۔ 1870ء میں ایک کے بعد ایک ہڑتال ممبئی میں ہوئی۔ ابتداء میں مزدوروں کی کوئی تنظیم یا انجمن نہیں تھی۔ ایک کارخانے کے تمام مزدور ایک ہو کر ہڑتال پر جاتے اور مالکین پر دباؤ ڈالتے تھے۔

مثال کے طور پر 1892ء میں ممبئی کے مل مالکین اس بات پر غور کر رہے تھے کہ مزدوروں کی اجرت میں کمی کی جائے۔ ان حالات میں سارے ملز کے مزدور ہڑتال کے لے ایک جگہ جمع ہوئے۔ حکومت نے فیکٹریوں کے معائنے کے لیے ایک افسر مقرر کیا اور اسی افسر نے مزدوروں کے تعلق سے یہ بات لکھی کہ اگر اجرت میں کمی کی گئی تو سارے ممبئی میں ہڑتال شروع ہو جائے گی گو کہ مزدوروں کی کوئی منظّم تنظیم اور انجمن نہیں ہے لیکن اکثر مزدور ایک ہی ذات، قبیلے اور گاؤں سے تعلق رکھتے تھے اور وہ آسانی سے متحد ہو کر قدم اٹھا سکتے ہیں۔

یہاں ایک مثال پیش کی گئی ہے کہ کس طرح مزدور اپنے مفادات کے تحفظ میں جدوجہد کرتے ہیں۔ 1900 سے 1901 کے دوران ممبئی کے 20 کارخانوں نے مزدوروں کی اجرتوں کو 12 1/2% گھٹادیا۔ اس کے جواب میں مزدوروں نے کام روک کر ہڑتال شروع کر دی۔ تمام کے تمام 20 کارخانے دس دنوں کے لیے بند رہے۔

اسی طرح سے 1919ء میں مہنگائی میں جب اضافہ ہو رہا تھا تو مزدوروں کی اجرت میں اضافہ نہیں کیا گیا۔ ممبئی کے تمام ملوں کے مزدور ہڑتال کے لے آگے آئے اور کارخانے 12 دنوں کے لیے بند رہے۔

SCERT TELANGANA

مزدوروں نے نہ صرف اپنی اجرت کے لیےلڑائی کی بلکہ انگریزوں کے خلاف بھی ہندوستان کی آزادی کے لیے بھی انھوں نے جہدوجہد کی۔ 1908ء میں انگریزوں نے ہندوستان کے مشہور مجاہد آزادی لوکمانیہ تلک کو 6 سال کے لیے ملک بدر کی سزادی۔آن واحد میں اس کے خلاف ممبئی کے تمام مل مزدور چھ دنوں کے ہڑتال پر آ گئے۔اس طرح سے مزدوروں نے ہڑتالوں کے ذریعہ سے آزادی کی جدوجہد میں حصہ لیا۔



تصویر16.8:تصویر میں مزدوروں کے اجلاس کو بتایا گیا ہے۔

☆ مزدور کیوں ہڑتال کرتے ہیں؟

☆ دوسرے طریقوں کے بجائے ہڑتالوں کا استعمال کیوں ہوتا ہے؟

## مزدوروں کے مسائل کا حل

ایک عجیب بات یہ تھی کہ ابتداء میں ہندوستان کا تعلیمیافتہ طبقہ مزدوروں کے مسائل پر کوئی توجہ نہ دیتا تھا۔ان کے ذہنوں میں یہ بات مقدم تھی کہ کس طرح ہندوستان میں صنعتوں کو ترقی دی جائے۔ابتدائی دور میں انھوں نے مزدوروں کے کام کے شرائط پر زیادہ سوچ بچار نہیں کیا۔ لیکن اس سے زیادہ تعجب خیز بات یہ تھی کہ برطانیہ میں فیکٹری مالکین،تاجرین،سماجی کارکن ہندوستانی مزدور طبقے کی حالت پر اپنی تشویش کا اظہار کرنے لگے۔وہ مستعدی سے ان مسائل کی طرف حکومت کی توجہ مبذول کرانے میں مصروف ہو گئے۔

برطانیہ کے صنعت کار اور سماجی کارکنوں نے حکومت پر دباؤ ڈالنا شروع کیا کہ ہندوستان میں مزدوروں کی حالت کو بہتر بنانے کے لیے اس طرح کے قوانین بنائے جائیں جس طرح کے برطانیہ میں بنائے گئے تھے۔اس دباؤ کے نتیجہ میں حکومت سنجیدگی سے اوقات کار میں کمی کرنے اور ان کے لیے ایام تعطیلات مقرر کرنے کے لیے قوانین کے بنانے میں غور کر رہی تھی۔

اس کام نے صنعت کاروں اور ہندوستانی تعلیمیافتہ افراد میں سخت ناراضگی پیدا کردی۔انھوں نے محسوس کیا کہ ایک مرتبہ مزدوروں کو مقررہ آمدنی اور رخصت کی سہولت دے دی جائے تو کارخانے کی پیداوار میں کمی ہوجائے گی اور مالکین کے اخراجات بڑھ جائیں گے اس کی وجہ سے کارخانوں میں بنی چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ہوجائے گا۔اگر ایسا ہوا تو برطانیہ سے آنے والی اشیاء آسانی سے فروخت ہوجائیں گی اور ہندوستانی صنعتوں کی ترقی رک جائے گی۔ہندوستانی مزدوروں کی فلاح سے برطانوی صنعتکاروں کی تشویش کو ہندوستانی صنعتکاروں نے شک وشبہ کی نگاہ سے دیکھا۔ان کے خیال میں اس میں بھی برطانوی صنعتوں کے مفاد پوشیدہ ہونگے۔

ہندوستان کے تعلیم یافتہ افراد اس بات پر یقین رکھے تھے کہ اگر مزدوروں کے مفادات میں قوانین بنائے جائیں تو ہندوستان میں صنعتیں ترقی نہیں کرسکیں گی۔1875ء میں بنگال کے ایک مشہور اخبار میں چھپے چند سطور ان دنوں کی سوچ کو بتاتے ہیں: بہتر ہے کہ نئی صنعتوں کو تباہ


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

## مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے قوانین سن واری خاکہ/ چارٹ

1891 ء میں خاتون مزدوروں کے مفاد میں قوانین بنائے گئے تاکہ درج ذیل باتوں کو یقینی بنایا جاسکے۔

☆ خاتون مزدوروں سے ایک دن میں 11 گھنٹے سے زیادہ کام نہ لیا جائے۔

☆ خواتین مزدوروں کو دن بھر میں ڈیڑھ گھنٹے کا وقفہ دیا جانا چاہیے۔

☆ بچوں کے اوقات کار کو دن بھر میں 9 تا 7 گھنٹے تک کر دیا گیا اور فیاکٹری مالکین کو 9 سال سے کم عمر کے بچوں کو کام پر رکھنے سے منع کر دیا گیا۔

حکومت نے 1881ء میں پہلے فیاکٹری ایکٹ کو روبعمل لایا اور درج ذیل قوانین کا خاص طور سے بچہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے بنائے۔

☆ 7 سال سے کم عمر بچوں کو ملازمت نہیں دی جاسکتی۔

☆ 7 سال سے 12 سال تک کی عمر کے بچوں سے دن بھر میں 9 گھنٹے سے زائد کام نہیں لیا جاسکتا اور دن بھر میں انھیں ایک گھنٹے کا وقفہ دیا جانا چاہئے۔ اور ہر ماہ میں انھیں چار دن کی رخصت بھی دی جائے۔

1850
1860
1870
1880
1890
1900
1910
1920
1930
1940
1950
1960
1970
1980
1990
2000
2010
2020
2030

ہندوستان اور پاکستان نے برطانیہ سے آزادی حاصل کی

صنعتوں میں کام کرنے والوں کی زیادہ تر تعداد مرد مزدوروں کی تھی۔ 1911ء تک ان کی فلاح و بہبود کے لیے قوانین نہیں بنائے گئے۔ فیاکٹری ایکٹ 1911 کے مطابق

☆ بالغ مرد مزدوروں سے دن میں 12 گھنٹے سے زائد کام نہ لیا جائے۔

☆ ہر 6 گھنٹے کے بعد آدھے گھنٹے کا وقفہ دیا جائے۔

☆ ابتداء میں ہندوستان کا تعلیم یافتہ طبقہ فیاکٹری مزدوروں کے مفادات کی طرف کیوں متوجہ نہیں ہوا؟

☆ کس طرح قانون محنت صنعت کاروں پر اثرانداز ہوا؟

☆ برطانوی صنعتکار ہندوستان میں فیاکٹریوں کی ترقی کے مخالف تھے لیکن پھر بھی انھوں نے ہندوستانی مزدوروں کی تائید کی؟ کیوں؟

☆ برطانوی دور میں کتنی عمر سے کم کے بچوں کو مزدوروں کی حیثیت سے کام پر نہیں رکھا جاتا تھا؟

☆ موجودہ قوانین نے کتنی عمر کو کم تر قرار دیا ہے جس سے کم عمر کے بچے مزدوروں کی حیثیت سے کام نہیں کر سکتے؟

☆ قانون محنت کے مطابق زیادہ سے زیادہ کتنے گھنٹے بچے، خواتین اور مرد کام کر سکتے تھے۔

☆ آپ کس سال پیدا ہوئے؟ دیئے گئے خط مدت پر نشان لگائے اپنے والدین یا دادا دادی یا دوسرے معمر رشتہ داروں کی تاریخ پیدائش جن کو آپ جانتے ہوں معلوم کریں۔

☆ پتہ لگایئے کہ جن لوگوں کی تاریخ پیدائش کو آپ نے نشان لگایا ہے ان میں سے کوئی قانون محنت سے متاثر ہوئے ہیں؟

SCERT TELANGANA

کرنے کے بجائے مزدوروں کی بڑی تعداد کو بھوک سے مرنے دیا جائے۔ ایک مرتبہ ہماری صنعتیں بہتر طور پر قائم ہو جائیں پھر ہم مزدوروں کے مفادات کا تحفظ کرسکیں گے۔''

صنعتکاروں اور تعلیم یافتہ افراد کے ذہنوں پر یہ خوف تھا جو بالکل بے وجہ ثابت ہوا ہندوستان میں قائم صنعتوں نے منافع دینا شروع کردیا۔ نئے نئے کارخانے ہر وقت کھلے رہتے تھے۔ مزدوروں کو جو چیز ضروری تھی وہ شرائط کار میں بہتری اور نقصان کے عوامل سے تحفظ تھا اور اس پر توجہ اس لیے بھی ضروری تھی کہ صنعتی ترقی کا دارومدار مزدوروں کی محنت پر ہی تھا۔



**تصویر 16.9: 1931ء میں لنکا شائر کے مل مزدور گاندھی جی سے مل کر خوش ہوئے اور ہندوستان کی تحریک آزادی کے لیے اپنی یگانگت کا اظہار کیا۔**

## مزدور تنظیمیں Labour Organisations

وقت کے ساتھ ساتھ مزدوروں کے مسائل بھی عام ہو گئے۔ چند تعلیمیافتہ افراد نے مزدوروں کے حق میں اخبارات میں مضامین لکھے اور عوام کو اس کے ذریعہ سے ان کے مسائل کے بارے میں واقف کروایا۔ مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لے چھوٹی تنظیمیں ابھرنے لگیں۔

ہڑتالوں کے درمیان مزدوروں نے تعلیمیافتہ لوگوں کی مدد سے اپنی تنظیمیں تشکیل دیں۔ یہ مزدور انجمنیں تھیں جو ہڑتالوں کے انعقاد مل مالکین سے بات چیت اور مسائل کو حل کرنے کے لیے تشکیل دی گئی تھیں۔ آہستہ آہستہ نہ صرف ہڑتالوں کے دوران بلکہ ہر وقت مزدوروں کی فلاح و بہبود اور ان کے حقوق کے لیے تجارتی انجمنیں فعال ہوگئیں 1920 کے اوائل سے ایسی انجمنیں قائم ہونی شروع ہوئیں۔ سوشلسٹ خیالات سے متاثر لوگ ان میں زیادہ تھے ایسی ایک انجمن ''گرنی کامگار انجمن'' کے نام سے قائم ہوئی جس کی مدد سے ممبئی کے مزدوروں 1928ء میں ایک بہت ہی زبردست ہڑتال کی۔ احمد آباد میں گاندھی جی کے زیر اثر ایک طاقتور انجمن ''مزدور مہاجن' کے نام سے قائم کی گئی۔

مزدوروں کی انجمنوں کے قیام نے حکومت اور مل مالکین کو مضطرب کردیا۔ ہڑتالوں پر امتناع عائد کرنے کے قوانین بننے شروع ہوئے۔ حکومت نے لیبر آفیسروں کا تقرر کیا تا کہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کی دیکھ بھال کی جا سکے۔ حکومت نے کوششیں شروع کردیں کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے جس میں مزدور اپنے مسائل لیبر آفیسروں کے ذریعہ حل کریں نہ کہ انجمنوں کے ذریعہ سے۔

لیکن مزدور اس کے لیے راضی نہیں ہوئے۔ انھوں نے اس بات کو بہتر سمجھا کہ اپنی خود کی تنظیمیں بنائی جائیں جو ان کے مفادات کی حفاظت کرسکیں۔ اس طرح سے مزدوروں اور حکومت و مل مالکین کے درمیان جدوجہد شروع ہوگئی اس سوال پر کہ انجمنین بنانے کا حق اور ہڑتال کرنے کا حق دیا جائے۔

SCERT TELANGANA

☆ برطانوی دور میں قائم کی جانے والی دو اہم انجمن کونسی تھیں؟

☆ مزدوروں کے لئے انجمنیں کیوں اہم ہیں؟ بحث کیجئے۔

## کلیدی الفاظ

1۔ محفوظ جنگلات/رفاضل جنگلات　2۔ ممنوعہ جنگلات　3۔ ہراج کرنا

4۔ سماجی کارکن　5۔ صنعت کار　6۔ مارواڑی تاجرین

7۔ ہڑتال　8۔ مزدور تنظیمیں　9۔ صنعتی شہر

10۔ مزدوروں کی بستیاں

## اپنے اکتساب میں اضافہ کیجئے۔

1۔ برطانوی حکومت سے پہلے لوگ جنگلات کا کس طرح استعمال کرتے تھے؟ ان دنوں جنگلوں کے مکمل تباہ ہونے کا خطرہ کم کیوں تھا؟

2۔ آدی واسیوں نے کس کے خلاف بغاوت کی؟ کونسے طریقوں سے انھوں نے اپنے غصے اور احتجاج کا مظاہرہ کیا؟ چند مثالیں دیجئے؟

3۔ کس طرح سے انگریزوں نے آدی واسیوں کی بغاوت کو فرو کیا؟

4۔ ہندوستان کے مختلف علاقوں میں آدی اسیوں کے احتجاج کو بتلاتے ہوئے ایک سن واری خاکہ بنایئے؟

5۔ برطانوی حکومت سے ہندوستانی صنعت کاروں کو کیا مسائل درپیش تھے؟

6۔ برطانوی دور حکومت میں یورپی کمپنیوں کا قیام ہندوستانی کمپنیوں کے قیام کے مقابلے میں کیوں آسان تھا؟ چند وجوہات بیان کیجئے؟

7۔ قوانین محنت پہلے بچوں کے لیے پھر عورتوں کے لیے اور آخر میں مردوں کے لیے بنائے گئے۔ ان قوانین کو اس ترتیب سے کیوں بنایا گیا؟

8۔ تعلیم کس طرح سے صنعتی ترقی پر اثر انداز ہوتی ہے؟ کمرہ جماعت میں بحث کیجئے؟

9۔ بیسویں صدی کے دوران ہندوستانی نقشے کے خاکے میں بڑے صنعتی شہروں کی نشاندہی کیجئے؟

10۔ معلوم کیجیے کہ ہندوستان میں آدی واسیوں کی بغاوتیں کہاں کہاں ہوئیں؟ اور ان مقامات کو ہندوستان کے نقشے میں ظاہر کیجیے۔

11۔ صفحہ نمبر 206، 207 پر ''آدی واسی بغاوتیں'' کا پیراگراف پڑھ کر مباحثہ کیجیے۔

## عملی کام

1۔ محکمہ جنگلات کے ایک دفتر کا دورہ کیجیے اور ایک آفیسر سے انٹرویو لیجئے کہ کس طرح جنگلات کو محفوظ کیا جاتا ہے اور مقامی اور صنعتی افراد سمجھداری کے ساتھ اس کا استعمال کرتے ہیں؟

2۔ اپنے قریبی علاقے کی ایک فیاکٹری کا دورہ کیجیے۔ اس کی تاریخ کا پتہ لگایئے کہ کس طرح ہنرمندی میں تبدیلی آئی؟ کہاں سے مزدور آیئے؟ آجر سے اور چند کارندوں سے گفتگو کرنے کی کوشش کیجیے تاکہ ان کے نظریات کو جان سکیں۔



SCERT TELANGANA

باب 17

# جمہوریت کی توسیع

اس سے قبل کے باب میں آپ نے جمہوری انقلاب کے بارے میں پڑھا ہے جس کے سبب یورپ میں جمہوری طرز حکومت قائم ہوئی۔ جمہوری طرز حکومت عوام کے خواہشات اور ضروریات کے عین مطابق ہوتی ہے۔ اس میں عوام کامل آزادی کے ساتھ سرگرمی سے حصہ لینے کے قابل ہوتے ہیں۔ اس میں ہر قسم کے لوگ قابل احترام مقام رکھتے ہیں۔ اور دنیا کے تقریباً حصوں میں لوگ ایسے ہی خواب سجائے ہوئے ہیں اور اس کی تعبیر کیلئے کوشش کرتے رہتے ہیں۔

آیئے ۔ ہم ایسے دو ممالک کے مثالوں پر نظر ڈالیں گے جہاں حالیہ عرصہ میں لوگوں نے جمہوریت کے لئے لڑائی کی یہ لیبیاء اور مینمار ہیں۔

☆ دنیا کے نقشے میں لیبیاء اور مائنمار کی نشاندہی کیجئے یہ ممالک کونسے براعظم میں واقع ہیں۔




شکل 17.1 : عوام مظاہرہ کرتے ہوئے

## لیبیاء:

لیبیاء شمالی آفریقہ کا غریب ملک تھا۔ جو اٹلی کی نو آبادی تھا اور 1951ء میں طویل جدوجہد کے بعد آزاد ہوا۔ جب لیبیاء آزاد ہوا تب اٹلی سے ملک کا اقتدار اعلیٰ بادشاہ ادریس کے حوالے کیا جس نے ملک پر چند امیر اور طاقتور خاندانوں کی مدد سے حکومت کی۔ یہاں کے زیادہ تر لوگ مختلف قبائل سے تعلق رکھتے تھے اور زراعت، ریگستانی علاقوں میں مویشی پالن پر انحصار کرتے تھے۔ ان قبیلوں پر قبیلوں کے روایتی سردار غالب رہتے تھے۔ 1959ء میں لیبیاء میں پٹرول کے کثیر ذخائر برآمد ہوئے اور تیل کی فروخت سے ملک میں دولت کی فراوانی ہوئی۔ حکمرانوں اور طاقتور خاندانوں نے اس نئی دولت پر قبضہ کرلیا۔ اسی دوران شمالی افریقہ میں قومیت کی نئی لہر اٹھی۔ نوجوان طبقہ جدید نئی سلطنت کا احیاء چاہتا تھا جو کہ نو آبادیاتی اقتدار اور دلچسپی کے مطیع نہ ہوں بلکہ عوامی فلاح کے لئے کام کریں۔ وہ ملک میں اصلاحات، عورتوں پر تشدد کا خاتمہ، مستقل طور پر قبیلوں کے درمیان جنگوں کی روک تھام اور امن و اتحاد کے لئے کوشاں تھے۔ وہ تیل سے حاصل شدہ نئی دولت کو مساویانہ طور پر تقسیم کو یقینی بنانا چاہتے تھے۔ لیبیاء کی اکثریتی عوام اس نظریہ سے کافی متاثر ہوئی


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

1969ء میں معمر قذافی اور 70 نوجوان فوجی عہدیداروں کے گروہ نے لیبیاء کا کنٹرول اپنے قبضہ میں لے لیا۔آفسروں کا گروہ اپنے آپ کو Free Officer Movement کہتا تھا۔ بادشاہ ادریس اول نے ملک سے فرار اختیار کی۔ملک میں شہنشایت کا خاتمہ ہوا اور ملک Socialist Libyan Arab Republic قرار پایا۔فوج نے اقتدار اعلیٰ کی منتقلی میں مکمل تعاون کیا۔ یہ تحریک Revolutionary Command Council (RCC) کی قیادت میں چلائی گئی۔ RCC، 12 فوجی اراکین پر مشتمل تھی۔ یہ نئی قیادت لیبیاء کو جدید مساوات انسانی Modern Egalitarian Country کی حیثیت سے ترقی سے ہمکنار کرنا چاہتی تھی اور ساتھ ساتھ اسلام کے بنیادی اصولوں پر عمل پیرا تھی۔اسلام اکثریتی عوام کا مذہب تھا۔

جیسا کہ ہم نے اوپر دیکھا کہ لیبیائی سماج قبائیلی تھا اور جس پر قبائیلی سردار حکمرانی کرتے تھے۔لوگ عوامی فلاح کی بہ نسبت اپنے شخصی قبائیل کی اور اسکے وقار کے لئے کوشاں رہتے تھے۔اکثر غریب گلہ بان، مویشی پالن اور ناخواندہ تھے۔عورتیں گھر تک محدود تھی اور ان کو عوامی سرگرمیوں میں شراکت کی اجازت نہیں تھی۔

☆ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ یہاں جمہوری حکومت کے قیام کے لئے کونسے مسائل کا سامنا کرنا پڑا؟

نئی طرز حکومت نے مختلف اصلاحات شروع کیئے اور لیبیاء کو تیزی سے ترقی کی جانب گامزن کیا۔تیل کے وسائل کو قومیایا گیا۔کاشتکاری کے اضافہ کے لئے غریب مزدوروں کو آبپاشی کی زمینات دی گئی تاکہ خانہ بدوش Nomadism نظام کا خاتمہ ہوا۔تمام لوگوں کے لئے مفت ہمہ گیر تعلیم بشمول خواتین، تمام کے لئے مفت طبی علاج کی سہولیات تیل کے منافع کے حصے کی تمام شہریوں میں تقسیم، مکانات کی تعمیر کے لئے رعایتی اسکیم وغیرہ۔ایک اہم اصلاح آزادی کو یقینی بنانا اور خواتین کو مساوی رتبہ عطا کرنا تھا۔خواتین تجارت کرسکتی ہیں۔جائیداد کی مالک بن سکتی ہیں اور حکومت میں خدمات انجام دے سکتی ہیں۔ان اقدامات کے سبب لیبیاء پورے افریقہ میں اعظم ترین سماجی خدمات کے حصول کے قابل بن پایا۔اوسط حیات جو 50 سال سے کم تھی بڑھ کر 77 سال ہوگئی۔آج مردوخواتین کا شرح خواندگی %90 سے بھی زائد ہے۔

قبائیل، خانہ بدوش، ناخواندگی، عورتوں پر تحدیدات کی وجہ سے لوگوں کی جمہوریت میں شراکت داری کو یقینی بنانا مشکل تھا۔نئی لیبیائی حکومت نے عوامی مجلس، عوامی مقننّہ کو مرکز میں منتخب کر کے عام عوام کو عوامی معاملات میں شراکت داری کیلئے حوصلہ افزائی کی کوشش کی۔اوسط طبقہ میں تعلیمی ترقی ہوئی اور لوگوں نے ان سیاسی اداروں میں حصہ لینا شروع کیا جس سے سماج میں تیزی سے تبدیلی رونماء ہوئی مگر قذافی حکومت ان جمہوری اداروں پر بھروسہ کرنے کو تیار نہیں تھی۔اس کی جگہ انہوں نے متوازی انقلابی مجلس نظام کی تشکیل دی جنہیں قذافی اور RCC کے نامزد قریبی افراد کنٹرول کرتے تھے۔اور عوامی اداروں کے لیے ان غیر منتخب افراد کے فیصلوں کو نافذ کرنا لازمی تھا۔اس کے نتیجہ میں لوگوں کو ان اداروں سے دلچسپی ختم ہوگی لیکن حکومت نے عوام کو زبردستی اس میں شمولیت کیلئے دباؤ ڈالا۔RCC خود کو مخالفت اور تنقید کو بالکل برداشت نہیں کرتی تھی۔وہ سیاسی مخالفین کو گرفتار کرتی۔اذیتیں دیتی اور وحشیانہ انداز فوج کی مدد سے ہلاک کیا کرتی تھی۔صحافت کیلئے آزادی نہیں تھی۔آزاد تنظیموں جیسے تجارتی انجمنوں اور دیگر تنظیموں اور کسی بھی سیاسی جماعت

SCERT TELANGANA

کو لیبیاء میں کسی سرگرمی کی اجازت نہیں تھی۔

ایسے آزادنہ سرگرمیوں کی وجہ سے کچھ خاندان مضبوط مقام کے حامل ہو گئے۔انہوں نے حکومت RCC اور تیل کی کمپنیوں پر کنٹرول شروع کیا جو کہ حکومت کی ملکیت تھے۔ان من مانیوں کے سبب عوام میں حکومت کے تئیں نفرت پیدا ہو گئی۔اور انہیں اس کے اظہار کا کوئی راستہ نظر نہیں آتا تھا۔

تیز ترقی، شہریانہ، نئے معاشی مواقع کا ظہور اور نوکریوں کی وجہ سے قبائیلی زندگی بتدریج کم ہوتی گئی اور مختلف قبائیل کے لوگ اور شہروں میں گھل مل کر ایک ساتھ رہنے لگے۔نوکریوں کے اکثر مواقع حکومتی شعبہ تیل کے ذرائع، صنعتوں اور زراعت میں تھے جو کہ حکومت کے کنٹرول میں تھے۔ نئے متوسط طبقے کا لیبیاء میں ظہور ہوا جو تجارت اور صنعتوں میں اہم کردار ادا کرنا چاہتے تھے لیکن حکومتی پالیسی کی وجہ سے ان کے لئے مواقع مسدود تھے اور تجارتی وصنعت پر طاقتور خاندانوں اور حکومت کا کنٹرول تھا۔



شکل 17.2 : مصر کے چوراہے پر مصوری۔ جہاں اس دہے میں جمہوری تحریک چلائی گئی۔

2010ء کے اوخر میں عرب دنیا کے اطراف جمہوری حکومتیں قائم کرنے کی تحریکیں چلائی گئی۔ اس تحریک کا آغاز چھوٹے سے ملک تیونس (Tunisia) میں ہوا اور مصر، لیبیاء، یمن، بحرین، شام اور دیگر ممالک میں بھی یہ تحریکیں پھیل گئیں۔ان انقلابی مظاہروں، احتجاج اور جنگوں کی لہریں جو عرب دنیا میں دسمبر 2010ء کو شروع ہوئی اس ان کو بہار عرب (Arab Spring) کے نام سے شہرت حاصل ہوئی۔

## لیبیاء میں تبدیلی:

بن غازی جیسے کئی شہروں میں شہری سہولیات کی حالت تشویشناک تھی، کئی شہری بے روزگار تھے۔اور اکثر خاندانوں کی کوئی مستقل آمدنی کا ذریعہ نہیں تھا۔ ملک بھر میں عوام انٹرنٹ اور موبائل فون کے ذریعے اپنے احساسات کا اظہار کر رہے تھے جبکہ سرکاری میڈیا نے ان حالات کو نشر نہیں کیا۔جنوری 2011ء کے آغاز پر ایک گروہ نے مکانات کی تعمیرات میں تاخیر اور سیاسی رشوت کی وجہ سے ملک کے شمالی مشرقی حصے کے شہر Bayda میں احتجاج شروع کیا۔ یہ احتجاج پرامن جلوس کے طور پر شروع ہوا۔ پولیس نے اس سے کچلنے کی کوشش کی مگر یہ احتجاج دیگر شہروں میں پھیل گیا۔فروری تک یہ احتجاج پرتشدد شکل اختیار کر گیا۔

فروری میں مظاہرے تشدد میں تبدیل ہو گئے۔ Bengazi شہر میں لوگوں نے پولیس کے خلاف مارچ نکالا وہاں پر فائرنگ ہوئی اور لوگ زخمی ہوئے۔عوام کے طبقے نے اپنے لئے ہتھیار اور اسلحہ حاصل کرنا شروع کیا۔ یہ باغی حکومتی فوج سے دستبردار ہوئے پیشہ وارانہ سپاہیوں کا گروہ تھا لیکن اکثریت عام لوگوں کی تھی اور اس میں وکلاء، مزدور، انجینئرس، اساتذہ اور طلباء وغیرہ شامل تھے۔قذافی



SCERT TELANGANA

حکومت کے خلاف تمام مخالفین کے گروہ متحدہ ہوگئے۔حفاظتی دستوں نے عوام پر فائرنگ کی۔مظاہرین نے سرکاری املاک پر حملہ کیا۔وہ مقامی ریڈیو اسٹیشن پر بھی قابض ہوگئے۔عوام نے مختلف مطالبات کیئے۔انہوں نے سابقہ دستور کی تجدید سے لے کر کثیر جماعتی جمہوریت کے قیام تک مطالبات کیئے۔قذافی حکومت نے اپنے حامیوں کو جمع کر کے خود کی تائید میں مظاہرے شروع کیئے۔اس کے بعد دونوں کے درمیان خانہ جنگی (Civil War) ہوئی اور عام لوگ بھی اسلحہ سے لیس ہوگئے اور فوج کے چند اراکین بھی عوام کے ساتھ مل گئے۔قذافی نے مظاہروں کے خلاف اپنی بری اور ہوائی فوج کا استعمال کیا جس میں کئی لوگ ہلاک ہوگئے۔

دنیا کے بیشتر طاقتور ممالک جیسے متحدہ ریاست امریکہ (USA) لیبیاء میں مداخلت کے خواہشمند تھے اور وہ قذافی حکومت کو ختم کر کے اپنی پسندیدہ وتائیدی حکومت کے قیام کے لئے کوشاں تھے کیونکہ وہ لیبیاء کے اہم تیل کے ذخائر پر کنٹرول کرنا چاہتے تھے۔ ان ممالک نے باغیوں کی تائید کی اور لیبیاء کو خانہ جنگی میں ڈھکیل دیا۔ادارہ اقوام متحدہ (UNO) نے باغیوں کی تائید کی اور لیبیاء کو No Flyzone قرار دیا۔لیبیائی حکومت ہوائی فوج کے ذریعے باغیوں پر بمباری نہ کر پائے۔لیکن حکومت نے ہوائی حملوں کو جاری رکھا تب فرانس، امریکہ اور برطانیہ وغیرہ نے مشترکہ طور پر اپنی ہوائی فوج سے لیبیائی حکومت کے ٹھکانوں پر بمباری کی اس طرح لیبیا عوام نے بتدریج انقلاب کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں کامیابی حاصل کی

**خانہ جنگی:** ملک کی ایسی جنگ جو دو فریقین یا علاقوں کے درمیان ہوں۔

اس کے بعد صاف وشفاف انتخابات ہوئے جس میں 100 سے زائد سیاسی جماعتوں نے حصہ لیا اور 200 نمائندے منتخب ہوئے اور نئی حکومت نے 14 نومبر 2012ء کو حلف لیا۔انہوں نے عبوری دستور تشکیل دیا۔ممکن ہے کہ مستقبل تک ملک میں جمہوری حکومت مستحکم ہوجائے۔لیبیاء فی الحال بین الاقوامی نگرانی میں ہے تاکہ لیبیاء میں مستقبل میں جمہوریت کی کامیابی اور جمہوری عمل کو مضبوط کیا جاسکے۔

☆ اگرچیکہ قذافی حکومت نے عوامی فلاح کے مقصد کے لئے کام کیا۔اس کے باوجود عوام نے اسکے خلاف بغاوت کیوں کی؟

☆ اگرچیکہ قذافی حکومت جمہوری حکومت ہونے کا دعویٰ کرتی تھی۔ یہ حکومت کونسے حقیقی جمہوریت کے پہلوؤں سے خاصر تھی۔ اور کونسے جمہوری پہلو اس میں موجود تھے؟

☆ جمہوریت کے لئے شہری آزادی کیوں ضروری ہے؟ لیبیاء کے تناظر میں اس کی وضاحت کیجئے۔

☆ ڈکٹیٹرس صحافت اور ٹی وی میڈیا (ذرائع ابلاغ) پر کنٹرول کرنا چاہتے ہیں۔کیا آپ جانتے ہیں کہ وہ کونسے دوسرے ذرائع ہیں جس سے لوگ معلومات اور نظریات کی ترسیل کر سکتے ہیں؟

☆ تیونیشیاء کی جدوجہد ایک تاجر کی موت سے شروع ہوئی۔اس جدوجہد کو نیٹ ورکنگ سائٹس جیسے فیس بک Face Book کے استعمال سے تقویت ملی آپ کے خیال میں کہ حکومت کو انہیں کنٹرول کرنا کیوں آسان نہیں تھا؟



SCERT TELANGANA

## مائنمار (برما)

دنیا کے نقشہ میں برما (جدید نام ۔ میانمار) کی نشاندہی کیجئے۔ ہندوستان کو اس ملک کی سرحد لگتی ہے۔ برما ہندوستان کی طرح برطانوی نوآبادی تھا۔ یہ ساگوان کی لکڑی، غذائی فصل جیسے چاول اور معدنیات جیسے ٹن اور قیمتی پتھر جیسے یاقوت اور نیلم فراہم کرنے والا بڑا ملک تھا۔ برما بھی ہندوستان کی آزادی کے صرف 5 مہینے بعد آزاد ملک بنا۔ انہوں نے ہماری طرح دو ایوانوں پر مشتمل پارلیمان تشکیل دیا۔ اور 1951, 1956, 1960, کے دوران انتخابات ہوئے جس میں مختلف سیاسی جماعتوں نے مقابلہ کیا اور ایسا ظاہر ہو رہا تھا کہ برما بھی ہندوستان کی طرح جمہوری ملک بنے گا۔ لیکن اس وقت برما میں کوئی متحدہ سیاسی جماعت نہیں تھی جو ان کی قیادت کر سکے۔

آپ کو یاد ہوگا کہ 1947ء میں ہندوستان میں حیدرآباد ریاست جیسی بے شمار دیسی ریاستیں تھیں۔ ان تمام کو ملک میں ضم کر کے جمہوریہ بننے میں ہندوستان کو چند برس لگے۔ اس طرح برما میں بھی بڑی تعداد میں چھوٹی ریاستیں اور مختلف نسلوں اور زبانوں کے علاقے تھے۔

1947 میں آنگ سان جو برما کے نسلی گروہ کا قائد تھا اور جس نے آزادی کے حصول کے دوران ملک کی قیادت کی (اور موجودہ حزب مخالف قائد آنگ سان سوچی کے والد) اور دیگر اقلیتی گروہوں کے قائدین نے ایک معاہدہ پر گفتگو کی۔ جس کے ذریعے اقلیتوں کو جمہوری عمل میں شامل کرنے کی ضمانت جاری تھی۔ لیکن اس دوران آنگ سان کو قتل کر دیا گیا۔ اس کے فوری بعد برمی فوج نے طاقت کے زور پر نسلی ریاستوں میں اقتدار بڑھانا شروع کیا۔ کئی گروہوں نے اپنی ریاستوں کے تحفظ کے لیے مسلح جدوجہد شروع کی۔ وہ خودمختاری، نسلی حقوق اور جمہوریت میں شراکت داری کا مطالبہ کر رہے تھے۔ 1962ء میں جب نسلی جدوجہد پیچیدہ ہوگئی تو منتخبہ حکومت کو بے دخل کر کے فوجی جنرل Newin نے ملک کا اقتدار سنبھال لیا۔ اس نے تمام صنعتوں اور معدنیاتی وسائل کو قومیانے کی کوشش کی۔ مفت عوامی صحت اور تعلیمی نظام کو قائم کیا 1962ء اور 1965ء کے درمیان زمینداروں اور سود خوروں کے خلاف اہم قوانین وضع کیئے گئے۔ ان کا مقصد کسانوں کے زمین کے حقوق کی حفاظت اور جائیداد اور کرایہ پر زمین دینے کے حقوق کا تحفظ تھا۔ ان اقدامات بشمول کرایہ کو ختم کرنے کے قانون سے کسانوں کی مدد کی گئی۔

**Autonomy**: کسی ملک، علاقے یا ادارے کی آزادی جو خود سے آزادانہ طور پر اپنا انتظام چلاتے ہیں۔

فوجی جنرلس تب سے اس ملک پر حکومت کر رہے ہیں۔ یہ حکمران یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اشتراکی پالیسیوں پر عمل پیرا ہیں ملک کے اہم وسائل قومی جنرلوں کے قبضہ میں ہیں۔ لیبیاء جس پر فوج نے حکومت کی اور ملک میں ترقی اور فلاحی سرگرمیاں انجام دیں۔ برما میں کوئی ترقی نہیں ہوئی اور برما غریب و مفلس ملک بن گیا۔ یہاں کسانوں پر دباؤ ڈالا جاتا تھا کہ وہ اپنے بچوں کو فوج کو فروخت

SCERT TELANGANA

کردیں اور کانوں میں نیم غلامی کی حالت میں کام کریں۔ جنرلس جو برما کی حکومت چلاتے تھے وہ تمام انسانی حقوق کو پامال کرتے تھے ۔شہریوں کو جبری طور پر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے تھے اور مزدوروں بشمول بچوں کو جبری مزدوری کرواتے تھے۔

فوجی حکمرانی کے خلاف زیادہ تر طلباء مظاہروں کی قیادت کرتے رہے لیکن ایسے تمام مظاہروں کو فوج کچل دیا کرتی تھی۔ 1988ء میں ایک بڑا مظاہرہ فوجی حکمرانی کے خلاف پھوٹ پڑا اور ہزاروں مظاہرین کو بربریت سے قتل کردیا گیا۔نئی فوجی کونسل نے آئندہ سالوں میں انتخابات منعقد کروانے کا وعدہ کیا اور اقتدار حاصل کرلیا۔ اسی دوران آنگ سان سوچی نے برما میں اصلاحات کے لئے لڑائی شروع کی تھی۔اس وقت سے سوچی برما میں مظاہروں اور جمہوری حکومت کے قیام کی جدوجہد کا مرکزی کردار بن گئی۔



*Aung San Suu Kyi*

حکمرانوں نے 1990ء میں انتخابات کا اعلان کیا۔اس نئے انتخابات میں سوچی کی زیر قیادت نئی سیاسی جماعت (NLD) National League for Democracy نے اکثریت 80 فیصد نشستیں جیت لی جبکہ سوچی قید میں تھی لیکن فوج نے ملک کے اختیارات منتقل کرنے اور سوچی کو رہا کرنے سے بھی انکار کردیا۔اس کو اپنے گھر میں نظر بند کردیا گیا وہ اپنے ہی گھر میں قیدی کی طرح رہنے لگی ۔ وہ بغیر اجازت کسی سے بات نہیں کرسکتی تھی۔ وہ اپنے شوہر کے آخری رسومات میں شرکت نہیں کرسکی جو کینسر کی وجہ سے انتقال کرگئے تھے اور نہ اپنے دو فرزندوں سے ملاقات کرپائی۔

برما پر معاشی تحدیدات عائد کرتے ہوئے بین الاقوامی طور پر دباؤ ڈالا گیا جس سے برما اور دیگر ممالک کے درمیان تجارت کو روکا کیا گیا جس کے نتیجہ میں برما اپنی اشیاء برآمد کرپا رہا تھا اور نہ ہی کوئی ضروری اشیاء درآمد کرپا رہا تھا۔جس سے معیشت پر بہت زیادہ دباؤ پڑا۔جبکہ یہ آخر کار ملک کے عام لوگوں کیلئے تکلیف دہ عمل بن گیا۔جبکہ معاشی تحدیدات کا حربہ حکمرانوں پر دباؤ ڈالنے کے لئے استعمال کیا گیا تھا۔ برسوں تک فوجی حکومت پر دباؤ ڈالا گیا کہ وہ شہری آزادیوں میں اضافہ کریں اور جمہوری طرز اپنائیں۔

SCERT TELANGANA

## برما میں تبدیلی

سال 2008ء سے برما میں مختلف قسم کی تبدیلیاں رونما ہوہی ہیں۔ جیسے کہ جمہوریت کے قیام کیلئے استصواب رائے عامہ قائم کرنا' ملک کے نام کو عوامی جمہوریت Republic of Democracy میں تبدیل کرنا۔ نصف طور پر منتخبہ نمائندوں اور نصف فوج سے نامزد اراکین سے حکومت تشکیل پارہی ہے۔ ادارہ اقوام متحدہ (UNO) کی نگرانی میں 2010ء میں انتخابات منعقد کئے گے۔ اس کے باوجود (سوچی کو 2010 کے انتخابات میں حصہ لینے اور وہ انتخابات کے بعد ہی اپنے گھر میں نظر بندی سے آزاد ہوئی۔ اس کی جماعت نے انتخابات حصہ لینے سے انکار کردیا تھا جس کے نتیجہ میں فوج کی تائیدی پارٹی union Solidarity and Development Party نے تقریباً نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔ انتخابات میں دھاندلیوں کا الزام عائد کیا گیا۔ Military junta (ملٹری جنٹا) تحلیل کردی گئی اور Thien sein ملک کے صدر بن گئے۔

☆ کیا آپ کے خیال میں برما میں جمہوریت برقرار رہ سکتی ہے؟ اپنے جواب کی وجوہات بیان کیجئے۔

☆ آپ کے خیال میں برما میں آزادی کے بعد از خود جمہوریت کیوں قائم نہیں ہوسکی؟

☆ آپ کے خیال میں لیبیاء میں آزادی کے بعد از خود جمہوریت کیوں قائم نہیں ہوسکی؟

☆ آپ کے خیال میں لیبیاء اور برما میں جمہوریت کے قیام کے لئے طلباء اور نوجوانوں نے اہم کردار کیسے ادا کیا؟

☆ آپ کو سبق میں کونسے واقعات برما اور لیبیاء میں مشترکہ نظر آئے۔ ذیل کے امور کو پیش نظر رکھتے ہوئے جوابات دیں۔

1۔ قیادت　　2۔ جدوجہد کی نوعیت　　3۔ تبدیلی کا طریقہ کار

☆ دونوں ممالک میں سیاسی جماعتوں اور ووٹنگ کے متعلق بیانات کو خط کشیدہ کیجئے۔

☆ لیبیاء اور برما میں بدلے ہوئے حالات کے بارے میں آپ نے 2012ء کے دوران جو سنا ہے۔ انہیں تحریر کیجئے۔

## جمہوریت اور ڈکیٹرشپ (آمریت) کی نمایاں خصوصیات

آپ نے جمہوریت کے لئے دو حالیہ جدوجہد کے بارے میں پڑھا ہے اگرچیکہ دونوں ممالک ایک دوسرے سے یکسر مختلف ہیں لیکن وہاں عوام ایسی حکومتوں کے قیام کیلئے کوشاں تھے جو کہ مشابہت رکھتی ہوں۔

قدافی اور RCC (Revolutionary Command Council) نے مملکت کی فلاح کے لئے کام کیئے۔ جس میں تمام لوگوں کے بنیاد ضروریات شامل تھے۔ وہ تعلیم اور نوکریوں سے اپنی زندگی بہتر بنانے کے مواقع رکھتے تھے۔ ویسے ہی Burma Junta نے کچھ فلاحی اقدامات اور زمینی اصلاحات شروع کیئے۔ لیکن حکومت پر فوج کے کنٹرول میں اضافہ ہوا۔ فوج نے ملک کے وسائل کا استحصال کیا اور عوام غریبی کے دلدل میں پھنس گئی۔ بہر کیف دونوں ممالک پر ایسے لوگ حکومت کرتے تھے جن کو فوج

SCERT TELANGANA

کا کلیدی تعاون حاصل تھا۔ وہ آزادانتخابات یا سیاسی جماعتوں کی آزادانہ سرگرمیوں کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ وہ منتخب نمائندوں کو حکومت کی تشکیل کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ وہ اظہار خیال کی آزادی' اداروں کے قیام کی آزادی اور حکومت کے خلاف مظاہروں کی آزادی بھی نہیں دیتے تھے۔

ان دونوں ممالک کے عوام ایسی حکومت کے متمنی تھے جو صاف وشفاف طریقے سے منتخب ہو۔ ان دونوں ممالک کے عوام اظہار خیال کی آزادی' اداروں کے قیام کی آزادی اور غلط اقدامات کے خلاف مظاہروں کی آزادی چاہتے تھے۔ ان دونوں ممالک کے عوام چاہتے تھے کہ کئی سیاسی جماعتیں آزادی سے اپنے فرائض انجام دے پائیں۔

برما اور لیبیاء میں فرق تھا۔ برما کی شروعات جمہوری نظام سے ہوئی اور فوجی حکمرانی میں تبدیل ہوگئی جبکہ لیبائی حکومت بادشاہت سے فوجی حکمرانی میں منتقل ہوگئی۔ بہر حال دونوں ممالک میں صحت مندانہ جمہوریت کو فروغ پانے کیلئے سازگار حالات نہیں تھے۔ وہ سیاسی اور نسلی طور پر منقسم تھے جس سے مستحکم سیاسی نظام کا قیام مشکل بن گیا۔

## جمہوریت کا سفر

17 ویں صدی میں برطانیہ میں جدید جمہوریت کی ابتدا ہوئی اا ور تب ہی سے دنیا بھر میں جمہوری نظریات کے قیام کے لے بتدریج سیاسی نظام میں تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ جمہوریت نے ابتداء میں سماجی طبقات کو جاگیرداریت اور شہنشاہیت کے مخالف کھڑا کیا اور ایک نیا سماجی نظام تشکیل دیا جس نے حکومت کے پیدائشی حق اور الوہی حق کے نظریہ کو رد کردیا۔ یوروپ اور امریکہ میں 18 ویں اور 19 ویں صدی کے دوران انقلابات رونما ہوئے۔

صنعتیانے اور نوآبادیات کے حالات نے ساری دنیا میں جمہوری نظریات کے لیے سازگار حالات پیدا کیئے۔ تعلیم یافتہ متوسط طبقہ کا اکثر ممالک میں ظہور ہوا جو جمہوری نظریات سے متاثر تھا۔ اگرچیکہ ہر ملک کے علحدہ علحدہ سماجی نظام اور دیگر مسائل تھے۔ ان مسائل کے حل کیلئے جمہوریت کا وجود ہوا اور اس نے ان مسائل کے حل کی حکمت عملیاں دیں۔ اس طرح ہر ملک نے اپنے ملک کی ضروریات کے مطابق جمہوریت کے ڈھانچہ کو ترقی دی۔

بیسیویں صدی میں جمہوریت مخالف نوآبادیات کا نعرہ بن گیا تاکہ آزاد ممالک وجود میں لائے جائیں۔ ہندوستان' سری لنکا' جنوبی افریقہ یہ تمام اس عمل کی مثالیں ہیں۔ چند ممالک نے آزادی حاصل کی اور مستحکم جمہوریت کا قیام کیا گئی ممالک میں مستحکم جمہوریت کی تشکیل نہ ہو پائی۔ ( مثلاً برما یا پاکستان )۔ فوجی امریت فاتح ہوئی بعض ممالک جیسے کہ پاکستان میں فوجی امریت اور جمہوری حکمرانی دونوں کا دور یکے بعد دیگرے ہے۔ فوجی آمریت کے زیر اقتدار ملکوں میں عوام جمہوریت کے قیام کے لئے تحریکیں منظّم کرتے رہتے ہیں۔ حالیہ عرصہ میں ہم لیبیاء اور برما کی مثالیں دیکھ چکے ہیں۔ جہاں ایسی تبدیلیاں شروع ہو چکی ہیں۔

بیسیویں صدی کے وران ایک اور سیاسی نظام کا آغاز ہوا جس کو اشتراکی نظام (Communist System) کہتے ہیں

SCERT TELANGANA

۔کمیونسٹ کا ایقان ہے کہ برطانیہ کی پارلیمانی جمہوریت امیر سرمایہ داروں کو ملک کے کنٹرول میں دیتی ہے اور غریب کام کرنے والے عوام کے حقیقی مفادات کی نمائندگی نہیں کرسکتی ہے ۔ وہ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ یہ صرف اس وقت ممکن ہے جبکہ Dictatorship of the proletariat یا محنت کش طبقہ کی آمریت ہوں ۔اس آمریت کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہ امیر اور طاقتور زمینداروں، سرمایہ کاروں کو اپنی پالیسیوں پر عمل کرنے کے لیے اقتدار اور موقع نہ دے۔اس طریقہ کا سیاسی نظام 1917ء کے بعد سوویت روس USSR، 1945ء کے بعد مشرقی یوروپ 1949ء کے بعد چین اور 1960ء کے بعد ویتنام، کیوبا وغیرہ میں قائم ہوا۔ان ممالک نے اشتراکی معیشت کو قائم کیا اس نظام میں تمام زمینات، کارخانے حکومت کی ملکیت ہوتے ہیں۔تعلیم، صحت اور روزگار کے تمام مواقع کو سماج کے ہر طبقہ کیلئے یقینی بنایا جاتا ہے۔اور ایک حد تک مساوات قائم کی جاتی ہے۔

لیکن یہ ممالک کثیر جماعتی انتخابات کی اجازت نہیں دیتے تھے اور ایک ہی جماعت اکثر کئی دہوں تک حکمرانی کرتی تھی۔ انہوں نے صحافت پر حکومت کا کنٹرول رکھا تھا اور لوگوں کو حکومت کی پالیسی کے خلاف آزادانہ طور پر اداروں کو قائم کرنے کی اجازت نہیں دیتے تھے مختصراً حکومت کی پالیسیوں پر کھلے عام تنقیدوں کی اجازت نہیں تھی اور حکومت کی تبدیلی کے لئے سرگرمیوں کو تسلیم نہیں کرتے تھے ۔ جبکہ وہ اس بات کا دعوی کرتے تھے کہ وہ لوگ غریبوں کی دلچسپی کے مطابق کام کررہے ہیں اور غریبوں کیلئے حقیقی جمہوریت کو لارہے ہیں۔انہوں نے عوام کی آزادی کو محدود کردیا 1991ء میں USSR تحلیل ہوگیا کیونکہ عوام مغربی ممالک مثلاً امریکہ جیسی آزادی اور جمہوریت کا مطالبہ کرنے لگے۔اس کی تقلید کرتے ہوئے سابقہ USSR کے کئی چھوٹے ممالک جیسے روس، یوکرین، استونیا اور دیگر مشرقی یورپی ممالک جیسے پولینڈ اور ہنگری نے اشتراکی حکومت کا ترک کردیا اور پارلیمانی جمہوریت کی تشکیل دی ۔بے شک یہ ان کے لئے آسان نہیں تھا اور ان میں سے بیشتر فوجی امریت اور نسلی تصادم میں تبدیل ہوگئے ۔

آج: یہ بات سب پر عیاں ہورہی ہے کہ جمہوریت ہی ملکوں کے پیچیدہ مسائل کو حل کرنے کا بہترین واحد ذریعہ ہے اور اس میں ہی تمام لوگوں کی آزادی اور حقوق کا احترام ہوتا ہے۔آج ایک نئی قسم کی جمہوریت دنیا کے چاروں طرف مضبوطی سے آگے بڑھ رہی ہے جس میں بالکل غریب ترین اور کمزور عوام بھی طاقتور موقف رکھتے ہیں اور پالیسی پر اثر انداز ہوسکتے ہے اور تمام کے لئے انصاف اور امن کو یقینی بنا سکتے ہیں۔

## کلیدی الفاظ


(1) خانہ بدوش چرواہے/گلہ بان (2) شہریانہ (3) سیاسی بدعنوانی
(4) نظربندی (5) آمریت (6) شہنشاہیت
(7) جاگیرداریت




SCERT TELANGANA

## اپنے اکتساب کو بڑھائیے

نقشہ:(1): 1900-1950 کے دوران جمہوری حکومتیں




نقشہ:(2): جمہوری حکومتیں 2011ء میں




1(a) ان نقشوں کی بنیاد پر تین ممالک کی نشاندہی کیجئے ۔ چند معاملات میں آپ تین ممالک نہیں پائیں گے ) وہ دیئے گئے سالوں میں براعظم میں جمہوری تھے ۔ دیئے گئے جدول کی طرح مزید ایک جدول تیار کیجئے ۔



SCERT TELANGANA

| سال | آفریقہ | ایشیاء | یوروپ | جنوبی امریکہ |
|---|---|---|---|---|
| *1900* | | | | |
| *2011* | | | | |

b) ایسے چند آفریقی ممالک کی نشاندہی کیجئے جو 2011 تک جمہوری بن گئے؟

c) ایسے بڑے ممالک کی فہرست بنائیے جو 2011ء تک جمہوری نہیں تھے؟

2) نقشہ کو دوبارہ پڑھیئے اور مندرجہ ذیل نکات کے بارے میں سوچیے۔

a) نقشہ کی بنیاد پر کیا ہم کہہ سکتے ہیں کہ بیسویں صدی جمہوریت کی توسیع کیلئے نمایاں دور تھا۔

b) ابتدائی بیسویں صدی کے دوران جمہوریت اکثر ان براعظموں مثلاً ________ اور ________ میں تھی اوران براعظموں جیسے ________ اور میں نہیں تھی۔

c) آج بھی بعض علاقے ہیں جہاں اب تک جمہوری حکومتوں کا قیام عمل میں نہیں لایا گیا جیسے ________ اور ________

3) اکثر ممالک انتخابات منعقد کر کے یہ دعویٰ کرتے ہیں وہ جمہوری ہیں۔ لیبیاء اور برما کے تناظر میں یہ کیسے ہوا؟

4) آپ کے خیال میں حکمرانوں نے ذرائع ابلاغ (میڈیا) پر کنٹرول کرنے کی کوشش کیوں کی؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کے علاقہ میں میڈیا کو کس طرح کنٹرول کیا جاتا ہے؟

5) لیبیاء اور مینمار کے اشخاص کے درمیان جمہوریت کے لئے جدوجہد اور واقعات کا تقابل کرتے ہوئے فرضی مکالمہ تحریر کیجئے۔

6) خواندگی اور عام تعلیم جمہوریت کی کارکردگی کیلئے کس طرح مددگار ثابت ہوتے ہیں؟

7) جمہوریت اور آمریت کے درمیان کیا فرق ہے؟

8) مینمار میں جمہوریت کے قیام کیلئے سوچی نے کیا کردار ادا کیا۔

9) سبق کی آخری عبارت کو پڑھئے اور اس سوال کا جواب دیجئے۔ a) جمہوریت کی نئی قسم کونسی ہے۔

SCERT TELANGANA

## منصوبہ

اخبارات کا مطالعہ کیجئے اور لیبیاء، مصر یا دوسرے ممالک میں جمہوریت کیلئے جدوجہد کے متعلق خبریں تحریر کیجئے۔ اس قسم کی خبروں کے تراشوں کو جمع کیجئے اور کمرہ جماعت میں چسپاں کیجئے۔

باب
18

# جمہوریت۔ایک ارتقاء پذیر تصور

آپ نے سترھویں اور اٹھارویں صدی عیسوی میں برطانیہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ،فرانس وغیرہ میں جمہوری حکومتوں کی ابتداکے بارے میں اور لیبیاء اورمیانمار کی جدید جمہوری تحریکوں کے بارے میں پڑھا ہے۔جمہوریت کے ارتقاء میں کئی نشیب وفراز آئے۔ عوامی حکومتوں کے قیام کے کچھ عرصے کے بعدانہیں بے دخل کرکے دوبارہ بادشاہتیں قائم کی گئیں۔اور جہاں جمہوریتیں قائم رہیں وہاں بھی حکومتوں کومنتخب کرنے کا اختیار گنے چنے لوگوں کو دیا گیا۔آہستہ آہستہ جمہوریت کے مفہوم میں وسعت پیدا ہوتی گئی اوراس نے کئی پہلوؤں سے ترقی کی۔لیکن ساتھ ہی ساتھ اس نے کئی نئے سوالات کوجنم دیا جن کے جواب دینا اتنا آسان نہیں ہے۔آیئے جمہوریت کے چند پہلوؤں اورسوالات کا جائزہ لیتے ہیں۔ان سوالوں پر کمرہ جماعت اور کمرہ جماعت سے باہراپنے دوستوں اوررشتہ داروں سے بحث کیجئے۔



شکل 18.1: اگر آپ ٹیکس دیتے ہیں تو آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔



شکل 18.2: آپ تعلیم یافتہ ہیں تو آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔



شکل 18.3: اگر آپ خاتون ہیں تو آپ ووٹ نہیں دے سکتی ہیں۔

## جمہوریت کے معنی ذمہ دار حکومت

جمہوریت سے مراد ایک ایسا نظام ہے جس میں حکومت اپنے اختیارات عوام سے حاصل کرتی ہےاورعوام کے آگے جوابدہ ہوتی ہے۔اس میں باقاعدہ وقفوں میں انتخابات کے ذریعے منتخب عوامی نمائندوں کے ذریعے حکومت چلائی جاتی ہے۔

آپ نے لبیا کے بارے میں پڑھا ہے کہ اقتدار کا مرکز خود ساختہ RCC (Revolutionary Command Council) ہوتی تھی جو نہ عوام کے ذریعے منتخب ہوتی،اور نہ وہ عوام کے نمائندوں کے احکامات کی پابند ہوتی تھی۔لیبیاء میں منتخب اسمبلیاں پائی جاتی تھیں لیکن وہ اپنے فیصلے کرنے میں آزاد نہیں تھیں بلکہ وہ RCC کے احکامات کو نافذ کرنے پر مجبور تھیں۔RCC سوائے خود کے کسی کے آگے جوابدہ نہیں تھی۔ایک جمہوری ملک میں عوامی نمائندوں کے اختیارات ہی سب سے برتر ہونا چاہئے اور کسی فرد یا جماعت کو جو عوام کے ذریعے راست منتخب نہ کی گئی ہو عوام پر حاکمیت جتلانے کا اختیار نہیں ہونا چاہئے۔

منتخب حکومت کے عہدیدار کئی طرح سے عوام کے آگے جوابدہ ہوتے ہیں۔سب سے پہلے تو منتخب اسمبلیاں ہوتی ہیں جہاں سرکاری عہدیداروں سے انکے فرائض کی انجام دہی کے

SCERT TELANGANA

☆ کیا لاکھوں غریب عوام حقیقت میں منتخب عہدیداروں کے کاموں پر نگرانی اور کنٹرول قائم کرسکتے ہیں؟ کیا جمہوریت کے معنی عوام کی حکومت ہے یا صرف منتخب لوگوں کی ہی حکومت ہے؟ عوام کس طرح حکومت کے روزمرہ کاروبار میں حقیقی طور پر شرکت کرسکتے ہیں؟ ان امور پر کمرۂ جماعت میں اوراپنے گھر میں بحث کیجئے۔

تعلق سے سوال کیا جاتا ہے اورانکے لئے لائحۂ عمل طے کیا جاتا ہے۔ دوسرا یہ کہ کسی بھی شہری کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ حکومت سے اسکے کسی بھی کام کے تعلق سے معلومات طلب کرے اور حکومت طلب کردہ معلومات فراہم کرنے کی پابند ہوتی ہے۔ تیسرا یہ کہ باقاعدہ وقفوں کے بعد انتخابات منعقد کئے جاتے ہیں جس کے ذریعے حکومت کے عہدیداروں کو عوام کے ذریعے دوبارہ منتخب ہونا ضروری ہوتا ہے۔ اورعوام اس وقت ان سے فرائض کی انجام دہی کے بارے میں سوال کرسکتے ہیں اوراگر وہ مطمئن نہ ہوں تو انہیں مسترد کرسکتے ہیں۔



تصور:18.4: آپ ووٹ نہیں دے سکتے کیونکہ آپ سیاہ فام ہیں

**جمہوریت مساوات اور شراکت داری پر مبنی ہوتی ہے:** ہم جب یہ کہتے ہیں کہ عوام کی حکومت تو اس کا مطلب تمام بالغ افراد ہوتے ہیں چاہے وہ مرد ہوں یا عورتیں، امیر ہوں یا غریب، کالے ہوں یا گورے، عیسائی ہوں یا مسلم یا ملحد، چاہے وہ ایک زبان کے بولنے والے ہوں یا دوسری۔۔۔ لیکن جمہوریت کو اس مقام ومرتبہ تک پہنچنے کے لئے ایک لمبا عرصہ لگا۔ مثال کے طور پر انتخابات میں ووٹ دینے کے حق کو ایک نشاندہندے کے طور پر لے کر دیکھتے ہیں۔ ابتداء میں صرف چند صاحب جائداد افراد کو ہی ووٹ دینے کا حق تھا۔ دھیرے دھیرے یہ حق چند ممالک میں غریبوں کو بھی دیا گیا۔ پھر اس کے بعد عورتوں کو اور تمام نسلوں اور مذاہب کے لوگوں کو دیا جانے لگا۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ نے سفید فام خواتین کو ووٹ دینے کا حق 1920 میں دیا۔ سیاہ فام لوگوں کے خلاف امتیاز 1965ء میں ختم کیا گیا۔ نیوزی لینڈ پہلا ملک تھا جس نے 1893ء میں عوام کے تمام طبقوں کو ووٹ دینے کا حق عطا کیا۔ وہاں پر خواتین اور سیاہ فام لوگوں نے اس حق کے حصول کے کافی جدوجہد کی۔ پہلا بڑا ملک جس نے عام حق رائے دہی کے حق کو اپنایا USSR تھا۔ جس نے 1917ء کے روسی انقلاب کے بعد یہ قدم اٹھایا۔ آج کے دور میں بھی ایسے چند ممالک ہیں جو مختلف طبقات کے ساتھ امتیاز برتنے والے قوانین بناتے ہیں۔



تصور:18.5: آپ ووٹ نہیں دے سکتے کیونکہ آپ ابھی بہت کم عمر ہیں۔

- استونیا نے شہریت کے قوانین اسطرح بنائے ہیں کہ وہاں موجود روسی اقلیتوں کو ووٹ دینا دشوار ہوتا ہے۔
- فیجی میں انتخابی نظام ایسا ہے جس میں مقامی باشندوں کے ووٹ کی قدر ہندنژاد فیجی باشندوں سے زیادہ ہوتی ہے۔ 2013ء سے مساوی ووٹ کے حق کو نافذ کیا گیا۔

جمہوریت سیاسی مساوات اور شمولیت یا شراکت داری کے بنیادی اصولوں پر منحصر ہوتی ہے۔ کسی بھی جمہوریت میں ہر بالغ فرد کو ایک ووٹ کا حق ہونا چاہئے اور ہر فرد کے ووٹ کی مساوی قدر ہونی چاہئے۔




SCERT TELANGANA

• آج بھی کئی ممالک میں ان لوگوں کو ووٹ دینے کا حق نہیں ہوتا جو کسی دوسرے ملک سے ہجرت کر کے اس ملک میں بس گئے ہوں۔ درحقیقت دنیا بھر میں لاکھوں لوگ اس طرح کے جمہوری حقوق کے بغیر اپنی زندگی گذار رہے ہیں صرف اس وجہ سے کہ وہ جس ملک میں بستے ہیں وہ ملک انہیں غیر قانونی تارک وطن تصور کرتا ہے۔ یہ دگرگوں حالات ریاستہائے متحدہ امریکہ میں بسنے والے جنوبی امریکی باشندوں کے ہوں یا فرانس اور جرمنی میں بسنے والے ترکی تارکین وطن کے، ایک جیسے ہوتے ہیں۔ ایسے مہاجرین اور تارکین وطن افراد بشمول ہندوستان ساری دنیا میں پائے جاتے ہیں۔ کیا انہیں جمہوری حکومت کا حصہ دار نہیں بننا چاہیئے؟ اپنے جواب کی تائید میں وجوہات بیان کیجیے

## جمہوریت میں شہریوں کی سرگرم شراکت ضروری ہوتی ہے:

انتخابات میں ووٹ دینے اور حکمرانوں کو منتخب کرنے کو ہی بسا اوقات جمہوریت سمجھا جاتا ہے۔ لیکن جمہوریت سے مراد حکومت کی پالیسی سازی اور قانون سازی میں اور انکے نفاذ میں بھی شہریوں کی شرکت وشمولیت ہے۔ یہ کیونکر ممکن ہوسکتا ہے؟ یہ اسوقت ممکن ہوسکتا ہے جب تمام پالیسیاں اور قوانین وسیع عوامی مباحث کے بعد منظور کئے جائیں، جن میں عوام شریک ہوں اور آزادی کے ساتھ اپنے خیالات اور ضروریات کا اظہار کرسکیں۔ اس کے علاوہ یہ بھی لازمی امر ہے کہ عوام آزاد شہری انجمنوں یا کمیٹیوں کے ذریعے قوانین اور پالیسیوں کے نفاذ میں بھی شریک ہوں۔ اس طرح کی عوامی شرکت آسانی سے حاصل نہیں کی جاسکتی۔ کئی ملکوں میں منتخب حکومتیں بھی عوامی شرکت کی حوصلہ افزائی نہیں کرتیں بلکہ انہیں روکنے اور حوصلہ شکنی کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ شہری بھی عوامی معاملات میں دلچسپی نہیں ظاہر کرتے اور لاتعلق بنے رہتے ہیں۔ مثال کے طور پر 2012ء میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے صدارتی انتخابات میں زائد از 40% لوگوں نے ووٹ ڈالنے کی زحمت بھی گوارا نہیں کی۔



شکل 18.6: عوامی طاقت ۔ یہ شطرنج کا تختہ کس طرح تبدیل ہوگا

حکمرانی کے امور میں عوام کیوں شرکت کرنا نہیں چاہتے؟ کیا کم علمی یا عدم دلچسپی اس کا سبب ہے یا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان امور میں انہی کچھ کہنا نہیں ہے؟

SCERT TELANGANA

## جمہوریت میں شہری آزادیاں ضروری ہیں:

عوام فیصلہ سازی میں شرکت کر سکتے ہیں اگر انہیں جاننے، بحث کرنے، آزادانہ رائے قائم کرنے اور اپنی رائے کے اظہار کرنے کے لئے انجمنیں بنانے کی آزادی حاصل ہو۔ ان آزادیوں کو شہری آزادیاں کہتے ہیں۔ لیکن عوام کے لئے ان کا حصول آسان نہیں ہوتا۔ حکومتیں چاہتی ہیں کہ وہ آزادیٔ رائے، انجمنیں بنانے کی آزادی اور عوام کے حق معلومات پر اپنے قابو میں رکھیں۔ اکثر سرکاری فیصلے عوام سے پوشیدہ رکھے جاتے ہیں، اخبارات اور کتابوں کی اشاعت پر پابندی عائد کی جاتی ہے اور ایسے خیالات جو حکومت کے خلاف ہوں ان پر قدغن لگانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ عوام کو اپنی پسند کی سیاسی پارٹیوں یا تجارتی انجمنوں اور یونینوں کی تشکیل کی اجازت نہیں ہوتی بلکہ کسی ایک پارٹی یا سرکاری سرپرستی حاصل کرنے والی پارٹی کو ہی کام کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر مذکورہ بالا ئی حقوق USSR میں عوام کو حاصل نہیں تھے حالانکہ وہاں عام حق رائے دہی اور عام انتخابات ہوتے تھے۔ یہ اس لئے کہ وہاں تقریباً ساٹھ سال سے ایک پارٹی کو ہی حکومت کرنے کی اجازت تھی۔ موجودہ دور میں بھی کئی ممالک میں یہ حقوق عوام کو حاصل نہیں ہیں۔ کیونکہ شہری آزایوں پر روک لگا کر حکومتیں لمبے عرصے تک اقتدار میں باقی رہنے کی کوشش کرتی ہیں۔

☆ کئی حکومتیں عوام کو شہری آزادیاں فراہم کرتی ہیں لیکن شہریوں کے فون ٹیپ کرتے ہوئے اور انکے خطوط وغیرہ کی جاسوسی کرتے ہوئے شہریوں کی سرگرمیوں پر نگرانی کرتی ہیں۔ کیا ایسا کرنا درست اور منصفانہ عمل ہے؟

## جمہوریت میں مساوات ضروری ہے:

ہم نے پڑھا کہ جمہوریت میں سیاسی مساوات ضروری ہے یعنی ہر فرد کو ایک ووٹ کا حق حاصل ہونا چاہئے۔ لیکن یہ سیاسی مساوات اسی وقت موثر ہوتی ہے جب ہر فرد کو سماجی اور معاشی اعتبار سے مساوی موقف بھی حاصل ہو۔ اگر سماج غیر مساوی طبقات، امیروں اور غریبوں یا اعلیٰ ذاتوں اور دلتوں میں منقسم ہو تو سیاسی مساوات بے معنی ہو کر رہ جاتی ہے۔ اعلیٰ اور دولت مند افراد آسانی کے ساتھ باقی عوام کو اپنی مرضی سے ووٹ دینے پر مجبور کر سکتے ہیں۔ کئی خاندانوں میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ مرد صدر خاندان اس بات کا فیصلہ کرتے ہیں کہ خاندان کے سارے افراد بشمول عورتیں کسے ووٹ دیں؟ کئی مقامات پر مزدوروں کو طاقتور زمینداروں اور فیکٹری کے مالکین کی ہدایت کے مطابق ووٹ دینے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ یہ ایک طرح سے جمہورت میں طاقت اور پیسے کی مداخلت کی مانند ہے۔ جمہوریت میں دولتمندوں کی مداخلت کا ایک اور طریقہ ہوتا ہے۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ جیسے کئی ممالک میں میڈیا کے ادارے کافی امیر و کبیر گھرانوں کی ملکیت یا صحافتی گھرانوں کی ملکیت ہوتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی مرضی سے جس معاملے کو چاہے سرخیوں میں لاتے ہیں اور جس معاملے کو چاہے

**جدول۔1: چند ممالک میں آمدنی کی عدم مساوات**

| ملکوں کے نام | قومی آمدنی میں حصہ | |
|---|---|---|
| | آبادی کا امیر ترین 20% حصہ | آبادی کا غریب ترین 20% |
| جنوبی افریقہ | 64.8 | 2.9 |
| برازیل | 63.0 | 2.6 |
| ریاستہائے متحدہ امریکہ | 50.0 | 4.0 |
| برطانیہ | 34.5 | 9.6 |
| ڈنمارک | 34.5 | 9.6 |
| ہنگری | 34.5 | 10.0 |

☆ آپ کے خیال میں ان جمہوری ممالک میں جہاں کی حکومتیں تمام عوام کی فلاح و بہبود کی خاطر کام کرتی ہیں اس قسم کی شدید عدم مساوات کیوں موجود نظر آتی ہے؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

چھپا دیتے ہیں اس طرح بہت آسانی سے رائے عامہ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ دولتمند اور طاقتور افراد کی پہنچ مقنّنہ کے ارکان اور وزیروں تک آسانی سے ہوتی ہے اور وہ انکی پالیسیوں اور پروگراموں کو متاثر کرنے کے موقف میں ہوتے ہیں۔ دوسری جانب غریب اور ناخواندہ عوام کی سرکاری حلقوں میں اسطرح رسائی آسان نہیں ہوتی۔ اس لئے ان ممالک میں سے کئی ایک حکومتیں ایسی پالیسیوں کو اپناتی ہیں جو غریبوں کے مفادات کے برخلاف امیروں کے لئے مفید ہوتی ہیں۔ لہذٰا یہ کہا جاسکتا ہے کہ حقیقی جمہوریت کا قیام اسوقت تک ممکن نہیں جب تک کہ سیاسی مساوات کے ساتھ ساتھ سماجی اور معاشی مساوات مہیا نہ ہو۔

☆ اگر کوئی پارٹی مسلسل اقتدار کے لئے منتخب کی جاتی ہے تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ عوام حقیقت میں اسے اقتدار سونپنا چاہتے ہیں یا وہاں کوئی متبادل موجود نہیں ہے یا عوام کو کسی اور متبادل کو ووٹ دینے کی اجازت ہی نہیں ہے؟ ذیل میں دیئے گئے تین صورتوں کے تناظر میں جواب دیجئے۔

(a) 1930ء میں آزاد ہونے سے لیکر آج تک میکسیکو میں ہر چھ سال کے وقفے سے صدر کو چننے کے لئے انتخابات ہوتے ہیں۔ یہ ملک کبھی کسی فوجی حکمران یا کسی ڈکٹیٹر کے تحت نہیں رہا۔ لیکن 2000ء تک ہر الیکشن میں صرف ایک ہی پارٹی (Institutional Revolutionary Party) ہی کامیاب ہوتی ہے۔ حزب مخالف پارٹیاں الیکشن میں حصہ لیتیں ہیں لیکن کامیاب نہیں ہو پاتیں۔ IRP پارٹی کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ انتخابات میں کامیاب ہونے کے لئے کئی ناجائز طریقے اختیار کرتی ہے جیسے سرکاری اسکولوں کے اساتذہ کے ذریعے بچوں کے والدین کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ IRP کو ہی ووٹ دیں۔

(b) زمبابوے نے 1980ء میں سفید فام اقلیتوں سے آزادی حاصل کی۔ اس وقت سے لیکر آج تک ملک پر The Zimbabwe African National Union-Patriotic Front (ZANU-PF) نامی پارٹی کی حکومت ہے جس نے زمبابوے کی جدوجہد آزادی کی قیادت کی۔ آزادی سے لیکر آج تک اس پارٹی کا قائد رابرٹ مگابے ہی صدر ہے۔ انتخابات باقاعدہ وقفے سے ہوتے ہیں اور ZANU-PF ہی ہمیشہ کامیاب ہوتی ہے۔ صدر مگابے ملک میں کافی مقبول ہے لیکن انتخابات میں کامیابی کے لئے ناجائز طریقوں کو استعمال کرنے کا الزام ان پر ہے۔ مگابے کی حکومت نے کئی بار دستور کو تبدیل کیا تا کہ صدر کے اختیارات میں اضافہ کیا جائے اور اسے جوابدہی سے چھٹکارہ دلایا جائے۔ مخالف پارٹیوں کے کارکنوں کو ڈرایا دھمکایا جاتا ہے اور ان کے اجلاسات درہم برہم کردئے جاتے ہیں۔ وہاں ایک ایسا قانون موجود ہے جو صدر پر تنقید کے حق کو محدود کرتا ہے۔ ٹیلی ویژن اور ریڈیو پر حکومت کا کنٹرول ہوتا ہے اور وہ حکمران پارٹی کی ترجمانی ہی کرتے ہیں۔

(c) چین میں پارلیمنٹ کے انتخابات ہر پانچ سال کے وقفے سے باقاعدہ منعقد ہوتے ہیں۔ وہاں کی پارلیمنٹ Quanguo Renmin Daibiao Dahui یعنی قومی عوامی کانگریس کہلاتی ہے۔ اسے ہی ملک کے صدر کو منتخب کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ پورے چین سے اس کے لئے 3000 ارکان منتخب کئے جاتے ہیں جس میں سے چند فوج کی جانب سے منتخب کئے جاتے ہیں۔ الیکشن میں حصہ لینے سے پہلے ہر امیدوار کے لئے لازمی ہے کہ وہ چین کی کمیونسٹ پارٹی سے اجازت حاصل کریں۔ صرف انہی امیدواروں کو جو چینی کمیونسٹ پارٹی سے یا اسکے دیگر آٹھ حلیفوں سے تعلق رکھتے تھے 2002-03 کے انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت دی گئی۔ حکومت ہمیشہ کمیونسٹ پارٹی کی جانب سے ہی تشکیل دی جاتی ہے۔

## جمہوریت کے لئے آزادانہ اور منصفانہ انتخابات ضروری ہیں:

اگر کسی ملک کے عوام درحقیقت بہترین لوگوں کو اپنا نمائندہ منتخب کرنا چاہیں اور سیاسی پارٹیاں ایسے لوگوں کو حکومت کرنے کا موقع دینا چاہیں تو اس کے لئے ضروری ہے کہ انتخابات آزادانہ اور منصفانہ ہوں۔ انتخابات کے ذریعے ہی کوئی فرد یا پارٹی مقابلہ میں حصہ لیتی ہے اور کسی بھی پارٹی کو کوئی مخصوص رعایت نہیں دی جاتی۔ کئی ملکوں جیسے یو ایس ایس آر (روس)، برما یا لیبیاء میں صرف ایک یا دو پارٹیوں کو انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت ہوتی ہے۔ اور لوگوں کو ان پارٹیوں کو ووٹ دینے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہوتا۔ دوسرے چند ممالک میں حکمران



SCERT TELANGANA

پارٹیاں حکومتی مشنری کو استعمال کر کے لوگوں کو انہیں ووٹ دینے کے لئے راغب کرتے یا مجبور کرتے ہیں۔اس کے علاوہ مختلف قسم کی دھاندلیوں کے ذریعے مخالفین کی درخواست امیدواری (Candidature) کو ہی مسترد کرواتے ہیں یا مخالف پارٹیوں کے حامیوں کے نام ووٹر لسٹ (فہرست رائے دہندگان) سے خارج کرواتے ہیں۔اس طرح سے انتخابات منعقد کرنا انتہائی غیر مناسب ہے۔انتخابات کا مطلب مختلف سیاسی متبادلات کے درمیان کسی ایک متبادل کو آزادی کے ساتھ چننے کا موقع فراہم کرنا ہوتا ہے اور عوام چاہیں تو موجودہ حکمرانوں کو تبدیل کرنے کا موقع بھی انہیں حاصل ہونا چاہئے۔اگر ہم جمہوریت کو جانچنا چاہتے ہیں تو انتخابات کے عمل کو دیکھنا اہم ہوتا ہے۔انتخابات سے پہلے کے عرصے میں عام سیاسی سرگرمیوں اور سیاسی مخالفین کو بھی اپنی رائے کے اظہار کا مناسب موقع فراہم کرنا چاہئے۔یہ اسی وقت ممکن ہوسکتا ہے جب مملکت عوام کے شہری آزادیوں کا احترام کرے۔ اسطرح جمہوریت کا دارومدار آزادانہ اور منصفانہ انتخابات پر ہوتا ہے جس میں موجودہ حکمران پارٹی یا افراد کو اقتدار سے ہٹائے جانے کے کھلے امکانات موجود ہوتے ہیں۔

**جمہوریت میں قانون اور اقلیتوں کے حقوق کا احترام ضروری ہے:** جمہوریت میں عوامی منتخب حکومت ہونے کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ عوامی قائدین وہی کام کریں جو ان کے حامیوں کی مرضی اور رائے ہو بلکہ تمام جمہوری حکومتیں قانون کی پابند ہوتی ہیں اور وہاں عدلیہ اور عاملہ کے عہدیداروں کے فرائض کی قانون میں صراحت کردی جاتی ہے۔جمہوریتوں میں اقلیتوں کے مفادات کے تحفظ کی بھی ضمانت ضروری ہوتی ہے جو اکثریت کے خلاف اپنی الگ رائے رکھتے ہیں۔انہیں اپنے نظریات پر کاربند رہنے، انکی اشاعت کرنے اور لوگوں کو اپنی جانب راغب کرنے کے حق کا احترام کرنا ضروری ہے چاہے اکثریتی طبقے اسکے لیے رضامند نہ ہوں اور انہیں مضر سمجھتے ہوں۔جمہوریت کے لئے سب سے بڑا چیلنج ان لوگوں کے ساتھ درست برتاؤ کرنا ہے جو خود جمہوریت کے ہی خلاف ہوتے ہیں اور یہ خیال کرتے ہیں جمہوریت کی جگہ آمریت قائم ہونی چاہئے، یا وہ جو یہ یقین رکھتے ہیں اقتدار ہمیشہ کسی مخصوص مذہب یا نسلی طبقے کے قبضے میں ہونا چاہئے۔کیا ایسے لوگوں کو اپنے خیالات کی نشر و اشاعت کی اجازت دی جانی چاہئے یا نہیں؟

**جمہوریت اور انتخابات پر چند سوال:**

ہمارے ملک میں انتخابات سے متعلق ایک مثال پر غور کیجئے۔ایک علاقے کے تمام باشندوں میں فرض کرتے ہیں کہ 1000 افراد کو ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔اور ایک مخصوص الیکشن میں تقریباً 60% لوگوں نے اپنے ووٹ کے حق کا استعمال کیا۔یعنی 600 لوگوں نے ووٹ ڈالا۔ہم فرض کرتے ہیں کہ اس الیکشن میں دس امیدواروں نے حصہ لیا اور کامیاب امیدوار کو 250 ووٹ حاصل ہوئے۔دوسرے نمبر کے امیدوار نے 200 ووٹ لئے اور باقی امیدواروں نے لگ بھگ 150 ووٹ لئے۔ہم اس امیدوار کی کامیابی کا اعلان کرتے ہیں جس نے 250 ووٹ حاصل کئے۔اب سوال یہ ہے کہ کیا وہ منتخب نمائندہ حقیقت میں علاقے کے تمام لوگوں کے نظریات اور مفادات کی نمائندگی کرتا ہے؟ درحقیقت وہ صرف ایک چوتھائی رائے دہندوں کی نمائندگی کرتا ہے۔کیا یہ ایک منصفانہ جمہوری طرزِ عمل ہے؟ کیا فیصلہ سازی کے اداروں میں عوام کی نمائندگی کے اس سے بہتر راستے ہوسکتے ہیں؟

یہ دونوں پہلو ہمیں جمہوریت کی ایک اور خصوصیت سے آگاہ کرتے ہیں۔وہ یہ کہ جمہوری حکومت دستوری قانون اور شہریوں کے حقوق کے دائرہ میں رہ کر کام کرتی ہے۔

## جمہوریت۔اکثریت پسندی بمقابلہ شراکت داری

جمہوریت کے اکثر یہ معنی لئے جاتے ہیں کہ یہ اکثریت کی حکومت ہوتی ہے۔کسی ملک میں مختلف نظریات اور تہذیبوں سے تعلق رکھنے والے عوام ہوسکتے ہیں۔اس لئے اختلاف رائے ضرور ہوتا ہے۔ان اختلافات کو دور کرنے کا جمہوری طریقہ کیا ہے؟ ہم عموماً اس کے لئے اکثریتی اصول کے طریقے کو اپناتے ہیں۔یعنی کسی معاملہ پر فیصلہ کرنے کے لئے رائے دہی ہو تو جس رائے کو اکثریت کی حمایت حاصل ہوا سے تمام لوگوں کو قبول کرنا پڑتا ہے۔یہ طریقہ عام حالات میں موزوں ہوسکتا ہے لیکن بعض پیچیدہ حالات و معاملات میں جس میں تمام فرقے اور طبقے شامل ہوں



SCERT TELANGANA


،نزاع کا باعث ہوتا ہے۔اکثریتی رائے پرعمل درآمد کرنے کا تصور اقلیتوں میں اجنبیت اور بیگانگی کو فروغ دیتا ہے۔اس لئے ان پیچیدہ صورتوں میں شراکت کا تصور بہت موزوں ہوتا ہے جس میں اکثریت کے ساتھ ساتھ اقلیتوں کی ضروریات ونظریات کے لئے بھی گنجائش فراہم ہوتی ہے۔آیئے اس ضمن میں دو اہم مثالوں پرغور کرتے ہیں۔

## بلجیم اور سری لنکا

بلجیم برآعظم یورپ کا ایک چھوٹا سا ملک ہے۔ ملک کی 59% آبادی فلیمش خطے میں رہتی ہے اور ڈچ زبان بولتی ہے۔ مزید 40% آبادی ویلونیا خطے میں رہتی ہے اور فرانسیسی زبان بولتی ہے۔اور باقی ایک فیصد آبادی جرمن زبان بولنے والوں کی ہے۔اس کے صدر مقام بروسیلز میں 80% لوگ فرانسیسی بولتے ہیں اور 20% لوگ ڈچ بولنے والے ہیں۔

فرنچ بولنے والی اقلیت نسبتاً دولت منداور طاقتور ہے۔جسکی بناء پر ڈچ بولنے والے عوام میں ناراضگی پائی جاتی ہے۔اور نتیجے کے طور پر 1950 اور 1960 کی دہائیوں میں ان دو طبقوں کے مابین تناؤ اور تنازعات پیدا ہوئے۔ یہ تناؤ ملک کے صدر مقام بروسیلز میں شدید تھا جہاں ڈچ بولنے والے اقلیت میں تھے حالانکہ ملک بھر میں وہ اکثریت میں تھے۔

نقشہ - 1




نقشہ: بلجیم کے علاقے اور سماجی طبقات

سری لنکا، ہندوستان کے جنوب میں جزیرہ ہے۔اس ملک میں بھی آبادی میں تنوع پایا جاتا ہے۔ یہاں کے بڑے سماجی گروہ سنہالی بولنے والے (74فیصد) اور ٹامل بولنے والے (18فیصد) ہیں۔سنہالی بولنے والوں کی اکثریت بدھ مت کی پیرو ہے جبکہ ٹامل بولنے والے ہندو یا مسلم ہیں۔

کیا ان دو ملکوں میں اکثریتی طبقات کے نظریات کو ہی فوقیت ملنا چاہئے یا نہیں؟ آیئے دیکھتے ہیں ان دونوں ملکوں میں کیا ہوا؟

## سری لنکا میں اکثریت پسندی کا تصور


1948ء میں سری لنکا کی آزادی کے بعد سے سنہالی طبقے کے قائدین نے اکثریت ہونے کی بناء پر حکومت پر اپنا تسلط اور برتری قائم کرنے کی کوشش کی۔جس کے نتیجے میں جمہوری انداز میں منتخب حکومت نے ایسے اقدامات کا سلسلہ شروع کیا جو اکثریت پسندی کی تعریف میں آتے ہیں اور جس سے مملکت میں سنہالی طبقے کا غلبہ قائم ہو۔

سنہالی کو واحد سرکاری زبان بناتے ہوئے ٹامل زبان کی حوصلہ شکنی کی گئی۔نوکریوں کے معاملے میں حکومت نے ایسی ترجیحی پالیسیاں اپنائیں جو سنہالی امیدواروں کی حمایت میں تھیں۔ایک نئے دستور میں وضاحت کی گئی کہ مملکت بدھ مت کا تحفظ کرے گی اور اسکو فروغ دے گی۔ان تمام سرکاری اقدامات کی وجہ سے سری لنکا کے ٹامل باشندوں میں لاتعلقی اور اجنبیت کا احساس بڑھنے لگا۔اور وقت گزرنے کے ساتھ سنہالی اور ٹامل طبقوں کے درمیان تعلقات میں دراڑ آتی گئی۔سری لنکا کے ٹامل عوام نے مساوی رتبہ اور ٹامل آبادی والے صوبوں کی خودمختاری کے لئے پارٹیاں قائم کیں اور جدوجہد شروع کی، جسے بار ہا نظر انداز کیا گیا۔1980 کے دہے تک وہاں کئی سیاسی تنظیمیں وجود میں آچکی تھیں جن

SCERT TELANGANA

کا مطالبہ تھا کہ سری لنکا کے مشرقی اور شمالی حصوں میں آزاد ٹامل ریاست قائم کی جائے۔

نقشہ - 2 سری لنکا کے نسلی طبقے




دونوں طبقوں کے درمیان بڑھتی عدم اعتمادی نے ایک بڑے جھگڑے اور تنازعے کو جنم دیا۔ جو بہت جلد ہی خانہ جنگی میں تبدیل ہوگیا۔ اور ایک انتہا پسند تنظیم LTTE نے ٹامل علاقوں میں اپنی آزاد متوازی حکومت قائم کرلی۔ آخرکار سری لنکا کی فوج نے LTTE کو شکست دے دی اور ان کی بیخ کنی کرتے ہوئے ہزاروں ٹامل باشندوں کو قتل کردیا اور ٹامل صوبوں پر اپنا ظالمانہ تسلط قائم کردیا۔ بے شمار خاندانوں کو ملک چھوڑنے پر مجبور کیا گیا اور کئی لوگوں کے روزگار چھن گئے۔ خانہ جنگی سے قبل معاشی ترقی، تعلیم اور صحت عامہ کے میدان میں سری لنکا کا شاندار ریکارڈ تھا۔ لیکن خانہ جنگی کی وجہ سے ملک کی سماجی، ثقافتی اور معاشی حالت انتہائی پسماندہ ہوکر رہ گئی۔

## بلجیم کا شراکت داری کا تصور

بلجیم کے قائدین نے ایک بالکل منفرد راستہ اپنایا۔ انہوں نے علاقائی اختلافات اور ثقافتی تنوع کو تسلیم کیا۔ 1970 اور 1993 کے درمیان میں انہوں نے اپنے دستور میں چار مرتبہ ترمیم کی تاکہ ایک ایسا نظام قائم کیا جائے جسکی مدد سے ملک کے تمام لوگوں کو ملک میں مل جل کر زندگی بسر کرنا آسان ہوجائے۔ ان کے اپنائے ہوئے اقدامات دوسرے ملکوں سے بالکل الگ اور اختراعی تھے۔ بلجیم میں کئے گئے چند ایک اقدامات کا ذکر یہاں دیا گیا ہے۔

☆ دستور تجویز پیش کرتا ہے کہ مرکزی حکومت میں ڈچ اور فرانسیسی بولنے والے وزیروں کی تعداد مساوی ہو۔ اس طرح کوئی ایک طبقہ ایک طرفہ طور پر فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں رکھتا۔

☆ مرکزی حکومت کے کئی اختیارات دوخطوں کے صوبائی حکومتوں کو تفویض کردیئے گئے۔ صوبائی حکومتیں مرکزی حکومت کی ماتحت نہیں ہوتیں۔

☆ صدر مقام بروسیلز کے لئے علحدٰہ حکومت تشکیل دی گئی جس میں دونوں طبقات کی یکساں نمائندگی رکھی گئی۔ یہاں فرنچ بولنے والوں نے ڈچ بولنے والوں کے لئے یکساں نمائندگی کو قبول کرلیا کیونکہ ڈچ کمیونٹی نے مرکزی حکومت میں فرنچ بولنے والوں کے لئے یکساں نمائندگی کو قبول کیا۔

مرکزی حکومت اور صوبائی حکومتوں کے علاوہ یہاں ایک اور تیسری قسم کی حکومت ہوتی ہے جو طبقہ کی حکومت یا کمیونٹی گورنمنٹ کہلاتی ہے جس میں کسی ایک لسانی طبقہ کے منتخب نمائندے ہوتے ہیں۔ جیسے ڈچ، فرنچ، اور جرمن وغیرہ چاہے وہ ملک کے کسی حصہ میں رہتے ہوں۔ اس حکومت کو ثقافتی، تعلیمی اور لسانی امور پر اختیارات ہوتے ہیں۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

آپ محسوس کرتے ہوں گے کہ بلجیم کا ماڈل بہت ہی پیچیدہ ہے۔لیکن ان انتظامات سے بہت مفید نتائج سامنے آئے۔اس کے نتیجے میں دونوں طبقات کے درمیان تصادم کو ٹالا گیا اور لسانی بنیادوں پر ہونے والی ملک کی تقسیم کو روکا گیا۔ جب یورپ کے کئی ملکوں نے مل کر یورپین یونین تشکیل دی، بروسیلز کو اس کا ہیڈ کوارٹر بنایا گیا۔ یہ یورپی اقوام کی جانب سے بلجیم کے لئے اعزاز اور بلجیم کی آزادی اور انصاف مہیا کرنے کی صلاحیت کا کھلا اعتراف تھا۔

ہم نے سری لنکا اور بلجیم کے ان واقعات سے کیا سیکھا؟ دونوں جمہوریتیں ہیں۔لیکن دونوں نے اقتدار کی شراکت کے مسئلہ کو الگ الگ انداز سے حل کرنے کی کوشش کی۔ بلجیم میں قائدین نے اس بات کو سمجھ لیا کہ ملک کی سالمیت اسی وقت ممکن ہے جب مختلف طبقات اور خطوں کے جذبات اور مفادات کا احترام رکھا جائے۔اس طرح کے ادراک کی وجہ سے اقتدار کی شراکت کو آپسی تعاون اور رضامندی سے حل کیا گیا۔سری لنکا نے بالکل مختلف مثال پیش کی۔اس مثال سے واضح ہوتا ہے کہ اگر اکثریتی طبقہ دوسروں پر اپنا غلبہ قائم کرنا چاہے اور اقتدار میں شراکت کو مسترد کر دے تو وہ ملک کی یکجہتی کو خطرے میں ڈالتا ہے اور ملک کو تنازعات اور خانہ جنگی کے ذریعے کئی سو برس پیچھے ڈھکیل دیتا ہے۔

## شہریوں کی آزادی اور عظمت واحترام

فرد کی آزادی اور عظمت کا تحفظ کرنے میں جمہوریت کسی اور طرز حکومت کے مقابلے میں زیادہ بہتر ہوتی ہے۔ ہر فرد اپنے ساتھی شہریوں سے احترام کا طالب ہوتا ہے۔افراد کے درمیان اکثر تنازعات اس بات پر اٹھ کھڑے ہوتے ہیں کہ کسی کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ اس کے ساتھ مناسب احترام کا رویہ اختیار نہیں کیا گیا۔احترام پانے کی خواہش اور آزادی کا جذبہ یہ جمہوریت کی بنیادیں ہیں۔ دنیا کی تمام جمہوریتوں نے انہیں اصولاً ہی سہی تسلیم کر لیا ہے۔اس میں مختلف جمہوری ملکوں کو حاصل کردہ کامیابی مختلف سطح کی ہے۔ایسے ملکوں میں جہاں کے سماج عرصہ دراز سے اونچ نیچ اور اعلیٰ وادنیٰ کی بنیادوں پر قائم ہیں وہاں تمام انسانوں کی مساوات کو تسلیم کرنا کوئی آسان امر نہیں ہے۔

عورتوں کے احترام ووقار کے مسئلہ کو ہی لیجئے۔ دنیا کے اکثر سماجوں پر تاریخی اعتبار سے مردوں کا غلبہ ہے۔خواتین کی جانب سے صبر آزما کوششوں کے بعد آج لوگوں میں کسی قدر اس احساس کو تقویت حاصل ہوئی ہے کہ عورتوں کے ساتھ مساویانہ سلوک اور ان کے تئیں احترام سے پیش آنا جمہوریت کے لازمی عناصر ہیں۔لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حقیقت میں بھی خواتین کے ساتھ ہمیشہ احترام کا سلوک کیا جاتا ہے۔البتہ جب یہ بات ایک اصول کی حیثیت سے مسلمہ ہو جاتی ہے تو خواتین کے لئے آسان ہو جاتا ہے کہ وہ اس کے حصول کے لئے اخلاقی اور قانونی جدوجہد کر سکیں۔ایک غیر جمہوری سماج میں اس کے لئے کوئی قانونی جواز نہیں ہوتا کیونکہ وہاں انفرادی آزادی اور فرد کے احترام کے لئے کوئی قانونی اور اخلاقی گنجائش ہی نہیں رکھی جاتی۔ یہی بات ہم ذات پات کی عدم مساوات کے تعلق سے کہہ سکتے ہیں۔ ہندوستان میں جمہوریت کے قیام نے امتیازی سلوک کے حامل ذاتوں اور پسماندہ طبقات کے لئے مساوی مرتبہ اور مساوی مواقع کے حصول کے دعووں کو تقویت بخشی ہے۔اس کے باوجود ہم دیکھتے ہیں کہ ذات پات پر مبنی امتیازات اور ظلم وزیادتی کے واقعات ہوتے رہتے ہیں لیکن ان کی کوئی قانونی اور اخلاقی بنیادیں نہیں ہوتیں۔شاید فرد کے احترام کے اصول کے پیش نظر ہی عام شہری اپنے جمہوری حقوق کی قدر پہچانتے ہیں۔

جمہوریت سے وابستہ توقعات بھی کسی جمہوری ملک کو جانچنے کا پیمانہ ہوتے ہیں۔جمہوریت کی نہایت منفرد خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ اس کی آزمائشات اور امتحانات کا دور کبھی ختم نہیں ہوتا۔ایک آزمائش سے نمٹنے کا مرحلہ ختم ہونے نہیں پاتا کہ دوسری آزمائش سامنے آ کھڑی ہوتی

SCERT TELANGANA

ہے۔ جب لوگ جمہوریت سے چند فائدے حاصل کرتے ہیں تو وہ مزید کے طلبگار ہوجاتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ جمہوریت مزید مفید اور بہتر ہوجائے۔ یہ اس لئے ہوتا ہے کہ جب بھی ہم لوگوں سے جمہوریت کی کارکردگی کے تعلق سے سوال کرتے ہیں تو وہ بہت ساری توقعات اظہار کرتے ہیں اور بہت سی شکایات بھی پیش کرتے ہیں۔ درحقیقت عوام کا شکایات پیش کرنا بھی جمہوریت کی کامیابی کا ثبوت ہے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عوام باشعور ہوچکے ہیں اور حکمرانوں اور مقتدر افراد سے توقعات وابستہ کرنے اور ان کی کارکردگی کا ناقدانہ جائزہ لینے کی صلاحیت ان میں پیدا ہوچکی ہے۔ جمہوریت کے تئیں عدم اطمینان کا عوامی اظہار خود جمہوری عمل کے کامیابی کی دلیل ہے۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عوام حکومت کے موقف سے آزاد ہوکر شہری کا درجہ حاصل کرچکے ہیں۔ بہت سے افراد کو آج اس بات کا یقین ہے کہ ان کا ووٹ حکومت کی کارکردگی پر اثر انداز ہوتا ہے اور خود انکے مفادات پر بھی ووٹ نمایاں اثر ڈالتا ہے۔

☆ دونوں ملکوں میں سماجی، مذہبی اور لسانی تنوع کے لئے گنجائش فراہم کرنے کی خاطر کئے گئے اقدامات پر بحث کیجئے۔

## کلیدی الفاظ

1۔ UUSR یا Union of Soviet Socialist Republic　　2۔ عوامی مباحثہ
3۔ شہری آزادیاں　　4۔ سماجی و معاشی مساوات　　5 ۔ داخلی تنازعات

## اپنے اکتساب کو بڑھائیں

1۔ جمہوریت کس طرح ایک ذمہ دار، جوابدہ اور قانونی حکومت کو قائم کرتی ہے؟

2۔ وہ کونسے حالات ہیں جن کے تحت جمہوریتیں سماجی اختلافات کو تسلیم کرتی ہیں اور انکے لئے گنجائش فراہم کرتی ہیں؟

3۔ ذیل میں دیئے گئے بیانات کی تائید یا مخالفت میں دلائل دیجئے۔

A۔ صنعتی ممالک میں جمہوریتوں کا قیام موزوں ہوتا ہے لیکن غریب ملکوں کو دولتمند بنانے کے لئے آمریت ضروری ہے۔

B۔ جمہوریت شہریوں کے درمیان آمدنی کی عدم مساوات کو کم نہیں کرسکتی۔

C۔ غریب ملکوں کی حکومتوں کو غربت کے خاتمہ، صحت اور تعلیم پر کم اخراجات کرنے چاہئے اور زیادہ اخراجات صنعتوں اور انفراسٹرکچر کی ترقی پر لگانا چاہئے۔

D۔ جمہوریت میں ہر فرد کو ایک ووٹ کا حق ہوتا ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ یہاں کسی کے تسلط اور کسی تنازعہ کے لئے جگہ نہیں ہوتی

4۔ جمہوریت کو جانچنے کے پیمانوں کے پیش نظر ذیل میں کون سا غلط ہے۔
جمہوریت میں اس بات کی یقین دہانی ہوتی ہے۔

A۔ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات　　B۔ فرد کا احترام و توقیر
C۔ اکثریت کی حکومت　　D۔ قانون کے آگے مساوی سلوک

5۔ جمہوریت میں سیاسی اور سماجی عدم مساوات کا جائزہ لینے سے پتہ چلتا ہے کہ
A۔ جمہوریت اور ترقی ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔
B۔ جمہوریتوں میں عدم مساوات ہوتی ہے۔
C۔ آمریت میں عدم مساوات نہیں ہوتی۔
D۔ آمریت، جمہوریت سے بہتر ہوتی ہے۔



SCERT TELANGANA

6۔ ذیل میں چند ملکوں کے بارے میں کچھ معلومات دی گئی ہیں ان کی بنیاد پر آپ ان کی درجہ بندی 'جمہوری' ، 'غیر جمہوری' یا 'غیر یقینی' کے عنوانات کے تحت کیجئے۔

ملک۔A : ملک کے سرکاری مذہب کو نہ قبول کرنے والے لوگوں کو ووٹ دینے کا حق نہیں ہے۔

ملک۔B : ایک ہی پارٹی گذشتہ بیس سال سے انتخابات میں کامیاب ہو رہی ہے۔

ملک۔C : حکمران پارٹی گذشتہ تین مرتبہ سے انتخابات میں شکست کھا رہی ہے۔

ملک۔D : پارلیمنٹ فوجی سربراہ کی اجازت کے بغیر فوج کے بارے میں کوئی قانون سازی نہیں کرسکتی۔

ملک۔E : پارلیمنٹ، عدلیہ کے اختیارات میں کمی کرنے والا کوئی قانون منظور نہیں کرسکتی۔

ملک۔F : ملک کے تمام معاشی فیصلے کرنے کا اختیار مرکزی بنک کے عہدیداروں کو ہے جنہیں پارلیمنٹ تبدیل نہیں کرسکتی

7۔ ذیل میں ایک جملے جمہوری اور ایک غیر جمہوری عنصر ہے (ہر بیان سے دونوں کو علحدہ کیجئے)۔

a۔ ایک وزیر نے کہا کہ چند قوانین کو پارلیمنٹ کو منظور کرنا چاہیئے جو کہ WTO نے صادر کئے ہیں۔

b۔ ایک انتخابی حلقہ میں بڑے پیمانے پر دھاندلیوں کے سبب الیکشن کمیشن نے دوبارہ رائے دہی کا حکم دیا ہے۔

c۔ خواتین کی نمائندگی پارلیمان میں کبھی بھی 10 فیصد تک نہیں پہونچ سکتی ہے۔ خواتین کی تنظیمیں مطالبہ کررہی ہے کہ ان کے لئے ایک تہائی نشتیں دی جائیں۔

8۔ درج ذیل میں دیئے گئے جمہوریت کے مخالف بیانات پر ردعمل ظاہر کیجئے۔

a۔ ملک میں فوج سب سے زیادہ ڈسپلین اور کرپشن (رشوت خوری) سے پاک تنظیم ہوتی ہے۔ اس لئے فوج کو ملک پر حکمرانی کرنی چاہیئے۔

b۔ اکثریت کی حکمرانی کا مطلب کم تعلیم یافتہ لوگوں کی حکومت ہوسکتی ہے۔ ہمیں دانشوروں کی حکمرانی (جبکہ وہ کم ہوں) کے لئے کیا کرنا چاہیئے؟

c۔ اگر ہم مذہبی رہنماؤں سے روحانی امور کی رہبری لیتے ہیں تب انہیں سیاسی رہبری کے لئے کیوں مدعو نہیں کرتے ہیں۔ ملک پر مذہبی رہنماؤں کی حکمرانی ہونی چاہیئے.

9۔ دنیا کے نقشہ میں حسب ذیل ممالک کی نشاندہی کیجئے۔

1۔ سری لنکا　2۔ بلجیم　3۔ روس　4۔ امریکہ (U.S.A)

10۔ سبق کے ذیلی عنوان ''شہریوں کی آزادی اور وقار'' کے ابتدائی دو پیراگراف پڑھیئے اور درج ذیل سوال کا جواب دیجئے۔

☆ جمہوری ملک میں شہریوں کی آزادی اور وقار کے بارے میں اپنے الفاظ میں لکھئے

11۔ کن اسباب کی بناء پر عوام جمہوریت کے قیام کے لئے کوشش کرتے ہیں؟

12۔ ہمارے مدرسوں میں جمہوری طرزعمل پایا جاتا ہے اس فقرہ کی وضاحت کے لیے چند مثالیں دیجیے

## منصوبہ

1۔ معلم کی مدد سے اپنے کمرہ جماعت میں جماعتی نمائندے (C.R) کے انتخاب کے لئے انتخابات منعقد کیجئے۔

SCERT TELANGANA

باب
19

# انسانی حقوق اور بنیادی حقوق

ہم نے پچھلے باب میں مساوات کے حصول کی خاطر کی گئی مختلف عوامی کاوشوں کے بارے میں پڑھا ہے۔آزادی کے بعد بھی سماج میں امتیازات مکمل طور پر ختم نہیں کئے جاسکے۔دستور ہند کے معماروں کو پتہ تھا کہ تمام اقسام کے امتیازات کا یکسر خاتمہ اتنا آسان نہیں ہے،اس لئے ایسا دستور مرتب کیا گیا جو سماج کی مختلف النوع ضروریات اور مقاصد کی تکمیل میں معاون ہونے والے قوانین کی تیاری کی اجازت دے۔ہمارا دستور ایک ایسے سماج کا تصور عطا کرتا ہے جو اسکے دیباچے میں دئے گئے چند اصولوں پر مبنی ہو۔کوئی بھی قانون جو دیباچے کی خلاف ورزی کرنے والا ہو مسترد کردیا جاتا ہے۔

> ☆ دستور ہند کے دیباچے کے چند اہم اصول لکھئے جنہیں آپ نے گذشتہ جماعت پڑھا ہے؟

## حقوق کیا ہیں؟

حقوق لوگوں کے جائز اور مناسب مطالبات ہیں۔ان مطالبات کو قانونی تحفظ حاصل ہوتا ہے۔ہم تمام کی خواہش ہوتی ہے کہ کسی احساس کمتری کے بغیر خوشحال زندگی گذاریں۔اور اسی طرح یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ دوسروں کو انکے حقوق سے استفادہ کرنے کا موقع دیں۔ آپ کے حقوق،دوسروں کے حقوق کے احترام اور تحفظ کی ذمہ داری کے ساتھ مشروط ہوتے ہیں۔

مساوی حقوق کا تصور ایک ارتقاء پذیر تصور ہے۔ہم کہیں بھی دیکھ سکتے ہیں کہ کسی علاقے میں ہر فرد کے ساتھ ہمیشہ یکساں سلوک نہیں کیا جاتا ہے۔سیاہ فام (کالے) افراد کی غلاموں کی حیثیت سے خرید و فروخت ہوتی تھی،اسی طرح خواتین کو جائدادوں میں حصہ نہیں دیا جاتا تھا۔لیکن آج ہم ایسے معاملات کو غیر عادلانہ اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی تصور کرتے ہیں۔


جمہوری نظاموں کے حوالے سے موجودہ دور میں حقوق بھی اہمیت اختیار کر گئے ہیں۔جمہوریتیں تمام لوگوں کی فلاح کے لئے میدان ہموار کرنے میں لگی رہتی ہیں۔وہ لوگوں کو اظہار خیال کی آزادی دیتی ہیں اور انتخاب کا حق دیتی ہیں۔جس میں اپنی پسند کے نمائندوں کو منتخب کرنے کا حق بھی شامل ہوتا ہے۔جسے ووٹ دینے کا حق کہا جاتا ہے۔

جمہوریت نہ صرف اکثریت بلکہ اقلیتوں کا بھی تحفظ کرتی ہے۔جمہوریت تمام عوام کو ایک ہی رتبہ عطا کرتی ہے،چاہے وہ اکثریت سے تعلق رکھتے ہوں یا اقلیت سے۔دستور ہند اس بات کا تیقن دیتا ہے کہ ہر فرد کے حقوق کی بلا امتیاز نسل،ذات،جنس،مذہب اور عقیدے کے حفاظت کی جائے گی۔البتہ چند حقوق کو جو فرد کی زندگی کے لئے نہایت اہمیت کے حامل ہیں دستور میں قانونی اور لازمی مقام عطا کیا گیا۔ان حقوق کو بنیادی حقوق کہا جاتا ہے۔

یہ حقوق اتنے اہم ہیں کہ دنیا کی بیشتر جمہوریتیں ان کو تحفظ فراہم کرتی ہیں،مجلس اقوام متحدہ نے ان کا ذکر کیا ہے اور انہیں انسانی حقوق کے عالمی اعلان نامہ (Universal Declaration of Human Rights) میں جگہ دی ہے۔UDHR وہ دستاویز ہے جس پر اکثر جدید ملکوں نے اس عزم کے ساتھ دستخط کیا ہے کہ وہ ان بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے۔


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

## دستورِ ہند میں بنیادی حقوق




شکل:19.1:بنیادی حقوق

دستور ہند کے تیسرے باب میں بنیادی حقوق کو جگہ دی گئی ہے۔ یہ حقوق لوگوں کو استبدادی حکومتوں سے تحفظ فراہم کرتے ہیں اور حکومتوں پر ان کی فراہمی کی ذمہ داری عائد کرتے ہیں۔ یہ اتنے اہم ہیں کہ اگر کوئی حکومت اس کی خلاف ورزی کرتی ہے تو متاثرہ شخص راحت کے لئے نچلی عدالت کے بجائے راست طور پر ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ سے رجوع ہوسکتا ہے۔ عدالتیں اس سلسلے میں حکومتوں کو ہدایات جاری کرنے کا اختیار رکھتی ہیں، (جسے قانونی پروانہ یا Writ کہا جاتا ہے) اور دستوری حقوق کی حفاظت کرتی ہیں۔ یہ عدالتوں کا ناقابل تنسیخ اختیار ہے۔ عدالت خود بھی کسی بنیادی حق کی خلاف ورزی کے معاملے پر بہ تحریک خود (Suo Moto) کارروائی کرسکتی ہے۔

## مساوات کا حق

دستور ہند مساوات کے حق کی ضمانت دیتا ہے۔ جس میں حسب ذیل اہم حقوق شامل ہیں۔

### 1۔ مساوی قانونی تحفظ

دستور میں کہا گیا ہے کہ حکومت ''کسی فرد کی قانون کے آگے مساوات یا مساوی قانونی تحفظ کا انکار نہیں کرسکتی۔'' اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام لوگوں کے لئے قوانین یکساں طور پر نافذ کئے جائیں گے۔ اور لوگوں کی آمدنی، مرتبے یا پس منظر کے پیش نظر کوئی رعایت نہیں کی جائے گی۔ اس اصول کو قانون کی حکمرانی یا قانون کی بالادستی کہتے ہیں۔

حق مساوات اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ ملک کے تمام شہریوں کو مساوی قانونی تحفظ حاصل ہوگا، چاہے وہ شہری ایک عام آدمی ہو یا کوئی وزیر ہو، کوئی سرکاری افسر ہو یا کوئی چھوٹا کاشتکار ہو۔ ہر فرد ایک ہی قانون کے تابع ہے۔ یعنی اس کا مطلب ہے کہ مملکت کسی شخص کی ذات، عقیدہ، رنگ، جنس، مذہب، عہدہ یا جائے پیدائش کی بنیاد پر نہ اس کے ساتھ مخالفانہ امتیاز برتے گی اور نہ ہی ترجیحی سلوک کرے گی۔

یہاں تک کہ وزیر اعظم کے خلاف بھی عدالت میں مقدمہ چلایا جاسکتا ہے، اور اگر اس نے کوئی جرم کیا ہے تو اسے ایک عام آدمی کی طرح ہی عدالت میں حاضر ہونا پڑے گا۔ اسی طرح کوئی سرکاری عہدیدار کسی جرم کا خاطی قرار دیا جاتا ہے تو وہ بھی اسی سزا کا حقدار ہوتا ہے جو کسی عام آدمی کو دی جاتی ہے۔ کوئی بھی فرد اپنے مرتبے یا پس منظر کی وجہ سے خصوصی رویہ کا مستحق نہیں ہوتا۔

حق مساوات کے ذریعے نہ صرف قانون ساز اداروں کے منظور کردہ امتیازی قوانین کے خلاف تحفظ حاصل ہوتا ہے بلکہ یہ حق عاملہ کے من مانی فیصلے کرنے کے اختیارات پر بھی روک لگاتا ہے۔ جدید مملکتوں میں حکومت کا عاملانہ شعبہ قوانین کے نفاذ اور دیگر فرائض کی انجام دہی

SCERT TELANGANA

کی خاطر کافی وسیع اختیارات کا مالک ہوتا ہے۔حق مساوات کی اس شق کے ذریعے عاملہ کو امتیازی طریقے سے اختیارات کے استعمال سے باز رکھا جاتا ہے۔

### 2۔سماجی مساوات

حق مساوات کی ایک اور خصوصیت سماجی مساوات ہے۔مملکت کسی فرد کے خلاف اس کے مذہب ، ذات،نسل،جنس یا جائے پیدائش کی بنیاد پر امتیاز نہیں برت سکتی۔اور ان بنیادوں پر کسی شہری کو دکانوں،عوامی ریستورانوں میں جانے سے،اور سرکاری یا نیم سرکاری انتظام کے تحت واقع یا عوامی بہبود کے لئے وقف کنوؤں،تالابوں،سڑکوں اور عوامی تفریح گاہوں کے استعمال سے روکا نہیں جاسکتا۔مذہب،نسل ،ذات یا جنس وغیرہ کی بنیاد پر مملکت کی جانب سے امتیازی سلوک کے خلاف شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا اس دفعہ کی خصوصیت ہے۔

اس حق کے نفاذ کی البتہ دو استثنائی صورتیں ہیں۔پہلی صورت میں مملکت کو خواتین اور بچوں کی فلاح و بہبود کی خاطر خصوصی سہولتیں مہیا کرنے کا اختیار ہے اور دوسری صورت میں مملکت کو سماجی اور تعلیمی اعتبار سے پچھڑے ہوئے شہریوں یا درج فہرست اقوام یا درج فہرست قبائل کی ترقی کے لئے خصوصی مراعات فراہم کرنے کی اجازت ہے۔

خواتین اور بچوں کے ساتھ خصوصی برتاؤ کرنا خود سماج کے وسیع تر مفاد میں ہی ہوتا ہے۔یہ نہ صرف سماجی روایتوں اور ملک کے مجموعی پس منظر بلکہ ان طبقات کی تاریخی پسماندگی اور پچھڑے پن کا اعتراف بھی ہے۔اس حق کے تحفظ کی خاطر دیوانی معاملات سے متعلق قوانین مثلاً جائداد کے قوانین میں ترمیم کرتے ہوئے خواتین کو مشترکہ خاندانوں کی جائدادوں میں حصہ دار بنایا گیا ہے۔

اس طرح دستور تعلیمی اداروں میں نشستوں کو مختص کرتے ہوئے اور سرکاری ملازمتوں میں نوکریوں کو مختص کرتے ہوئے معکوس امتیاز کی اجازت دیتا ہے۔اس طرح کے تحفظات کی وسعت فرد،سماج اور مملکت کے لئے نہایت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔مثال کے طور پر میڈیکل کالجوں کے لئے لازمی ہے کہ وہ کچھ فیصد نشستوں پر داخلے پسماندہ طبقات' درج فہرست اقوام اور قبائل کے طلباء میں سے کریں

### 3۔مواقع کی مساوات

دستور سرکاری عہدوں اور ملازمتوں کے لئے تمام شہریوں کو یکساں مواقع فراہم کرنے کا تیقن دیتا ہے۔کسی بھی شہری کے خلاف مذہب،نسل،ذات،جنس،جائے پیدائش یا سکونت کی بنیاد پر سرکاری عہدوں یا ملازمتوں کے لئے امتیاز نہیں برتا جاسکتا اور نہ ہی اسے نااہل قرار دیا جاسکتا ہے۔

البتہ اس حق میں ایک استثنائی صورت یہ ہے کہ مملکت کی رائے میں جن پسماندہ طبقات کی نمائندگی سرکاری ملازمتوں میں مناسب نہ ہو مملکت انہیں تحفظات فراہم کرسکتی ہے ۔اس طرح مملکت پسماندہ طبقات، درج فہرست اقوام اور درج فہرست قبائل کے لئے سرکاری ملازمتوں میں تحفظات فراہم کرتی ہے تاکہ انہیں مناسب نمائندگی ملے اور سماج کے پچھڑے ہوئے طبقوں کو بااختیار بنا کر انہیں ترقی کرنے کا موقع فراہم کیا جائے۔



SCERT TELANGANA

## 4۔چھوت چھات کی منسوخی

دستور ہند چھوت چھات کو بالکلیہ منسوخ قرار دیتا ہے۔کسی بھی شکل وصورت میں چھوت چھات ممنوع ہے۔اسے جرم تصور کیا گیا اور اس کے مرتکب کو قانونی سزا دینے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔یہاں تک کہ جیل میں قید بھی کیا جاسکتا ہے۔شہری حقوق کے تحفظ کے قانون میں کسی فرد کو عبادت گاہوں میں داخلہ یا کسی کنویں اور تالاب سے پانی لینے سے روکنے پر دی جانے والی سزاؤں کی تفصیل مذکور ہے۔

## 5۔خطابات کی منسوخی

اشرافیہ اور متوسط طبقات جیسی من مانی اور غیر مساویانہ درجہ بندی کو مٹانے کے لئے دستور مملکت کو خطابات عطا کرنے سے منع کرتا ہے۔برطانوی حکومت نے ہندوستان میں رائے بہادر اور خان بہادر کے خطابات دیتے ہوئے ایک نوابی طبقہ تشکیل دیا تھا۔اب ان خطابات کو بھی منسوخ کردیا گیا۔ہندوستانی شہری کسی بھی غیر ملک سے خطابات قبول نہیں کرسکتے۔البتہ فوجی اور تعلیمی امتیازات ہندوستانی شہریوں کو عطا کئے جاسکتے ہیں۔بھارت رتن، پدماوبھوشن جیسے ایوارڈ حاصل کرنے والوں کو چاہئے کہ وہ انہیں خطابات کی طرح استعمال نہ کریں۔اوراس طرح کے ایوارڈوں کا عطا کرنا دستوری امتناع کے دائرہ میں نہیں آتا۔

☆ دستور مساوات کے حق کے تحت کن کن مساواتوں کی ضمانت دیتا ہے؟ مثالیں دیجئے۔

☆ کیا آپ کے خیال میں ذیل میں درج باتیں مساوات کے بنیادی حق کی خلاف ورزی کرتی ہیں۔اور بحث کیجئے کہ یہ دستوری اعتبار سے درست ہیں یا غلط؟

- سرکاری آبی ذرائع سے پانی حاصل کرتے وقت بعض لوگ ایک دوسرے سے اس بات پر اعتراض اور جھگڑا کرتے ہیں کہ دوسرے نے ان کے برتن یا گھڑے کو کیوں ہاتھ لگایا؟
- بعض طبقوں کو گاؤں میں رہنے کی اجازت نہیں دی جاتی جسکی بناء پر وہ گاؤں کے باہر زندگی بسر کرتے ہیں۔
- چند اسکولوں میں بعض طلباء کو پینے کا پانی تقسیم کرنے کا موقع نہیں دیا جاتا کیونکہ وہ ایک مخصوص ذات سے تعلق رکھتے ہیں۔
- بعض طبقوں کے لوگ چند عبادت گاہوں میں نہیں جاتے کیونکہ انہیں اس بات کا خوف ہوتا ہے کہ ان کے ساتھ برا سلوک کیا جائے گا یا انہیں مارا پیٹا جائے گا۔

☆ اگر دستور میں مساوات کا بنیادی حق شامل نہ ہوتا تو کیا ہوتا؟ بحث کیجئے۔

SCERT TELANGANA

## آزادی کا حق

دستور ہند چند انفرادی حقوق کی ضمانت بھی دیتا ہے جن کو دستور کے معماروں نے نہایت ضروری خیال کیا تھا۔ آزادی کے حق تحت ذیل کی چھ آزادیوں کا تیقن دیا گیا ہے۔

**1۔ تقریر اور اظہار خیال کی آزادی:** یہ آزادی فرد کو عوامی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ شہریوں کو مختلف طریقوں سے اپنے خیالات کے اظہار کی آزادی ہے جن میں جلسے کرنا، کتابیں شائع کرنا، ڈرامے، مصوری وغیرہ شامل ہیں۔ لیکن اس حق پر عوامی امن وضبط، ملک کے دفاع، اخلاقی بنیادوں اور عوامی بھلائی کی خاطر حکومت چند پابندیاں عائد کرسکتی ہے۔ اسی لئے مفاد عامہ، معقولیت اور اخلاقیات کے مدنظر فلموں کو سنسر بورڈ میں نظر ثانی کے لئے پیش کیا جاتا ہے۔

اسی طرح تقریر کی آزادی کو باقاعدہ بنانے کے لئے کئی قوانین ہیں۔ ہمیں تقریر کی آزادی کا حق حاصل ہے لیکن یہ اس کا مطلب یہ نہیں کہ بغیر سوچے سمجھے اس کا استعمال کیا جائے۔ ہماری تقریر رسوا کن، غیر اخلاقی یا غیر قانونی نہ ہو۔ لہٰذا کئی قوانین لوگوں کو اکسانے اور حکومت کے خلاف بغاوت کرنے کے لئے ابھارنے کے خلاف پابندی عائد کرتے ہیں۔

**2۔ پرامن طریقے سے بغیر اسلحہ کے اجتماع کی آزادی:** اس آزادی پر مملکت مفاد عامہ اور ہندوستان کی سالمیت واقتدار اعلیٰ کی حفاظت کی خاطر مناسب پابندیاں عائد کرسکتی ہے۔

عوام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ پرامن طریقے سے مختلف مقاصد کی خاطر جمع ہوں، جیسے اپنے حقوق کے لئے جلسہ کرنا، اپنے مسائل پر مباحث کرنا، تجارتی مقاصد کے لئے جلسہ کرنا، یا اپنے خیالات ونظریات کے تبادلے کے لئے جلسے کرنا وغیرہ۔ ہر ایک کو یہ حق ہے کہ وہ پرامن مظاہرے کرے، عوامی اجتماعات منعقد کرے یا جلوس نکالے۔



شکل 19.2: ایک ریالی کا منظر

اس حق پر بھی چند پابندیاں ہوتی ہیں جیسے پرامن طریقے سے جمع ہونا اور ہتھیاروں کے بغیر جمع ہونا وغیرہ۔ اسی طرح جب کبھی کسی کو جلسہ کرنا یا مظاہرہ کرنا ہو تو اس کے لئے لازمی ہے کہ وہ قبل از وقت انتظامیہ سے اجازت حاصل کرلے۔

**3۔ انجمنیں بنانے کی آزادی:** اس آزادی پر مملکت مفاد عامہ، اخلاقی حدود اور ہندوستان کی سالمیت واقتدار اعلیٰ کی حفاظت کی خاطر مناسب پابندیاں عائد کرسکتی ہے۔

عوام کو یہ آزادی ہے کہ وہ مختلف قسم کی انجمنیں، یونین وغیرہ تشکیل دیں۔ مثلاً تہذیبی وثقافتی انجمنیں، تجارتی انجمنیں، پیشہ وارانہ انجمنیں وغیرہ۔ آپ نے سنا ہوگا کہ مختلف کارخانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی انجمنیں ہوتی ہیں۔ یہ انجمنیں اپنے مسائل پر بحث کے لئے اجلاس منعقد کرتی ہیں اور انکے تدارک کے لئے کارخانوں کے اعلیٰ عہدیداروں سے مطالبات کرتی ہیں۔ اس طرح یہ انجمنیں ورکروں اور مزدوروں کے حقوق کا تحفظ کرتی ہیں۔

SCERT TELANGANA

**4۔نقل وحرکت کی آزادی:** تمام شہریوں کو ہندوستان بھر میں نقل وحرکت کی آزادی حاصل ہے۔البتہ اس آزادی پر مملکت مفادعامہ کی حفاظت کی خاطر مناسب پابندیاں عائد کرسکتی ہے۔مثال کے طور پر وبائی امراض پر قابو پانے کے لئے حکومت لوگوں کے نقل وحرکت پر پابندی عائد کرتی ہے۔اسی طرح حکومت یہ خیال کرتی ہے کہ سرحدی علاقوں میں آزادانہ نقل وحرکت سے ملک کے دفاع کے مسائل کھڑے ہوسکتے ہیں تو وہ اس آزادی پر پابندیاں عائد کرسکتی ہے۔

☆ آپ کے علاقے میں کونسی انجمنیں پائی جاتی ہیں؟

☆ ورکروں کی یونین یا انجمنیں کیوں قائم کی جاتی ہیں؟ انہیں کونسے مسائل کا سامنا ہوتا ہے؟

**5۔ہندوستان کے کسی بھی حصے میں قیام کرنے اور سکونت اختیار کرنے کی آزادی:** اس آزادی پر مملکت مفادعامہ کی حفاظت کی خاطر مناسب پابندیاں عائد کرسکتی ہے یا درج فہرست قبائل کے حقوق کی حفاظت کے لئے ان کے علاقوں میں چند احتیاطی تدابیر اختیار کرتی ہے۔مثلاً مقامی اور قبائلی لوگوں کو استحصال اور ظلم سے بچانے کی خاطر ان علاقوں میں بعض پابندیاں عائد کرنا۔

☆ لوگ ملک کے مختلف علاقوں میں کیوں گھومنا اور سکونت اختیار کرنا چاہتے ہیں؟

☆ ان لوگوں کے لئے حکومت کی کیا ذمہ داری ہے جو شہروں میں روزگار تو تلاش کر لیتے ہیں لیکن ان کے پاس رہنے کے لئے مناسب جگہ نہیں ہوتی؟

**6۔کسی بھی پیشہ کو اختیار کرنے اور کوئی بھی تجارت کرنے کی آزادی:** اس آزادی پر مملکت مفادعامہ کی حفاظت کی خاطر مناسب پابندیاں عائد کرسکتی ہے۔یعنی کسی فرد کو ایسی تجارت یا پیشہ اختیار کرنے کا حق نہیں ہے جو غیر اخلاقی ہو یا غیر قانونی اور خطرناک ہو۔اس کے علاوہ کسی پیشہ یا تجارت کو اختیار کرنے کے لئے درکار تعلیمی یا فنی قابلیت کی شرط بھی رکھی جاسکتی ہے۔

دستور نے مندرجہ بالا آزادیوں پر پابندیاں بھی بیان کی ہیں۔حکومت کو اختیار ہے کہ وہ ہندوستان کی آزادی، اقتدار اعلیٰ اور سالمیت کی حفاظت کے لئے ان چھ آزادیوں پر پابندیاں عائد کرے۔اس کے علاوہ عوامی مفادات اور اخلاقیات کے تحفظ کی خاطر بھی حکومت پابندیاں عائد کرسکتی ہے۔ناگہانی صورتحال (ایمرجنسی) کے اعلان کے بعد یہ چھ آزادیاں خود بخود معطل قرار پاتی ہیں۔البتہ حق زندگی اور انفرادی آزادی کو معطل نہیں کیا جاسکتا۔

☆ یہ چھ آزادیاں معطل کی جاسکتی ہیں لیکن حق زندگی اور انفرادی آزادی کو معطل نہیں کیا جاسکتا۔اس بیان پر بحث کیجئے۔

**حق زندگی:** دستور ہند زندگی کے حق اور انفرادی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔اس میں درج ذیل امور شامل ہیں:

☆ زندگی کے حق اور انفرادی آزادی کے تحت جرائم کے ارتکاب پر سزا سے متعلق امور کو شامل کیا گیا ہے۔یعنی کسی فرد کو جرم کے ارتکاب پر ملکی قانون میں مذکورہ رائج الوقت سزاؤں سے زیادہ سزا نہیں دی جاسکتی۔

☆ زندگی اور انفرادی آزادی کے تحفظ کو بھی حق زندگی اور انفرادی آزادی میں شامل کیا گیا ہے۔اس لئے کسی شخص کو قانونی جواز کے بغیر زندگی اور آزادی سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی شخص کی زندگی اور آزادی میں مداخلت اسی وقت کی جاسکتی ہے جب اس نے کوئی جرم کیا ہو۔البتہ حق زندگی میں مرنے کا حق شامل نہیں ہے،اسی لئے خودکشی کرنا یا اسکی کوشش کرنا بھی جرم ہے۔

SCERT TELANGANA

☆ ایک مباحثہ کا انعقاد کیجئے کہ ذیل میں کس موقع پر اظہار رائے کی آزادی کو باقاعدہ بنانے کی ضرورت ہے؟

1۔ ایک فرقے کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے کے مقصد سے ایک کتاب تحریر کی گئی۔

2۔ ہر فلم کو سنسر بورڈ سے منظوری حاصل کرنا لازمی ہونا چاہئے۔

3۔ عدالت نے احکام جاری کئے کہ تہواروں اور عبادتوں کے لئے رات کے 11.00 بجے کے بعد کسی کو مائیک سسٹم کے استعمال کی اجازت نہیں ہوگی۔

☆ پولیس اور عدالتوں کے رول کے درمیان پائے جانے والے فرق کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ (جماعت ہشتم)

☆ آپ کے علاقے میں پائے جانے والے مختلف اقسام کے اسکولس کونسے ہیں؟ آپ کے خیال میں اتنے اقسام کے اسکول کیوں پائے جاتے ہیں؟

☆ 2002ء سے ابتدائی تعلیم کے حق کو حق زندگی میں شامل کیا گیا۔اور مملکت کے لئے لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ چھ سے چودہ سال کے بچوں کے لئے مفت لازمی تعلیم فراہم کرے۔یعنی چھ سے چودہ سال کی عمر کے بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم مہیا کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔اس حق کی وجہ سے حکومت کے لئے ضروری ہے کہ وہ اسکولوں کے قیام کا انتظام کرے اور اولیائے طلباء کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس بات کی نگرانی کریں کہ ان کے بچے باقاعدگی سے اسکول جائیں۔اس حق کو اس لئے شامل کیا گیا کیونکہ لوگوں کا احساس تھا کہ تمام بچوں کو پڑھنے کے مواقع فراہم کرنا چاہئے تا کہ وہ اپنے اطراف کی دنیا کے بارے میں آگاہی حاصل کرسکیں، اپنی شخصیت کے اظہار کے لئے مناسب مہارتیں حاصل کرسکیں، سماج کے لئے کچھ اختراعی خدمات انجام دے سکیں اور اپنے مستقبل کو سنوارنے کے لئے متعدد متبادل ان کے سامنے ہوں۔

☆ عام حالات میں گرفتار ہونے والے فرد کے حقوق کا ذکر حق زندگی اور انفرادی آزادی کے تحت کیا گیا۔اس کی رو سے کسی شخص کو گرفتاری کا سبب بتائے بغیر گرفتار نہیں کیا جاسکتا ہے۔اور گرفتار شدہ شخص کو اپنی مرضی کے کسی وکیل کے ذریعے اپنا دفاع کرنے کا حق حاصل ہے۔

## استحصال کے خلاف حق

اس حق کے تحت جبری مزدوری کی تمام صورتوں پر امتناع عائد کردیا گیا۔

آپ نے تاریخ کے بعض ابواب میں پڑھا ہے کہ بعض لوگوں کو بیگار (Vetti) یعنی بلا اجرت کام کرنے پر مجبور کیا جاتا تھا۔اگر موجودہ دور میں کوئی زمیندار یا کنٹراکٹر کسی فرد کو بلا معاوضہ یا کم تر معاوضہ پر کام کرنے پر مجبور کرتا ہے تو یہ اس بنیادی حق کی خلاف ورزی تصور کی جاتی ہے۔اور متاثر شخص عدالت سے رجوع ہو کر مقدمہ دائر کرسکتا ہے۔اسی طرح اگر کسی شخص کو بندھوا مزدوری یا غلامی کے لئے مجبور کرنا بھی اس حق کی خلاف ورزی ہے۔

## ''کارخانوں میں بچوں سے کام لینے پر امتناع''

دستور میں کہا گیا ''چودہ سال سے کم عمر کے کسی بچہ کو کارخانوں، کانوں یا کسی اور خطرناک کام پر مامور نہیں کیا جاسکتا۔اسی کے مطابق بنائے گئے قوانین کی رو سے بچوں سے دیا سلائی، پٹاخوں، بیڑی اور کارپٹ کی تیاری کے کاموں یا چھاپے یا رنگ سازی کے کام لینے پر امتناع عائد کردیا گیا۔

☆ کیا آپ کے خیال میں آپ کے علاقے میں بچوں کو ایسے حقوق حاصل ہیں؟

☆ اپنے ٹیچر کی مدد سے معلوم کیجئے کہ آپ کی ریاست میں کم از کم اجرتیں کتنی ہوتی ہیں؟



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

SCERT TELANGANA

## مذہبی آزادی کا حق

تمام شہریوں کو اپنے پسند کے عقیدے اور مذہب پر عمل کرنے کی آزادی ہے۔ کسی بھی شخص کو اسکی پسند کے مذہب پر عمل کرنے سے نہیں روکا جاسکتا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی فرد اپنے مذہب کو تبدیل کرنے کا اختیار بھی رکھتا ہے۔ یہ حق ہندوستان میں سیکولرازم کی روح کی حفاظت کرتا ہے۔ مثال کے طور پر کوئی بھی مذہب کے نام پر جرم کا ارتکاب نہیں کرسکتا۔ اسی طرح مذہبی آزادی کے نام پرستی کی رسم پرعمل نہیں کیا جاسکتا۔

دستور کے مطابق حکومت کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ وہ تمام مذاہب کے ساتھ یکساں سلوک کرتی ہے۔ دستور کے دیباچے میں ہندوستان کو سیکولر مملکت قرار دینے کا یہی مطلب ہے۔



شکل 19.3: عبادت گاہیں اور مختلف مذاہب کے لوگ

☆ حسب ذیل رسوم سے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی کس طرح ہوتی ہے؟ (a) چھوت چھات (b) تین طلاق (c) عبادت گاہوں میں اعلیٰ ذاتوں اور دلتوں کے لئے علیحدہ حصے رکھنا۔

☆ کیا کوئی فرد چاہے تو کسی بھی مذہب پر عمل کئے بغیر زندگی گذار سکتا ہے؟

## تعلیمی وثقافتی حقوق

دستور کہتا ہے ''تمام اقلیتوں کو چاہے وہ مذہبی یا لسانی اقلیتیں ہوں حق ہے کہ وہ اپنی پسند کے مطابق تعلیمی ادارے قائم کریں اور انہیں چلائیں۔''

اقلیتوں کا مطلب عموماً مذہبی یا لسانی اعتبار سے موجود اقلیت ہوتا ہے۔ کوئی بھی گروپ اپنے جائے رہائش کے اعتبار سے اقلیت ہوسکتا ہے۔ مثلاً تلگو بولنے والے افراد تلنگانہ اور آندھراپردیش میں اکثریت میں ہیں لیکن مغربی بنگال میں اقلیت کہلائیں گے۔ اسی طرح سکھ مذہب کے ماننے والے پنجاب میں اکثریت میں ہیں لیکن آندھراپردیش، راجھستان، ہریانہ وغیرہ میں اقلیت میں ہوتے ہیں۔

اقلیتوں کو اپنی تہذیب اور زبان کے تحفظ کے لئے ادارے قائم کرنے اور انہیں چلانے کی آزادی حاصل ہے۔ مثال کے طور پر کنڑی زبان کے بولنے والے افراد چاہیں تو اپنی تہذیب اور زبان کے تحفظ کی خاطر تلنگانہ اور آندھراپردیش میں کنڑی ذریعہ تعلیم کا اسکول قائم کرسکتے ہیں اور انہیں اس سے منع نہیں کیا جاسکتا۔

حکومت کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایسے اداروں کو مسلمہ قرار دے اور انہیں امداد فراہم کرے اگر وہ ضروری شرائط کی تکمیل کرتے ہوں۔ مذکورہ بالا مثال میں اگر وہ اسکول تلنگانہ اور آندھراپردیش کے ریاستی بورڈ سے ملحق ہوتا ہے اور بورڈ کے شرائط کی تکمیل کرتا ہے تو دیگر خانگی امدادی اسکولوں کی طرح وہ بھی ریاستی حکومت سے امداد کا مستحق قرار پاتا ہے۔

SCERT TELANGANA

## دستوری چارہ جوئی کا حق

جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے یہ حقوق اتنے اہم اور ضروری ہیں کہ دستور خود ان کی حفاظت کرتا ہے اور حکومت یا مملکت کی جانب سے ان حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو دستور لوگوں کو یہ بنیادی حق دیتا ہے کہ وہ ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ سے رجوع ہوں۔ جب ان بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہے تو انہیں عدالتوں کے ذریعے خصوصی ہدایات اور احکام حاصل کر کے بحال کروایا جاسکتا ہے۔ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ لوگوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزیوں کا تدارک کرے۔ اگر حکومت اس میں ناکام رہتی ہے تو حکومت کے خلاف مقدمہ دائر کیا جاسکتا ہے۔

سماج کے غریب اور حاشیائی درجہ پر رہنے والے لوگ انکے حقوق کی خلاف ورزی ہونے کے باوجود عدالتوں سے رجوع ہونے کی سکت نہیں رکھتے۔ اس لئے تمام لوگوں کے لئے ان حقوق کی حفاظت کی خاطر عدالتیں عدالتی نظر ثانی کے اختیار کے تحت لوگوں کو مفاد عامہ کی درخواست (Public Interest Litigation or PIL) دائر کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔ یہ اسوقت ہوتا ہے جب کسی گروہ کے حقوق تلف کئے جاتے ہیں۔ تب اس گروہ کے ہر فرد کو مقدمہ دائر کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ ان میں سے کوئی ایک فرد یا تنظیم پورے گروہ کی جانب سے حکومت کے خلاف مقدمہ دائر کرسکتی ہے۔ اس طرح کے مقدمہ کو مفاد عامہ کا مقدمہ (PIL) کہا جاتا ہے۔ موجودہ دور میں ایسے مقدمات کے دائرہ کار میں کئی امور کو شامل کیا جا رہا ہے جن میں ماحولیات کے امور، حکومت کی دیانت اور شفافیت، قیدیوں کے ساتھ سلوک وغیرہ بھی شامل ہیں۔

**مفاد عامہ کے مقدمہ کی ایک مثال**

فرض کیجئے کہ حکومت کسی دریا پر ایک ڈیم تعمیر کرنا چاہتی ہے جس کے نتیجے میں 50,000 افراد کے کھیت اور زمینات زیر آب آجاتے ہیں۔ جس سے ان لوگوں کا روزگار اور زمینات چھن جاتے ہیں۔ اور انکی زندگی شدید متاثر ہوتی ہے۔ یہ انکے بنیادی حقوق مثلاً حق زندگی، ملک میں کہیں بھی قیام کرنے کے حق اور کسی پیشے کو اپنانے کے حق کی خلاف ورزی ہوگی۔ ان حالات میں ان لوگوں کے حقوق کے تحفظ کی خاطر سپریم کورٹ میں مقدمہ دائر کیا جاسکتا ہے۔ تمام پچاس ہزار افراد کی جانب سے ایک مقدمہ ہی کافی ہوجاتا ہے۔

## بنیادی حقوق کی وسعت


دستور میں بیان کردہ بنیادی حقوق میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی گئی اور ان میں نئے حقوق کو شامل کیا گیا۔ مثلاً حق تعلیم۔ پارلیمنٹ کے ذریعے حقوق میں تبدیلی کی جاسکتی ہے یا سپریم کورٹ جو فیصلے سناتی ہے اس سے کسی مخصوص حق کی تعریف و تشریح میں وسعت پیدا ہوجاتی ہے۔ مثلاً تغذیہ کے حق کو وسعت دے کر حق زندگی میں شامل کیا گیا۔

## حقوق اور دیگر تنظیمیں

جمہوریت کی مانند حقوق نے بھی دنیا بھر کے لوگوں کو اپنی سحر انگیزی میں جکڑ لیا ہے۔ انگلینڈ کے ماگنا کارٹا اور فرانسیسی انقلاب کو جس میں انسانی حقوق کا اعلان کیا گیا اکثر و بیشتر حقوق کا ابتدائی ماخذ سمجھا جاتا ہے۔ دو عالمی جنگوں کے اختتام کے بعد مجلس اقوام متحدہ نامی ادارہ تشکیل دیا گیا تاکہ دنیا کو مزید کسی بڑی جنگ سے بچایا جاسکے۔ مجلس اقوام متحدہ نے دنیا کے مختلف ملکوں میں سے نو ملکوں کے نمائندوں کے

SCERT TELANGANA

ایک گروپ کوحقوق سے متعلق دستاویز تیار کرنے کی ذمہ داری دی جس نے 30 دفعات پر مشتمل ایک مسودہ تیار کیا۔ جو انسانی حقوق کا عالمی اعلان نامہ کہلایا اور مجلس اقوام متحدہ نے اسے 1948ء میں منظور کیا۔ UNO کے تمام رکن ممالک نے ان حقوق کے تحفظ کی یقین دہانی کرتے ہوئے اس پر دستخط ثبت کئے ہیں۔ گوکہ اس پر عمل کرنے کے لئے کسی کو مجبور نہیں کیا جاسکتا، لیکن ان حقوق کی خلاف ورزی بین الاقوامی سماج اور برادری میں نا قابل قبول تصور کی جاتی ہے اور کئی معاملات میں خلاف ورزی کرنے والے ملک پر دوسرے ملکوں کی جانب سے تحدیدات عائد کی جاتی ہیں۔




شکل 19.4: بچوں کے حقوق کا ایک پوسٹر

## حقوق انسانی کمیشن

مجلس اقوام متحدہ لوگوں کے بنیادی انسانی حقوق کی حفاظت کے لئے کام کررہا ہے اور اس کے رکن ممالک کی بھی اس معاملہ میں حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ بھی اس سمت مثبت کوشش کریں۔ 1993ء میں ہندوستان کی حکومت نے انسانی حقوق کی حفاظت کے لئے ایک پارلیمانی قانون منظور کیا۔ اس قانون کے تحت ایک کمیشن قائم کیا گیا جو قومی حقوق انسانی کمیشن (National Human Rights Commission) کہلاتا ہے۔ اس کمیشن کو ایک سول کورٹ کے اختیارات دئے گئے ہیں جو سارے ملک پر نافذ کئے جاسکتے ہیں۔ حکومت نے دیگر ادارے بھی تشکیل دیئے ہیں جو حقوق کی خلاف ورزی کے حالات و واقعات کی نگرانی اور تحقیقات کرتے رہتے ہیں۔ مثلاً قومی کمیشن برائے خواتین، قومی اقلیتی کمیشن اور ریاستی حقوق انسانی کمیشن وغیرہ۔



شکل 19.5: انسانی حقوق کی علامت (اقوام متحدہ)

NHRC کو کسی متاثرہ فرد یا اسکی جانب سے کسی فرد کی درخواست پر تحقیقات کرنے اور ازخود کاروائی کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ وہ کسی عدالت میں زیر دوراں حقوق کی خلاف ورزی کے مقدمہ کی کاروائی میں عدالت کی اجازت سے مداخلت کرسکتا ہے۔ کمیشن انسانی حقوق کی حفاظت کے لئے دستور کی جانب سے سفارش کردہ حفاظتی اقدامات کو روبہ عمل لاتا ہے اور انکے موثر عمل آوری کے لئے خود بھی اقدامات تجویز کرتا ہے۔

SCERT TELANGANA

بین الاقوامی سطح پر، مجلس اقوام متحدہ نے انسانی حقوق کے لیئے ایک کمیٹی کی تشکیل دی ہے جس کا مقصد بین الاقوامی معاہدات کی خلاف ورزی معاملات پرنظر رکھنا ہے۔

## انسانی حقوق کی خلاف ورزی

پولیس کی زیادتیاں، غیر قانونی گرفتاریاں، حق معلومات کا انکار، رشوت خوری، جنسی ہراسانی، عصمت ریزی، جرائم کی تحقیق میں تاخیر، دختر کشی، اغواء برائے تاوان، خواتین، بچوں اور مظلوم افراد کی کسمپرسی کے حالات، خاندانوں میں خواتین کے ساتھ امتیازی سلوک، گھریلو ملازمین کے ساتھ بے رحمی کا برتاؤ وغیرہ انسانی حقوق کی ورزیوں میں شامل ہیں۔ لوگوں کے انسانی حقوق سے لاعلم رہنے کی وجہ سے یہ خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ حقوق انسانی کا تحفظ مملکت کا فرض ہے۔ ان کی خلاف ورزیوں پر قومی یا ریاستی کمیشنوں میں درخواست پیش کی جاسکتی ہے۔

☆ کیا آپ کی ریاست میں ریاستی حقوق انسانی کمیشن موجود ہے؟ اسکی سرگرمیوں کے بارے میں بیان کیجئے۔

☆ انسانی حقوق کی چند خلاف ورزیوں کے بارے میں بیان کیجئے۔

☆ آپ کے علاقے میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا کوئی واقعہ پیش آیا ہوتو اس سلسلہ میں NHRC کو ایک عرضی تحریر کیجئے۔

## بنیادی فرائض

حقوق کی طرح ہمارے ذمہ چند ایک فرائض بھی ہوتے ہیں۔ یہ فرائض ہمارے اطراف و اکناف میں ہمارے ساتھ بسنے والے لوگوں سے متعلق ہوتے ہیں۔ ’’ہندوستان کے ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ

(a دستور کی پابندی کرے، قومی ترانہ اور قومی پرچم کا احترام کرے۔

(b جدوجہد آزادی کے باوقار تصورات پر عمل کرے اور انہیں عزیز رکھے۔

(c ہندوستان کی یکجہتی اور سالمیت کا تحفظ کرے۔

(d ملک کا دفاع کرے۔

(e ہندوستان کے مختلف لسانی اور مذہبی طبقات کے درمیان ہم آہنگی اور امن قائم کرے، خواتین کی اہانت سے باز رہے۔

(f قدرتی ماحول کی حفاظت کرے اور اسکو فروغ دے۔

(g ہمارے مشترکہ ثقافتی ورثہ کی قدر کرے اور اسکا تحفظ کرے۔

(h سائنسی مزاج، انسانیت، تحقیق اور اصلاح کے جذبوں کو فروغ دے۔

(i عوامی املاک کا تحفظ کرے۔

(j تمام میدانوں میں فوقیت اور سربلندی کی جدوجہد کرے۔

(k اپنے بچوں کو تعلیم سے آراستہ کرے۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

## کلیدی الفاظ

1۔ بنیادی حقوق 2۔ انسانی حقوق 3۔ مقدمہ
4۔ خطابات 5۔ آمرانہ اقدامات

## اپنے اکتساب کو بہتر بنائیں۔

1۔ ذیل میں سے کونسا بنیادی حق سے استفادے کا موقع نہیں ہے؟
(a بہار کے کامگار پنجاب کے کھیتوں میں کام کے لئے جاتے ہیں۔
(b مذہبی اقلیت کی جانب سے مدرسوں کو قائم کیا گیا۔
(c سرکاری دفتروں میں مرد و خاتون ملازمین کو یکساں تنخواہ ملتی ہے۔
(d والدین کی جائداد میں اولاد کو ترکہ دیا جاتا ہے۔

2۔ ہندوستانی شہریوں کو ذیل میں سے کونسی آزادی حاصل نہیں ہے؟
(a حکومت پر تنقید کرنے کی آزادی
(b مسلح بغاوت میں شرکت کرنے کی آزادی
(c کسی حکومت کو تبدیل کرنے کے لئے تحریک چلانے کی آزادی
(d دستور کے کلیدی اقدار کی مخالفت کرنے کی آزادی

3۔ ذیل میں کون سا جملہ جمہوریت اور حقوق کے درمیان تعلق کی بہتر وضاحت کرتا ہے؟ اپنے جواب کے لیے دلائل دیجیے۔
(a ہر جمہوری ملک اپنے شہریوں کو حقوق عطا کرتا ہے۔
(b جو ملک شہریوں کو حقوق عطا کرتا ہے جمہوری ملک ہوتا ہے۔
(c حقوق کا عطا کرنا اچھا ہے' مگر یہ جمہوریت کے لیے ضروری نہیں ہے۔

4۔ کیا آزادی کے حق پر ذیل کی پابندیاں جائز ہیں؟ اپنے جواب کے لئے دلائل پیش کیجئے۔
(a ملک کے دفاعی امور کے پیش نظر ہندوستانی شہریوں کو سرحدی علاقوں میں دورہ کرنے کے لئے اجازت لینی ضروری ہے۔
(b بعض علاقوں میں مقامی آبادیوں کے مفادات کے تحفظ کی خاطر غیر مقامی افراد کو جائداد کے خریدنے کی ممانعت کی جاتی ہے
(c حکومت نے ایک ایسی کتاب کی اشاعت پر پابندی عائد کردی جسکی وجہ سے حکمران پارٹی کو آئندہ الیکشن میں ہارنے کا اندیشہ ہے۔

5۔ اس باب کا اور گذشتہ باب کا مطالعہ کیجئے اور دستور میں دیئے گئے چھ بنیادی حقوق کی فہرست تیار کیجئے۔

6۔ کیا ذیل کے مواقع پر بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہورہی ہے؟ اگر ہورہی ہو تو کونسے حق یا حقوق کی؟ اپنے ساتھیوں کے ساتھ

SCERT TELANGANA

مباحثہ کیجئے۔

(a فرض کیجئے کہ ایک شخص کو اسکا جرم بتائے بغیر پولیس اسٹیشن میں چار دن سے حراست میں رکھا گیا؟

(b فرض کرو کہ آپ کا پڑوسی آپ کے زمین کے کچھ حصہ پر اپنا حق جتلا رہا ہے۔

(c فرض کرو کہ آپ کے والدین آپ کو اسکول جانے کی اجازت نہیں دے رہے ہیں۔ اور اسکے بجائے وہ آپ کو ایک دیاسلائی کے کارخانے میں کام پر روانہ کرنا چاہتے ہیں کیونکہ وہ آپ کی ضروریات کا بوجھ اٹھانے کی سکت نہیں رکھتے۔

(d فرض کیجئے کہ آپ کے بھائی نے والدین سے ترکہ میں ملی زمین میں آپ کا حصہ دینے سے انکار کردیا۔

7۔ فرض کیجئے کہ آپ ایک وکیل ہیں۔ آپ کے پاس چند لوگ ذیل کی درخواست لے کر آئے ہیں، آپ ان کے مقدمہ پر کیسے بحث کریں گے؟

''ہمارے علاقے کی دریا کارخانوں کے فضلے سے آلودہ ہورہی ہے۔ ہم اسی دریا سے پینے کے لئے پانی حاصل کرتے ہیں۔ اس آلودہ پانی کی وجہ سے گاؤں کے لوگ روز بروز بیمار ہوتے جارہے ہیں۔ ہم نے حکومت سے بھی شکایت کی لیکن اس سلسلے میں کوئی کاروائی نہیں کی گئی۔ یہ ہمارے بنیادی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے۔''

8۔ ''خطابات کی منسوخی'' عنوان کے تحت دیا گیا پیراگراف پڑھیے اور حسب ذیل سوال کا جواب دیجئے۔

ایوارڈ حاصل کرنے والا اسکو خطاب کے طور پر استعمال نہیں کرسکتا کیوں؟

9۔ حقوق کی خلاف ورزی کا کوئی ایک معاملہ جسے آپ جانتے ہوں بیان کیجیے؟

**مباحثہ:**

ہم اخبارات میں اپنے اطراف اکناف رونما ہونے والے خودکشی کے واقعات پڑھتے ہیں؟ کیا مسائل کا حل خودکشی ہے؟ بحث کیجیے۔

## منصوبہ

ایک تجربہ کار وکیل کو اپنے کمرۂ جماعت میں مدعو کیجئے اور ایک انٹرویو منعقد کرتے ہوئے حسب ذیل معلومات حاصل کیجئے۔

- بنیادی حقوق کی خلاف ورزی اور اس کے نتائج
- بچوں کے حقوق کی خلاف ورزی
- جمہوریت میں حصول حقوق کے لئے جدوجہد کے راستے
- اس سے متعلقہ دیگر معلومات

SCERT TELANGANA

باب
20

# خواتین کے حقوق اور حفاظتی قوانین

1۔ کیا آپ نے کبھی بچوں کی شادی دیکھی ہے؟ یا اس بارے میں سنا ہے؟
2۔ لڑکیوں اور عورتوں پر ہونے والے ظلم وستم، جبر کا کبھی مشاہدہ کیا ہے؟
3۔ روزمرہ زندگی میں عورتوں پر ہونے والے خوفناک ظلم مختلف قسم کے گھریلو تشدد کا مشاہدہ کیا ہے؟
4۔ لڑکیوں اور عورتوں پر ہونے والے اس قسم کے تشدد وظلم کو روکنے کے لیئے ہمیں کیا کرنا چاہیئے؟

عالمی سطح پر لڑکیاں اور خواتین چھیڑ چھاڑ اور تشدد کا سامنا کر رہی ہیں۔ اس کے اثرات دماغی اور جسمانی صحت پر مرتب ہوتے ہیں۔ اکثر خواتین آزادی سے گھومنے کی جسارت نہیں کرتی ہیں۔ اس طرح لڑکیاں اسکول جانے کے لیئے جھجک محسوس کرتی ہیں۔ عام طور پر نازیبا کلمات کہنا، چھیڑ چھاڑ، تذلیل کے واقعات ہمارے اطراف رونما ہوتے ہیں۔ ہم ان واقعات کو اخبارات اور ٹیلی ویژن پر دیکھتے ہیں۔ یہ واقعات بچوں پر تشدد اور خواتین کے حقوق کی پامالی کے ہیں۔ حکومت نے تشدد کے کنٹرول کے لئے کئی قوانین وضع کئے لیکن عوام ان قوانین سے ناواقف ہیں۔ متاثرہ افراد یہ بھی نہیں جانتے ہیں کہ وہ کہاں اور کیسے تحفظ اور مدد حاصل کریں؟

لڑکیوں اور خواتین کو ان کے لئے بنائے گئے حفاظتی قوانین کا شعور ہونا چاہیئے۔ تاکہ وہ اپنے آپ کو مختلف قسم کے تشدد اور بدسلوکی سے محفوظ رکھ سکیں۔ کیا ایسا نیٹ ورک یا میکانزم ہے جس میں خواتین رازداری سے اپنے پریشانیوں کا اظہار کر سکتی ہیں۔؟ کونسے مختلف ادارے (فورمس) ہیں جس سے خواتین اور لڑکیاں حفاظت کے لئے مدد لے سکتی ہیں۔ آیئے ہم اس پر اس باب میں بحث کریں۔

ہمارے سماج میں کئی طریقوں سے خواتین اور بچوں کے حقوق کی پامالی کی جارہی ہے۔ ان کے حقوق کو خاندانوں اور کام کے مقامات پر پامال کیا جاتا ہے؟ کب تک ان حقوق کی پامالی جاری رہے گی؟ ہمارے سماج کے رویے میں تبدیلی کی ضرورت ہے ورنہ حقوق کی پامالی خواتین اور بچوں کی مجموعی ترقی کے لیے تباہ کن ثابت ہوسکتے ہیں۔ بچوں اور خواتین کی آزادا اور پراعتماد زندگی کی طمانیت کے لئے حکومت کی جانب سے تدوین کئے گئے قوانین پر موثر عمل آواری ضروری ہے۔

اسی وجہ سے عورتوں اور بچوں کے تحفظ کے قوانین عمل میں لایا گیا ہے۔ یہ قوانین درج ذیل پر مشتمل ہیں۔

1۔ بچوں کی شادی پر امتناع کا ایکٹ 2006ء 2۔ غیر اخلاقی منتقلی پر امتناع کا ایکٹ 1956ء
3۔ جہیز امتناع ایکٹ 1961ء 4۔ بچوں کو جنسی استحصال سے تحفظ کا ایکٹ POCSO Act 2012
5۔ بچوں کی جیلوں میں انصاف پسندی کا ایکٹ 2015ء 6۔ بچہ مزدوری امتناع اور اصلاحات میں تبدیلیوں کا ایکٹ 2016

یہ قوانین بچوں اور عورتوں کا استحصال، تشدد، جنسی حملوں اور ڈرانے دھمکانے سے محفوظ رکھتے ہیں۔

1989ء میں ادارہ اقوام متحدہ (UNO) نے بین الاقوامی بچوں کا منشور پیش کیا جس پر 191 ممالک نے دستخط کئے۔ ہمارا ملک بھی ان میں سے ایک ہے۔ ان حقوق کا تعلق بلا امتیاز ہر کسی سے ہے۔ آیئے ہم ان میں سے چند حقوق پر نظر ڈالیں گے۔

## بچوں کے حقوق:

1۔ بلالحاظ جنس 18 سال سے کم عمر والے تمام افراد بچے ہیں۔
2۔ حکومت بچوں کے حقوق کا تحفظ کرتی ہے۔

SCERT TELANGANA

3۔ زندہ رہنے کا حق
4۔ حتی المقدور والدین کے ساتھ رہنے کا حق
5۔ معلومات کے حصول کا حق اور عالمی معلومات کی ریڈیو، اخبارات اور ٹیلی ویژن سے آگہی
6۔ تشدد اور ضرر رساں واقعات سے محفوظ رہنے کا حق
7۔ معذور بچوں کی ترقی کا زندگی کا اور خصوصی توجہ کا حق
8۔ اچھی صحت اور طبی نگہداشت کا حق
9۔ مادری زبان کے استعمال کا حق اپنے مذہب اور تہذیب پر عمل پیرائی کا حق
10۔ کھیلنے کا حق
11۔ تعلیم اور صحت کے حصول پر نقصان پہونچانے سے اجتناب کا حق
12۔ نقصاندہ ادویات کے استعمال تیار کرنے اور خریداری سے محفوظ رہنے کا حق
13۔ تکلیف دہ حالات میں نظرانداز کرنے پر مدد حاصل کرنے کا حق

بچوں، بڑوں اور ہر کسی فرد کو ادارہ اقوام متحدہ (UNO) کے بچوں کے حقوق کے اعلان نامہ سے واقفیت رکھنی چاہیئے ۔حکومت کو چاہیئے کہ وہ عوام کو اس کے متعلق آگاہ کریں۔

## بچوں کی شادی پر امتناع کا ایکٹ 2006

بچوں کی شادی پر امتناع کے قانون کے مطابق کسی لڑکے کو جس نے 21 سال کی عمر مکمل نہ کی ہو اور کسی لڑکی کو جس نے 18 سال کی عمر مکمل نہ کی ہو شادی کے لیے مجبور نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اگر کسی شادی کے معاملے میں دونوں فریق یا کوئی ایک فریق بھی بچہ کی تعریف میں آتا ہو تو اس کو بچوں کی شادی ہی سمجھا جائے گا




اگر کسی 21 سال سے زائد عمر والے مرد نے بچے کی شادی کا معاہدہ کیا ہو تو اس کو 2 سال کی قید اور ایک لاکھ جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ اسی طریقے کی سزا ان لوگوں کو بھی دی جائے گی جنہوں نے بچوں کی شادیوں کا اہتمام کروایا اور حوصلہ افزائی کی ہو اگر شادی کالعدم ہو جائے تب لڑکی کو 18 سال مکمل ہونے تک یا اس کی شادی ہونے تک لڑکے والوں کی جانب سے نان ونفقہ کے اخراجات ادا کرنے ہونگے۔ اگر لڑکا نابالغ ہو تب یہ اخراجات لڑکے کے والدین کو ادا کرنا پڑے گا اور شادی کے منسوخ ہونے پر تمام جہیز اور تحائف واپس کرنا ہوگا۔ جن بچوں کی شادیاں منسوخ کر دی جاتی ہیں ان کی نگہداشت حکومت کرے گی۔

### بچوں کی شادی کے نقصانات:

☆ کم عمری میں حمل ☆ لڑکیوں کی غیر قانونی خرید و فروخت کا اندیشہ
☆ کم عمر لڑکیوں پر خاندانی نظام کا بوجھ ڈالنا
☆ حمل ساقط کرنے کے واقعات میں اضافہ قبل از وقت بچوں کی پیدائش جس سے نہ صرف بچہ کی بلکہ ماں کی موت بھی ہو سکتی ہے۔
☆ معذور یا فوت شدہ بچوں کی پیدائش
☆ جسمانی اور دماغی مسائل ☆ تعلیم میں رکاوٹیں
☆ جسمانی نشوونما میں مسائل (بالخصوص لڑکیوں کے لئے) ☆ خاندانی کفالت کے لئے بچہ مزدوری کرنا

SCERT TELANGANA

## بچوں کی شادیوں کی روک تھام: ایک کامیاب کہانی

روی رائیلا کویتا ایک بارہ سالہ عمر کی لڑکی ہے۔ نچاریا اس کا باپ ہے۔ وہ محبوب نگر کے گاؤں رنگاریڈی سے تعلق رکھتے ہیں۔ کویتا اپر پرائمری اسکول میں ساتویں جماعت کی طالبہ ہے۔ وہ اسکول حاضر نہیں ہورہی تھی۔ کیونکہ اس کی شادی طئے کی گئی تھی۔ اس شادی کی اطلاع Mamidipudi Venkata Rangaiah Foundation (MVF) کو دی گئی۔ MVF کے سربراہ اور دیگر رضا کار بچوں کی شادی کی ممانعت سمیتی کے اراکین کے ساتھ کویتا کے گھر گئے اور بچوں کی شادی کے متعلق گاؤں کے بزرگ لوگوں کی موجودگی میں گفتگو کی گئی۔

اس کے بعد MVF کے اراکین مقامی پجاری سے رجوع ہوئے۔ مقامی پجاری نے کہا ''کویتا کے والدین اس کے پاس شادی کی تاریخ مقرر کرنے کیلئے آئے تھے تب اس نے لڑکی کا پیدائشی صداقت نامہ یا راشن کارڈ طلب کیا تب کویتا کے والدین نے کچھ نہیں بتلایا اور وہ پھر واپس پلٹ کر نہیں آئے۔ تفتیش کے دوران کارکنوں کو پتہ چلا کہ دُلہا دامیرلا چنا ستیم کی عمر 23 سال ہے۔ اس کے والد کا نام رامیا ہے۔ اس نے تحتانوی سطح کی تعلیم بھی حاصل نہیں کی۔

دو دن بعد جب MVF کے کارکن کویتا کے گھر پہنچے تب گھر کے تمام افراد شادی کی تیاریوں میں مصروف تھے۔ انہوں نے کویتا کے گھر والوں کو سمجھایا کہ ابھی شادی مت کریں اس عمر میں بچی کو پڑھنا چاہیئے اور وہ ابھی چھوٹی بچی ہے۔ سریتا کے والد نے کہا کہ ''آپ نے ہمیں سمجھایا ہے لیکن ہمیں اور ایک لڑکی ہے'' میں ان کی شادیوں کا انتظام کیسے کروں؟ کویتا کے ارکان خاندان رضا مند نہیں ہوئے، تب کارکن تحصیلدار، SI، CDPO کے پاس پہنچے اور تمام تفصیلات سے واقف کروایا۔ انہوں نے تمام معلومات گاؤں کے افراد کی موجودگی میں حاصل کیں تھیں مگر کویتا کے والد نے غیر شائشتہ انداز میں جواب دیا۔ ''میری لڑکی کی شادی کو روکنے والے آپ کون ہیں؟ اسی اثناء میں چند لوگ دلہے والوں کی جانب سے وہاں پہنچے اور کہا کہ ہم نے شادی کی مکمل تیاری کر لی ہے' اب آپ شادی کیوں روکنا چاہتے ہیں؟۔ SI نے سمجھایا کہ ''بچوں کی شادی کرنا ایک جرم ہے۔ اور کم عمر بچوں کی شادی کی ترغیب دینا بھی ایک جرم ہے۔ دلہا اور دلہن کے والدین کو سمجھانے کے بعد وہ رضامند ہوگئے اور انہوں نے شادی کو منسوخ کردیا اور اب کویتا کو پابندی سے اسکول بھیج رہے ہیں۔

☆ بعض دفعہ 15 سال سے کم عمر بچوں کی شادیاں ان کی رضامندی کے بغیر کی جاتی ہیں۔ ہم ان شادیوں کی روک تھام کیسے کرسکتے ہیں۔ کون ہماری مدد کرے گا؟

بچوں کی شادیوں کے تدارک کے لئے ضلع کی سطح پر کلکٹر، ڈیویژن سطح پر RDO، منڈل سطح پر تحصیلدار یا ICDS اور گاؤں کی سطح پر گرام پنچایت کے سکریٹری ذمہ دار ہوتے ہیں۔ بچوں کی شادی ہونے پر کوئی بھی شہری ان عہدیداروں کو شکایت یا اطلاع دے سکتا ہے۔ بعض دفعہ عدالت مستند اطلاعات پر فوراً ازخود اقدام (Suo-motu) کرتے ہوئے بچوں کی شادی کرنے والوں کو سزا دے سکتی ہے۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

کم عمر کی شادی یا گھریلو تشدد اور کسی بھی قسم کی ہراسانی ہونے پر مدد حاصل کرنے کے لئے ٹول فری نمبر بھومیکا ہلپ لائن 1800 425 2908 پر فون کریں۔ بچوں کی شادی روکنے کے لئے تحصیلدار اور گاؤں کے سکریٹری کو دوست، رشتہ دار، پڑوسی، اساتذہ اطلاع دے سکتے ہیں۔

SCERT TELANGANA

## The Immoral Trafficking (prevention) Act 1956 and amendment 2006

لڑکیوں اور خواتین کو نوکریوں کی فراہمی‘ تابناک مستقبل‘ سینما میں کرداروں کی پیشکش وغیرہ کا جھانسہ دے کر شہروں اور قصبات میں منتقل کیا جاتا ہے۔اور انہیں عصمت فروشی کے لئے فروخت کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ انہیں جبری طور پر راضی کرنے کے لئے مارا جاتا ہے اور جسمانی اذیتیں دی جاتی ہیں۔

عصمت فروشی کے لئے انکی غیر قانونی تجارت اور فروخت کرنا یا اس کی حوصلہ افزائی کرنا ایک قابل سزا جرم ہے۔اگر وہ اپنی مرضی سے بھی آئے تب بھی یہ جرم سمجھا جائے گا۔

### مختلف قسم کی غیر قانونی خرید و فروخت کی شکلیں:

**1۔ جنسی حملے**

a۔ جبری عصمت فروشی b۔ سماجی اور مذہبی عصمت فروشی

c۔ غیر اخلاقی مواد کا پڑھنا اور فحش تصاویر کا نظارہ کرنا

**2۔ غیر قانونی سرگرمیاں**

a) خریدے ہوئے بچوں کو ایذاء رسانی دیتے ہوئے بھیک مانگنے پر مجبور کرنا قانونی جرم ہے۔بعض دفعہ بچوں کے جسمانی اعضاء علحدہ کر کے انہیں معذور بنادیا جاتا ہے۔ پھر انہیں بھکاری بنادیا جاتا ہے۔

b) جسمانی اعضاء کو نکالنا اور اعضاء کی تجارت کرنا

c) خریدے ہوئے بچوں سے نشہ ور اشیاء کو فروخت کروانا

**3۔ مزدوری**

a) ویٹی (Vetti): نامناسب اجرت کو ادا کر کے کام لینا‘ تغذیہ بخش غذا اور کپڑوں کو مہیا نہ کرنا، ان سے غیر انسانی سلوک کرنا

b) گھریلو مزدور: کپڑے دھونا‘ نامناسب اجرتوں پر گھروں پر کام کرنا‘ برتن دھونا‘ صفائی کرنا اور پڑوسیوں کے کام کرنا

c) زرعی مزدور: زراعتی کاموں میں شامل کرنا اور زیادہ جسمانی کام کے لئے استحصال کرنا

d) تعمیری کام: برائے نام اجرت اور نامناسب غذا کے ساتھ مزدوروں کو عمارتوں‘ سڑکوں وغیرہ کی تعمیرات میں شامل کرنا وغیرہ

**☆ ایذا پسندانہ تفریح**

a) بچوں کو اونٹوں پر باندھنا اور تماشے کے لئے دوڑ کروانا

b) بغیر رضامندی کے شادی کرنا اور گود لینا

عام طور پر لوگ ناانصافی اور تشدد کو برداشت کرتے ہیں اور موزوں عہدیداروں کو اس کی اطلاع نہیں دیتے ہیں یا تشدد اور پریشانیوں سے بچنے کے لئے قانون کی مدد نہیں لیتے حالانکہ ایسے حالات میں متاثرین کو چاہیئے کہ مقامی پولیس اسٹیشن یا NGO کو حفاظت اور نگہداشت

SCERT TELANGANA

کے لئے اطلاع دیں۔

جبراً عصمت فروشی ایک جرم ہے ایسے عصمت فروش سیکس ورکر کہلاتے ہیں۔سیکس ورکر کے لئے بھی قوانین دستور میں ہیں۔تفتیش کے نام پر پولیس کوکوئی اختیار نہیں ہے کہ وہ انہیں مارے یا سزا دے۔سیکس ورکر کے ساتھ (قحبہ خانہ brothel) چلانے والوں کو بھی دو تا تین سال قید اور 10 ہزار روپیئے تک جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔اس کام کے لئے گھر یا کمرہ کو استعمال میں لانا یا کرایہ پر دینا بھی جرم ہے۔

کسی کو جنسی تعلق قائم کرنے کے لیے مجبور کرنا بھی قابل سزا جرم ہے۔

متاثرین کی کو بچانے اور ضروری طبی علاج کی فراہمی کے بعد انہیں مجسٹریٹ کے سامنے پیش کرنا چاہیئے۔ پوچھ تاچھ خواتین پولیس عہدیداروں یا غیر حکومتی تنظیموں (NGOs) کے اراکین کر سکتے ہیں اور ضروری اقدامات لے سکتے ہیں۔اگر متاثرین بچے ہو تب انہیں بالا سدن روانہ کرنا چاہیئے۔استحصال بالجبر سے رہائی پانے والے شخص کو متعلقہ حکومت مکمل تحفظ اور نگرانی فراہم کرے۔استحصال بالجبر سے چھٹکارا پانے والے افراد بچے ہو تب انہیں بچوں کی حفاظتی ہوم میں رہائش مہیا کی جا سکتی ہے جہاں پر ان کی تعلیم غذا اور صحت کا خاص خیال رکھنا چاہیئے

غیر اخلاقی تجارت کے لئے سزا سات سال قید بامشقت سے لے کر عمر قید ہوتی ہے۔اور ساتھ ساتھ جرمانہ عائد کیا جاتا ہے۔ضرورت لاحق ہونے پر پولیس عہدیدار کو بغیر وارنٹ کے کیس کی تفتیش کرنی چاہیئے اور ضروری تفصیلات اکٹھا کرنی چاہیئے اور ملزم کو سزا دلانا چاہیے۔

## قانون برائے جہیز کی ممانعت 1961:

اگر کوئی شخص جہیز دیتا ہو یا لیتا ہو یا اس کی حوصلہ افزائی کرتا ہو اس کو کم از کم پانچ سال کی جیل کی سزا اور 15 ہزار سے زائد جرمانہ ہو سکتا ہے۔




یہ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ شادی کے بعد دلہن کو ہراساں کیا جاتا ہے اور توہین کی جاتی ہے اور مارا جاتا ہے۔جو بعض وقت موت یا خودکشی کا باعث ہوتا ہے اس قسم کے تمام جرائم کا احاطہ اس ایکٹ میں کیا گیا ہے۔والدین شادی میں اشیاء اور دیگر چیزیں فراہم کر سکتے ہیں لیکن یہ اشیاء قانون کے مطابق ہونی چاہیئے۔

1۔ تحائف کی فہرست تیار کرنا

2۔ تحائف کا مطالبہ نہیں کیا جا سکتا

3۔ جو تحائف دیے جا رہے ہیں وہ ان کے تہذیبی اصولوں اور تمدن کے مطابق ہونے چاہیے۔تحائف کی قدر والدین کے معاشی رتبہ سے زائد نہیں ہونی چاہیئے اور یہ خاندان کے لئے بوجھ کا باعث نہ بنے۔

کیا آپ نے اپنے محلے میں کبھی جہیز کے لئے کسی عورت کو ہراساں کیے جاتے ہوئے دیکھا۔ انہیں کس طرح ہراساں کیا جاتا ہے۔آپ اس سے روکنے کے لئے کیا مشورہ دیں گے کون اس کا ذمہ دار ہوگا؟

SCERT TELANGANA

جب اس طریقے کا تشدد رونما ہوتب متاثرہ خود یا اس کے والد، بھائی اور رشتہ دار مقامی پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کرواسکتے ہیں۔

## گھریلو تشدد سے عورتوں کی حفاظت

ہمارے دستور نے تمام شہریوں کو باوقار زندگی گذارنے کا حق عطا کیا ہے۔عورتیں بھی ملک کی شہری ہیں۔ باوقار زندگی کا مطلب عورتوں کو ہراساں، بے عزت اور شرمسار نہیں کیا جانا چاہیئے۔عورتوں کے کام کی عزت کی کرنی چاہیئے۔ اور ایسا ماحول پیدا کرنا چاہیئے جس سے عورتیں اپنے حقوق سے لطف اندوز ہو پائیں۔خواتین مساویانہ حقوق سے محفوظ نہیں ہورہی ہیں اور بعض سرگرمیاں و برتاؤ جوان کے اقدار اور عزت نفس کو مجروح کرتے ہیں ان کی شروعات خاندان سے ہوتی ہے۔خواتین کے وقار کو کچلنے کے لئے تشدد افعال خاندانوں میں رونما ہورہے ہیں۔خواتین کی ترقی کے لئے ایسی سرگرمیاں تباہ کن ہیں۔

ان سرگرمیوں کا دائرہ کار مختلف ہوتا ہے۔اور یہ عالمی سطح پر خواتین کی ترقی ایک بڑا چیلنج ہے۔پچھلے دودہوں میں رونما ہوئے خواتین کی تحریکات کے مطابق گھریلو تشدد انفرادی طور پر یا خاندانوں تک محدود نہیں ہوتا ہے بلکہ اس کے پس پردہ مخصوص سیاست ہوتی ہے۔خواتین کے مظاہرے اور تحریکات کے بعد مختلف مخصوص قوانین وضع کیے گئے ہیں۔ان قوانین پر نیک جذبے اور سنجیدگی کے ساتھ عمل آوری نہیں ہورہی ہے خواتین کے قوانین کو نافذ کرنے والے عملے جیسے پولیس اور دیگر مددگار انجمنوں کی موثر نگرانی کرتے ہوئے ان میں حساسیت اور شعور بیدار کرنا چاہیئے۔

قومی اور بین الاقوامی حکومتوں نے خواتین پر تشدد کے تدارک کے خصوصی اعلان نامے اور قراردادیں منظور کی ہیں جبکہ خاندان اور سماج میں ہر تشدد واقعات ہورہے ہیں۔اس اعلان نامے میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ حکومتی خواتین کی ترقی کے اقدامات کریں۔ ہندوستانی حکومتیں اس اعلان نامے پر دستخط کرتے ہوئے تسلیم کرنے والے ملکوں میں شامل ہوگئی۔

> ☆ کبھی کبھار ہونے والے گھریلو تشدد کے واقعات آہستہ آہستہ ایک بری عادت بن رہی ہے۔تشدد مزید تشدد کو بڑھاوا دیتا ہے۔اس کی روک تھام ہم کیسے کرتے ہیں؟ اور کون ہماری مدد کرے گا؟

### اہم قراردادیں:

☆ حکومت کو شادی کے معاملات اور خاندانی تعلقات میں امتیاز کے خاتمہ کے لئے موثر اقدامات کرنے چاہیے۔

☆ مرد و خواتین کو خاندانی جائیداد اور اس کے انتظامات کے معاملات میں مساوی حقوق رکھنا چاہیے۔

**Beijing کے اعلان نامہ اور لائحہ عمل میں حسب ذیل امور پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔**

☆ خواتین پر تشدد مردوں کے مقابلے میں خواتین کا رتبہ کم ہونے کا ایک سبب ہے۔زیادہ تر خواتین اور لڑکیاں خاندانوں اور گھریلو ماحول میں تشدد کا سامنا کرتی ہیں۔اور یہ امور بیرونی طور پر ظاہر نہیں کیے جاتے ہیں۔گھریلو تشدد کی نشاندہی کرنا بہت ہی مشکل کام ہے۔

☆ حکومت کو چاہیے کہ وہ تشدد کی نشاندہی کے لئے مناسب اقدامات کرے متاثرین کی حفاظت کا انتظام کرے اور مجرموں کو سزائیں دے۔



SCERT TELANGANA

☆ تمام قانونی اور عدالتی نظام تک کو گھریلو تشدد سے متاثرین کی رسائی کو ممکن بنائیں ایسی معلومات جو کہ حفاظتی اقدامات اور قانونی امداد کے متعلق ہوں انہیں عوام تک پہونچائے۔

لاکھوں خواتین اور بچے گھریلو تشدد سے زخمی ہوکر علاج کرواتے ہیں لیکن ان میں سے اکثریت ان باتوں کا اظہار نہیں کرتی اور یہ عالمی سطح پر تمام اقوام، نسلوں اور مذاہب میں پھیلا ہوا ہے۔ اب تک بھی یہ تصور کیا جاتا ہے کہ ان کا تعلق گھریلو معاملات سے ہے جو چار دیواری میں انجام پاتے ہیں۔

## گھریلو تشدد۔غلط تصورات اور حقائق

**غلط تصور:** والدین اپنے بچوں کو سزا دیتے ہیں اور اس کو کوئی بڑا مسئلہ تصور نہیں کرتے ہیں۔

**حقیقت:** گھریلو تشدد بتدریج شروع ہوتا ہے اور اگر اس کی مخالفت نہ کی جائے تب یہ روزمرہ کی عادت بن جاتا ہے۔ بعض دفعہ متاثرین علاج کے لئے دواخانوں میں شریک ہوتے ہیں اور اپنی زندگی کھودیتے ہیں۔ اور انکے وقار اور خود اعتمادی کو پارہ پارہ کر دیتے ہیں۔

**غلط تصور:** الکوہل کے استعمال کا عادی ہونے کو گھریلو تشدد کا اہم سبب مانا جاتا ہے۔

**حقیقت:** صرف الکوہل کا استعمال ہی گھریلو تشدد کا اہم سبب نہیں ہوتا ہے بلکہ اعداد و شمار کے مطابق 40 فیصد مرد اپنی بیویوں کو بغیر شراب نوشی کے مارتے ہیں۔

**غلط تصور:** خواتین کو بچوں کی خاطر تشدد کو برداشت کرنا چاہیے۔

**حقیقت:** تشدد مزید تشدد کی جانب مائل کرتا ہے۔ بچے تشدد کے ماحول میں نشوونما پاکر مستقبل میں تشدد پسند بن سکتے ہیں۔

**غلط تصور:** گھریلو تشدد سے باہر نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔

**حقیقت:** تشدد سے عاری ماحول کا پایا جانا ہر عورت کا پیدائشی حق ہے۔ خواتین کے لئے حفاظتی قوانین موجود ہیں اور ہر فرد کو ان سے مدد لینی چاہیے۔

## گھریلو تشدد کی قسمیں

☆ جنسی استحصال: (فحش فلموں کا نظارہ کرنا، فحش فلمیں بنانا)

☆ جسمانی استحصال: (ایسا فعل جس سے جسم کو ضرر پہونچے، مارنا اور اذیتیں دینا)

☆ زبانی اور جذباتی استحصال: (شرمسار کرنا، توہین آمیز کلمات سے مخاطب کرنا، یا مذاق اڑانا گفتگو ترک کرنا اور نظرانداز کرنا)

☆ ذہنی استحصال یا اذیتیں (ضرر پہونچانے کی دھمکی دینا، لڑکیوں کو تعلیم حاصل کرنے سے روکنا، نوکری کرنے سے روکنا یا اس فرد سے جبری شادی کرنا جس کو وہ پسند نہیں کرتی ہوں)

☆ معاشی استحصال: (معاشی یا مالی وسائل سے محروم کرنا، عورتوں کی دولت کا استعمال کرنا، ان کی جائیداد کو فروخت کر دینا)

## کس سے شکایت کریں:

گھریلو تشدد سے متاثرین اپنی شکایت پولیس عہدیداروں یا عدالتی اتھاریٹی جیسے کہ فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے شخصی طور پر، فون پر یا ای میل پر درج کرواسکتے ہیں۔ جب اس قسم کا تشدد انجام پاچکا ہو یا ہو رہا ہو یا پھر ہونے والا ہو تب بھی شکایتیں درج کروائی جاسکتی ہیں۔ اگر متاثرہ زخمی ہو تب اسے علاج کے لئے روانہ کیا جاتا ہے۔ اور طبی رپورٹ پولیس اسٹیشن اور مجسٹریٹ کو پیش کی جاتی ہے۔



SCERT TELANGANA

## جنسی حملے اور ہراسانی

حال ہی میں مرکزی حکومت نے جنسی حملے اور چھیڑ چھاڑ کے تدارک کے لئے سفارشات پیش کرنے کے لئے جسٹس ورما کمیٹی کا تقرر کیا ہے۔اس کمیٹی کی سفارشات کو پیش نظر رکھتے ہوئے عزت مآب صدر جمہوریہ ہند نے 2 فروری 2013ء کو آرڈیننس (حکم نامہ) جاری کیا۔ اس ضمن میں مرکزی حکومت نے ''فوجداری ترمیمی قانون۔2013 (نربھئے ایکٹ) منظور کیا۔ یہ قانون 3/اپریل 2013ء سے نافذ العمل ہے۔اس آرڈیننس کے اہم خصوصیات یہ ہیں۔

☆ کم از کم 20 سال کی سزا

☆ متاثرین کی شکایات کے اندراج کے لئے محکمہ پولیس میں خواتین کے تقررات

☆ یہ ضروری نہیں ہے کہ متاثرہ شخصی طور پر پولیس عہدیداروں کے سامنے پیش ہوں۔

☆ خواتین پر ایسڈ سے حملہ کرتے وقت جدوجہد کے دوران مجرم مارا جائے تو بھی خاتون کو سزا نہیں ہوگی

☆ متاثرہ کی درخواست پر شکایت اور مقدمہ کے وقت ویڈیو گرافی کی گنجائش موجود ہے۔

## لوک عدالت:

لوک عدالت کا مطلب عوام کی عدالت ہے قانون کے نزدیک تمام افراد مساوی ہیں۔ہندوستانی دستور کی دفعہ 39-A میں لوک عدالت کے ذریعے تنازعات کے تصفیہ کے لئے مختلف گنجائشات رکھے گئے ہیں۔یہ ایسا قانون ہے جو سماج کے کمزور طبقوں کو مفت اور مناسب قانونی امداد مہیا کرنے کے لئے عہدیداروں کو نامزد کرتا ہے۔اس کو یقینی بنانا چاہیئے کہ کوئی شہری کو معاشی یا دیگر کمزوری کے سبب انصاف کے حصول کے مواقع سے محروم یا انکار نہ کر دیا جائے۔مساوی مواقع کی بنیاد پر انصاف کو پروان چڑھانے کے لئے لوک عدالت منظّم کیا جاتا ہے۔

حسب بالا کے علاوہ مزید ایک قانون تدوین کیا گیا ہے جسے ''عدالتی خدمات کی اتھاریٹی کے قانون'' سے موسوم کیا گیا ہے یہ ایک مرکزی قانون ہے۔ریاستی حکومت اور ہائیکورٹ مشترکہ طور پر اس قانون کے مطابق خصوصی اصول مدون کرتے ہیں۔

### کون قانونی و عدالتی مدد کے حقدار ہیں۔

☆ ایسے شہری جن کا تعلق درج فہرست طبقات اور قبائل سے ہوں۔

☆ غیر اخلاقی انسانی تجارت کے متاثرین، گداگر، خواتین، بچے ذہنی اور جسمانی معذورین

☆ قدرتی آفات کے متاثرین، زرعی اور صنعتی مزدور' گھریلو تشدد کے متاثرین اور ذات پات کے تشدد سے متاثر افراد

☆ ایسے شہری جن کی سالانہ آمدنی 50 ہزار سے کم ہوں۔

کوئی شخص امداد حاصل کرنے کے لئے ڈسٹرک عدالت میں عدالتی خدمات اتھاریٹی سے یا ہائیکورٹ میں عرضی داخل کرسکتا ہے ذیل میں دیئے گئے پتوں پر:

1. **Secretary**
*District Judicial Services Autority*
*District Court Premises*

2. **Member Secretary**
*State Judicial Services Authority*
*High Court Premises, Hyd. 500066*

SCERT TELANGANA

## عدالتی مدد کے طریقے:

☆ ایڈوکیٹ بغیر کسی فیس کے مشورے دیتا ہے۔
☆ مقدمات کی تصدیق کے بعد ضرورت پڑنے پر شکایت گذار کے لئے وکیل کا تقرر کیا جاتا ہے۔ اور مقدمات عدالت میں پیش کئے جاتے ہیں۔
☆ حکومت عدالتی اخراجات اور فیس برداشت کرتی ہے،
☆ عرضی داخل کرنے والے کو مفت میں ہی مقدمہ کے فیصلے کی زیراکس کاپی مہیا کی جائے گی۔

انسانی حقوق سے لطف اندوز ہونے اور ان قوانین پر موثر عمل آواری کے لئے معلومات کی آ گہی اور شعور کا ہونا ضروری ہے۔ تب ہی انسانی حقوق کے تجویز کردہ قوانین کے مقاصد تکمیل پائیں گے اور ہر کوئی باعزت اور پُر وقار زندگی بسر کر سکے گا

### کلیدی الفاظ

1۔ جہیز 2۔ گھریلو تشدد 3۔ لوک عدالت 4۔ جنسی حملے 5۔ جبری عصمت فروشی

### اپنے اکتساب کو بڑھایئے۔

1۔ بچوں کی شادیوں کے نقصانات کیا ہیں؟
2۔ کیوں گھریلو تشدد عام ہو چکا ہے اس کی کون کون سی صورتیں ہوتی ہیں؟ اس کے وجوہات کی نشاندہی کیجئے؟
3۔ آپ لڑکیوں اور خواتین کے مختلف مسائل کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ کیا آپ نے اس میں سے کسی ایک مسئلہ کا اپنے علاقے میں مشاہدہ کیا ہے؟ اگر کیا ہے تو ہمیں کیا کرنا چاہیئے؟
4۔ حکومت کی جانب سے مختلف قوانین وضع کئے جاتے ہیں؟ اس پر موثر عمل آواری کے لئے آپ کیا تجاویز پیش کرینگے؟
5۔ عورتوں کو درپیش مسائل پر ایک مضمون لکھئے؟
6۔ فرض کیجئے کہ آپ تحصیلدار ہیں۔ آپ کس طرح بچوں کی شادیوں کی روک تھام کریں گے۔ بیان کیجئے؟
7۔ خواتین کو درپیش مسائل کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے ایک ورقیہ تیار کیجیے۔
8۔ صفحہ 260 پر ''جنسی حملے اور ہراسانی'' کے بارے میں پیراگراف پڑھ کر اظہار خیال کیجیے۔

### بحث ومباحثہ:

1. کیا آپ نے کبھی 18 سال سے کم عمر لڑکیوں اور 21 سال سے کم عمر لڑکوں کی شادیاں ہوتے ہوئے دیکھا ہے؟ اپنے علاقے میں رونما ہونے والے ایسے واقعات پر مباحثہ کیجیے۔ کیا آپ بچپن کی شادیوں کی تائید کریں گے؟ کیوں؟/ کیوں نہیں؟ احتیاطی تدابیر وضاحت کیجیے۔
2. گھریلو تشدد کے مختلف طریقے کونسے ہیں؟ چند واقعات کے متعلق کمرہ جماعت میں بحث کیجیے۔ گھریلو تشدد کے اثرات خاندان اور سماج پر کس طرح مرتب ہوتے ہیں اور گھریلو تشدد کو کس طرح روکا جاسکتا ہے؟
3. شراب نوشی آج کے دور کی عادت بن چکی ہے؟ کئی لوگ شراب کے عادی ہو چکے ہیں؟ ایسے افراد کے خاندانی حالات پر مباحثہ کیجیے۔ بچوں اور دیگر افراد کو یہ کیسے متاثر کرتی ہے؟ اگر آپ ایسے خاندان کا حصہ ہوں تو آپ کیا کریں گے؟

### منصوبائی کام

حکومت غریبوں کو عدالتی مدد کے لئے کونسے سہولیات فراہم کرتی ہے؟ ایک وکیل سے رجوع ہو کر معلومات حاصل کیجئے۔



SCERT TELANGANA

باب
21

# تباہیوں سے نمٹنا Disaster Management

## انسانی محرکات کی بناء پر ہونے والی تباہیاں:

قدرتی آفات حقیقتاً کس حدتک قدرتی ہوتے ہیں؟ کیا آپ نے کبھی اس سوال کا تجزیہ کیا ہے؟ آیئے ہم ممبئی میں آنے والے سیلاب کی مثال لیتے ہیں۔اس سے ہونے والی جانی ومالی تباہی کا بنیادی سبب کیا ہے؟ کیا صرف کثرت بارش کی وجہ سے اس قدر شدید تباہی ہوئی ہے؟ نہیں! اس کے علاوہ دیگر کئی اسباب اس تباہی کا سبب بنے ہیں۔ان میں چند یہ ہیں۔

a) شہروں کا غیر منظّم پھیلاؤ
b) پانی کے نکاسی کی مناسب سہولت نہ ہونا
c) آبادی میں کثرت سے اضافہ ہونا وغیرہ

مندرجہ بالا اسباب پر غور کریں تو پتہ چلتا ہے کہ یہ تمام انسانی محرکات ہیں اور اگر ہم ان کے تئیں احتیاط برتیں تو ان تباہیوں کو روکا جاسکتا ہے لہذٰا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ قدرتی آفات اور تباہیاں ہمیشہ قدرتی نہیں ہوا کرتی ہیں بلکہ ان کے پس پردہ انسانی محرکات بھی کارفرما ہوتے ہیں۔

ایسی تباہیاں جو انسانی لاپرواہیوں یا کسی فرد یا گروہ کی جانب سے قصداً برپا کی گئی ہوں ''انسانوں کی برپا کردہ تباہیاں'' کہی جاسکتی ہیں۔ جسکی بناء پر بے شمار انسانی جانوں کا اتلاف اور ملک کی معیشت اور پیداواری صلاحیت کا طویل مدتی نقصان ہوتا ہے۔

آیئے دیکھتے ہیں کہ انسانوں کے ذریعے برپا ہونے والی تباہیاں کیسے ہوتی ہیں۔

### حادثوں سے متعلق تباہیاں:

سڑک اور ریل کے حادثات اور فضائی حادثات کے ذریعے ہونے والی تباہیاں اکثر درپیش ہوتی ہیں۔بہتر حمل ونقل کے لئے بچھایا گیا سڑکوں کا وسیع جال، اور موٹر گاڑیوں کثرت کے نتیجے میں مسافروں اور مال برداری میں بھی بے تحاشہ اضافہ ہوا ہے۔اور اسکے ساتھ حالیہ برسوں میں سڑک حادثات اور ہلاکتیں بھی کافی بڑھ گئی ہیں۔

صرف ہندوستان میں ہی ہر سال 80 ہزار لوگ سڑک حادثات میں مارے جاتے ہیں۔ جو ساری دنیا میں ہونے والے سڑک حادثات کے اموات کا 13% ہیں۔مزید یہ ان حادثات میں مرنے والوں کی نصف تعداد 15-44 سال کے جوان العمر لوگوں پر مشتمل ہوتی ہے جو عموماً اپنے خاندان کے واحد کفیل ہوتے ہیں۔اکثر معاملات میں یہ حادثے لاپرواہی، تھکن، ٹرافک قوانین کی خلاف ورزی، نشے کی حالت میں گاڑی چلانے، گاڑیوں کی نامناسب دیکھ بھال اور اسکے علاوہ راہ گیروں اور مسافروں کی بڑھتی تعداد اور خراب موسم کی بناء پر ہوتے ہیں۔جسکی وجہ سے ہلاکتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔2000ء کے اعداد وشمار کے مطابق حادثات کی وجہ سے خام گھریلو پیداوار (GDP) کا 3% نقصان ہوتا ہے۔اس لئے سڑک حفاظتی تعلیم زندگی کے بقاء کے لئے دیگر مہارتوں کی طرح نہایت ضروری ہے۔ملک بھر میں جنوری 2006ء میں سڑک حفاظتی ہفتہ منایا گیا۔جس کا اہم مقصد اور نعرہ تھا کہ ''تحفظ سڑک کا مطلب حادثے نہ ہونا ہے''


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

ذیل میں ان حادثات سے بچنے کے لئے کچھ کرنے اور کچھ نہ کرنے کے امور دیئے گئے ہیں۔اسکول کو آتے اور جاتے وقت یا بس وغیرہ میں سفر کرتے وقت ان پر عمل کریں۔

یہ اہم نہیں ہے کہ آپ کتنے بڑے ہیں، بلکہ اہمیت کی بات یہ ہے کہ آپ ٹرافک کے قوانین سے واقف ہوں جو آپ کے اور آپ کے عزیز و اقارب کے تحفظ اور سلامتی کے لئے بنائے گئے ہیں۔

| ان باتوں کا اپنانا (Do's) | ان باتوں سے گریز کرنا (Dont's) |
|---|---|
| گاڑی اسی وقت چلائیے جب کہ آپ کے پاس قانونی لائسنس ہو اور آپکی عمر 18 سال ہو چکی ہو۔ | سڑک پر چلتے وقت بے صبری اور جلدی مت کیجئے۔اور سڑک پر مت دوڑیئے۔ |
| ہمیشہ فٹ پاتھ پر چلیئے۔جن سڑکوں پر فٹ پاتھ نہ ہوں سڑک کے بالکل بائیں جانب سے چلیئے۔ | کسی موڑ پر سڑک عبور مت کیجئے کیونکہ کوئی گاڑی والا سڑک پر مڑتے وقت آپ کو دیکھ نہیں پائے گا۔ |
| زیبرا کراسنگ یا ٹرافک سگنل کے پاس سے سڑک پار کیجئے۔ جہاں یہ سہولت نہ ہو کسی محفوظ مقام سے سڑک پار کیجئے اور اس سے پہلے دونوں جانب دیکھ لیجئے۔ | کسی بس یا رکشا کو پکڑنے کے لئے مت دوڑیئے۔اس سے آپ کے گرنے کا خدشہ رہتا ہے۔وقت سے پہلے گھر سے نکلئے۔ |
| سڑک کے اشاروں سے واقفیت حاصل کیجئے اور انکا احترام کیجئے۔ | مدرسے کی مقررہ بس کے علاوہ کسی دوسری بس پر سوار مت ہوئیے۔ |
| بس اسٹاپ پر پانچ منٹ پہلے پہونچیے اور بس رکنے کے بعد بغیر دھکم پیل کے قطار بنا کر بس میں سوار ہوجائیے۔ | بس میں شور وغل مت مچائیے۔اس سے ڈرائیور کی توجہ میں خلل پڑ سکتا ہے۔ |
| اگر بس میں کھڑے ہو کر سفر کرنے کی نوبت آجائے تو بس کے ڈنڈے (ریلنگ) وغیرہ کو تھامے رہیے۔ | بس کے فٹ بورڈ پر مت ٹھہریئے اور نہ وہاں بیٹھیے۔ |
| اگر آپ موٹر سائیکل چلا رہے ہوں تو ہیلمٹ کا استعمال کیجئے تا کہ آپ کا سر محفوظ رہے۔ | کسی چلتی گاڑی یا ٹھہری ہوئی گاڑی کے باہر ہاتھ، پیر یا سر مت نکالئے۔ |
| بس سے اترتے وقت اپنے کپڑوں، بیگ کے فیتوں وغیرہ کا خیال رکھئے۔وہ بس کے دروازے وغیرہ میں الجھ سکتے ہیں۔ | اگر آپ کی کوئی چیز بس سے گر جائے تو ڈرائیور سے کہئے۔بنا کہے اٹھانے کی کوشش نہ کیجئے، ڈرائیور آپ کو دیکھے بغیر گاڑی چلانا شروع کرسکتا ہے۔کسی گاڑی کو عبور کرنا ہو تو اسکے آگے سے نکلئے، اسکے پیچھے سے مت عبور کیجئے۔ |

مندرجہ لوگوں کو گاڑی نہیں چلانا چاہیے جو

- شراب/کوئی نشہ آور شئے پیئے ہوئے ہوں۔
- ایسی دوا استعمال کئے ہوں جو انکے ردعمل کو متاثر کرتی ہو۔
- تھکے ہوئے ہوں۔کیونکہ تھکن کی وجہ سے گاڑی چلانے کی مہارت پر اثر پڑتا ہے اور ردعمل کے اظہار میں تاخیر ہوتی ہے۔
- بیمار یا زخمی ہوں
- غصہ کی حالت میں یا پریشانی کی حالت میں ہوں۔

SCERT TELANGANA

انسانوں کی زندگی کے تحفظ سب سے اہم ہے اس میں کوئی دورائے نہیں ہونا چاہئے۔ آپ بہ حیثیت ایک طالب علم، رضا کارانہ طور پر سڑک تحفظ کے معاملے میں لوگوں میں شعور بیدار کرتے ہوئے، حادثاتی اموات کی تعداد کو گھٹانے میں حیرت انگیز رول ادا کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کسی متاثرہ شخص کو دیکھیں تب آپ 108 پر کال کر سکتے ہیں یا کسی پولیس اہلکار یا مقامی افراد کی مدد حاصل کریں اور اگر ضروری ہو تو طبی امداد فراہم کرنے کے لئے درخواست کریں۔

## ریل حادثات:۔

ابتدائی دور میں کم رفتاری، مختصر سفر اور کم ٹرافک کی وجہ سے ریلوے حمل و نقل محفوظ تھا۔

دنیا بھر میں ریلوے کے جال کی وسعت کے ساتھ ہندوستان میں بھی ریلوے حادثات میں اضافہ ہوا۔ ریلوے حادثوں کی سب سے عام قسم گاڑی کا پٹری سے اتر جانا ہے۔ جو عموماً مناسب دیکھ بھال نہ ہونے، انسانی کوتاہیوں یا کسی سازش کے نتیجے میں رونما ہوتا ہے۔ ان حادثات کی وجہ سے بے شمار لوگ ہلاک ہوتے ہیں اور اکثر زخمی یا معذور ہو جاتے ہیں۔ ریلوں میں آتش گیر مادے مثلاً کوئلہ، تیل وغیرہ کے حمل و نقل سے بھی حادثات رونما ہوتے ہیں۔

ایسے ہی ایک حادثہ میں یکم ڈسمبر 2006ء کی صبح کو بہار کے بھاگل پور ضلع میں 35 لوگ مارے گئے جہاں 150 سال قدیم شمی الٹا پل غیر مناسب دیکھ بھال کی وجہ سے منہدم ہو کر ہوڑہ۔ جمال پور سپر فاسٹ ٹرین پر گر پڑا۔

ایسے خوفناک اور رونگٹے کھڑے کر دینے والے واقعات و حادثات کے بارے میں ہم آجکل بھی سنتے رہتے ہیں۔ آیئے اس طرح کے حادثات کی روک تھام کرنے کے لئے چند حفاظتی اقدامات کی شناخت کرنے کی کوشش کریں گے۔



شکل 21.1 ریل حادثہ

**ان باتوں کو اپنانا**

☆ ریلوے کراسنگ کے پاس اور ریل اشارے اور گیٹ پر توجہ دیں۔

☆ اگر کراسنگ بغیر نگران کار کے ہو تو اپنی گاڑی سے اتر کر پٹریوں پر دونوں جانب اچھی طرح دیکھ لیں کہ کوئی ٹرین تو نہیں آ رہی ہے۔

TELANGANA

## ان باتوں سے گریز کرنا

☆ اشارے کی رکاوٹوں کے نیچے سے نکل کر پٹریوں کو عبور مت کیجئے۔
☆ ٹرین کو کسی پل پر یا کسی سرنگ میں مت ٹھہرائیں جہاں سے فوری نکلنا دشوار ہوتا ہے۔
☆ آتش گیر مادے لے کر سفر نہ کریں۔
☆ ٹرین میں سفر کرتے وقت دروازے میں نہ کھڑے ہوں اور وہاں سے باہر جھک کر دیکھنے کی کوشش نہ کریں۔
☆ کسی ٹھہری ہوئی یا چلتی ٹرین سے اپنے ہاتھ، پیر اور سر باہر نہ نکالیں۔
☆ ٹرین میں سگریٹ نوشی نہ کریں۔ اور اگر کوئی ایسا کر رہا ہو تو اس سے سگریٹ نوشی نہ کرنے کی درخواست کریں۔
☆ ریل کی پٹریوں پر نہ چلیں پٹریوں کو عبور کرنے یا ایک پلاٹ فارم سے دوسرے پلاٹ فارم پر جانے کے لئے فٹ برج کا استعمال کریں
☆ مشتبہ چیزوں کو نہ چھوئیں۔ پٹریوں یا ریلوے کے احاطے میں نہ کھیلیں۔ وہاں اچانک کوئی ریلوے کار آسکتی ہے اور لوگوں کو غیر متوقع طور پر زخمی کرسکتی ہے۔
☆ ٹرین پر کوئی چیز نہ پھینکیں۔ اس سے مہلک زخم لگنے اور جان جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔

## فضائی حادثے

ایر انڈیا کا جہاز کنشکا 182 پرواز کے دوران 23 جون 1985 ء کو بم دھاکہ سے تباہ ہوگیا۔ اس وقت یہ جہاز مونٹریال۔ لندن۔ دہلی۔ ممبئی کے لئے پرواز کر رہا تھا کہ آئرلینڈ کے ساحل پر دھاکے سے تباہ ہوگیا۔ اور بحر اوقیانوس میں جا گرا۔ تمام 307 مسافرین اور جہاز کے 22 ملازمین (Crew) ہلاک ہوگئے۔

بشمول ہندوستان دنیا بھر میں ہوائی حادثات کی کثرت ہوتی جارہی ہے۔ ہوائی سفر کے دوران مسافرین کی سلامتی کے لئے کئی عوامل ذمہ دار ہوتے ہیں جیسے جہازوں کی تعداد، تکنیکی مسائل، آگ لگنے کا مسئلہ، جہاز کے اترنے اور اڑان بھرنے کے معاملات، وہ ماحول جس میں جہاز کو اڑان بھرنا ہوتا ہے یعنی طوفان، باد و باراں یا پہاڑی خطے وغیرہ۔ اس کے علاوہ ہائی جیک یا بم حملوں وغیرہ سے بچاؤ کے لئے ایر پورٹ سیکوریٹی نظام وغیرہ بھی مسافرین کی سلامتی کے لئے ذمہ دار ہیں۔


شکل 21.2 : فضائی حادثہ

SCERT TELANGANA

اس سلسلہ میں چند احتیاطی اقدامات کو ذیل میں دیا گیا ہے۔ ہوائی جہاز میں سفر کے دوران آپ کو چاہئے کہ چند امور کو یاد رکھیں۔

- ہوائی جہاز کے عملہ کی جانب سے حفاظتی تدابیر کے مظاہرہ کے دوران توجہ دیں۔
- حفاظتی ہدایات پر مبنی پرچہ کو غور سے پڑھیں جو آپ کی نشست کے جیب میں رکھا ہوتا ہے۔
- قریب ترین ہنگامی راستہ سے واقفیت حاصل کیجئے اور معلوم کیجئے کہ ہنگامی حالات کے دوران اسے کیسے کھولا جاسکتا ہے۔
- جب آپ اپنی نشست پر بیٹھے ہوں تو ہمیشہ سیٹ بیلٹ باندھے رکھئے۔

**اگر خدانخواستہ آپ کسی فضائی حادثے کا شکار ہوجاتے ہیں تو مندرجہ ذیل امور کو یاد رکھئے۔**

- پرسکون رہئے۔ جہاز کے عملہ کی جانب سے دیئے جانے والی ہدایات کو غور سے سنئے اور عمل کیجئے۔ جہاز کے عملہ کا سب سے اہم ترین فرض آپ کی مدد کرنا ہے۔
- اگر آپ کو کسی ہنگامی دروازے کو کھولنا پڑے تو کھولنے سے قبل باہر کی جانب دیکھ لیجئے کہ کہیں آگ تو نہیں لگی ہوئی ہے۔ اگر آگ لگی ہو تو دروازے کو مت کھولئے ورنہ آگ جہاز کے اندر کے حصہ میں بھی پھیل سکتی ہے۔ کسی اور دروازے کو استعمال کرنے کی کوشش کیجئے۔
- دھواں اٹھنے پر بھی محتاط رہئے۔ جہاز کے کیبن میں دھواں اٹھ رہا ہو تو آپ نیچے بیٹھ جائیے۔ جہاز کے فرش پر موجود ایمرجنسی لائٹس کی قطار کے تعاقب میں آگے بڑھئے جو آپ کو کسی راستہ تک رہنمائی کرتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی کپڑا یا رومال ہو تو اپنی ناک اور منہ کو ڈھک لیجئے۔

## آگ کے حادثات

2004ء میں کمبا کونم، ٹاملناڈو میں ایک اسکول میں لگنے والی آگ نے ملک بھر میں اسکولوں کے تحفظ کے بارے میں سوالیہ نشان لگادیا۔ اس حادثے میں 93 معصوم جانیں گئیں۔ اس حادثے کا اہم سبب اساتذہ اور طلباء میں حفاظتی شعور کا فقدان تھا کہ وہ اس سے لاعلم تھے کہ آگ لگنے پر انہیں کیا کرنا چاہئے اور کیا نہیں کرنا چاہئے اور باورچی خانہ کی کمرہ جماعت کے قریب موجودگی وغیرہ۔ بہرحال ایسے حادثات اب نئے نہیں ہیں۔



شکل 21.3: آگ

ان تمام واقعات وحادثات سے پتہ چلتا ہے کہ انسانی لاپرواہی اور شعور میں کمی کی وجہ سے بہت زیادہ جانی اور مالی نقصان ہوتا ہے۔

آگ لگنا ایک ایسا واقعہ ہوتا ہے جو احتراق پذیری کی وجہ سے رونما ہوتا ہے اور شدید گرمی اور شعلوں کی شکل میں ظاہر ہوتا ہے۔ ہر سال لگ بھگ 30,000 قیمتی جانوں کی ہلاکت کا

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21

سبب آگ سے متعلق حادثات ہوتے ہیں۔گرمی، ایندھن اورآکسیجن، یہ تینوں عوامل آگ کو بڑھاتے ہیں۔ان میں سے کسی ایک کی رسد کوروک دینے سے ہم ہونے والی تباہی کی شدت کوکم کرسکتے ہیں۔

**ان باتوں کواپنانا( آگ لگنے کے وقت کرنے اورنہ کرنے کے امور)**

- اگرآپ آگ یادھویں کودیکھیں توفوری الارم بجائیں۔
- جلدازجلدعمارت سے باہرنکل آئیں۔ممکن ہوتو اپنے آپ کوڈھانک لیں۔سیڑھیوں کااستعمال کریں لفٹ کااستعمال نہ کریں
- عمارت سے باہرآنے کے راستے کوصاف رکھیں۔
- 101 نمبرپرفون کریں اورفائرانجن طلب کریں۔ان کواپنا پتہ واضح اور پرسکون انداز میں لکھوائیں۔تاکہ وہ جلدآسکیں۔
- اگر وہاں دھواں بھرنے لگےتوفرش پرلیٹ کررینگتے ہوئے باہرنکلیں کیوں کہ نیچے کی جانب ہواصاف ہوتی ہےاورگرم ہوااوپر کی جانب اٹھتی ہے۔
- اگرآپ کے باہرنکلنے کاراستہ مسدودہوچکاہوتوکسی ایسے کمرے میں جائیں جس میں باہر کی جانب کھلنے والی کھڑکی ہو،دروازہ بندکرکے اس کے قریب مختلف اشیاءرکھدیں تاکہ دھویں کواندرآنے میں مزاحمت ہواورکھڑکی کھول کرمددکے لئے پکاریں۔
- بنددروازے کی وجہ سےآگ کے پھیلنے میں رکاوٹ ہوتی ہے۔اس لئے عمارت سے باہرنکلتے وقت ہمیں چاہئے کہ دروازے بندکرتے آئیں۔تمام الکٹرانک اشیاءکوبندکردیں۔سب سے بہتر یہ ہے Main Switch Board کو بندکردیں۔
- بجلی کے تاروں کا معائنہ کرتے رہیے کہ کہیں ان کا کور یا ٹیپ تونہیں نکل گیا ہے۔یہ بہت خطرناک ہوتے ہیں۔انہیں تبدیل کرنا چاہئے۔ اگر پلگ کے پوائنٹس کافی نچلی سطح پرہوں توانہیں ٹیپ سے ڈھانک دیجئے۔خاص کرمدرسے کی ابتدائی جماعتوں میں جہاں کمسن طلباءان سے چھیڑچھاڑکرسکتے ہیں اورکوئی حادثہ رونما ہوسکتا ہے۔
- بجلی کے خطرناک تاروں کی مدرسے میں جانچ کرتے رہئے۔اگروہاں کی دیواریں بھیگی یانم ہوں توانہیں فوری درست کروایئے اور تاروں کوتبدیل کیجئے۔

**ان باتوں سے گریزکرنا**

- کھلونوں یاپالتوجانوروں کی خاطرآگ لگی عمارت میں دوبارہ نہ داخل ہوں فائرمحکمہ کاعملہ آپ کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے مکان کی تلاشی لےسکتا ہے۔
- بجلی کےتاروں کوقالین کے نیچے سےمت گزاریئے جہاں وہ فرسودگی کاشکارہوسکتے ہیں۔یہ چیزعموماًاسکول کے دفتری عمارتوں میں نظر آتی ہے۔
- آلارم کوCupboards تابدان یاپلنگ کے نیچےمت لگایئے۔ناگہانی حالات میں الارم کی ضرورت لاحق ہوتی ہے۔
- ایسی اشیاءکےقریب برقی کے بلب نہ لگائے جائیں جوآسانی سے جلنے والی ہوں۔جیسے پردوں کےقریب۔

SCERT TELANGANA

**مشغلہ**

قریبی فائر اسٹیشن کو جا کر آگ کے حادثات سے نمٹنے کے لئے بعض کرنے اور نہ کرنے کے بعض امور معلوم کیجئے جن پر آپ عمل کرسکیں۔

## دہشت گردی کا خطرہ

لفظ Terrorism فرانسیسی لفظ "Terrorisme" سے ماخوذ ہے۔ یہ ایک ذہنی کیفیت ہے جو خوف و دہشت کو پیدا کرتی ہے۔دہشت گرد احساس کمتری دور جذبات سے مغلوب ہوتے ہیں۔اور وہ لوگوں کو خوفزدہ کر کے جبری طور پر اپنے نظریات دوسروں پر تھوپنا چاہتے ہیں۔ دہشت گرد مخالف سماجی عناصر ہوتے ہیں۔ حالانکہ دہشت گردی کو سماجی طور پر جنون خیال کیا جاتا ہے اور ہر مذہب اس کی ممانعت کرتا ہے مگر بعض لوگ اپنے مذہب کی غلط ترجمانی کرتے ہوئے دہشت گردی کی راہ اختیار کرتے ہیں۔ مہاتما گاندھی نے عدم تشدد اور سچائی کی تعلیم دی اور انہیں لوگوں، طبقوں اور ملکوں کے درمیان مسائل کا تصفیہ کا پر امن ذریعہ بتلایا۔سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی کے ساتھ ساتھ انسان میں دولت اور طاقت کی حرص میں بھی اضافہ ہونے لگا اور دنیا کے مختلف طبقوں کے درمیان عداوت اور دشمنی میں اضافہ ہوا۔ترقی کے نتیجے میں دنیا بھر کے لوگوں میں اتفاق واتحاد اور رواداری پیدا کرنے کا جو تصور تھا اسکے برخلاف جنگوں اور اندرونی تنازعات دنیا میں پھیلنے لگے اور لوگوں کی کثیر تعداد اس سے شدید طور پر متاثر ہونے لگی۔

- ہندوستان میں حالیہ عرصہ میں ہوئے دہشت گردی کے حملوں کے بارے میں معلوم کیجیے۔بچوں پر ان کے اثرات کے بارے میں بحث کیجیے۔

دنیا کے بعض خطوں میں دہشت گردی عام ہوگئی ہے۔ان علاقوں میں بچوں کو مسلسل حملوں اور تشدد کا خوف دامن گیر رہتا ہے۔جسکی وجہ سے اکثر بچے اسکول نہیں جاتے اور نہ معمول کی زندگی گزارتے ہیں۔



**شکل 21.4: تاج ہوٹل ممبئی پر دہشت گرد حملہ**

اگر آپ کے علاقے میں کوئی دہشت گرد حملہ ہوتا ہے تو آپ ذیل کی چند باتوں پر عمل کیجئے۔

- صبر کے ساتھ پرسکون رہئے۔
- مقامی ایمرجنسی کے عہدیداروں کی ہدایات پر عمل کیجئے۔
- ریڈیو یا ٹیلی ویژن کے ذریعے خبروں اور ہدایات سے واقف ہوتے رہئے۔

TELANGANA



**شکل 21.5 : دلسکھ نگر (حیدرآباد) میں بم دھماکہ 2013**

- اگر آپ کے قریب ہی کوئی تباہی مچتی ہے تو زخمیوں کو دیکھئے اور انہیں ابتدائی طبی امداد دیکر شدید زخمی افراد کے لئے مدد فراہم کیجئے۔
- **اگر آپ کو مشتبہ بریف کیس، بستے، سیکل اور ٹفن باکس نظر آئے تب پولیس کو اطلاع دیجئے اور ان چیزوں سے دور رہیے۔**
- افادی اشیاء مثلاً بجلی یا گیس وغیرہ کو نقصان ہو جائے تو انہیں فوراً بند کر دیجئے۔
- اپنے پالتو جانوروں کو باندھ دیجئے یا انکے تحفظ کا بندوبست کیجئے۔
- اپنے کسی عزیز یا رشتہ دار کو فون کیجئے۔ فون کو دوبارہ مت استعمال کیجئے تاوقتیکہ جان کو کوئی شدید خطرہ محسوس نہ ہو۔
- اپنے پڑوسیوں خصوصاً عمر رسیدہ افراد اور معذور لوگوں کا خیال کیجئے۔

## چوکس اور چوکنے رہیں اور محفوظ رہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

1۔ اگر کسی عوامی مقام پر یا بس وغیرہ میں کوئی اجنبی شئے جیسے بیگ، سوٹ کیس وغیرہ نظر آئے تو پولیس کو اطلاع دیجئے، ہوسکتا ہے کہ اس میں کوئی دھما کو شئے ہو۔

2۔ ٹیلی فون نمبر 100 پر پولیس کنٹرول روم سے ربط پیدا کریں۔ ہر شہری کو پولیس کو فون کرنے کا حق حاصل ہے۔

3۔ پولیس کو مطلع کرنے کے بعد مشتبہ شئے پر دور سے نظر رکھئے اور لوگوں کو اس شئے کے قریب نہ جانے دیجئے۔

4۔ کسی مشتبہ فرد یا پارک کی ہوئی گاڑی سے چوکس رہیے۔

SCERT TELANGANA

## والدین کے لئے

- بچوں کواس بات سے واقف کرایا جائے کہ پیش آئے خوفناک واقعات کے اثرات ان کی زندگی پر کیا پڑتے ہیں۔
- بچوں کو حقائق اور من گھڑت باتوں میں فرق کرنا سکھایئے۔
- بچوں کے ساتھ حقائق پر گفتگو کیجئے اور قیاس آرائیوں اور مبالغہ آمیزیوں سے بچنے میں انکی مدد کیجئے۔

سب کے لئے اہم ترین مقصد شہریوں کا تحفظ اور سلامتی ہے۔مختلف اداروں اور ایجنسیوں کی جانب سے لوگوں میں حفاظتی شعور بیدار کرنے کے لئے کئی ایک اقدامات شروع کئے گئے ہیں۔ پولیس نے پوسٹرس جاری کئے ہیں جو دہشت گردی سے مقابلہ کے لئے اور ایک محفوظ زندگی گزارنے میں ہماری مدد کر سکتے ہیں۔ان کا بغور مطالعہ کیجئے اور اس میں درج نکات اور ہدایات پر عمل کرنے کی کوشش کیجئے۔

## کلیدی الفاظ

1۔ عالمی سماج یا برادری　　2۔ دہشت گردی

## اپنے اکتساب کو بڑھایئے۔

1۔ قدرتی آفات کس طرح تباہی کا سبب بنتے ہیں۔سمجھایئے؟
2۔ دہشت گردی کیا ہے؟ دہشت گردی کے لئے محرکات کیا ہیں؟
3۔ آگ کے واقعات کے تدارک کے لئے کونسے احتیاطی تدابیر اپنانے چاہیئے؟
4۔ سڑک حادثات کے اہم اسباب کیا ہیں؟ سڑک حادثات کو ہم کیسے کم کر سکتے ہیں؟
5۔ دہشت گرد حملوں سے کثیر جانی و مالی نقصان ہوتا ہے ان کو روکنے کے لیے ہمیں کیا تدابیر اختیار کرنا چاہیے؟
6۔ ریل حادثات کے اسباب کی نشاندہی کیجئے؟
7۔ اپنے گھر، مدرسہ، یا علاقے میں موجود کم از کم تین پر خطر عوامل کی فہرست بنایئے؟
8۔ ہندوستان کے نقشے میں حالیہ عرصے میں دہشت گرد حملوں کے شکار مقامات کی نشاندہی کیجیے۔
(1) ممبئی (2) حیدرآباد (3) بھاگلپور (4) کھما کونم (5) بنگلور
9۔ کسی خطرناک حادثہ/ واقعات کے بارے میں بیان کیجیے جس سے آپ واقف ہوں۔
10۔ صفحہ 266 پر ''آگ کے حادثات'' کا پیراگراف پڑھ کر اظہار خیال کیجیے۔

**انٹرویو:** سڑک حادثہ سے متاثرہ شخص کو کمرہ جماعت میں مدعو کر کے انٹرویو لیجیے اور ان کے مصائب و احتیاطی تدابیر پر بحث کیجیے۔

## منصوبہ

1۔ گذشتہ چند سالوں سے آپ کی ریاست میں انسانی محرکات کی بناء پر ہونے والی تباہیوں کے متعلق معلومات اخبارات اور میگزین سے جمع کیجئے۔اور مستقبل میں ان تباہیوں کی روک تھام کے لئے اقدامات تجویز کیجئے۔
2۔ دہشت گردی سے ہونے والے نقصانات کی فہرست بنایئے؟


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے 2020-21
SCERT TELANGANA

باب
22

# ٹریفک کی تعلیم

بے شک پہیے کی ایجاد سے نہ صرف اشیاء بلکہ لوگوں کے حمل ونقل میں بھی نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ آبادی میں اضافہ 'صنعتیانے' شہریانے اور عالمیانے کی وجہ سے گاڑیوں کی آمدورفت میں بے تحاشہ اضافہ ہوا۔ٹریفک کے آسان بہاؤ کی طمانیت کے لئے ایک باقاعدہ نظام درکار ہے۔ باقاعدگی سے مراد یہ ہے کہ جو کوئی سڑک کا استعمال کرے وہ ٹریفک کے قوانین کی پابندی کرے۔سڑک کا استعمال کرنے والے ہر ایک فرد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ٹریفک کے قوانین پر عمل پیرا ہو۔

## ٹریفک کیا ہے؟

کسی بھی شئے کا ایک مقام سے دوسرے مقام کو حرکت کرنا ٹریفک کہلاتا ہے۔ جیسے کسی بھی گاڑی کے ایک مقام سے دوسرے مقام تک سڑک پر چلنے کو (Road Traffic) کہتے ہیں۔

## ٹریفک کی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

ٹریفک کی تعلیم وہ تعلیم ہے جس میں ٹریفک کے اصول وضوابط کو ایک آسان اور واضح طریقہ پر بتایا جاتا ہے۔کیا آپ نے کبھی سڑک پر ہونے والے کسی حادثہ کو دیکھا ہے؟ اگر دیکھا ہے تو بتایئے لوگ کیسے متاثر ہوئے؟ سوچ کر بولیئے' کہ وہ حادثہ کیوں پیش آیا؟

حادثات کے متاثرین - عمر

| عمر | کیس | عمر | کیس |
|---|---|---|---|
| 00 - 05 | 24 | 50 - 55 | 207 |
| 05 - 10 | 58 | 55 - 60 | 138 |
| 10 - 15 | 40 | 60 - 65 | 113 |
| 15 - 20 | 152 | 65 - 70 | 57 |
| 20 - 25 | 345 | 70 - 75 | 49 |
| 25 - 30 | 380 | 75 - 80 | 13 |
| 30 - 35 | 254 | 80 - 85 | 12 |
| 35 - 40 | 294 | 85 - 90 | 0 |
| 40 - 45 | 226 | 90 - 95 | 0 |
| 45 - 50 | 215 | 95 - 100 | 0 |

☆ کس گروپ میں سب سے زیادہ حادثات ہیں؟ کیا آپ بتا سکتے ہیں؟

☆ 20-25 اور 25-30 عمر کے درمیان کتنے حادثات کے کیس ہیں؟

## ٹریفک کی تعلیم کی اہمیت وضرورت

نوجوان طبقہ جیسے جیسے خودمختار ہوتا جارہا ہے۔خطرات سے پر ماحول سے قربت اختیار کررہا ہے۔سڑک کے استعمال کرنے والوں میں اہم نوعمر طبقہ ہے۔ان میں سے بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ بہت سے سڑک حادثات' سنگین حادثات یا موت کی وجہ بنتے ہیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ تمام لوگوں کو سڑک کے حفاظتی تدابیر کی تعلیم دی جائے تاکہ حادثوں سے بچا جاسکے۔

SCERT TELANGANA


## ٹریفک کے مسائل Traffic Chaos

آپ کو روزانہ صبح مدرسے کو جانا ہوتا ہے۔ اگر آپ کو دیر ہو جائے اپنی جماعتوں کو وقت پر نہیں پہونچ پائیں گے۔ اگر آپ ٹریفک جام میں پھنس جائیں تو آپ کیا کرینگے؟

طلباء' ملازمین' مزدور' اساتذہ' ڈاکٹر اور دوسرے تمام لوگ ٹریفک جام سے متاثر ہوتے ہیں۔ فٹ پاتھ (Foot Paths) پیدل راہ گیروں کے لیئے ایک نعمت سے کم نہیں ہیں بعض اوقات موٹر سیکل سوار اپنی گاڑیوں کو اس پر بھی دوڑاتے ہیں آوارہ جانور' ترکاری اور میوہ فروش' خانگی گاڑیاں جیسے کاریں' آٹو رکشہ وغیرہ کو No Parking Zone میں ٹھہرانا ٹریفک جام کی اہم وجہ بنتا ہے۔ آبادی میں تیزی سے اضافہ اور گاڑیوں کا بہت زیادہ استعمال سے سڑکوں کی ٹریفک میں بے تحاشہ اضافہ ہو رہا ہے۔ حادثات سے بچنے کے لئے ہر ایک کو ٹریفک کے اصول و ضوابط کا جاننا ضروری ہے۔

شہر حیدرآباد

**حادثات: ملوث گاڑیاں**




جملہ حادثات=2577

حادثات کے اعداد وشمار برائے سال 2012

☆ حادثات کی وجہ بننے والی گاڑیوں کے اعداد وشمار کے بارے میں کمرہ جماعت میں بحث کیجیے۔

☆ کن اقسام کی گاڑیاں بہت زیادہ حادثات میں ملوث ہیں؟ کیا آپ بتا سکتے ہیں۔ کیوں؟

☆ ٹریفک کے اصول وضوابط سے کیا مراد ہے؟ کمرہ جماعت میں بحث کریں؟

### ڈرائیونگ لائسنس کی ضرورت:

کوئی بھی شخص تب تک گاڑی نہیں چلا سکتا جب تک کہ اس کے پاس ڈرائیونگ لائسنس نہ ہو۔

### ڈرائیونگ لائسنس کے اقسام

1۔ **لرنرس لائسنس:** Learner License: یہ ایک عارضی لائسنس ہوتا ہے جو گاڑی چلانا سیکھنے کے لئے 6 ماہ کی مدت کے لئے جاری کیا جاتا ہے۔

2۔ **مستقل لائسنس Permanent License:** Learner's License حاصل کرنے کے ایک ماہ بعد کوئی شخص Parmanent License حاصل کرنے کا اہل ہو جاتا ہے۔

### Learner's License کے لئے ضروری دستاویزات

☆ رہائشی ثبوت Residence Proof (تصدیق شدہ نقل)

راش کارڈ Ration Card / برقی بل / Tax Receipts / Life Insurance Policy / Voter ID Card / Aadhar Card/Passport

☆ عمر کا ثبوت Age Proof (تصدیق شدہ نقل)

اسکول سرٹیفیکٹ / Passport / پیدائش کا سرٹیفیکٹ Birth Certificate / Aadhar Card ' محکمہ انکم ٹیکس کا جاری کردہ PAN Card

### چند اہم قوانین

☆ بغیر ڈرائیونگ لائسنس کے گاڑی چلانا غیر قانونی ہے۔

SCERT TELANGANA

☆ 50cc سے زائد کی گاڑی چلانے کے لئے حدعمر کم سے کم 18 سال ہے۔

☆ ٹرانسپورٹ کی گاڑی چلانے کی حدعمر کم سے کم 25 سال ہے۔

**داخل کرنے کے فارم:** فارم 1 '1A' اور 3 کو مکمل خانہ پری کے بعد فوٹو ز کے ساتھ داخل کرنا۔ اسنادات کی مکمل جانچ کے بعد Learning Test اور رنگ کی شناخت کا ٹسٹ لیا جاتا ہے۔ ان تمام امتحانات کو کامیاب کرنے کے بعد امیدوار کو Learner's License جاری کیا جاتا ہے۔

**مستقل لائسنس Parmanent License:** مستقل لائسنس ان کو جاری کیا جاتا ہے جن کے پاس کارآمد Learner's License جو Learner's License کے جاری ہونے کے 30 دن بعد سے لیکر 100 دن کے اندر اندر Parmenent License کے لئے درخواست داخل کرنا چاہیئے اس کے علاوہ ایک بہت ہی اہم بات یہ ہے کہ لائسنس حاصل کرنے والا شخص ٹریفک کے قوانین وضوابط سے اچھی طرح واقف ہو۔

☆ ڈرائیونگ لائسنس کا ہونا کیوں لازمی ہے؟

## نشہ کی حالت میں گاڑی چلانا

**نشہ کی حالت میں گاڑی چلانا:** 28 سالہ مکیش ہر ہفتہ کے آخری دن اپنے دوستوں کے ساتھ پارٹی مناتا ہے مگر وہ اپنے گھر کو رات دیر گئے واپسی کے دوران پریشان ہوگیا۔ کیونکہ ہر سڑک کے موڑ پر ٹریفک پولیس کو دیکھ کر اس کے اوسان خطا ہوجاتے ہیں، یہ صرف مکیش کا واقعہ نہیں بلکہ اس جیسے کئی دوسرے نشہ کرنے والے افراد کا بھی ہے وہ پارٹی میں جانے سے پہلے کئی بار سوچتے ہیں۔

**Breath Analyser کس طرح کام کرتا ہے:** جب کوئی فرد نشہ کرتا ہے تو وہ خون میں جذب ہوکر تمام جسم میں پھیل جاتا ہے جب یہ خون پھیپھڑوں میں داخل ہوتا ہے، تو ناک کے ذریعہ سے سانس خارج کرتے وقت اس میں الکوہل کا اثر پایا جاتا ہے۔ جو کہ اس آلہ کے ذریعہ معلوم ہوتا ہے اس خارج کردہ ہوا میں الکوہل کے ساتھ کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار پائی جاتی ہے۔ یہ مشین الکوہل کی کم مقدار استعمال کرنے کے باوجود شناخت کرسکتی ہے۔ پولیس آفیسر Breath Analyser کے ریکارڈ کئے ہوئے ڈاٹا کو مٹا نہیں سکتا چاہے وہ مجرم کی مدد بھی کرنا چاہتا ہو۔



شکل 22.1: پولیس آفسر کیا کررہا ہے؟

**نشہ کے حالات میں گاڑی چلانے پر سزا:**

☆ آفیسران کی گاڑیوں کو ضبط کرسکتے ہیں۔

☆ ڈرائیور کو عدالت میں پیش کرسکتے ہیں اور جرمانہ عائد کرسکتے ہیں۔

## لائسنس کی منسوخی:

☆ Regional Transport Authority کسی بھی فرد کو نااہل قرار دے سکتی اور اس کے پاس موجود لائسنس کو ضبط یا منسوخ کرسکتی ہے اگر وہ:

a) ایک عادی نشہ باز ہو۔

b)   نشہ آور ادویات کا عادی ہو۔

c)   اگر اس کی سواری قابل شناخت جرم کے دائرہ کار میں ہو۔

d)   اسکی ڈرائیونگ خطرناک ہو۔

e)   بغیر رجسٹریشن کی گاڑی چلا رہا ہو۔

f)   اگر وہ پولیس کو مطلوب معلومات فراہم نہ کرے۔

g)   اپنی گاڑی سے حادثہ کا شکار بننے والے فرد کو دواخانہ منتقل نہ کرے۔

h)   پولیس کے مطالبہ پر مندرجہ ذیل دستاویزات پیش نہ کرے تو

- انشورنس کا سرٹیفیکٹ Certificate of Insurance
- رجسٹریشن کا سرٹیفیکٹ Certification of Registration
- ڈرائیورنگ لائسینس Driving License
- پولیوشن سرٹیفکیٹ Pollution Certificate

## ٹریفک کے اشارے:

1۔ لازمی اشارے     2۔ اطلاعی اشارے     3۔ انتباہی اشارے

**لازمی اشارے: سرخ دائرہ کچھ نہ کرنے کا اشارہ کرتا ھے**



تمام گاڑیاں جانا منع ہے   دونوں رخوں پر گاڑی جانا منع ہے   یک رخی اشارے ایک سمت میں گاری جانا منع ہے   داخلہ منع ہے یا سیدھے جانا منع ہے

**اطلاعی اشارے: نیلگوں مستطیل میں موجود اشارے اطلاعات دیتے ھیں۔**




آرام گھر   دواخانہ   پٹرول پمپ   عوامی ٹیلی فون   پہلی طبی امداد

**انتباہی اشارے: مثلث میں موجود اشارے انتباہ دیتے ھیں۔**



Right Reverse Bend   left hairpin Bend   Right hairpin bend   بائیں جانب موڑ   سیدھے جانب موڑ

ہر ایک قسم کے اشاروں میں سے چند اشاروں کو اوپر دیا گیا ہے آپ کے استاد کی مدد سے باقی اشاروں کو RTA آفس / ٹریفک پولیس کی مدد سے جمع کیجئے اور آپ کی جماعت میں ان کا مظاہرہ کیجئے

SCERT TELANGANA

### ڈرائیور کے لئے چند مشورے

- ☆ ہمیشہ سڑک کے بائیں جانب گاڑی چلائیں اور سڑک کی سیدھی جانب تیز رفتار گاڑیوں کے لئے چھوڑ دیں۔
- ☆ کبھی بھی بائیں جانب سے آگے نکلنے کی کوشش نہ کریں
- ☆ محفوظ سفر کے لئے ہمیشہ Helmet کا استعمال کریں۔
- ☆ کم مقدار میں کاربن مونو آکسائیڈ خارج کرنے والے گاڑیوں کا استعمال کریں۔
- ☆ غیر ضروری طور پر Horn کا استعمال نہ کریں۔
- ☆ بڑی گاڑیاں چلانے والے ہمیشہ سیٹ بلٹ Seat Belt کا استعمال کریں۔
- ☆ ٹریفک سگنل کو نہ توڑیں۔
- ☆ اپنی گاڑی کو اچھی حالت میں رکھیں۔

کماری ایک طالب علم ہے جس نے انٹرمیڈیٹ کو 95% نشانات سے کامیاب کیا۔اس کے والد نے اس کو ایک دو پہیہ گاڑی تحفہ دینا چاہا۔وہ لوگ مقامی RTA آفس کو گاڑی کا رجسٹریشن اور ڈرائیونگ لائسینس کے بارے میں جاننے کے لئے گئے۔وہاں کے عہدیداروں کے مشورے پر کماری کے والد نے اس کو ایک Motor Driving School میں داخلہ دلوایا۔پچھلے بتایئے گئے دستاویزات پیش کرنے پر اس کو پہلے Temporary License اور بعد میں Parmanent License ملا۔اس کے والد کو RTA آفیسر نے بتلایا کہ کس طرح سے گاڑی عارضی رجسٹرڈ کی جاسکتی ہے اور بعد میں اس کو مستقل رجسٹرڈ کیا جاتا ہے۔

### رجسٹریشن کی ضرورت:

کوئی بھی شخص گاڑی کو اس وقت تک نہیں چلاسکتا جب تک کہ وہ رجسٹرڈ نہ کی گئی ہو۔

### رجسٹریشن کس طرح کیا جاتا ہے:

عارضی رجسٹریشن: مندرجہ ذیل دستاویزات رجسٹریشن کروانے کے لئے ضروری ہیں۔

1۔ Sale Certificate کی نقل

2۔ Road Worthiness certificate کی نقل

3۔ کارگرد Insurance Certificate کی نقل

4۔ Pollution Under Control Certificate

5۔ Address Proof کی نقل

**مستقل رجسٹریشن:** رجسٹریشن کرنیوالے ذمہ داروں کے نام ایک درخواست اور عارضی رجسٹریشن کروانے کے لئے داخل کئے ہوئے جملہ اسنادات کی نقل کے ساتھ ایک ماہ کے اندر داخل کرنا چاہیئے۔

### :Road Marking Signs

پکی سڑک کی سطح پر کئی نشانات یا اشارے ڈرائیوروں اور پیدل راہ گیروں کی رہنمائی یا اطلاعات کے لئے دیئے جاتے ہیں۔اشاروں میں یکسانیت سب سے اہم عنصر ہے تا کہ پریشانی اور غیر یقینی صورتحال کو کم سے کم کیا جائے۔

آپ کے استاد کی مدد سے سڑک کی سطح پر دیئے جانے والے نشانات/ اشاروں کو RTA / ٹریفک پولیس کے پاس سے جمع کریں اور ان مختلف اشاروں پر اپنے جماعت میں بحث کریں۔



SCERT TELANGANA

## سڑک کی تقسیم:

1۔ **فٹ پاتھ Foot Path**: یہ سڑک کے دونوں بازوں پر پیدل راہ روں کے لئے بنایا جاتا ہے۔ یہ تقریباً دو میٹر چوڑے ہوتے ہیں۔

2۔ **روڈ ڈیوائیڈر**: سمت کے سلوں سے سڑک کو برابر نصف حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

3۔ **زیبرا کراسنگ Zebra Crossing**: زیبرا کراسنگ ایک ایسی جگہ ہے جہاں سے پیدل راہ رو سڑک کو عبور کرتے ہیں۔ ٹریفک کا بہاؤ جہاں پر زیادہ ہوتا ہے۔ وہاں زیبرا کراسنگ بنائے جاتے ہیں۔

## ٹریفک سگنل:

ٹریفک لائیٹ' ٹریفک سگنل یا Stop Light وغیرہ اشارہ کرنے والا آلہ یا Device ہوتا ہے جو سڑک پر لگایا جاتا ہے۔



جو یہ بتاتا ہیکہ کس وقت سڑک پر آگے بڑھنا محفوظ ہوتا ہے۔

لال - لائین سے پہلے رک جائیں

نارنجی - چلنے کے لئے تیار ہوجائیں

ہری - گاڑی چلائیں / آگے بڑھیں

## روڈ سیفٹی Road Safety:

سڑکوں کے جال میں ہندوستان پوری دنیا میں دوسرا مقام رکھتا ہے جبکہ سڑک استعمال کرنے والے ٹریفک کے قوانین سے نابلد ہیں جس کی وجہ سے سڑک حادثات میں مرنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔

**نعرے**

☆ جیو اور جینے دو ٹریفک قوانین پر عمل کرو

☆ سڑک پر حفاظت کو یقینی بنائیں۔ ٹریفک قوانین پر عمل کریں۔

## روڈ سیفٹی میں رُکاوٹ:

1۔ شہریوں کی لاپرواہی

2۔ سڑکوں کی قابل رحم حالت

3۔ گاڑی کے غیر محفوظ ڈیزائن

4۔ روڈ سیفٹی کے معیارات پر عمل نہ کرنا

5۔ قوانین پر عمل درآمد کا برابر نہ ہونا

6۔ Emergency Service ہنگامی خدمات کا فقدان

## پیدل راہگیروں کے لئے اصول

1۔ فٹ پاتھ پر چلیں اگر فٹ پاتھ موجود نہ ہو اور سڑک تنگ ہو تو آنے والی گاڑیوں پر نظر رکھتے ہوئے سڑک کے بائیں جانب چلیں۔

2۔ رات کے وقت آبادی سے باہر پیدل سفر کرتے وقت منعکس ہونے والا لباس پہنیں۔

3۔ رات کے اوقات میں اپنے ساتھ ٹارچ لائیٹ ضرور رکھیں۔

4۔ محفوظ جگہ سے سڑک کو پار کریں اور دائیں اور بائیں جانب کی ٹریفک کو دیکھیں۔

5۔ دونوں جانب سے آنے والی ٹریفک کو جانے دیں۔

6۔ پھرتی سے چلیں، سڑک کو سیدھا پار کریں جب کے کوئی گاڑی نہ آرہی ہو اور چلنے کے دوران مسلسل چوکسی اختیار کریں۔

7۔ سڑک عبور کرنے کے لئے زیبرالائنس کا استعمال کریں۔

8۔ چلتے وقت / سڑک عبور کرتے وقت موبائل فون کا استعمال کسی بھی طرح نہ کریں یعنی بات کرنا یا گانے سننا وغیرہ۔

SCERT TELANGANA

9۔ سڑک کو عبور کرنے کے دوران ٹریفک پولیس جوان کی مدد لیں۔
10۔ نشہ کی حالت میں کبھی سڑک پر نہ چلیں



شکل 22.2:پرخطرسفر

### موٹرسیکل سواروں کے لئے اصول:

- ☆ کارآمد ڈرائیونگ لائسینس رکھنا چاہیئے۔
- ☆ موٹرسیکل یا موپیڈ سڑکوں پر چلانے سے پہلے انشورنس کروانا چاہیئے۔
- ☆ گاڑی چلانے والے کو متناسب سائز اور محفوظ ہیلمیٹ Helmet پہننا چاہیئے۔
- ☆ گاڑی کی پچھلی نشست پر صرف ایک فرد کو بٹھائیں۔

### کلیدی الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ گاڑی کا رجسٹریشن Vehicle Registration | 2۔ Breath Analysar | |
| 3۔ لازمی اشارے (Mandatory Signs) | 4۔ ٹریفک کی تعلیم | 5۔ ڈرائیونگ لائسنس |

### اپنے اکتساب کو بڑھائیں

1۔ گاڑی چلانے کے دوران ڈرائیور کو کونسی دستاویزات اپنے ساتھ رکھنا ضروری ہے اور محفوظ طریقے سے گاڑی چلانے کے لئے کونسی مہارتیں درکار ہیں؟

2۔ اگر کوئی ٹریفک سگنل کو توڑے تو کیا ہوگا؟

3۔ روڈ سیفٹی کے لئے سماج کے مختلف طبقات کو کیا اقدامات کرنا چاہیئے۔ چند تجاویز پیش کریں۔

4۔ لازمی، انتباہی اور اطلاعاتی ٹریفک اشاروں کی مثالوں کے ساتھ تشریح کریں۔

5۔ کملا ایک نئی گاڑی خریدنا چاہتی ہے۔اس کو بتلائیں کہ وہ کیا اقدامات کرے اور گاڑی کے رجسٹریشن کے لئے کونسے دستاویزات پیش کرے؟

6۔ راما اپنی ایک گاڑی کے نمبر کو دوسری گاڑی پر منتقل کرنا چاہتا ہے۔ یہ صحیح ہے یا غلط؟ اسکی تشریح کریں۔اور وجہ بتلائیں؟

7۔ تحفظ سڑک (روڈ سیفٹی) کی ضرورت کی تشریح کریں؟

8۔ صفحہ 271 پر ''حادثوں کے متاثرین۔عمر'' کا جدول دیکھیے اور کثیر حادثات سے متاثر لوگوں کا بار گراف بنایئے؟

9۔ صفحہ 272 ''ٹریفک کے مسائل'' کا پیراگراف پڑھ کر اظہار خیال کیجیے۔

### منصوبہ

1۔ اپنے قریبی ٹرافک پولیس عہدیداروں یا RTA کے عہدیداروں سے حسب ذیل معلومات اکٹھا کریں

مہینہ : ____________________ مقام : ____________________

درج کئے گئے مقدمات کی تعداد

| بغیر ہیلمٹ کے ڈرائیونگ | بغیر لائسنس کے ڈرائیونگ | رجسٹریشن کے کاغذات نہ ہونا | ٹرافک اصولوں کی پابندی نہ کرنا | حادثوں میں ملوث گاڑیوں کی تعداد |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |


مذکورہ بالا معلومات کا تجزیہ کریں اور آپ کے علاقے میں ٹریفک کی صورتحال پر اپنے کمرہ جماعت میں بحث کریں۔

SCERT TELANGANA

# ضمیمہ(Appendix)


یہ زائد معلومات اور نقشوں کا استعمال حسب ضرورت کریں۔

دنیا کا سیاسی نقشہ (World Political Map)





SCERT TELANGANA

# ایشیاءکاسیاسی نقشہ (ASIA Political Map)




SCERT TELANGANA

# یوروپ کا سیاسی نقشہ (Europe Political Map)




SCERT TELANGANA

# آفریقہ کا سیاسی نقشہ




SCERT TELANGANA








SCERT TELANGANA

(World Outline Map) دنیا کا نقشہ





SCERT TELANGANA

## ہندوستان کا سیاسی نقشہ (India Political Map)




SCERT TELANGANA

## (Telangana Outline Political Map)تلنگانہ کا سیاسی نقشہ



SCERT TELANGANA

# The new 200 rupee note

Obverse (Front)




SPECIMEN 0031

Reverse (Back)




The Reserve Bank of India is introducing new design banknotes in the denomination of ₹ 200 as part of **Mahatma Gandhi(New) Series.** The new denomination has motif of the *Sanchi Stupa* on the reverse, representing the cultural diversity of India.

The base colour of the note is yellowish orange. The note has other designs, geometric patterns aligning with the overall colour scheme, both on the obverse and the reverse. The size of the new note is 66mm x 146mm.

भारतीय रिज़र्व बैंक

**Reserve Bank of India**

India's Central Bank

SCERT TELANGANA